
سب سے افضل و اعلیٰ خدمت ہے عوام الناس

خیر الناس مَن یَنفَعُ الناس



پڑھ کے روحانی علوم کریں گے یاد ہم کو اہلِ عمل

بس کتابوں میں ہمارا تذکرہ رہ جائے گا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِن اللہ یَا مُرُکُمْ ان تود الاَمٰنٰتِ اِلٰی اَھلِھَا

ترجمہ: باری تعالیٰ حکم فرماتا ہے کہ امانتیں ان کے اہلوں کو پہنچا دو (قرآن کریم پارہ نمبر ۵ سورۃ النساء آیت ۵۷

اَن لیس الانسان الاماسعی (قرآن) ترجمہ: کہ انسان کو اس کی محنت اور کوشش کا پھل ملتا ہے

سبب تالیف

جہاں سنگ ریزوں پہ گرتے ہیں گاہک	وہاں جنس لعل و گوہر بیچتا ہوں
کوئی مشتری ہو تو آواز دیدے	میں کمبخت اپنا ہنر بیچتا ہوں

دنیاں کی بے ثباتی ناپائیداری کو مد نظر رکھتے ہوئے ایک دیرینہ آرزو تھی کہ فانی زندگی کے لمحوں کو کسی ایسے کام میں وقف کر دوں۔ جو عوام الناس کو ابدی فائدہ پہنچے۔ زمانہ مادیت کا ہے لوگ روحانیت سے کوسوں دور بھاگتے ہیں بلکہ اس علم سے نفرت کرتے ہیں صحیح معنے حقارت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اس علم کو روٹی کمانے کا دھندا اختیار کرنے کا الزام لگاتے ہیں پہلے روح کو تکلیف ہوتی ہے اور پھر جسم کو تکلیف پہنچتی ہے۔ اگر یقین کامل ہو اور اس اخیری خداوند کریم کی کتاب پر مکمل اعتماد ہو تو پھر دیکھیں میرا تجربہ روز مرہ کا معمول ہے۔ جس مریض کو ڈاکٹروں اور حکماء نے لاعلاج کر دیتے ہیں۔ خداوند کریم نے اپنے مقدس کلام کے ذریعہ شفاء بخشا ہے قرآن مجید فرقان حمید کا سیکڑوں سالوں کا اپنا اعلان ہے پارہ نمبر ۱۵ سورۃ بنی اسرائیل آیت نمبر ۸۱ وَنُنَزِّلُ مِنَ القرآن ماھو شفاء اس میں لوگوں کے لئے شفاء ہے۔ اور جگہ فرمایا خذ من القرآن ماشِئتُ لماشئتُ کہ قرآن سے جو چیز

حاصل کرنا چاہتے ہو حاصل کر سکتے ہو۔ یعنی ہر قسم کی مدد قرآن کریم سے حاصل کر سکتے ہو
۔ لیکن شرط یہ ہے کہ اعتماد اور یقین کامل کی ضرورت ہے اور سنت رسول کریمؐ کی پابندی
ازحد ضروری ہے اس برقی دنیا اور مادیت کے دور میں۔ ہم مشینوں پر پورا پورا اعتماد کرتے
ہیں۔ روزمرہ استعمال کرتے ہیں وہ ہماری زندگی کا جزو اعظم بن چکے ہیں۔ لیکن قرآن
حکیم نے صدیوں پہلے دعویٰ کیا تھا اس جیسی ایک سورت تو بنا کر دیکھاؤ۔ فاتو بسورۃ من
مثلہ یہ اعلان آج تک اپنی جگہ پر قائم و دائم ہے اس کی صداقت مسلمہ ہے۔ اس عظیم
کلام الٰہی میں طاقت اور قوت موجود ہے خود قرآن مجید فرقان حمید کا اعلان ہے کہ لو انزلنا
ھذا القرآن علی جبل الرایتہ خاشعا" متصدعا" من خشیہ اللہ پارہ نمبر ۲۸ سورۃ الحشر آیت نمبر
۲۰ میں اگر قرآن پاک کو پہاڑوں پر نازل کرتا تو پہاڑ شق ہو جائے اور پھٹ جائے لیکن
انسان کہتا ہے کہ اس میں کوئی اثر نہیں۔ بے یقینی کا رونا نہ روئیں میں یہ بات میں ڈنکے
کی چوٹ میں کہتا ہوں کہ قرآن حکیم میں سوا کے موت کے ہر مرض کا علاج شافی و کافی
موجود ہے۔ میرے والد مولوی حافظ خدا بخش مرحوم مغفور ساکن احمد پور شرقیہ محلہ
درکھان والا میں عالم باعمل تھے مخلوق خدا ان سے فیض حاصل کرتی تھی۔ ہزاروں لا
علاج مریض روزانہ شفاء بحکم خدا بطفیل رسول مقبول شفاء پاتے تھے۔ میرے بڑے بھائی
حاجی صوفی عبدالرحمٰن صاحب ساکن ٹرسٹ کالونی بہاولپور عامل باعمل ہیں ان سے
ہزاروں لوگوں کو شفاء مل رہی ہے بندہ ناچیز صبح و شام خدمت انسان کے لئے کمر
باندھ رکھی ہے۔ اپنی بساط کے مطابق روحانی امداد کرتا رہتا ہوں۔ خداوند کریم اپنی رحمت
سے ان کی پوری پوری مدد اور اعانت فرماتے رہتے ہیں۔ انسانوں کو اپنے مقصود میں کامیابی
اور کامرانی ہو جاتی ہے۔ اس بات کو یاد رکھیں جو کام اصول اور قاعدے اور قانون سے کیا
جائیگا اس کا نتیجہ بھی بہت اچھا نکلے گا۔ اور کامیابی سے بندہ ہم کنار ہو جائیگا۔ جو کام بے

اصول اور بے وقت کیا جائیگا۔ وہ درست نہیں ہوگا۔ عملیات میں تو نجوم اور وقت کی اشد ضرورت ہے جو لوگ صحیح وقت کا استخراج نہیں کر سکتے وہ خود بھی مایوس ہوتے ہیں اور لوگ بھی ان سے نفرت کرتے ہیں بلکہ ٹھگ کے القابوں سے نوازتے ہیں ڈھکوسلے سے منسوب کرتے ہیں۔ اکثر یہ شکایت ہے کہ عمل میں اثر نہیں ہوتا ہے اس بات کو نوٹ کر لیں اثر ہمیشہ وقت کے ساتھ پیدا ہوتا ہے ایک مقولہ ہے کہ وقت کی نماز بے وقت کی ٹکریں ہوتی ہیں کسی نے کیا خوب کہا کہ "کل مرھون باوقاتہا" یہ امر کسی خاص وقت کا محتاج ہوتا ہے انگریزی میں ایک مقولہ ہے

THERE IS A TIME FOR EVERY PURPOSE UNDER THE HEVEN

حقیقت ہے قدرت نے ہر کام کے لئے وقت مقرر کر دیئے ہیں ان اوقات پر عمل کرنا کامیابی اور کامرانی ہے۔ وہ لوگ جو اس علم کو نفرت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں یا بد ظن ہیں ان کو چاہیئے جو تدابیر اور قاعدے و قانون آگے چل کر پیش کرونگا اس پر عمل کریں پھر خداوند کریم کی عنایات آپ کو قائل کر دیں گی۔ میں اپنی طرف پوری پوری امانت آپ کے سپرد کرونگا کوئی حصہ صیغہ راز میں نہیں رکھونگا۔ انشاء اللہ خداوند کریم آپ کی راہبری اور راہنمائی فرمائیں گے۔

حادثات جو ابھی پردہ افلاک میں ہے۔ عکس اس کا میرے آئینہ ادراک میں ہے
(رشید)

اعتراف

خدا کی حمد اور رسول کریم صلعم کی تعریف اور اہلسنت کی توصیف اور اصحاب وفادار اور فرمانبردار اور صاحب ایمان کی روح کے بعد عاصی اور خاطی عبدالرحیم ساکن مکان نمبر 1875 الیف ساکن محلہ شاہدرہ تحصیل و ضلع بہاولپور مغربی پاکستان جنت نشان

بخدمت شائقین و اہل فن سے عرض پرداز ہوں رحیم العملیات حصہ اول سابقہ تصنیف میں نے اس وقت لکھی تھی جس وقت میں سخت بیماری میں مبتلا تھا۔ اس کے علاوہ لہو کا زمانہ تھا کاتب بھی مجھے عالم نہ ملا کتاب میں کافی اغلاط تھیں۔ بعد میں میں نے اصلاح کی بہت کوشش کی اور اغلاط نامہ بھی چسپاں کیا لیکن پھر بھی بہت غلطیاں رہ گئیں تھیں۔ چونکہ کتاب ہزاروں کی تعداد میں چھپ چکی تھی اس کا درست کرنا ناممکن تھا۔ لہٰذا اس کتاب کو از سر نو لکھنے کی کوشش کر رہا ہوں امید قوی ہے کہ غلطیاں کم ہوں گی۔ انشاء اللہ یہ کتاب آپ کی پوری پوری مدد کرے گی۔ اب میں کچھ اپنے بارے میں عرض کرتا ہوں خاکسار کے والد محترم حافظ مولوی خدا بخش مرحوم مغفور علم و نجوم و جفر اور عملیات کے ماہر اور کامل استاد تھے۔ اور وہ سخاوت عملیات میں مشہور زمانہ تھے ان کے علم آثار کے تجربات کا خزانہ تھا مرحوم کی قلمی بیاضیں تھیں جو انہیں بہت عزیز تھیں میری صغیر سنی میں مرحوم ۴ ماہ رمضان ۱۳۲۲ھ راہی عدم ہو گئے مرحوم کا قیمتی سرمایہ کا کچھ حصہ میری لاپرواہی سے معدوم ہو گیا جو بقیہ حصہ رہ گیا تھا وہ بہت بوسیدہ ہو چکا تھا۔ بندہ کو خیال پیدا ہوا کہ اسے ایک جگہ جمع کر لیا جائے چنانچہ جو حصہ فارسی کا تھا اس کا ترجمہ اردو میں کیا گیا اور جو اردو میں تھا اسے جوں کا توں رہنے دیا۔ اس کے علاوہ فقیر نے جو عمل اپنے تجربہ میں پورے اترے بڑی فراخ دلی سے بغیر بخل کے صفحہ قرطاس میں لکھ دیا ہے اس کے علاوہ علماء فضلاء کے تجربات کو بھی یک جا اکٹھے کر کے اہل شوقین کی نظر میں پیش کرنے کی جسارت کر رہا ہوں۔ اس کتاب کی تدوین اور ترتیب میں جن لوگوں نے میری مدد کی وہ الفت رحیم، عبدالرشید، عبدالمجید، محمد سلیم کا بھی بہت شکر گزار ہوں انہوں نے میرے ساتھ تعاون کر کے اس کتاب کو پایہ تکمیل تک پہنچایا آخر میں عرض کرتا ہوں۔ انسان غلطی کا پتلا ہے۔ اگر کہیں کوئی غلطی ہو گئی ہو تو اغماض نظر فرما دیں اور مجھے مطلع کریں میں آپ

کی صحیح رائے کا احترام کرونگا۔ اور شکر گزار ہونگا۔ اس وقت میری عمر چھیاسٹھ سال کی ہے ضعیفی کی حالت میں ہوں۔ غلطیوں کا امکان ضروری ہے نظر اور عقل ضعیف ہو چکی ہے
وخلق الانسان ضعیفاً (انسان کمزور بنا ہے) (القرآن)

ہر ایک عامل کے لئے ضروری ہدایات

ا : ہر ایک عمل اور وظیفہ پڑھنے کے لئے پہلے اپنے پیر یا کسی عامل بزرگ سے اجازت لینا ضروری ہے پھر تعین وقت بھی ضروری امر ہے۔ عامل کو چاہیے کہ عمل کرنے سے پہلے یہ معلوم کرے کہ میرا عمل سال کے کس حصہ اور کس ماہ اور کون سے دن کے کس حصہ اور کس ساعت سے تعلق رکھتا ہے۔

۲ : عمل اور وظیفہ ہمیشہ ایک وقت پر روزانہ پڑھیں کیونکہ اختلاف وقت نقصان کا باعث ہوتا ہے۔

۳ : کسی جگہ یا مکان لباس اور بخور کا تعین ضروری امر ہے۔ اختلاف جگہ اور مکان اور دیگر لوازمات مناسب نہیں۔ تخلیہ کا ہونا نہایت ضروری ہے۔ علاوہ ازیں عامل کی ضرورت کی اشیاء تمام علیحدہ ہونا چاہیں۔ جنہیں کوئی دوسرا آدمی استعمال نہ کرے۔

۴ : عمل اور وظیفہ کے دوران حسب ضرورت جمالی یا جلالی پرہیز کرنا ضروری ہے کیونکہ کھانے پینے کی چیزوں میں بھی تاثیر ہوتی ہے اور نفع یا نقصان کا احتمال لاحق رہتا ہے۔

۵ : عمل یا وظیفہ شروع کرنے سے پہلے لازم ہو کہ اپنے گرد حصار ضرور کر لیا کریں یعنی الحمد شریف ایت الکرسی اور چاروں قل تین تین مرتبہ پڑھ کر اپنے سیدھے ہاتھ کی انگلیوں پر دم کر کے شہادت کی انگلی سے اپنے گرد حصار کرے۔

۶ : جو آیت یا اسم پڑھیں اس کا اور اپنا عنصر پہلے معلوم کر لیں اگر دونوں کا عنصر ایک ہی ہے تو اثر بہت جلد رونما ہو گا۔

ادارہ روحانیت رحیمیہ کے شہ پارے

رحیم النجوم

کا حصہ کے مطالعہ سے نجوم کے سربستہ راز عیاں ہو جائیں گے

نجوم وہ علم ہے جس کے حاصل کئے بغیر نہ تو کوئی جفار بن سکتا ہے نہ رمال اور نہ ہی منجم علم الفراست کی بنیادی اصول بھی اس علم پر مبنی ہیں الغرض کوئی روحانی علم بغیر نجوم کے حاصل نہیں کر سکتا۔ اس کے بغیر عامل بے عمل ہے جناب قبلہ حضرت ڈاکٹر عبد الرحیم نے ۲ سالہ عرق ریزی وخون ریزی آپ کے سامنے پیش کردی رحیم النجوم حصہ اول دوئم، سوئم، رحیم الطالع، مقام النجوم، اثرات النجوم، رحیم الوقتی زائچہ، احوال سیارگان، نہایت ارفع اور اعلیٰ کتابیں اس تمام رموز دہرا واضح اور روشن کر دیئے ہیں

ان تمام مضامین کو سوالوں اور جوابوں کے ذریعہ علم منتقل کرنے کی پوری کوشش کی گئی ہے نہایت آسان اور سہل لکھی گئی ہیں۔ مبتدی سے لیکر منتہی تک اپنا حل تلاش کر سکتا ہے۔ آپ اسے ضرور پڑھیں۔ اس تخلیق کے خالق نے دعویٰ کیا ہے آپکی ہر مقام پر رہبری اور راہنمائی کرے گی۔

قیمت فی کتاب:

۷ : عامل کو چاہیے کہ باوضو و باطہارت رہے۔ اکل حلال و صدق مقال کا ہونا ضروری ہے۔ وسواس شیطانی کو دل میں ہرگز جگہ نہ دے جس مقصد کے لئے عمل کیا جا رہا ہے اس کا کامل تصور پیش نظر رکھیں تاکہ عمل کے اثرات زیادہ ہوں۔

۸ : کسی عمل یا وظیفہ یا نقش کی زکوٰۃ ادا کر دینے کے بعد ہر روز اس کا ورد کم از کم سات یا گیارہ یا اکیس بار ضرور رکھیں ورنہ عمل ہاتھ سے جاتا رہے گا۔

۹ : رفتار و نظرات سیارگان۔ بروج اور ساعت اور منزل چاند وغیرہ کا مکمل علم ہونا ضروری ہے علم جفر کے عملوں کے واسطے علم ہندسہ سے بھی واقف ہونا ضروری ہوتا ہے تاکہ استخراج عملیات و مؤکلات میں غلطی کا امکان باقی نہ رہے۔

عمل سال کے کس حصہ میں کرنا چاہیے

عامل کو لازم ہو کہ سب سے پہلے وہ یہ بات معلوم کرے کہ وہ جو عمل کرنا چاہتا ہے وہ سال کے کس حصے میں کرنا بہتر ہے اور دنوں میں۔ اگر آپ کو عمل ثبات و استحکام کے لئے کرنا ہے جیسے بنیاد' ملازمت قائم رہنے کے لئے۔ جائیداد کی مضبوطی یا کسی چیز کو محفوظ کرنے اور ضائع ہونے سے بچانے کے لئے یا کسی کے پاس رقم جمع نہ ہوتی ہو۔ یا فریقین یا زوجین میں اختلاف رہتا ہو یا شرکاء میں جھگڑا دائمی رہتا ہوں۔ یا نوکر یا بچہ بھاگ جاتا ہوں اس کو باندھنے کے لئے۔ یا تبدیلی کو رکوانے کے لئے۔ مسافر کو سفر سے روکنے کے لئے۔ چلتی اشیاء کو روکنے کے لئے الغرض ایسے عملیات جن کو مضبوط اور استحکام و ثبات کرنا مقصود ہو کشائش رزق۔ افروزنی حصول مرتبت کے اعمال اس وقت کرنے چاہئیں جبکہ طالع وقت برج ثابت ہو۔ اور سعد سیارگان کی ان پر نظر نیک ہو یا کوئی سعد ستارہ ان بروج میں حرکت کر رہا ہو یا عمل کا منسوبی ستارہ ان بروج میں اور قمر ہر قسم کی

نحوست سے پاک ہو تو اس وقت ایسے اعمال کرنا فوری تاثیر ظاہر کرتا ہے۔ اور عمل بھی ضائع نہیں ہوتا۔ ثابت برج۔ ثور۔ اسد۔ عقرب۔ دلو

عمل برائے محبت

اگر محبت کا عمل کرنا ہو یا کسی سلسلہ میں عمل تسخیر چاہتے ہو تو برج ذو جسدین جوزا۔ سنبلہ۔ قوس۔ اور حوت کا طالع وقت و قمر بھی برج طالع میں ہو شمس و قمر کی آپس میں نظر تثلیث یا تدلیس ہو اور ساعت زہرہ یا مشتری کی ہو۔ اگر طالع میں زہرہ یا مشتری میں سے کوئی ستارہ ہو اور قمر کے ساتھ اس اس سعد نظر ہو یا سعد سیارگان کی نظرات طالع سے نیک ہو یا طالع میں عمل کا منسوبی ستارہ قابض اور ہر قسم کی نحوست سے دور ہو۔ تو حب اور تسخیر کے عمل بنانا بہت ہی موثر ہوتے ہیں۔ اور جلدی اثر کرتے ہیں (اساڑھ۔ گنوار۔ پوس۔ چیت)۔ ذو جسدین برج۔ جوزا۔ سنبلہ۔ قوس۔ حوت

بغض عداوت

اگر دو شخصیتوں کے درمیان جھگڑا فساد یا جدائی کرانا مقصود ہو تو برج منقلب کو اختیار کرنا چاہیے یہ برج منقلب میں حمل۔ سرطان۔ میزان اور جدی۔ جب طالع وقت منقلب ہو اور شمس طالع میں ہو اور قمر اس کے مقابلے گھر میں یعنی (ساتواں گھر میں) یا مالک طالع اور قمر کا آپس میں مقابلہ ہو۔ ساعت زحل یا مریخ کی ہو۔ یا قمر در عقرب میں ہو یا نحس سیارگان اس پر نظر رکھتے ہوں تو ایسے وقت۔ دشمنی جدائی۔ اعداء نفاق۔ عداوت کے عمل تیار کرنے چاہیں۔ ماہ بیساکھ۔ ساون۔ کارتک۔ ماگھ سے ہے۔

ماہ کے کس حصہ میں عمل کرنا چاہیے

چاند کے اول عشرہ میں برائے معموری وافزود کی حسن وجاہ مرتبہ کے عمل کرنے چاہیں۔ خصوصا تیرہویں اور چودہویں شب کو قضائے حاجت۔ جذب قلوب اور ائتلاف توصل کے لئے عمل کرنا مفید ہے۔ چاند کے دوسرے عشرہ میں برائے ہلاکی دشمنی۔ ذلت عدد۔ خرابی کھیت وباغ اور مویشی۔ قطع اولاد کے عمل کرنا مفید ہے۔ ان کاموں کے لئے خصوصا" اٹھائیسویں انتیسویں رات بڑا اثر رکھتی ہے۔

کس دن کس کام کے لئے عمل کرنا چاہیے

اتوار (یوم الاحد) کو زبان بندی کا عمل کرنا چاہیے۔ پیر (یوم الاثنین) کو شفائے امراض۔ کشایش رزق اور تسخیر کا عمل کرنا چاہیے منگل (یوم الثلاثہ) کو بغض وعداوت۔ دشمنی۔ جدائی کا عمل کرنا مفید ہے۔ بدھ (یوم الاربعہ) کو زبان بندی عمل کرنا مفید ہے۔ جمعرات (یوم الخمیس) اور جمعہ (یوم الجمعہ) کو ترقی و دولت اور عشق و محبت کا عمل کرنا مفید ہے۔

تقسیم اوقات دن

صبح کے وقت عشق و محبت اور تسخیر کے نقوش لکھنے چاہیں۔ نیم چاشت کے وقت ترقی رزق۔ دولت کرنے چاہیں۔ ظہر کے وقت بیماری سے صحت پانے کے نقش لکھیں۔ ظہر اور عصر کے درمیان عداوت کے نقوش لکھیں۔ اور عشاء کے وقت زبان بندی کے نقوش لکھنا مفید ہے۔

اس کے علاوہ درجہ ذیل پر بھی غور کرنا ہے

۱ : کتاب ہذا کی عربی عبارت کو قرآن شریف سے درست کرلینا چاہیے تاکہ غلطی نہ رہے میں نے اپنی طرف سے پارہ کا نام سورہ کا نام اور آیت کا نمبر تو لکھ دیا ہے مگر آپ پھر بھی احتیاط کے طور پر قرآن مجید سے دیکھنا بھی ضروری ہے۔

۲ : سیارگان کا حساب ہر سال بڑی بڑی جنتریوں سے مل جاتا ہے وہ سب جنتریاں الیف اے۔ مری جو لندن اور امریکہ سے طبع ہوتی ہیں جو ایک سو سال قبل طبع کرا دیتے ہیں یہ سب ان کی اتباع کرتے ہیں۔ وہاں سے آپ کو روزانہ استخراج و سیارگان کے نظرات۔ شرف۔ ہبوط۔ تثلیث۔ تسدیس۔ مقابلہ بڑی آسانی کے ساتھ مل جائیگا۔ ان سے مدد لیں۔ لیکن اپنے وقت میں ڈھلنا صرف آپ کا کام ہے آپ کو کسی قسم کی دقت یا مشکل نہ ہوگی۔

۳ : سیاہی سے مراد خشک و زعفران و گلاب سے ملی ہوئی سیاہی بہتر ہے اور آپ دوسری پاک سیاہی سے بھی کام چلا سکتے ہیں۔

۴ : جس قسم کے کاغذ کی ہدایت کی گئی ہو۔ وہی کاغذ استعمال کرنا چاہیے۔ چمڑا وغیرہ بھی پاک صاف ہونا چاہیے۔

۵ : جہاں جس قسم کی ہدایت ہو اسی پر عمل کرنا ضروری ہے۔

۶ : ہدایت کے مطابق اپنا منہ اس طرف کر کے تعویز لکھنا چاہیئے۔ ورنہ عام طور پر بیت اللہ کی طرف رخ کر کے بیٹھنا چاہیے۔

۷ : وقت کا اثر بہت ہوتا ہے۔ پابندی اوقات نہایت ضروری ہے۔ بغیر اس کے کام نہیں ہوتا جہاں جس وقت کی ہدایت ہو۔ پابندی کیجئے۔ اور جہاں نہ ہو تو نماز صبح سے فراغت سے لکھنا چاہیے۔

۸ : عامل کو ہروقت پاک صاف۔ عبادت گزار پابند صوم و صلوٰۃ رہنا چاہیے ورنہ اثر کم ہو گا۔

۹ : لوگوں میں مشہور ہے کہ جو عامل ہدیہ لیتا ہے اس کا اثر نہیں۔ حالانکہ جس پیشے میں لوگ محنت کرتے ہیں ان کو ان کا معاوضہ ملتا ہے۔ رسول پاک کا حکم بھی ہے کہ مزدور کی مزدوری اس کے پسینہ خشک ہونے سے پہلے ادا کر دینا چاہیے۔ جو کچھ موصول ہو جائے لے لے۔ یہ شرع میں بھی جائز ہے تاکہ عامل اپنی گزر اوقات کر سکے ورنہ عامل کم ہو جاویں گے۔ اور کسی کام میں کوئی محنت نہیں کرے گا۔

عامل کا نذرانہ

حدیث صد و چہل و ششم صفحہ نمبر ۳۸۱ کا ترجمہ حضرت ابو سعیدؓ سے روایت ہے کہ ہم لوگ سفر میں تھے۔ اور اسی حدیث مار گزیدہ کا قصہ ہے اور اس میں یہ ہے کہ ابو سعیدؓ فرماتے ہیں کہ میں نے اس مار گزیدہ کو صرف سورہ فاتحہ سے جھاڑا تھا۔ وہ اچھا ہو گیا اور جو معاوضہ میں سو بکریاں ٹھہری تھیں وہ وصول کر لیں۔ پھر ہم نے کہا کہ ان بکریوں کے بارے میں حضرتؐ سے دریافت کر کے تصرف میں لا دیں گے چنانچہ رسول خداؐ کی خدمت میں حاضر ہو کر حکم شرعی دریافت کریں جو ہم حاضر ہوئے ہم نے آپ سے ذکر کیا آپ نے تعجب فرمایا کہ تم کو کیسے خبر ہو گئی کہ سورہ فاتحہ جھاڑ بھی ہے۔ پھر ان کے سوال میں جواب فرمایا کہ ان بکریوں کو تقسیم کر لو۔ اور میرا حصہ بھی لگانا فرمادیا کہ اس کے حلال ہونے میں شبہ نہ رہے روایت کیا اس کو بخاری۔ مسلم۔ ترمذی۔ ابوداؤد نے اس سے ثابت ہوتا ہے کہ کسی عمل یا تعویذ کا ہدیہ لینا خلاف شرح نہیں ہے یہ بات ان لوگوں کے لئے لکھی ہے۔ جو مفت کام کرانا چاہتے ہیں ان کا کام ہرگز ہرگز نہ ہو گا۔

۱۰ : رحیم الجفر حصہ اول و دوئم و سوئم میں ابجدیں ۲۸ لکھیں ہیں منازل قمری کے مطابق وہاں سے مدد ضرور لیں۔

۱۱ : حروف تہجی اور اس کے اعداد سے واقفیت ہونا نہایت ضروری ہے۔

۱۲ : برج اور سیارگان کی چال نظرات دوست ردشمن۔ شرف۔ ہبوط۔ عروج زوال۔ رجعت استقامت کا جاننا بہت ضروری ہے۔

۱۳ : منازل قمردن رات کی نیک وبد ساعتوں کا علم رکھنا ضروری ہے۔

۱۴ : اسماء باری تعالیٰ عناصر کے مطابق اور قواعد و طریق استخراج و موکلات۔ اعوان جن کا علم رکھنا ضروری ہے۔

۱۵ : عمل کی زکوٰۃ اور اس کی شرائط کی پابندی لازمی ہے۔

قیمت یا اعداد حروف۔ یہاں پر نقشہ بنانا ہے

قیمت یا اعداد حروف

حروف	ا	ب	پ	ج	چ	د	ڈ	ھ	و	ز	ژ	ح
اعداد	۱	۲	۲	۳	۳	۴	۴	۵	۶	۷	۷	۸
حروف	ط	ی	ک	گ	ل	م	ن	س	ع	ف	ص	ق
اعداد	۹	۱۰	۲۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰	۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰
حروف	ر	ڑ	ش	ت	ٹ	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ	ہمزہ
اعداد	۲۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰	۱۰\۱

نظر لگنا : اگر بچے کو نظر لگ گئی ہو وہ دن رات روتا ہو دودھ نہ پیتا ہو۔ کمزور ہوتا جاتا ہو تو نظر بد دور کرنے کیلئے نقش بنوانے کیلئے ادارہ کو لکھیں۔

کسی سورہ یا آیت قرآن کریم یا کسی انسان کے اعداد لیتے وقت یہ بات ملحوظ خاطر رہے کہ ہر لفظ کے وہ تمام حروف جو لکھنے میں آتے ہیں ۔ ان سب کے اعداد لیے جائیں گے ۔ خواہ بعض حروف تلفظ میں نہ آتے ہوں اس طرح وہ حروف جو لکھا ایک بار جاتا ہے مگر تشدید کی وجہ سے پڑھا دوبارہ جاتا ہے ۔ اس کے عدد کے ایک ہی بار لئے جائیں گے نہ کہ دو بار ۔ تصریح بالا کا منشا یہ ہے کہ اعداد صرف ان ہی حروف کے لیجئے جو تحریر میں موجود ہیں تلفظ سے اعداد کا کوئی تعلق نہیں مثلاً عبدالرحیم کا تلفظ عبد رحیم ہے یعنی تلفظ میں "ال" نہیں آتا اور "ر" دوبارہ پڑھا جاتا ہے ہم اعداد تلفظ سے نہیں لیں گے ۔ بلکہ جس طرح لکھا جاتا ہے اسی طرح اعداد نکالیں گے چنانچہ عبدالرحیم کے اعداد اس طرح ہونگے ۔ ع ب د ا ل ر ح ی م میزان ۳۶۵

ع = ۷۰ ۔ ب = ۲ ۔ د = ۴ ۔ ا = ۱ ۔ ل = ۳۰ ۔ ر = ۲۰۰ ۔ ح = ۸ ۔ ی = ۱۰ ۔ م = ۴۰ =

کل میزان ۳۶۵

ہمزہ کے اعداد پر خاص توجہ دیں

ہمزہ کے عدد پر بحث کرنے سے پہلے ہمزہ اور الف کا فرق سمجھ لیجئے ہمزہ ہمیشہ متحرک ہوتی ہے اور الف ہمیشہ ساکن ہوتا ہے الف اور ہمزہ دونوں کا عدد ایک ہے چنانچہ جرائت مائۃ وغیرہ میں صرف ہمزہ ہے الف نہیں ہے اس کے اس کا عدد ایک لیا جائیگا کبھی ایسے بھی الفاظ آجاتے ہیں جن میں الف اور ہمزہ دونوں آجاتے ہیں ایسی صورت میں اس میں ایک عدد الف کا اور ایک عدد ہمزہ کا لیا جائے گا ۔ لیکن جب ہمزہ "ی" کی صورت میں لکھی جاتی ہے تو اس وقت ہمزہ کو "ی" کی شکل میں ہو اس کے بھی دس عدد لیں مثلاً آئندہ پائندہ یا آئینہ وغیرہ اس طرح جو الف "ی" کی شکل میں ہو اس کے بھی دس عدد ہوتے ہیں جیسے عیسیٰ موسیٰ وغیرہ مجھے امید قوی ہے آپ نے ہمزہ کو اچھی طرح سمجھ لیا ہو

گا۔ یہ اہم بات تھی۔

عنصر کے لحاظ سے حروف معہ منازل قمر و موکل یہاں نقشہ بنانا ہے

عنصر کے لحاظ سے حروف معہ منازل قمر و موکل

ابجد قمری	ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی	ک گ	ل	م	ن
حروف عنصر	آتشی	بادی	آبی	خاکی	آتشی	بادی	آبی	خاکی	آتشی	بادی	آبی	خاکی	آتشی	بادی
منزل قمر	شرطین	بطین	ثریا	دبران	ہقعہ	ہنعہ	ذراعہ	نشرہ	طرفہ	جبہہ	زہرہ	صرفہ	عوا	سماک
موکل	اسرافیائیل	جبرائیل	کلکائیل	دردائیل	دوریائیل	رفتمائیل	سرکائیل	تنکفیل	اسمائیل	سرکتائیل	حرفائیل	طاطائیل	رویائیل	حولائیل
ابجد قمری	س	ع	ف	ص	ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
حروف عنصر	آبی	خاکی	آتشی	بادی	آبی	خاکی	آتشی	بادی	آبی	خاکی	آتشی	بادی	آبی	خاکی
منزل	غفرہ	زبانہ	اکلیل	قلب	شولہ	نعائم	بلدہ	ذابح	بلعہ	سعود	اخبیہ	مقدم	مؤخر	رشا
موکل	ہمواکیل	لومائیل	سرکیکائیل	اہجمائیل	عطکائیل	امواکیل	ہمرائیل	عزرائیل	میکائیل	اہطائیل	اہطمائیل	ططائیل	نورائیل	لوخائیل

عملیات دنیا میں ہر اسم کی طبع اور عنصر معلوم کیا جاتا ہے مثلاً فیاض احمد اور زبیدہ ان دونوں کے عنصر مزاج ضرور دیکھا جاتا ہے فیاض کا پہلا حرف ف ہے اس کا مزاج آتشی ہے اور زبیدہ کا پہلا حرف ز ہے اس کا مزاج آبی ہے چونکہ آتش اور آب میں دشمنی ہے۔ اس لئے ان کی آپس میں محبت نہیں ہو سکتی ان دونوں میں محبت پیدا کرنے کے لئے جعفری طریقوں سے محبت پیدا کی جا سکتی ہے اس کی تشریح و توضیح۔ رحیم العملیات حصہ دوئم اور سوئم میں کردی گئی ہے۔ وہاں سے مدد لیں

اس کلیہ کو ہمیشہ مدنظر رکھیں۔

موافق ــــــ آتش و باد اور آب و خاک

مخالف ــــــ آتش و آب اور باد و خاک

متوسط ــــــ آتش و خاک اور باد و آب

اس طرح برجوں میں حروف کی تقسیم ہے۔

برج آتشی حمل اسد قوس

حروف = ا ۔ ع ۔ ھ ط اح ۔ ق ۔ ش

برج بادی = جوزا میزان دلو بروج آبی = سرطان ۔ عقرب ۔ حوت

حروف = ف ۔ ی ۔ ض ۔ غ ۔ ظ ک ۔ ص س ۔ ل ۔ ر ۔ ث ۔ ن ۔ و ۔ د

خاکی حروف = ج ۔ م ۔ ز ۔ ب ۔ خ ۔ ت ذ

اعداد حروف اجد ملفوظی حمل کبیر و حمل صغیر و بسیط وغیرہ یہاں نقشہ بنانا ہے

اعداد حروف ابجد ملفوظی ۔ جمل کبیر و جمل صغیر و بسط وغیرہ

حروف	ا	ب	ج	د	ه	و	ز	ح	ط	ی	ک	ل	م	ن
ملفوظی	الف	با	جیم	دال	ها	واؤ	زا	حا	طا	یا	کاف	لام	میم	نون
کبیر	۱۱۱	۳	۵۳	۳۵	۶	۱۳	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۰۱	۷۱	۹۰	۱۰۶
وسیط	۱۲	۳	۸	۸	۶	۴	۸	۹	۱	۲	۲	۸	۹	۷
صغیرا	۳	۳	۸	۸	۶	۴	۸	۹	۱	۲	۲	۸	۹	۷
حروف	س	ع	ف	ص	ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
ملفوظی	سین	عین	فا	صاد	قاف	را	شین	تا	ثا	خا	ذال	ضا	ظا	غین
کبیر	۱۲۰	۱۳۰	۸۱	۹۵	۱۸۱	۲۰۱	۳۶۰	۴۰۱	۵۰۱	۶۰۱	۷۳۱	۸۰۵	۹۰۱	۱۰۶۰
وسیط	۱۲	۱۳	۹	۱۴	۱۹	۲۱	۳۶	۴۱	۵۱	۶۱	۷۴	۱۳	۹۱	۱۰۶
صغیر	۳	۴	۹	۵	۱	۳	۹	۵	۶	۷	۲	۴	۱	۷

فریقین کے تعلقات کیلئے

بروج کا کردار

نام بروج	حمل	ثور	جوزا	سرطان	اسد	سنبلہ	میزان	عقرب	قوس	جدی	دلو	حوت
دورہ سال	۲۱ مارچ تا ۲۰ اپریل	۲۱ اپریل تا ۲۲ مئی	۲۳ مئی تا ۲۱ جون	۲۲ جون تا ۲۲ جولائی	۲۳ جولائی تا ۲۲ اگست	۲۳ اگست تا ۲۲ ستمبر	۲۳ ستمبر تا ۲۳ اکتوبر	۲۴ اکتوبر تا ۲۲ نومبر	۲۳ نومبر تا ۲۲ دسمبر	۲۳ دسمبر تا ۲۰ جنوری	۲۱ جنوری تا ۱۹ فروری	۲۰ فروری تا ۲۱ مئی
ماہ شمسی	مارچ	اپریل	مئی	جون	جولائی	اگست	ستمبر	اکتوبر	نومبر	دسمبر	جنوری	فروری
ماہ قمری	محرم	صفر	ربیع الاول	ربیع الثانی	جمادی الاول	جمادی الثانی	رجب	شعبان	رمضان	شوال	ذیقعد	ذی الحج
ماہ ہندی	بیساکھ	جیٹھ	ہاڑ	ساون	بھادوں	اسوج	کاتک	مگھر	پوہ	ماگھ	پھاگن	چیت
ہندی نام	میکھ	برکھ	متھن	کرک	سنگھ	کنیا	تلا	برشچھک	دھن	مکر	کمبھ	مین
مالک سیارہ	مریخ	زہرہ	عطارد	قمر	شمس	عطارد	زہرہ	مریخ	مشتری	زحل	زحل	مشتری
تذکیر و تانیث	مذکر	مونث	مذکر	مونث	مذکر	مونث	مذکر	مونث	مذکر	مونث	مذکر	مونث
حالت بروج	منقلب	ثابت	ذوجسدین	منقلب	ثابت	ذوجسدین	منقلب	ثابت	ذوجسدین	منقلب	ثابت	ذوجسدین
تاثیر بروج	نحس	سعد	مشترک	سعد	نحس	مشترک	سعد	نحس	سعد	نحس	نحس	سعد
دوست بروج	اسد قوس	سنبلہ جدی	میزان دلو	عقرب حوت	حمل قوس	ثور جدی	جوزا دلو	سرطان حوت	حمل اسد	ثور سنبلہ	جوزا میزان	سرطان عقرب
دشمن بروج	ثور سنبلہ عقرب قوس	حمل جوزا میزان قوس	ثور سرطان عقرب جدی	جوزا اسد دلو قوس	سرطان دلو سنبلہ جدی	ثور سنبلہ عقرب حوت	حمل جوزا میزان قوس	ثور سرطان عقرب جدی	جوزا اسد قوس دلو	سرطان جدی حوت	سرطان سنبلہ جدی حوت	حمل اسد میزان دلو
مساوی	جوزا دلو	سرطان حوت	حمل اسد	ثور سنبلہ	جوزا عقرب	سرطان عقرب	اسد قوس	سنبلہ جدی	میزان دلو	عقرب حوت	قوس حمل	جدی ثور
حروف منسوب	ای ل ع	ب و	ک ق	ہ ح	م	ب ا غ	ر ت ط	ط ذ ض ز ن	ف	گ ب خ ح	س ش ص ث	د ج
عملیات	دشمنی کے لئے	دولت و عزت	پیار محبت	مطالبات	کاروبار	ملاقات	دشمنی	حب عزت	پیار محبت	دشمنی	عزت	محبت
عنصر	آتشی	خاکی	بادی	آبی	آتشی	خاکی	بادی	آبی	آتشی	خاکی	بادی	آبی

فقیر نے بروج کا مکمل نقشہ پیش کیا ہے اس کے بارے میں مزید روشنی ڈالتا ہوں

ہر شخص کی دلی خواہش ہوتی کہ فلاں شخص میرا دوست ہے یا دشمن ۔ فلاں عورت ۔

میری محبت ہو سکتی ہے یا نہیں فلاں شخص سے شراکت کروں یا نہ کروں یہ افسر میرے حق میں ہے یا نہیں وغیرہ وغیرہ اہم بروج اور سیارگان سے معلوم کیا جا سکتا ہے۔ اگر بروج آپس میں دوست ہیں تو دوستی ہو سکتی ہے اور آپ کا رفیق حیات بہتر ثابت ہو گا۔ شراکت میں نفع ہو گا اگر بروج کی آپس میں دشمنی ہے تو پریشانی کا سبب بنے گی اس کے عملیات دنیاں میں اس کی اشد ضرورت ہے ان سیارگان کے اثرات کو بھی مد نظر رکھا جاتا ہے یہاں پر صرف اور صرف بروج کی محبت و دشمنی کا نقشہ پیش کرتا ہوں۔

بروج کی محبت و دشمنی کا نقشہ

حمل	ثور	جوزا	سنبلہ	میزان	ثور	جوزا	سرطان	اسد	سنبلہ	اسد	حمل	حمل	ثور	حمل
اسد	عقرب	قوس دلو	حوت	حمل	سنبلہ	میزان	عقرب	قوس	جدی	حوت	سنبلہ	عقرب	میزان	ثور
بہت زیادہ دوست	اوسط درجے کے دوست	بہت زیادہ دوست	دوست	اوسط درجے کے دوست	زیادہ دوست	سب دوست ہیں	اوسط درجے کے دوست	زیادہ دوست ہیں	اوسط درجے کے دوست	دشمن ہیں	دشمن ہیں	دشمن ہیں	دشمن ہیں	دشمن ہیں

سیارگان کی دوستی اور دشمنی کا نقشہ

سیارگان	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
دوست	عطارد و زہرہ	شمس قمر مریخ	شمس قمر مشتری	مریخ قمر مشتری	عطارد و زحل	شمس و زہرہ	شمس و عطارد
دشمن	شمس قمر مریخ	عطارد و زہرہ	عطارد	زحل و زہرہ	شمس و قمر	قمر	کوئی نہیں
مساوی	مشتری	زحل	زحل و زہرہ	عطارد	مریخ و مشتری	مریخ زحل مشتری	مریخ زہرہ زحل مشتری

مقامات شرف و ہبوط سیارگان معہ درجات

سیارگان	شمس	قمر	مریخ	عطارد	مشتری	زہرہ	زحل	حالت
شرف	حمل ۱۹	ثور ۳	جدی ۲۸	سنبلہ ۱۵	سرطان ۱۵	حوت ۲۷	میزان ۲۱	درجہ کمال کی سعادت ہے
ہبوط	میزان ۱۹	عقرب ۳	سرطان ۲۸	حوت ۱۵	جدی ۱۵	سنبلہ ۲۷	حمل ۲۱	کمزوری و پریشانی
اوج	سرطان ۲۰	سنبلہ	اسد ۱۹	عقرب ۵	میزان ۲	جوزا ۲۲	قوس ۱۳	بلندی و سرفرازی
حضیض	جدی ۲۰	حوت	دلو ۱۹	ثور ۵	حمل ۲	قوس ۲۲	جوزا ۱۳	پستی اور گراوٹ
فرح	قوس	جوزا	سنبلہ	حمل	دلو	اسد	حوت	فرحت عیش خوشی
طرح	جوزا	قوس	حوت	میزان	اسد	دلو	سنبلہ	مصیبت، غم، امراض
ترفع	اسد	ثور	حمل	سنبلہ	قوس	میزان	دلو	باعزت مکرم، ترقی یافتہ
وبال	دلو	عقرب	میزان	حوت	جوزا	حمل	اسد	تفکرات، غم، تنزل

طبائع حروفِ تہجی

طبائع حروف	حروف متعلق	اختصار	جہت	مجموعہ اعداد	تاثیر
آتشی	ا ہ ط م ف ش ذ	اہطمفشذ	یہ حروف مشرقی ہیں	۱۱۳۵	گرم
خاکی	ب و ی ن ص ت ض	بوین صتض	یہ حروف جنوبی ہیں	۱۳۵۸	خشک
بادی	ج ز ک س ق ث ظ	جزکس قثظ	یہ حروف مغربی ہیں	۱۵۹۰	سرد
آبی	د ح ل ع ر خ غ	دحلع رخغ	یہ حروف شمالی ہیں	۱۹۱۲	تر

جدول مزاجی حروف

آتشی = ا، ہ، ط، م، ف، ش، ذ ۔ بادی = ب، و، ی، ن، ص، ت، ض

آبی = ج، ز، ک، س، ق، ث، ظ ۔ خاکی = د، ح، ل، ع، ر، خ، غ

نقشہ ساعات سیارگان و اثرات سیارگان (دن کے ۱۲ گھنٹے)

	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
ہفتہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
کیا کام کرنا چاہیے	محبت	صلح	عداوت	جاہ و جلال	محبت	شمشکار	خاموشی	تباہی دشمن	محبت	عداوت	صلح	قبولیت
اتوار	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
کیا کام کرنا چاہیے	محبت	منحوس	سفر	منحوس	عداوت	تکمیل کام	منحوس	جاہ و جلال	محبت	سحر و سم	طلسم	نقصان
سوموار	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
کیا کام کریں	محبت	سفر	نکاح	بیمار کرنا	حاجات	طلسم	زبان بندی	صلح و محبت	جدائی	محبت	عداوت	محبت
منگل	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
کیا کام کریں	عداوت	منحوس	نکاح	برکت اعمال	منحوس	بیمار	محبت	عداوت	محبت	منحوس	سفر	عداوت
بدھ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ
کیا کام کریں	قبول دعا	نحس	خون جاری کرنا	اعمال خیر	عداوت	سفر	محبت	علاج کیلئے	عداوت	تسخیر حاکم	قبول	عداوت
جمعرات	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
کیا کام کریں	قبول محبت	بیمار کرنا	محبت	محبت	عقد	سفر	عداوت	محبت	تسخیر حاکم	حاجات	محبت	نحس
جمعہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
کیا کام کریں	نکاح	طلسم	نحس	کنواں کھدائی	محبت	حاجات	جاہ و جلال	محبت	ہر کام کے لئے	جدائی	نحس	محبت

اچھے نام سے روشن مستقبل کیا ہے؟

اچھا نام اچھے مقام حاصل کرتا ہے۔ اچھے نام سے بچے کا مستقبل روشن ہوتا ہے
علمی لحاظ سے اپنے بچے کا نام رکھنے کیلئے ادارے سے رجوع کریں !

نقشہ ساعات سیارگان و اثرات (رات کے ۱۲ گھنٹے)

ہفتہ	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
کیا کام کرنا چاہئے	محبت	صلح	جاہ	محبت	محبت	شکار	کچھ نہ کریں	بربادی دشمن	محبت	عداوت	صلح	قبول
اتوار	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ
کیا کام کریں	محبت	نحس	سفر	نحس	عداوت	تکمیل کام	نحس	جاہ و جلال	محبت	جو چاہو کرو	طلسم بناؤ	نقصان
سوموار	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
کیا کام کریں	محبت	سفر	نکاح	بیمار کرنا	حاجت	طلسم بناؤ	زبان بندی	صلح و محبت	جدائی	محبت	عداوت	محبت
منگل	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
کیا کام کریں	عداوت	نحس	نکاح	برکت	نحس	بیمار کرنا	محبت	عداوت	محبت	نحس	سفر	بغض
بدھ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
کیا کام کریں	قبول	نحس	خون جاری کرنا	اعمال خیر	عداوت	سفر	محبت	علاج	عداوت	ملاقات حاکم	قبول	عداوت
جمعرات	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
کیا کام کریں	قبول محبت	بیمار کرنا	محبت	محبت	عقد	سفر	عداوت	محبت	لوگوں سے ملنا	حاجت	محبت	نحس
جمعہ	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
کیا کام کریں	نکاح	طلسمات	کنواں	محبت	حاجت	جاہ	محبت	ہر کام کیلئے	نحس	فراق	نحس	محبت

بخورات و اغذیہ سیارگان

عمل میں بخورات و اغذیہ کی بھی تاکید کی جاتی ہے لہٰذا جس ستارے کی ساعت ہو

عمل شروع کیا جائے۔ اس کے بخود ورشن کرنا و دیگر لوازمات مہیا کرنا نہایت ضروری ہے جن کی تفصیل ہے۔

نام سیارہ	بخورات	اغذیہ	خوشبو
شمس	دارچینی، عود، مشک، زعفران	چاول، زردہ، میوہ، مٹھائی	عطر، شہد
قمر	لوبان ذکر، عود، صندل، کافور۔	چاول سفید، شیریں، دہی	گلاب و کیوڑہ
مریخ	لوبان، عود، دال، صندل،	گوشت کباب میوہ ترش	تیز و تند خوشبو
عطارد	عود، گوگل، لوبان، صندل	چاول دال مونگ انگور انار	مجموعہ خوشبو
مشتری	عود، لوبان، صندل، زعفران	شیر مرنج، زردہ، میٹھی روٹی	عطر گلاب
زہرہ	صندل، قرنفل، عود، زعفران	" " حلوہ، شہد	عطر سہاگ
زحل	عود، لوبان، مرچ سیاہ، موم درر	کھچڑی، دال ماش، بینگن، میوہ تلخ	عطر گل۔

اربعہ عناصر

بخوبی یاد کہ پروردگار دو عالم نے سوالیہ ثلاثہ شش جہالت خمسہ شجرہ ہفت افلاک غرض عرش تا فرش ہر چیز کی بنا اربعہ عناصر پر قائم کی ہے جن میں اول آتش دوئم باد، سوئم آب اور چہارم خاک ہے اور یہ چاروں عناصر پر چہار اطراف عالم سے تعلق خاص رکھتے ہیں چنانچہ آتشی شرق سے، باد مغرب سے آب شمال سے اور خاک جنوب سے اور پھر ہر چہار عناصر باہم ایک دوسرے کے دوست اور دشمن بھی ہیں اور انہی کی دوستی و دشمنی کے پردے میں عملیات و نقوش طلسم کی ناکامی و کامیابی کا راز پوشیدہ ہے اس کا تذکرہ سابقہ اوراق میں پیش کر چکا ہوں۔

خواص حروف تہجی

شفاء الامراض

نقشہ بالا سے یہ بخوبی ظاہر ہوا کہ اقسام حروف چار صرتح پر می یعنی آتشی (گرم)

خاکی (خشک) بادی (سرد) اور آبی (تر) ان سے امراض جسمانی کے دفعیہ کی صورت یہ ہے کہ جہاں سرد امراض مثلاً نزلہ زکام، کھانسی، لقوہ، نمونیہ، وغیرہ ہو تو وہاں گرم حروف کو ان کی تعداد کے مطابق مقرر کرے اور اہطمفشذ کو جن کے اعداد ۱۱۳۵ ہیں اتنی بار تو سردی اور اس کے عائد کردہ امراض دور ہو جائیں ایسی ہی خاکی حروف ہیں جن کی اعداد جو ۱۳۵۸ ہیں تر بلغمی امراض کے لئے اتنی مقدار میں پڑھیں تو شفا ہو گی بادی حروف گرم امراض کے لئے ان کے اعداد ۱۰۹۰ کے مطابق پڑھیں تو گرم امراض کا دفعیہ ہو۔ اور جسم میں ٹھنڈک پڑ جائے۔ خشکی کے مرضوں کے لئے تر حروف (آبی) جن کی تعداد ۱۹۱۲ ہے ان کے مطابق پڑھیں تو خشکی دور ہو اور جسم میں تری پیدا ہو کر طبیعت کو سکون حاصل اور جسم سے گرمی ختم ہو جائے اگر آپ زیادہ اثر دیکھنا چاہتے ہیں تو بروج عنصری اور سیارگان عنصری کو مد نظر رکھ کر اس کا نقش بنائے مربع۔ آتشی چال سے خاکی چال، بادی چال سے اور آبی چال سے خان پوری کریں تو پھر حروف کے اثرات آپکو روحانیت کا قائل کر دیں گے۔ اور ان کے اثرات آپ پر رونما ہو جائیں گے اب ہش ہش کر اٹھے گے کہ واقعی حروف کا اعجاز ہے۔

خواص ساعت سیارگان

شمس: یہ سیارہ سعد ہے۔ اس کی ساعت میں بادشاہ، امراء، وزراء کی ملاقات کرنا، شادی کے کپڑے خریدنا، حجامت بنوانا مبارک ہے۔ طلسم تعویذ ترقی مرتبہ، جاہ جلال حشمت بزرگی کے لئے لکھنا اچھا ہے اس کی ساعت میں جو بچہ پیدا ہو گا۔ خوبصورت، نیک بخت بڑی عمر والا ہوتا ہے۔ شرف جو ہر سال اپریل میں آتا ہے اس میں دشمنوں پر فتح یابی، عظمت اور فتوحات کے لئے نقش یا لوح تیار کی جاتی ہے اس کا نقش یا لوح مقدس ہے۔ یہ 6x6=36 خانے ہوتے ہیں ایک ضلع کے خانوں کی تعداد ۱۱۱ کل خانوں کی تعداد ۶۶۶ ہوتے ہیں اس کی کل تعداد میں ۱۰۵ تفریق کریں اور ۶ پر تقسیم کریں اگر ایک بچے کو خانہ نمبر ۳۱ میں ایک کا اضافہ کریں اگر دو بچیں تو خانہ نمبر ۲۵ میں ایک کا اضافہ کریں اگر باقی ۳ بچیں تو خانہ نمبر ۱۹ میں ایک اضافہ کریں اگر تقسیم ۴ باقی بچیں تو خانہ نمبر ۱۳

میں اضافہ کریں اگر تقسیم سے ۵ بچیں تو خانہ نمبر۷ میں ایک کا اضافہ کرنے سے نقش مکمل ہو جائے گا۔

زہرہ :۔ یہ ستارہ سعد اصغر ہے اس ساعت میں طلسم اور تعویذ محبت اور زبان بندی کا لکھنا بہتر ہوتا ہے۔ اس کی ساعت میں بادشاہ، وزراء، امراء سے ملاقات کرنا۔ مرض کا علاج کرنا، کپڑے پہننا، باغ لگوانا، خرید و فروخت کرنا، مبارک ہے۔ اس ساعت میں جو بچہ پیدا ہوگا نیک بخت اور اعلیٰ تعلیم حاصل کرے گا شرف زہرہ بھی ہر سال آتا ہے۔ اس وقت تسخیر خلق، تسخیر مستورات، تسخیر محبوب، تسخیر عوام کے نقش یا طلسم تیار کیے جاتے ہیں 5x5=25 خانے ہوتے ہیں ایک ضلع کے اعداد ۶۵ اور کل اعداد ۳۲۵ ہوتے ہیں۔ نقش پر کرنے کا اصول یہ ہے کہ کل اعداد میں سے ۶۰ تفریق کر اور ۵ پر تقسیم کریں اگر تقسیم سے ایک بچے تو خانہ نمبر۲۱ میں اک کا اضافہ کریں اگر تقسیم سے ۲ باقی بچیں تو خانہ ۱۶ میں ایک کا اضافہ کریں اگر تقسیم سے ۳ باقی بچیں تو خانہ نمبر۱۱ میں ایک کا اضافہ کریں اگر تقسیم سے ۴ باقی بچیں تو خانہ نمبر۶ میں ایک کا اضافہ کریں نقش یا طلسم مکمل ہو جائیگا اس کی شرف برج میزان ۱۹ درج پر ہوتا ہے۔ ان کی قسمت بدل دینے کا عمل کیا جاتا ہے دو شخصوں کی دشمنی کو محبت سے بدل دینا۔ زمین یا نکاح یا ملازمت جانے کا خطرہ ہو تو دور کر دینا دشمنوں پر فتح پانا اور قوم پر سرداری پانے کے نقش اور لوحیں تیار کی جاتی ہیں۔ مستع کے 9x9=81 خانے ہوتے ہیں کل اعداد میں سے ۳۶۵ تفریق کر اور ۹ پر تقسیم کرنے سے اگر خارج قسمت کو خانہ اول میں رکھ کر مستع پر کریں اگر تقسیم سے ایک بچے تو خانہ نمبر۷۳ میں ایک کا اضافہ کرلیں اگر تقسیم سے ۲ بچیں تو خانہ نمبر۶۴ میں ایک کا اضافہ کریں اگر تقسیم سے ۳ باقی بچیں تو خانہ نمبر۵۵ میں ایک کا اضافہ کریں اگر تقسیم سے ۴ باقی بچیں تو خانہ نمبر۴۶ میں ایک کا اضافہ کریں اگر تقسیم سے ۵ بچیں تو خانہ نمبر۳۷ میں ایک کا اضافہ کریں اگر تقسیم میں ۶ باقی بچیں تو خانہ نمبر۲۸ میں ایک اضافہ کریں اگر تقسیم سے ۷ باقی بچے تو خانہ نمبر۱۹ میں ایک کا اضافہ کریں اگر تقسیم سے ۸ باقی بچے تو خانہ نمبر۱۰ کا اضافہ کر کے مستع پر کریں۔

عطارد :۔ یہ سیارہ تاثیر میں مشترک ہے۔ جس سیارے کے ساتھ ہوتا ہے اس جیسا عمل کرتا ہے۔ اس ساعت میں طلسم و نقش بنانا بہتر ہے اس ساعت میں محبت کا تعویذ، خواب بندی زبان بندی تیغ بندی کرنا کامیابی ہے علاج کرانا، مکتب میں بچے کو بٹھانا، کنواں کھدانا، خرید و فروخت کرنا اچھا ہے۔ جو بچہ اس ساعت میں پیدا ہوگا نیک ہوگا، شرف عطارد ہر سال آتا ہے۔ اس میں

تسخیر افسران و حکام، تسخیر القلم، قوی الحافظہ، حصول علم، فوقیت حاصل کرنے کے لیے، امتحان کی کامیابی کے نقوش طلسم اور لوح تیار ہوتی ہے۔ امراض میں دماغی امراض کا خاص طور پر علاج ہو سکتا ہے اس کا تعلق مریخ سے ہے ۴×۴ = ۱۶ خانے ہوتے ہیں ایک ضلع کا میزان ۳۴، کل خانوں کے اعداد ۱۳۶ ہوتے ہیں۔ اگر آپ نقش پُر کرنا چاہتے ہیں تو کل اعداد میں سے ۳۰ تفریق کریں اور ۴ پر تقسیم کریں۔ اگر ایک باقی بچے تو خانہ نمبر ۱۳ میں ایک کا اضافہ کریں اگر ۲ باقی بچے تو خانہ نمبر ۹ میں ایک کا اضافہ کریں اور اگر ۳ باقی بچیں تو خانہ نمبر ۵ میں ایک کا اضافہ کریں۔ نقش یا لوح مکمل ہو جائیگی۔

قمر: یہ سیارہ سعد ہے۔ اس ساعت میں محبت، شفائے امراض کا طلسم یا تعویز لکھنا عمارت بنوانا، چاہ کھدوانا، باغ لگوانا اس کی ساعت میں جو بچہ پیدا ہوتا ہے۔ وہ صاحب دولت صاحب عقل اور نیک ہو۔ قدم مبارک ہے اسے ہر ماہ میں شرف بخش ثور ہوتا ہے۔ امراض کے دفعہ اور ترقی علم ترقی تجارت تسخیر محبوب کے عمل تیار کیے جاتے ہیں۔ مثلث کا تعلق قمر سے ہے ۳×۳ = ۹ خانے ہوتے ہیں۔ ایک ضلع کے میزان ۱۵ اور کل میزان میں ۱۲ تفریق کر کے ۳ پر تقسیم کیا جاتا ہے۔ خارج قسمت کو خانہ نمبر ۱ میں رکھ کر مثلث پُر کی جاتی ہے۔ اگر تقسیم سے ایک بچے تو خانہ نمبر ۷ میں ایک کا اضافہ کیا جاتا ہے۔ اگر تقسیم سے ۲ باقی بچیں تو خانہ نمبر ۴ میں ایک کا اضافہ کیا جاتا ہے۔ اس طرح کسر کو خانوں میں ڈالا جاتا ہے۔ اس طرح نقش مکمل ہو جاتا ہے۔

زحل: یہ سیارہ نحس اکبر ہے، ہر برج کو ۳۰ ماہ میں قطع کرتا ہے۔ تمام فلک کو ۲۹ سال میں طے کرتا ہے۔ اس کی ساعت میں طلسم و تعویز نقش بربادی اور ہلاکی دشمن، انسان تباہی کے لیے عمل کیا جاتا ہے۔ لیکن اس کی ساعت میں سفر کرنا، بادشاہ یا امراء وزراء سے ملاقات کرنا سخت منع ہے۔ ہر نیک اور سعد کام کرنا ممنوع ہے عملیات کی دنیا میں اس کا تعلق منع سے ہے۔

مشتری:- یہ سیارہ سعد اکبر ہے۔ اس کی ساعت میں شادی' نکاح' ملاقات امراء' وزراء' کرنا بہتر ہے۔ خرید و فروخت کرنا افضل ہے اس ساعت میں طلسم و تعویذ' تسخیر دوستی و بلندی مرتبہ لکھنا بہتر ہوتا ہے۔ اسے شرف برج سرطان میں ہوتا ہے اس حصول مال و دولت' ترقی رزق' ترقی مراتب' آمدن کے مختلف ذرائع پیدا کرنا 'ادائیگی قرض انعامی سکیموں کے لئے نقش تیار کئے جاتے ہیں اس ساعت میں جو بچہ پیدا ہو گا نیک بخت صاحب اقبال ہو گا مشمن سے تعلق رکھتا ہے 8x8=64

ہوتے ہیں اس کو پر کرنے کا قانون یہ ہے کہ اسماء الٰہی اور آیت قرآنی کے کل اعداد میں سے ۲۵۲ تفریق کرنے سے ۸ پر تقسیم کرنے سے جارح قسمت کو خانہ اول میں رکھ کر مثمن پر کریں اگر تقسیم کرنے سے ایک کسر بچے تو خانہ نمبر ۵۷ میں ایک کا اضافہ کریں اگر تقسیم سے ۲ بچیں تو خانہ نمبر ۴۹ میں ایک کا اضافہ کریں اگر ۳ باقی بچیں تو خانہ ۴۱ میں ایک کا اضافہ کریں اگر تقسیم سے ۴ باقی بچیں تو خانہ نمبر ۳۳ میں ایک کا اضافہ کریں اگر تقسیم سے ۵ باقی بچیں تو خانہ نمبر ۲۵ میں ایک کا اضافہ کریں اگر تقسیم سے ۶ باقی بچیں تو خانہ نمبر ۱۷ میں ایک کا اضافہ کریں اگر تقسیم کرنے سے ۷ باقی بچیں تو خانہ نمبر ۹ میں ایک کی اضافہ کریں۔ اس طرح مثمن پر ہو جائیگی۔

مریخ:- یہ سیارہ نحس اصغر ہے۔ اس کی ساعت میں ہر نیک کام کرنا اچھا نہیں البتہ اس کی ساعت میں تعویذ اور نقش ہلاکی دشمن، فساد، جدائی، تباہی، جنگ میں فتح اصل کرنے کا عمل کیا جاتا ہے اس کی ساعت میں آلات جنگ خریدنا اچھا ہے اس ستارہ کو شرف جدی ۲۹ درجے پر ہوتا ہے ۲۰ر۱۸ سال کے بعد ہوتا ہے اس وقت حصول قوت و شجاعت دل کو قوی کرنا، جنگ میں فتح یابی، غلبہ اعداد، دشمن کے شر، آسیب سے بچنے کے لئے الواح تیار کی جاتی ہے اس کا تعلق مسبع سے ہے۔ 49=7x7 خانے ہوتے ہیں اس کے پر کرنے کا قانون یہ ہے شرفات سیارگان کے موافق اسماء الٰہی اور آیات قرآنی کے کل اعداد میں سے ۱۶۸ تفریق کریں اور باقی کو نے پر، تقسیم کرنے سے اگر ایک بچے تو خانہ نمبر ۴۳ میں ایک کا اضافہ کریں اگر تقسیم سے ۲ بچیں تو خانہ نمبر ۳۶ میں ایک کا اضافہ کریں اگر تقسیم سے ۳ باقی بچیں تو خانہ نمبر ۲۹ میں ایک کا اضافہ کریں اگر ۴ باقی بچیں تو خانہ نمبر ۲۲ میں ایک کا اضافہ کریں اگر تقسیم سے ۵ باقی بچیں تو خانہ نمبر ۱۵ میں ایک کا اضافہ کریں اگر ۶ بچیں تو خانہ نمبر ۸ میں ایک کا اضافہ کر کے مبع کو پر کریں۔

دن رات کتنے لمبے ہوتے ہیں

۱۔ جتنے بجے شمس غروب ہو اس کو دو چند کرلو تو دن کی لمبائی معلوم ہو جائے گی۔

۲۔ جتنے بجے شمس طلوع ہو اس کو دو چند کرلو تو رات کی لمبائی معلوم ہو جائیگی۔ مثلاً چھ بجے شمس غروب ہوتا ہے تو اسے دو چند کرنے سے معلوم ہوا کہ دن ۱۲ گھنٹے کا ہے اور سات بجے شمس طلوع ہوتا ہے تو رات چودہ گھنٹے کی ہوگی میں نے رحیم العملیات حصہ دوئم اور سوئم میں بڑی وضاحت سے

لکھ دیا ہے۔ وہاں سے آپ راہبری اور راہنمائی حاصل کریں۔

طالع معلوم کرنے کا قانون

عملیات میں طالع معلوم کرنا ازحد ضروری ہے اس کے بغیر کوئی کام عامل کا سرانجام نہیں ہوگا ۔ چنانچہ (طالع معلوم کرنے کے لئے میں علیحدہ رحیم الطالع کتاب لکھی ہے) چنانچہ طالع معلوم کرنے کے دو قاعدے یہاں درج کئے جاتے ہیں ۔ ۱ طریقہ اور جو معتبر ہے ۔ کہ کوئی شخص جس ستارہ کی ساعت میں پیدا ہوا ہو ۔ اس وقت وہ ستارہ جس برج میں ہوگا ۔ وہی اس طالع ہوگا ۔ مگر ہندوؤں میں رواج ہے مسلمانوں میں اس کا رواج نہیں ہے ۔ اگر کسی کے پاس جنم پتری یا زائچہ پیدائش تو اس سے معلوم کیا جا سکتا ہے وہی طالع معتبر ہوگا ۔ اگر کسی کے پاس جنم پتری یا زائچہ پیدائش نہ اور نہ ہی بزرگوں سے معلوم ہو تو پھر اس کا نام اور اس کی ماں کا نام لکھ کر بحساب ابجد قمری عدد نکالیں اور کل اعداد کو جمع کر کے بارہ پر تقسیم کریں جو عدد باقی بچے ان کو حمل سے شروع کر کے دیکھیں ۔ کہ کس برج پر وہ اعداد ختم ہوتا ہے وہی اس کا برج ہوگا جسے ہم نجوم میں طالع کہتے ہیں ۔ عاملین کاملین کے نزدیک بحالت مجبوری یہی طرقہ معتبر ہے ۔ لیکن اس بات کا خیال رکھیں نام صحیح اور مکمل ہو ۔ ادھورے نام سے عمل مکمل نہ ہوگا ۔ تمام اعداد کی ۱۲ پر تقسیم کرنے سے اگر ایک بچے تو برج حمل اگر ۲ بچے تو برج ثور اگر ۳ بچے تو برج جوزا اگر ۴ بچے تو برج سرطان اگر ۵ بچے تو برج اسد اگر ۶ بچے تو برج سنبلہ اگر ۷ بچے تو برج میزان اگر ۸ بچے تو برج عقرب اگر ۹ بچے تو برج قوس ' اگر ۱۰ بچے تو برج جدی اگر ۱۱ بچے تو برج دلو ' اور پورا پورا تقسیم ہو جائے تو برج حوت تصوّر کریں ۔ جب طالع معلوم ہو جائے تو دیکھنا چاہیے کہ طالع کا مزاج کیسا ہے ۔ آبی ہے ۔ آتشی ہے ' خاکی ہے ۔ یا بادی ہے چاروں عناصر میں کونسا عنصر ہے ۔ جو عنصر نکلے ۔ اس کے موافق عمل کریں ۔ کئی بار لکھ چکا ہوں عنصروں کی آپس میں دوستی اور دشمنی ہوتی ہے اور مساوات کا تعلق بھی رکھتے ہیں اس بات کا ہمیشہ خیال رکھیں اسی بات پر عمل کی کامیابی اور ناکامی کا دارومدار ہے مخالف عنصر کی صورت میں دونوں کا عمل کرنا پڑھتا ۔ مثلاً طالب کا برج آبی ہے اور مغلوب کا برج آتشی ہے تو ان دونوں میں مطابقت اور موافقت نہیں ہے بلکہ دشمنی ہے ۔ اس کے طالب کو آبی اور آتشی دونوں اعمال کرنے پڑیں گے تاکہ دونوں میں موافقت پیدا ہو جائے ۔ اس کے ساتھ ساتھ اس وقت کے

مناسب ستارے کی ساعت کہ اس طالع برج کے ساتھ کونسا ستارہ موافقت پائی گئی تو تمام عمل برباد ہو گا ایک بار پھر سن کر غور کر لیں ۔ برج کی طبع سے واقفیت ہونا بہت ضروری ہے کیونکہ اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ طالب و مطلوب یا دو شخصوں میں موافقت ہونا بہت طبعی بھی ہے یا نہیں ۔ اگر طالب و مطلوب کے بروج کی طبع ایک ہو تو عمل تیر کی طرح کام کرتا ہے ۔ اسی صورت میں جب دونوں مختلف طبع کے ہوں تو اجتماع کا عمل کیا جائے گا ۔ تعویزات دونوں عنصروں کے مطابق لکھے جاتے ہیں اور استعمال بھی ہر دو طرح کئے جاتے ہیں اگر ایسا نہ کرینگے ۔ تو عمل بیکار اور بے اثر ہو گا

۔ موکل بنانے کا عمل = اسم مصوّر کے اعداد ۳۳۶ سے ۴۱ عدد کم کر کے باقی ۲۹۵ رہے ص ی ر ۲۹۵ حروف ہ ص ی ہوئے اب اسم کے دو موکل بنے گے ایک منسوب اور دوسرا مقلوب منسوب موکل سیدھی عبارت کا ھصیوائیل بنا اور دوسرا الثار ص ہ مقلوب موکل دھھیل بنا ۔

منسوب موکل ، اعمال خیر کے لئے اور مقلوب موکل اعمال شر میں بناتے ہیں ۔ ۲ ۔ جس اسم کا موکل نکالنا ہو اس میں ۴۱ عدد کم نہ کریں انہی اعداد کا موکل بنالیں جیسے باری اعداد ۲۱۳ ان اعداد کے موکل بنائیں ج ر ۳ ی ر ۱۰ ر ر ۲۰۰ منسوب موکل جرائیل ۔ اور مقلوب موکل ریجائل = اعوان = اگر کل تعداد سے ۳۱۹ کم کر کے حروف بنا کر اگے کلمہ طیش لگایا جائے تو موکل سفلی بنانے اگر تعداد میں ۳۱۶ عدد کم کر کے اگے کلمہ یوش لگایا جائے تو اعوان بنے گا اگر کل اعداد سے ۲۱ عدد کم کر کے باقی اعداد کے حروف بنا کر اگے کلمہ ہوش لگا دیں تو اسمائے جن بنے گا ۔

حکیم علاج بالضد کرتے ہیں کہ سردی اور تری میں گرم اور خشک دوائیں اور گرمی اور خشکی میں سرد اور تر دوائیں استعمال کراتے ہیں ۔ اسی قانون کو مدنظر رکھتے ہوئے حروف سے بیماریوں کا علاج کریں ۔

حروف آتشی ملفوظی : الف ، ھا ، طا ، میم ، فا ، شین ، ذال

آیت کریمہ : یا نار کونی بردًا و سلامًا

حروف آبی : جیم ، زا ، کاف ، سین ، قاف ، ثا ، ظا ۔ آیت کریمہ : سلام علی نوح فی العلمین ،

حروف بادی : با ، واو ، یا ، نون ، صاد ، تا ، ضاد ۔ آیت کریمہ : سلام قولاً من رب رحیم

حروف خاکی : دال ، حا ، لام ، عین ، را ، خا ، غین ۔ آیت کریمہ : سلام علی موسیٰ و ھارون

اسمائے حسنیٰ

حسب ذیل ہیں، موکل اعداد عنصر اور کیفیت بغرض سہولت ناظرین لکھ دی گئی ہے۔

اسم مبارک	اسم مبارک کے معنی	اعداد	موکل	عنصر	جمالی یا جلالی یا مشترک
اَلْمَلِکُ	بادشاہ مطلق	۹۰	ہمروائیل ادیائیل	خاکی	مشترک
اَلْقُدُّوْسُ	پاک بادشاہ	۱۷۰	ہمرائیل عطرائیل	آبی	جمالی
اَلسَّلَامُ	سالم و بے عیب	۱۳۱	اولمائیل ہمواکیل	بادی	جمالی
اَلْمُؤْمِنُ	بےخوف کرنے والا	۱۳۶	ادیائیل جولائیل	آتشی	جمالی
اَلْمُهَيْمِنُ	سچا گواہ	۱۴۵	کلکائیل سرکیطائیل	آتشی	جمالی
اَلْعَزِيْزُ	غالب	۹۵	لومائیل عزرائیل	آتشی	جمالی
اَلْجَبَّارُ	جبر کرنے والا	۲۰۶	کلکائیل سرکیطائیل	آتشی	جلالی
اَلْمُتَكَبِّرُ	صاحب غرور	۶۶۲	ادیائیل اہرائیل	خاکی	جلالی
اَلْخَالِقُ	پیدا کرنے والا	۷۳۱	میکائیل نورائیل	خاکی	جلالی
اَلْبَارِئُ	پیدا کرنے والا	۲۱۳	جبرائیل اہرائیل	آتشی	مشترک
اَلْمُصَوِّرُ	نقش کرنیوالا صورتوں کا	۳۳۶	اجائیل سرحاکیل	آتشی	جمالی
اَلْغَفَّارُ	بخشنے والا گناہوں کا	۱۴۸۱	نوخائیل احمائیل	آتشی	جمالی
اَلْقَهَّارُ	قہر کرنے والا	۳۰۶	وردائیل عطرائیل	خاکی	جلالی
اَلْوَهَّابُ	بخشنے والا نعمت کا	۱۴	افتنحتائیل جبرائیل	خاکی	جمالی
اَلرَّزَّاقُ	روزی دینے والا	۳۰۸	اسرافیل حرفائیل	آتشی	جمالی
اَلْفَتَّاحُ	کھولنے والا	۴۸۹	سرفائیل تنکفیل	آتشی	جمالی
اَلْعَلِيْمُ	جاننے والا	۱۵۰	لوکائیل عطکائیل	خاکی	جمالی
اَلْقَابِضُ	قبض کرنے والا	۹۰۳	عطرائیل ردیائیل	بادی	جلالی
اَلْبَاسِطُ	کشادہ کرنے والا	۷۲	جبرائیل اسمائیل	بادی	جلالی

اسم مبارک	اسم مبارک کے معنی	اعداد	موکل	عنصر	جمالی یا جلالی یا مشترک
اَلرَّافِعُ	بلند کرنے والا	۳۴۸	سرحائیل لوبائیل	بادی	جمالی
اَلْخَافِضُ	پست کرنے والا	۱۴۸۱	میکائیل عطکائیل	آتشی	جلالی
اَلْمُعِزُّ	عزت دینے والا	۱۱۷	ادمائیل لومائیل	خاکی	جمالی
اَلْمُذِلُّ	خوار کرنے والا	۱۸۰	ہمزائیل اسراطکیل	آتشی	جمالی
اَلْبَصِيْرُ	دیکھنے والا	۳۰۱	جبرائیل اسرائیل	خاکی	جمالی
اَلْحَكَمُ	حکمت والا	۷۰	تنکفیل ادیائیل	خاکی	جلالی
اَلْعَدْلُ	عدل کرنے والا	۱۰۴	طاطائیل ادمائیل	آتشی	جمالی
اَللَّطِيْفُ	مہربان پاکیزہ	۱۲۹	اسمائیل ادمائیل	آتشی	جمالی
اَلْخَبِيْرُ	واقف	۸۱۲	میکائیل لومائیل	آتشی	جمالی
اَلرَّقِيْبُ	نگہبان	۳۱۲	عطرائیل سراکیطائیل	آتشی	جمالی
اَلْمُجِيْبُ	دعا قبول کرنیوالا	۵۵	کلکائیل جبرائیل	بادی	جمالی
اَلْوَاسِعُ	فراخی دینے والا	۱۳۷	اخمائیل لومائیل	آتشی	جمالی
اَلْحَكِيْمُ	حکمت والا	۸۸	تنکفیل فرمائیل	خاکی	جمالی
اَلْوَدُوْدُ	نیکوں کا دوست	۲۰	اخمائیل وردائیل	آتشی	جمالی
اَلْمُعَظَّمُ	بزرگ و برتر	۱۰۵۰	لونائیل اسمائیل	آتشی	جمالی
اَلْغَفُوْرُ	گناہ بخشنے والا	۱۲۸۶	لومائیل اخمائیل	خاکی	جمالی
اَلشَّكُوْرُ	شکر قبول کرنے والا	۵۲۶	ہمزائیل ہزدائیل	خاکی	جمالی
اَلْعَلِيُّ	سب سے اعلیٰ	۱۱۰	لومائیل سرکیطائیل	خاکی	جمالی
اَلْكَبِيْرُ	سب سے زیادہ بڑا	۲۳۲	سرحاکیل رودزائیل	آتشی	جمالی
اَلْحَفِيْظُ	نگہبانی کرنیوالا	۹۹۸	سرحائیل رودزائیل	خاکی	جمالی
اَلْمُقِيْتُ	قوت دینے والا	۵۵۰	ادمائیل عطرائیل	آتشی	جمالی
اَلْحَسِيْبُ	حساب لینے والا	۸۰	حمزائیل سرکیطائیل	آتشی	مشترک

سربستہ راز بے نقاب ہوگئے

رحیم الجفر

حصص کا مُطالعہ آپکی کامیابی ہوگی

حضرت منجم اعظم قبلہ کی شہرۂ آفاق تصانیف آپکی بہتر راہبری کریں گی انشاءاللہ آپکا شوق اور ذوق پورا ہوگا۔ علم جفر سیکھنے کیلئے نایاب تحفے ہیں۔

مصنّف کا دعویٰ ہے

جہاں آپ کو دِقّت یا مشکل ہوگی۔ ہر ممکن امداد کی جائے گی

یہ پاکیزہ علم آپ کی ہر مقام اور زندگی کے ہر شعبے میں راہبری اور راہنمائی کرے گا۔

قیمت فی حِصّہ :-

اِدارۂ رُوحانیاتِ رحیمیہ

مکان نمبر ۱۸۷۵/ الیف شاھدرہ بھاولپور

اسم مبارک	اسم مبارک کے معنی	اعداد	موکل	عنصر	جمالی یا جلالی یا مشترک
اَلْجَلِیْلُ	بہت بزرگ	۷۳	کاکائیل جبرائیل	آتشی	جمالی
اَلْکَرِیْمُ	بزرگی دینے والا	۲۷۰	نوریائیل اہرائیل	خاکی	جمالی
اَلْمَجِیْدُ	سب سے زیادہ بزرگ	۵۷	روناتیل کاکائیل	آتشی	جمالی
اَلْبَاعِثُ	پیغمبر بھیجنے والا	۵۷۳	جبرائیل میکائیل	آتشی	مشترک
اَلشَّهِیْدُ	گواہ	۳۱۹	عطرائیل تنکفائیل	بادی	مشترک
اَلْحَقُّ	سچا	۸	"	آتشی	مشترک
اَلْقَوِیُّ	طاقت ور	۱۱۶	"	آتشی	جلالی
اَلْوَکِیْلُ	کارساز	۶۶	خرورائیل طاطائیل	خاکی	جمالی
اَلْمَتِیْنُ	مضبوط	۵۰۰	عزرائیل حولائیل	آتشی	جلالی
اَلْوَلِیُّ	دوست	۴۶	افتی تیل سرکیطائیل	خاکی	جمالی
اَلْحَمِیْدُ	پاک صفات	۶۲	تنکفیل میکائیل	خاکی	"
اَلْمُحْصِیْ	شمار کنندہ	۱۴۸	احمائیل سرکیطائیل	آتشی	"
اَلْمُبْدِیُٔ	پیدا کرنیوالا	۵۶	جبرائیل دردائیل	"	جلالی
اَلْمُعِیْدُ	دوبارہ پیدا کرنیوالا	۱۲۴	رویائیل سرکیطائیل	"	"
اَلْمُحْیِیْ	زندہ کرنے والا	۶۸	ہمرائیل تنکفیل	"	جمالی
اَلْمُمِیْتُ	مردہ کرنے والا	۴۹۰	رویائیل عزرائیل	"	جلالی
اَلْحَیُّ	ہمیشہ زندہ رہنے والا	۱۸	عطرائیل اخمائیل	"	"
اَلْقَیُّوْمُ	ہمیشہ قائم رہنے والا	۱۵۶	"	"	"
اَلْوَاجِدُ	حاصل کر لینے والا	۱۴	کلکائیل دردائیل	خاکی	جمالی
اَلْمَاجِدُ	بزرگی بخشنے والا	۴۸	ادیائیل دردائیل	خاکی	جمالی
اَلْوَاحِدُ	تنہا۔ اکیلا	۱۹	افمائیل دردائیل	بادی	مشترک
اَلْاَحَدُ	خدائی میں اکیلا	۱۳	تنکفیل دردائیل	آتشی	جمالی

اسم مبارک	اسم مبارک کے معنی	اعداد	موکل	عنصر	جلالی یا جمالی یا مشترک
اَلصَّمَدُ	بے پرواہ	۱۳۴	امائیل ادیائیل	خاکی	جمالی
اَلْقَادِرُ	زبردست قدرت والا	۳۰۵	عطرائیل اہراطیل	آتشی	جلالی
اَلْمُقْتَدِرُ	طاقت ور	۷۴۴	ادیائیل عطرائیل	آتشی	جلالی
اَلْمُقَدِّمُ	ہمیشہ سے ابتدا سے	۱۸۴	عزرائیل دردائیل	آتشی	مشترک
اَلْمُؤَخِّرُ	ہمیشہ ہمیشہ تک رہنے والا	۸۴۶	افتمائیل میکائیل	خاکی	مشترک
اَلْاَوَّلُ	شروع سے	۳۷	طاطائیل افتمائیل	آتشی	مشترک
اَلْآخِرُ	ہمیشہ آخر تک	۸۰۱	مہکائیل اہراطیل	آتشی	مشترک
اَلظَّاهِرُ	صاف ظاہر	۱۱۰۶	جبرائیل اسمعیل	خاکی	مشترک
اَلْبَاطِنُ	پوشیدہ	۶۲	وردائیل ادرائیل	خاکی	مشترک
اَلْوَالِیُ	زبردست حاکم	۴۷	رفتمائیل سرکیطائیل	بادی	مشترک
اَلْمُتَعَالِیُ	بزرگ و اعلیٰ	۵۵۱	طاطائیل عزرائیل	بادی	بادی
اَلْبَرُّ	نیک	۲۰۲	جبرائیل ہمرائیل	خاکی	جمالی
اَلتَّوَّابُ	توبہ قبول کرنیوالا	۴۰۹	عزرائیل حولائیل	آتشی	جمالی
اَلْمُغْنِیُ	بے پرواہ کرنیوالا	۱۰۶۰	روطائیل حولائیل	خاکی	جمالی
اَلْمُنْعِمُ	نعمت بخشنے والا دولتمند	۱۷۰	لائیل روطائیل	خاکی	جمالی
اَلْمُنْتَقِمُ	انتقام لینے والا	۱۷۰	لائیل ادیائیل	خاکی	جمالی
اَلْعَفُوُّ	گناہ معاف کرنیوالا	۱۵۶	یائیل سرحائیل	خاکی	جمالی
اَلرَّؤُفُ	معاف کرنیوالا مہربان	۲۸۰	اطیل سرحائیل	خاکی	جمالی
مَالِكُ الْمُلْكِ	مالک ملک کا	۲۱۲	ادیائیل خردرائیل	آتشی	جلالی
ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ	صاحب بزرگی اور جلال کا	۱۰۱۰	خردرائیل طاطائیل	آتشی	جلالی
اَلرَّبُّ	پالنے والا	۲۰۲	اہراطیل جبرائیل	خاکی	جمالی
اَلْجَامِعُ	جمع کرنیوالا	۱۱۴	کلکائیل لوعائیل	خاکی	مشترک

اسم مبارک	اسم مبارک کے معنی	اعداد	موکل	عنصر	جلالی یا جمالی یا مشترک
اَلْمُقْسِطُ	انصاف کرنے والا	٢٠٩	عطرائیل اسماعیل	آتشی	جلالی
اَلْغَنِیُّ	بے پرواہ	١١٠٠	دردائیل نومائیل	آتشی	جمالی
اَلْمُعْطِیُ	عطا کرنے والا	١٢٩	لوائیل اسماعیل	آبی	جمالی
اَلْمَانِعُ	باز رکھنے والا	١٦١	رومائیل لومائیل	آبی	جلالی
اَلضَّارُّ	نقصان پہنچانیوالا	١٠٠١	اجائیل اہراطیل	آبی	جمالی
اَلنَّافِعُ	نفع دینے والا	٢٠١	مولائیل سرحمائیل	آبی	جمالی
اَلنُّوْرُ	روشن کرنے والا	٢٥٦	افتحائیل اہرائیل	آبی	مشترک
اَلْهَادِیُّ	ہدایت دینے والا	٢٠	دردائیل سرکیطائل	آبی	جمالی
اَلْبَدِیْعُ	نیا پیدا کرنے والا	٨٦	جرائیل لومائیل	خاکی	مشترک
اَلْبَاقِیُ	باقی رہنے والا	١١٣	عطرائیل لویائیل	آبی	جمالی
اَلْوَارِثُ	وارث	٧٠٧	افتمائیل میکائیل	آبی	جلالی
اَلرَّشِیْدُ	درست اور صحیح اندازہ کرنیوالا	٥١٤	ہمرائیل دردائیل	خاکی	مشترک
اَلصَّبُوْرُ	جلدی عذاب نہ دینے والا	٢٩٨	ہجال اہرائیل	بادی	جمالی
اَلسَّتَّارُ	پردہ پوش	٦٦٢	جرائیل میکائیل	خاکی	جمالی

نوٹ:

اسمائے جمالی بلندی مراتب کشائش رزق، فتح مندی، تسخیر اور محبت و دوستی کے لئے کارآمد ہوتے ہیں۔ اسمائے جلالی بغض و عداوت مقہوری اعداء وغیرہ کے لئے کارآمد ہوتے ہیں۔
مشترک اسمائے حسنیٰ ایسے ہیں جو جمالی اور جلالی دونوں جگہ کام دیتے ہیں۔ بلندی مراتب شفائے مریض
وغیرہ کے کام میں خاص اثر رکھتے ہیں۔

پرہیز جلالی } ہر قسم کا گوشت، انڈا، شہد، مچھلی، مشک یا چمڑے کے ڈول کا پانی یا
کسی اور طرح چمڑے کی ہر چیز کا استعمال مثلاً جوتی وغیرہ

حروف تہجی اور اسمائے الٰہی مع اعداد

[illegible]

ا

اسماء	اعداد
اللہ	۶۶
اول	۳۷
آخر	۸۰۱
احد	۱۳
الہ	۳۶
ابد	۷
اولیٰ	۴۷
اجمل	۹۱
اعلیٰ	۱۱۱
آعز	۷۸
آقرب	۳۰۳
افضل	۹۱۱
اکرام	۲۶۲
اکبر	۹۲
امان	۲۲۰
اللہ الصمد	۲۰۰
احکم الحاکمین	۲۲۸
الرحم الرحمن	۵۸۹
اکرم الاکرمین	۶۱۳
الہ واحد	۵۵
احسن	۱۱۹

ب

باسط	۷۲
باطن	۶۲
باری	۲۱۳
باعث	۵۷۳
باقی	۱۱۳
بصیر	۳۰۲
بدوح	۲۰
بار	۲۰۳
بر	۲۰۲
برھان	۲۵۰
بدیع	۸۶
باصر	۲۹۳

ت

تواب	۴۰۹
تام	۴۴۱
تنور	۶۵۶
تبارک اللہ	۶۸۴

ث

ثابت	۹۰۳
ثواب	۵۰۹

ج

جبار	۲۰۶
جلیل	۷۳
جلال	۶۴
جواد	۱۴
جمیل	۸۳
جامع	۱۱۴
جابر	۲۰۶

ح

حی	۱۸
حادی	۲۳
حبیب	۸۰
حفیظ	۹۹۸
حافظ	۹۸۹
حی لایموت	۵۲۴
حمعسق	۲۷۸
حمید	۱۱۹
حسن	۱۱۸
حنان	۱۰۹
حق	۱۰۸
حلیم	۸۸
حکیم	۷۸
حکم	۶۸

شارق	۶۰۱
شافع	۴۵۱
شفیق	۴۹۰
شفیع	۴۶۰
شاکر	۵۲۱
شکور	۵۲۶
شارح	۵۰۹
شارع	۵۹۱

ص

صادق	۱۹۵
صانع	۲۱۱
صدیق	۲۰۴
صابر	۲۹۳
صبور	۲۹۸
صواب	۹۹
صاحب	۱۰۱
صالح	۱۰۱
صمد	۱۳۴
صدق	۱۹۴
صریح	۳۰۸

ض

ضار	۱۰۰۱
ضامن	۸۹۱
ضارب	۱۰۰۳

ط

طہر	۲۱۴
طاہر	۲۱۵
طارق	۳۱۰
طٰہٰ	۱۴
طیب	۲۱
طالب	۴۲
طس	۶۹
طسم	۱۰۹
طاق	۱۱۰

ظ

ظہور	۱۱۱۱
ظاہر	۱۱۰۶
ظہیر	۱۱۱۰

ع

عزیز	۹۴
عادل	۱۰۵
علو	۱۰۶
علیم	۱۵۰
عاجل	۱۰۴
عاطف	۱۶۰
عطوف	۱۶۵
علام الغیوب	۱۱۵۹
عجیب	۸۵
عدل	۱۰۴
علی	۱۱۰
عالم	۱۴۱
عفو	۱۵۶
عزوجل	۱۱۶
عافی	۱۴۱
عارف	۳۵۱
علیم	۱۳۰

غ

غنی	۱۰۶۰
غیور	۱۲۱۶
غفیر	۱۲۹۰
غیاث	۱۵۱۱
غافر	۱۲۸۱
غائب	۱۰۳۳
غافی	۱۰۹۱
غفار	۱۲۸۱
غوث	۱۵۰۶
غفور	۱۲۸۶

ف

فاعل	۱۸۱
فاطر	۲۹۰
فتاح	۴۸۹
فاضل	۹۱۱
فائق	۱۸۲
فرق	۳۸۰

مبدع	۱۱۶
مومن	۱۳۶
مہیمن	۱۴۵
ن	
ناھی	۶۶
تانی	۱۳۹
نفی	۱۶۰
ناقد	۱۵۵
نقیم	۶۰۰
نصیر	۳۵۰
ناسخ	۷۱۱
نافذ	۸۳۱
نور	۲۵۶
نافع	۲۰۱
ندید	۹۶۰
ناصب	۱۴۳
و	
واجد	۱۴
ودود	۲۰
وحید	۲۸
والی	۴۷
	۹۷
واسع	۱۳۷
وارث	۷۰۷

واجب	۴
وھاب	۴
واحد	۱۹
ولی	۴۶
وکیل ۶۶	والی
واصل	۱۴۸
واصف	۱۷۷
واحد الاحد	۳۶۸
ھ	
ھادی	۲۰
ھوالباطن	۱۰۴
ھواللہ	۹۰
ھوالرحمن	۳۰۹
ھوالشافی ھوالعلی العظیم	۳۳۳، ۳۰۳
ھو	۱۱
ھوالاول	۷۹
ھوالکافی	۱۰۳
احد	۹۰
ھوالرحمن	۳۶۹

۴۶۰

ی	
یٰس	۲۱
یطہر	۵۵
یطہر	۵۵
یبادی	۲۰
یعلہ	۴۰
یٰس	۷۰
یقم	۳۵۰
یعط	۵۸۲

اگر حرف اول موافق نہ ہو تو حرف آخر کو ملائے۔ جس کام کے لئے اخراج کرے اس کے موافق اسم باری تعالیٰ سے ہیں۔

درسگاہ رحیمیہ کا ضیا افروز صحیفہ

فلکیاتی مطبوعات میں قابل قدر اضافہ

رحیم الرمل

کے حصص

حضرت آدمؑ کا معجزہ حضرت دانیال علیہ السلام کا اعجاز ہے ۔ نقطوں اور لکیروں
کے اس بے پایاں علم میں ماضی حال اور مستقبل کے جو حادثات اور واقعات پوشید
ہیں انہیں مکمل شرح و بسط کے ساتھ جناب قبلہ حضرت ڈاکٹر عبدالرحیم
نے سوال جواب اور عملی امثال سے اس علم کو اتنا سہل اور آسان بنا دیا ہے کہ
معمولی لکھا پڑھا بھی اس علم سے سائلوں کے جواب نہایت آسانی کے ساتھ
دے سکتا ہے اس کے اصول و قواعد اتنے آسان بنا دیئے ہیں کہ اس کے سمجھنے میں کوئی دقت
یا مشکل نہیں رہی سوال و جواب کی صورت میں پیش کیا گیا ہے ۔ جو علم کے مستقبل کا ذریعہ ہے اس کے مصنف نے دعویٰ
کیا ہے تمام حصے خرید کرنے والے حضرات اس علم پر عبور کرنے میں جہاں پیری و پیری کی ضرورت ہو میں بھی تیار ہوں
علم الرمل کو سینہ بہ سینہ چلانے والوں کیلئے کھلا چیلنج ہے

تشنگان علم الفلکیات کے لئے ایک نایاب تحفہ ہے

چند جفری راز

تمام ۲۸ حروف اربعہ عناصر پر تقسیم ہیں اور وہ حروف اس عنصر کی خاصیت رکھتے ہیں حروف آتشی یہ ہیں ا ہ ط م ف ش ذ حروف بادی = ب و ی ن ص ت ض حروف آبی = ج ز ک س ق ث ظ حروف خاکی = د ح ل ع ر خ غ۔

قاعدہ۔ جن اسموں میں جس عنصر کے حروف غالب یعنی زیادہ ہوں گے ان میں اسی عنصر کا اثر غالب ہو گا اور جن میں مساوی ہونگے۔ ان کی طبیعت میں اعتدال رہے گا مثلاً کسی جگہ بذریعہ آتشزدگی یعنی قہر اور فتنہ و فساد زیادہ کرنا ہو تو حروف آتشی کو جفری قانون کے مطابق عمل کر کے برباد کیا جا سکتا اگر کسی جگہ کو برباد یا نیست و نابود کرنا ہو تو حروف بادی کو اگر کسی جگہ پانی جمع کرنا ہو یا بارش کی آمد کی ضرورت ہو تو حروف آبی اور زراعت آبی اور زراعت باغ و باغیچہ اور عمارات اور جوہر زمین میں پنہاں ہو اس کے متعلق حروف خاکی کو غالب کر کے استخراج کرنا چاہیے میں نے حروف کے اسرار پر ایک بہت اچھی کتاب لکھی رحیم الجفر حصہ سوئم اور رحیم العملیات سوئم آپ کو حروف کے اعجاز کا مکمل علم ہو جائیگا۔

اب میں آپ کو عمل کرنے میں جو دقت اور مشکلات آتے ہیں ان کی تشریح کرتا ہوں۔

حروف نورانی جو امور سعادت اور بزرگی اور بلندی مرتبہ پر دلعزیزی کی خاصیت اور دفعہ تنگ دستی اور کشائش کا دوبار کا جوہر رکھتے ہیں وہ حروف یہ ہیں ا ل ر ک ھ ی ع ص ط س ح م ق ن حروف ظلمانی = یہ حروف تفرقہ بلا کی دشمنی اور پیدا کرنے عداوت و بغض اور آوارہ کرنے دشمن کے کام آتے ہیں وہ یہ ہیں ب ج د ف ت ث ز خ ض ظ غ ذ ش

حکم اکسیر کا رکھتے ہیں وہ یہ ہے اب ت ث
حروف شفاء = جو امراض کا خاتمہ کرنے کے لئے

ط ظ ف ک ل ھ ی
بستہ کرنے کا دوبار کے ان حروف سے
حروف صوامتہ = یہ حروف زبان بندی خواب بندی ۔
ک ل م دھ یہ ۱۴ حروف صامتہ ہیں ۔
کام لیا جاتا ہے ۔ اح د ر س ص ط ح
ط ظ ع غ ۱۳ حروف ہیں یہ حروف کسی
حروف لڑکے محبت = ج ح خ د ذ ر ز س ش ص ض
کے دل میں محبت اور الفت پیدا کرنے کے لئے بہت اثر رکھتے ہیں ۔
ان حروف میں عجیب و غریب
حروف برائے دفعیہ علت = اب ت ث ط ظ ف ک ل ی ۔
تاثیر بتلائی ہے جو شخص جسمانی مرض میں مبتلا ہو خدا کے فضل سے عمل کے ذریعہ دور کیا جا
سکتا ہے ۔ اس کا پورا عمل رحم العملیات حصہ سوئم میں موجود ہے اب میں عمل میں
استعمال ہونے والے قانون کی تشریح کرتا ہے ۔
تخلیص = یعنی عبادت میں مکرر حرفوں کو کاٹ دینا محمد عدنان ۔

م ح م د ع د ن ا ن

م ح د ع ن ا یہ تخلیص بن گئی

زبر بینات = ہر حرف کا پہلا حرف زبر اور باقی بینات کہلاتے ہیں مثلاً جسم میں ج زبر
اور سم بینات ہیں ۔

امتزاج دنیات = یعنی ایک حرف طالب کا لینا ہے اور ایک حرف مطلوب کا لینا ہے جیسے
طالب محمد اور مطلوب علی ہے سب سے پہلے بسط کیا یعنی علیحدہ علیحدہ حرف لکھے م ح م د ع
ل ی

م ع ح ل م ی د امتزاج ہو گیا ہے یہ اہم عمل ہے آگے جا کے مثالوں سے واضح کروں گا ۔
استنطاق = لمبائی کے رخ میں اعداد کو جوڑنا ۔ مثلاً ۳۶۵ = ۵+۶+۳ = ۱۴ ہوا ۔

کبیر وبسیط = صغیر = مثلاً کسی اسم کے اعداد نکالیں گے تو وہ کبیر کہلائیں گے مثلاً عبدالرحیم = اعداد = ۳۶۵ ۳۶۵ کبیر کی اکائی دہائی کی جمع کر دیں - ۳۶۵ = ۱۴ بسیط نکلا اور پھر دہائی کو سیکٹر جمع کیا ۱۴ تو جفر بن گیا ۱+۴ = ۵ صغیر ہوا -

بسط ملفوظی = اکرم کا بسط ملفوظی یہ ہوا الف کاف - را - میم

ترفع عددی = حروف کو مراتب اعداد بڑھانا یعنی جو حرف اکائی کے ہیں آپ کو دہائی سے دہائی کو سینکڑہ اور سینکڑہ کو ہزار سے بدل دیناب کو ک اور ک کو ر سے بدل دینا ترفع عددی ہے -

ترفع طبعی = یہ قانون بہت استعمال ہوتا ہے حرف آتش کو باد سے اور باد کو آب سے اور آب کو خاک سے اور خاک کو آتش سے بدل دینا کا نام ترفع طبعی ہے بسط عزیزی اس ابجد کا نام ہے -

حروف ملفوظی = الف - جیم - دال - کاف لام وغیرہ وغیرہ

تکسیر کا قانون

جس عبارت یا آیت یا اسم کی تکسیر کرنی ہو تو سب سے پہلے اسے علیحدہ علیحدہ حرفوں میں لکھیں - یعنی ایک سطر بن جائے - اب اس کے نیچے دوسری سطر اس طرح بنائیں - ایک حرف دائیں سے لیں اور دوسرا حرف بائیں سے لیتے جائیں جب سطر ختم ہو جائے اس طرح بائیں اور دائیں سے حرف لیتے رہیں جبکہ اول سطر اخیر میں نہ آجائے آپ نے عمل جاری رکھیں - ابجد کی تکسیر صدر موخر کریں -

سطر اول = اب ج د سطر اول یہ طریقہ ہے تکسیر صدر موخر کرنے کا

۲, د اج ب

۳, ب دج ا زمام سوا میزان ہے

۴, اب ج د

باقی ہدایت عمل میں جس طرح کی ہو اس پر عمل کرنا چاہیے عملیات میں یہ قانون بہت

مستعمل ہوتا ہے۔ اس کی آپ کو بہت مشق کرنی چاہیے۔ نظرات سیارگان یہ تو

عمل کی جان ہیں

جاننا چاہیے کہ ساتوں سیارگان اپنے اپنے فلک پر بارہ برجوں میں مختلف طور پر روز مرہ سیر کرتے ہیں اور باہم ایک دوسرے کے آپس میں ناظر ہوتے ہیں جن کی نظرات سعد نحس عمل الطلسمات اور استخراج عزیمات اور واسطے خیر و شر کے دیکھی جاتی ہیں نظرات کا ایک دوسرے کے باہم فاصلہ سے پیدا ہوتی ہیں اور یہ نظرات ۶ اقسام کی ہوتی ہیں یعنی اول قرآن ۲ مقارنہ نمبر ۳ تثلیث۔ نمبر ۴ تربیع نمبر ۵ تسدیس نمبر ۶ مقابلہ۔ پس تمام فلک ابروج کے ۳۶۰ درجہ میں جب دو سیارے ایک برج میں درجہ اور ایک دقیقہ پر جمع ہوں تو اس کو قران کہتے ہیں نیک سیارگان کے ساتھ نیک قران ہوتا ہے۔ نحس سیارگان کے ساتھ نحس ہوتا ہے میں نے اس کی تفصیل رحیم النجوم حصہ اول دوئم سوئم۔ مقام النجوم اثرات النجوم۔ رحیم الطالع اجتماع سیارگاں میں مفصل لکھ دیا ہے اب آپ ۳۶۰ نصف کریں تو ۱۸۰ درجہ ہوئے۔ اس لئے اگر ایک سیارہ برج حمل کے پہلے درجہ پر اور دوسرا برج سنبلہ کے آخر درجہ پر ہو تو دونوں میں باہم نظر مقابلہ ہوگی اور پھر درجات مذکور کے ۳ حصے کئے تو ۱۲۰ ہوئے اس لئے اگر ایک سیارہ برج حمل کے درجہ اول پر اور دوسرا سیارہ برج سرطان کے آخر درجہ پر ہو تو سیارہ برج حمل میں ہے اس کی نظر اس پر تثلیث ہوگی پھر درجات مذکور کے ۴ حصے کئے تو چہارم حصہ میں ۹۰ ہوئے پس ایک سیارہ برج حمل کے اول درجہ پر ہو۔ اور دوسرا برج جوزا کے آخر درجہ پر ہو۔ تو جو برج حمل میں ہے۔ اس کی نظر اس پر تربیع ہوگی اور پھر درجات مذکور کے ۶ حصے کئے تو فی حصہ ۶۰ کا ہوا اس کے ایک سیارہ برج

حمل کے پہلے درجہ اور دوسرا سیارہ برج ثور کے آخری درجہ پر واقع ہو جو سیارہ برج حمل میں ہے اس کی نظر اس پر تسدیس ہو گی۔ اگر دو سیارے ایک برج میں متصل واقع ہوں تو اس کو نظر مقارنہ کہتے ہیں پس اس طرح سیارگان کے فاصلہ سے نظرات دیکھی جاتی ہیں۔ ایک برج میں ایک درجہ اور ایک دقیقہ پر جمع ہونے کا نام قران ہے اور متصل ہونے کا نام مقارنہ اور ۱۲۰ درجہ کے باہم فاصلہ کا نام نظر تثلیث اور ۹۰ درجہ کے فاصلہ کا نام نظر تربیع ہو اور ۶۰ درجہ کے فاصلہ کا نام تسدیس اور ۱۸۰ درجہ کے باہم تفاوت کا نام نظر مقابلہ ہے فائدہ۔ جو سیارہ شمس سے قران کرتا ہے اس کو تحت اشعاع یا احتراق کہتے ہیں اس سیارے کی طاقت بالکل زائل ہو جاتی ہے۔ اور قران سعدین سے سعادت اور نحس سے نحوست کا اثر ہوتا ہے اسے برائے محبت الفت کے نظرات تثلیث پر اور تسدیس سے کچھ توقف سے پورا ہو گا۔ اور برائے ہلاکت دشمن نظر مقابلہ اور واسطے بربادی و تباہی اور مغلوبی حاسداں نظرات تربیع میں عمل اور طلسم بنانا چاہیے تاکہ جلد اثر ہو۔ اور مراد دلی برائے۔ مگر خیال ہے کہ نظرات زہرہ و مشتری کی باہم نظر تثلیث پر عمل محبت یعنی اگر زہرہ مشتری کو بنظر محبت دیکھتی ہے تو واسطے تسخیر خواتین و حسین عورتوں کے اور اگر مشتری زہر کو بنظر تثلیث دیکھتی ہے تو عورتیں واسطے تسخیر کسی مرد کے عمل کریں تو جلد موثر ہو گا۔ اس طرح واسطے قتل اور ہلاکی دشمن کے مریخ و زحل کی نظرات مقابلہ کا لحاظ رکھنا چاہیے۔ نظرات سیارگان و رائج الوقت تقویموں اور جنتریوں سے آسانی سے معلوم ہو سکتی ہیں اس بارے میں رحیم الجنتری آپ کی صحیح راہنمائی کر سکتی ہے۔ عملیات اور طلسمات کے شائقینوں کو بروقت عمل ان کا لحاظ رکھنا چاہیے تاکہ عمل موثر ہو اور محنت رائیگاں نہ ہو۔

نقشہ خاصیت قرانہائے سیارگان

جو سیارہ شمس سے قران کرتا ہے اس کی طاقت زائل ہو جاتی ہے۔ گویا وہ بصورت مردہ ہوتا ہے پس اس وقت عمل برائے مغلوبی اور خرابی عدو یا اس کے منسوبات کے تنزل کا عمل درست ہوتا ہے جو زیر شعاع آفتاب اپنی اصلی حالت کو کھو چکا ہے۔ مثلاً آفتاب و قمر کے قران میں طلسم برائے تباہی اور خرابی امراء و وزراء عطارد میں اہل قلم اور زہرہ میں خواتین اور مریخ میں کسی جابر و ظالم اور مشتری میں اہل علم و سعادات زحل میں خرابی املاک کے عمل کرئے مفید ہوتے ہیں۔

نقشہ نتیجہ قران سیارگان

	نتیجہ
قمر با مریخ	عمل واسطے فتح و نصرت برائے اعداد و مغلوبی حاسداں اور ملاقات امراء کرنا چاہیئے
قمر با عطارد	عمل برائے ملاقات اہل قلم و وزراء اور اہل صنعت و حرفت کرنا چاہیے۔
قمر با زہرہ	برائے محبت و طلب معشوق اور شادی کرنے کے خوب ہے
قمر با مشتری	برائے ترقی علم و حصول زر و مال و ترقی تجارت کے عمل کرنے چاہئیں نہایت کامیاب رہتے ہیں۔
قمر با زحل	برائے تباہی و خرابی دشمن اور سرگردان کرنے اور اذیت پہنچانے کا عمل درست ہو اور واسطے آبادی از کثرت زراعت بھی اچھا ہے۔
مریخ با عطارد	برائے دشمنی اور خرابی کرنے کسی عمارت اور اہل قلم کے بڑا موثر وقت ہے

مریخ با زہرہ واسطے تسلط اور غالب آنے مستورات اور اہل نشاط کے درست ہے

مریخ با مشتری برائے تسخیر لشکریاں اور طاقت پہنچانے اہل جنگ اور فتح پانے لڑائی میں عمل کرنا بہت عہدہ وقت ہے۔

عطارد با زحل واسطے اتصال اور محبت اور حصول علم موسیقی کے اعلیٰ وقت ہے

عطارد یا مشتری برائے محبت مردان اور تسخیر کرنے عاملان اور حصول علم و ترقی عقل موثر وقت ہے۔

عطارد یا زحل ترقی زراعت اور زیادتی میوہ جات اور پوشیدہ کرنے کسی چیز کے عمل کیا جاتا ہے۔

زہرہ با مشتری برائے محبت اور الفت و مطیع کرنے کے لئے بہتر وقت ہے

زہرہ با زحل واسطے نحوست اور پریشانی مستورات کے لئے موثر وقت ہے۔

مشتری با زحل اہل علم کی عقل زائل کرنے اور ان میں دشمنی پیدا کرنے کے لئے مفید وقت ہے

رجعت و استقامت سیارگان کا نتیجہ

چونکہ اول سیارگان کے بیان میں رجعت واستقامت کا ذکر کر دیا گیا ہے کہ پانچ سیارے کبھی سیدھے اور کبھی الٹے چلتے ہیں۔ ذیل میں ان کا نتیجہ درج کیا جاتا ہے۔

نام سیارہ	نتیجہ بحالت استقامت	نتیجہ بحالت رجعت
زحل =	واسطے بغض اور خرابی دشمن	دو محبتوں کے درمیان جدائی و فرقت
مشتری =	واسطے قائم رکھنے کے عمارت اور ملک و املاک	برباد تباہ کرنے موضع و شہر آبادی

مریخ = قوت اور بہادری پیدا کرنے اہل فوج و لشکر خراب کرنے
اہل لشکر اور منتشر کرنے فوج کے اور پیدا کرنے جنگ جدل کے

زہرہ = واسطے محبت اور دوستی عورتوں کے بانجھ اور عقیمہ کرنے
اور اسقاط حمل کے لئے

عطارد = واسطے بزرگی اور حصول علم کے کسی شخص کو مرتبہ
سے گرانے اور ذلیل کرنے کے لئے

نوٹ: استقامت یا مستقیم کے معنے ہیں سیدھا اور رجعت کے معنے میں الٹا چلنا بس پانچ سیارے مذکورہ بالا اپنے اپنے محور پر کبھی سیدھے اور کبھی الٹے چلتے ہیں۔

نقشہ نتیجہ باہم نظرات سیارگان

نام سیارہ	تثلیث یعنی محبت	مقابلہ یعنی دشمنی
شمس و قمر	محبت درمیان سلاطین اور تسخیر امراء	فتنہ و فساد درمیان سلاطین کے
شمس و مریخ	مسخر کرنے اہل فوج اور تسخیر سلاطین کے خوب ہے	جنگ و جدل اور منتشر کرنے مخالفین
شمس و عطارد	بزرگی اور مرتبہ اور جاہ و حشمت کے لئے	کسی شخص کو مایوس المر اور ذلیل کرے
شمس و مشتری	ترقی دولت اور نام آوری نزدیک امراء	کسی عمارت اور آباد جگہ کو ویران کرنے میں
شمس و زحل	واسطے ترقی دولت اور کشائش روزگار	نافرمانبردار کرنے عورتوں کو خاوندوں سے

شمس و زحل　　برائے حصول مدعا اور طلب حاجات　　دو محبتوں کے درمیان
عداوت اور جدائی کے لئے

قمر و مریخ　　برائے دفعیہ حاسدان و خواب بندی　　دشمنی اور زہر دور کرنے
حشرات الارض کے

قمر و عطارد　　برائے تسخیر و محبت اور وصل معشوق کے　　دوستوں میں جدائی کرنے
کے لئے

قمر و مشتری　　برائے ترقی مرتبہ و جاہ و جلال کے خوب ہے　　اسرار مخفی کے
انکشاف کے لئے

قمر و زہرہ　　وصل عورت اور محبت بڑھانے کے خوب ہے　　عورتوں کی مردوں
سے مخالفت کرانے کے لئے

قمر و زحل　　واسطے ترقی زراعت و شادابی کے　　بیمار کرنے اہل قلم
پستگی کاروبار کے لئے

مریخ و مشتری　　حصول زر مال کے لئے بہت اچھا وقت ہے　　عذاب شدید پیدا
کرنے کے لئے

مریخ و زہرہ　　فتنہ و فساد کے دور کرنے کے لئے　　دو محبوبوں کے درمیان
فرقت اور جدائی ڈالنے کے لئے وقت

مریخ و زحل　　ترقی و زراعت و عمارات　　واسطے ہلاکت دشمن

نام سیارہ　　تثلیث یعنی محبت　　مقابلہ یعنی دشمنی

عطارد مشتری　　ترقی علوم و صنعت و حرفت　　واسطے خرابی و تباہ کرنے کسی
دشمن کے ملک و املاک

عطارد و زہرہ	واسطے تسخیر جانوروں آبی	مخالفوں کے کاروبار بستہ کرنا
عطارد و زحل	حل مشکلات میں	تباہ و برباد کرنے ملک و املاک کے
عطارد و زہرہ	برائے محبت و وصل محبوب	دوستوں میں فرقت و جدائی کے لئے
مشتری و زحل	واسطے دافع غضب سلطانی	کسی کو مرتبہ سے گرانا کے لئے
زہرہ و زحل	محبت قائم رکھنے کے لئے	عورتوں مردوں میں فتنہ و فساد سے

چونکہ نظرات سیارگان میں تثلیث و مقابلہ کی نظر کا نتیجہ لکھا گیا ہے باقی نظرات کو میں نے رحیم العملیات حصہ دوئم اور سوئم میں بڑی تفصیل سے لکھ دیئے ہیں یہاں تھوڑا سا اشارہ پیش کرتا ہوں کہ نظر تسدیس نیم دوستی کی ہے ان میں بھی الفت طلسم اور محبت کے نقش کرنے چاہیے ۔ اور نظر تربیع نیم دشمنی کی نظر ہے اس میں بھی اعمال بغض کرنے چاہیں ۔ اور نظر مقارنہ نہ دوستی اور نہ دشمنی ۔ ان میں مساوات کے عمل کرنے چاہیں پس قران اور نظرات سیارگان دیکھنے کے لئے اپنے مطلوبہ وقت کا زائچہ بنا کر اس وقت کے استخراج سیارگان کو اس میں معہ درجات درج کرلیں آپ کو آسانی کے ساتھ نظرات کا علم ہو جائیگا ۔ لہذا میں ایک فرضی زائچہ آپ کے سامنے رکھتا ہوں اس میں نظرات کا درج بھی کرتا ہوں تاکہ آپ کو سمجھنے میں آسانی معلوم ہو مثلاً ہم نے اپنے وقت مقررہ کا طالع معلوم کر کے اور سیارگان کا استخراج کر کے سیارگان کو اس میں

درجہ کردیا ہے یہ زائچہ تیار ہوا ہے۔ ملاحظہ فرمائیں۔

فرضی دقیق زائچہ ۱

میزان
سنبلہ
اسد
سرطان
ذنب
عقرب
مشتری
قوس
جوزا
مریخ
قمر
حوت
ثور
شمس عطارد
راس
جدی
زہرہ
حمل
زحل
دلو

نمبرا چونکہ مشتری برج سنبلہ کے پہلے درجہ پر موجود ہے اور زہرہ برج حوت کے پہلے درجہ پر بیٹھا ہوا ہے لہٰذا ان دو سیاروں کی نظر مقابلہ آپس میں ہے۔

نمبر۲ قمر برج قوس کے پہلے درجہ پر اور زہرہ برج حوت کے پہلے درجہ پر ہے اس لئے قمر اور زہرہ کی نظر تربیع ہے

نمبر۳ قمر برج قوس کے پہلے درجہ پر ہے اور زحل برج حمل کے لئے درجہ پر ہے اس لئے قمر اور زحل کو بنظر تثلیث دیکھتا ہے۔

نمبر۴ زہرہ برج حوت کے پہلے درجہ پر اور شمس و عطارد برج ثور ۳۰ درجہ پر ہے اس لئے زہر آفتاب عطارد کو بنظر تربیع دیکھتی ہے۔

نمبر۵ شمس و عطارد دونوں ایک برج ایک ہی درجے میں ہیں۔ اس لئے ان دونوں کا آپس میں قرآن ہے۔

نمبر۶ قمر برج قوس کے اول درجہ پر ہے اور شمس و عطارد برج ثور کے آخری درجہ پر ہیں اس لئے قمران دونوں کو بہ نظر مقابلہ دیکھتا ہے چونکہ نمبر۷ قمر برج قوس کے اول درجہ پر اور مریخ برج جوزا کے اول درجہ پر ہے اسی لئے قمر اور مریخ کی بھی آپس میں نظر مقابلہ ہے

نمبر۸ زحل برج حمل کے پہلے درجہ پر اور مریخ برج جوزا کے آخری درجہ پر ہے اس لئے زحل مریخ کو بنظر تربیع دیکھتا ہے نمبر۹ طلسمات اور تعویذات میں بعض جگہ ایک دوسرے سیارے کا درمیان میں ہونا بھی دیکھنا پڑتا ہے پس دیکھو کہ مشتری اور زہرہ عطارد کے درمیان قمر ہے

اور قمرو زحل کے درمیان زہرہ اور زہرہ عطارد کے درمیان قمر ہے اور قمرو زحل کے درمیان زہرہ اور زہرہ۔ عطارد کے درمیان قمر ہے اور قمرو زحل کے درمیان زہرہ اور زہرہ عطارد کے درمیان زحل علیٰ ہذالقیاس اس طرح بوقت عمل زائچہ طالع وقت سے نظرات وغیرہ دیکھنی چاہیں۔ اور جن سیاروں کی آپس میں کوئی نظر نہ ہو ان کو ساقط کہتے ہیں۔ اکثر عمل طلسمات اور نقشوں میں بعض سیاروں کو نظر سے ساقط لینا پڑتا ہے اس لئے جن سیاروں کا مقررہ فاصلہ نظرات آپس میں نہ ہو۔ ان کو ساقط کہتے ہیں۔

زکات

اسمائے الٰہی میں زکات کا قانون

عام طریقہ یہ ہے کہ ہر اسم کو سوا لاکھ زکات چالیس دنوں میں پوری کرے کسی اسم یا آیت کی زکات ادا ہو جاتی ہے اور وہ اپنا اثر پیدا کر سکتی ہے۔ یہ تو عام طریقہ اس کے کئی طریقے کتابوں میں لکھ چکا ہوں اس سے مدد لی جا سکتی ہے۔

یہاں پر میں ایک قاعدہ پیش کرتا ہوں سب سے پہلے یہ بات ذہن نشین کر لینی چاہیے کہ جس اسم یا آیت کی زکات ادا کرنے کا ارادہ ہو۔ ان کے حروف کو الگ الگ کرو۔ مثال کے طور پر اسم کے حروف بیس ہوں تو ہر ایک حرف کو ہزار دفعہ شمار کر کے پڑھا جاوے اب میں زیادہ وضاحت اس طرح کرتا ہوں اللہ میں صرف چار حروف ہیں تو چار ہزار مرتبہ ہوا چار ہزار کو چار ہزار سے ضرب دی تو کل ۱۶ ہزار دورہ ہوا۔ اس کا نصف یعنی آٹھ ہزار زکوۃ اور اس کا نصف چار ہزار عشرہ ہو گا پہلے چار کے نصف کو قفل کہتے ہیں اس کا نصف دو ہزار ہوا دو اور دو نصاب کے برابر ہو گا بذل کے ساتھ ہزار اور ختم کے بارہ سو ہوں گے گویا کہ سات زکواتیں ہوئیں جو مقررہ تعداد کے مطابق ترتیب کے ساتھ دینی پڑتی ہیں۔ اللہ کے اسم کی دعوت کا نقشہ وہی ہو گا جو اوپر بیان ہوا اور جس کی تفصیل یہ ہے۔

دوسری مثال آیت کی پیش کرتا ہوں۔

وسبحنک لا الہ الا انت یاسابب کل شی تدارنہ ویرزقہ وواحمہ کے کل حروف ۴۴ ہیں ۴۴ کو ۴۴ سے ضرب دی تو ۱۹۳۶ ہوئے اور اس لحاظ سے نصاب ۱۹۳۶۰۰۰ ہو گیا جب دعوت پوری ہو جائے تو ۳۶ دن تک پرنور ۳۶ ہزار مرتبہ پڑھا جائے۔ اب اس طرح ہر اسم یا آیت کریمہ کی زکوٰۃ دے سکتے ہیں۔

نوٹ = زکات کی دو قسمیں ہیں زکات اکبر اور زکوۃ اصغر۔

اللہ	حروف چار
اعدا	۳۰۰۰
نصاب	۱۲۰۰۰
زکوۃ	۸۰۰۰
عشرہ	۳۰۰۰
قفل	۲۰۰۰
دور مدور	۱۲۰۰۰
بزل	۷۰۰۰



آپ کا کوئی ذاتی سوال ہو یا گھریلو پریشانی ہو یا مرض میں مبتلا ہو یا ملازمت کی فکر ہو یا دشمنوں کا خوف ہو۔ الغرض کسی قسم کی پریشانی ہو یا مشورہ درکار ہو تو آپ ادارہ کو اپنے مکمل کوائف اور جوابی لفافہ بھیج کر معلوم کر سکتے ہیں۔ ادارہ آپکے ساتھ ہر ممکن تعاون کریں گے۔

ادارہ روحانیات رحیمیہ شاہدرہ بہاولپور

اجتماعِ سیارگان کے اثرات اہل زمین پر

سورہ رحمٰن آیت نمبر ۵ کا ترجمہ :- چاند اور سورج ایک مقرر حساب سے چل رہے ہیں ایک اور جگہ قرآن مجید فرقان حمید کا ارشاد گرامی سورہ النحل آیت ۱۲ والا ۔

ترجمہ :- اس نے تمہارے لئے رات اور دن سورج اور چاند کو اور ستاروں کو اپنے حکم سے تمہارے تابع بنا دیا ہے ۔ اس سے عقل کے کام لینے والوں کے لئے یقیناً بہت سی نشانیاں ہیں ۔

عربی میں نجوم کے لفظی معنی تاروں کے ہیں علم نجوم کی تحقیق و تصدیق میں مسلمانوں نے کافی حصہ لیا عالمان دین کی رائے میں یہ علم ریاضیات کا ایک جزو ہے اور غیب دانی سے بالکل علیٰحدہ ہے

جس طرح حکیم مریض کی نبض دیکھ کر مریض کی مرض معلوم کر سکتا ہے ۔ اس طرح اس علم کے جاننے والا بھی سیارگان کی حرکت کی سعدیت و نحوست سے آنے والے واقعات قلبند کرتے ہیں سیارے مختلف برجوں میں جاکر اپنا اثر قائم کرتے ہیں اس کی تفصیل جناب حضرت ڈاکٹر عبدالرحیم صاحب نے نہایت سہل اور آسان پیش کی ہے اب تک علمی طور پر اس موضوع پر ایسی جامع کتاب شائع نہیں کی گئی جس سے معلوم ہو کہ زائچہ کس طرح سوالات کا جواب دیتا ہے علمی لحاظ سے آپ کا تجزیہ اور تسکین ہو جائے گی ۔ مفصل حالات آپ کو کتاب دیکھنے سے پتہ چلے گا ۔

اب ہر شخص آسانی کے ساتھ احکامات صادر کر سکتا ہے یہ کتاب تجرباتی کتاب سہل اور آسان ہے مبتدی سے لیکر منتہی تک اس سے فائدہ حاصل کر سکتے ہیں ہر آدمی نجوم کے اسرار رموز کو نہایت آسانی کے ساتھ حل کر سکتا ہے اہل علم کیلئے معلوماتی کتاب ہے شائقین کے لئے مشعل راہ ہے صاحب ذوق کو دعوت دی جاتی ہے کہ اس کتاب کو ضرور پڑھیں علم کے معجزے دیکھیں

عمدہ کتابت • اعلیٰ قسم کا غذ • خوبصورت طباعت

قیمت :- ۳۰ روپے

علاوہ محصول ڈاک

ادارہ روحانیات رحیمیہ شاہدرہ بہاولپور

نقوش کی زکوٰۃ

زکوٰۃ ایک اہم ٹریننگ ہے۔ اِس سے نقوش میں بہت اثر پیدا ہو جاتا ہے آپکو علم ہے ہر نقش کے پُر کرنے کے اصول اور قانون مختلف ہیں اور مختلف قانون کے اثرات بھی مختلف ہیں۔ عنصر کے لحاظ سے نقوش چار قسم کے ہوتے ہیں۔ آتشی بادی، آبی، خاکی۔ ان کی چالیں بھی مختلف ہیں۔ اگر آپ روحانیت پر عبور حاصل کرنا چاہتے ہیں تو ان کی عنصری چالوں کی زکوٰۃ علیحدہ علیحدہ دیں۔ مثال کے طور پر آپ مثلث کی زکوٰۃ دینا چاہتے ہیں تو عدد طبعی سے کریں۔ یعنی مثلث کے طبعی اعداد ۱۵ ہیں اور چار عنصر سے ضرب دیں تو ساٹھ ہوئے۔ تو پندرہ آتشی اور پندرہ بادی پندرہ آبی اور پندرہ خاکی، روزانہ ساٹھ دنوں تک لکھیں۔

اس طرح مربع کی زکوٰۃ ہوگی۔ اس کی طبعی اعداد ۳۴ ہیں۔ یہ بھی اپنے عنصر کے مطابق ۴×۳۴ = ۱۳۶ روزانہ ہر عنصر کا لکھنا ہوگا۔ ۱۳۶ دنوں تک تو زکوٰۃ اصغر ہو جائیگی۔ اس طرح باقی نقوش کی زکوٰۃ ادا کریں۔ بندہ نے چیدہ چیدہ مبادیات عملیات پیش کر دیئے ہیں پھر بھی جہاں آپکو دقت یا مشکل ہو یا میری راہبری یا راہنمائی کی ضرورت ہو تو بندہ ہر وقت حاضر خدمت ہے۔ بلا کسی معاوضے کے انشاءاللہ حتی المقدور خدمت کرنے کے لیئے کمر بستہ ہوں۔

زُھد و تقویٰ سے نہیں ہوتیں دُعائیں مُستجاب،
وقت ہیں کچھ خاص خاص اور ہیں ادائیں خاص خاص

اِستدعا عاجزانہ التماس فقیرانہ

قارئین!

آپ سے التماس ہے کہ علم رُوحانی کسی نہ کسی پیغمبر پر خداوند کریم نے سرفراز فرمایا اور انبیاء کرام نے اس علم کا عشرِ عشیر حصّہ اپنی امت کے خداشناسوں، زاہدوں اور عابدوں کو بخشا۔ نیک انسانوں نے ان علوم کو سینہ بے کینہ میں نہ رکھا، بلکہ مخلوقِ خدا کی افادیت کیلئے بکھیر دیا۔ یہ علم خدا کی امانت اور اس کا عطیہ ہے۔ اگر خلوصِ نیت سے اس کا استعمال کیا جائے تو اس میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ اگر بدنیتی یا بُرے مقصد سے اس کا استعمال کیا جائے تو نہ صرف چھن جاتا ہے۔ بلکہ ذلت و رُسوائی کا سبب بنتا ہے۔ چونکہ تمام علوم کا منتہائے مقصود انسانی مشکلات کا ازالہ کرتے ہوئے ان کی راحتوں اور مسرتوں میں اضافہ کرنا ہے۔ اِس مصداق کے مطابق خدمت سر انجام دے رہا ہوں۔ مجھے اس علم پر دعویٰ اکملیت نہیں۔ اَب بھی مَیں اپنے آپکو طالب علم سمجھتا ہوں، لیکن خداوند کریم نے جو مجھ پر رحم کرتے ہوئے تھوڑا علم عطا کیا۔ میری اتنی بساط نہیں کہ اس بحرِ ذخار ناپید کنار میں غواصی کر سکوں۔ مَیں پورے خلوص اور علمی دیانتداری اور نیک نیتی پورے قواعد وضوابط کے ساتھ آپ کی امانت آپ کے سپرد کر رہا ہوں۔ جو کچھ مجھے آتا ہے یا کسی سے ملا ہے۔ جو کچھ میرے سینے میں ہے۔ وہ سب آپ کی امانت ہے۔ فقیر نے کئی کتب رُوحانی لکھی ہیں۔ رحیم الجفر حصہ اول دوئم اور سوئم۔ یہ انوکھی قسم کی ہیں۔ ہر فائدہ نہایت آسان اور سہل پیش کر دیا ہے۔ اسی طرح نجوم میں بخل کو نزدیک بھی نہیں آنے دیا۔ جن شوقین حضرات کے پاس میری کتب موجود ہوں گی ان کو میری فیاضی اور دریا دلی کا علم ہو گیا ہوگا۔ کوئی بات صیغہ راز میں

نہیں رکھی۔ سب کچھ عیاں کر دیا ہے۔ اسی طرح نجوم میں رحیم النجوم حصہ اول دوئم اور سوئم کے علاوہ رحیم الطالع رحیم الوقتی زائچہ۔ مقام النجوم، اثرات النجوم اور اجتماع سیارگان، بڑی عمدہ کتابیں ہیں۔ اسی طرح رحیم الرمل حصہ اول اور دوئم سوال جواب کی صورت میں ہیں رحیم الاعداد حصہ اول دوئم سوئم اور چہارم بہت عمدہ اور اعلیٰ کتابیں ہیں۔ سچ پوچھیں تو میں نے اپنا فرض ادا کر دیا ہے۔ میں سب سے اہل ذوق کا سپاس گذار ہوں۔ میری حقیر کاوش کو پسند فرمایا۔ اور میری حوصلہ افزائی فرمائی۔

رحیم العملیات حصہ اول آپ کی دست بوسی کر رہی ہے۔ حصہ دوئم اور سوئم بھی دیکھنے کے قابل کتب ہیں۔ آپ کی علمی پیاس امید قوی ہے کہ بجھ جائے گی۔ اس میں مبتدی سے لے کر منتہی تک فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ نہایت آسان اور سہل عبارت میں لکھی گئی ہیں۔ اس کتاب کے مطالعہ کرنے کے بعد آپ خود فیصلہ اور انصاف کر سکتے ہیں۔ محنت کرنا اس فقیر کا کام ہے۔ اور فیصلہ کرنا اہل ذوق کا کام ہے۔

بعض لوگ عملیات کو بے اثر اور ڈھکوسلہ کہتے ہیں میرا ایمان ہے اور یقین پختہ ہے کہ کلام الٰہی میں بے پناہ اثر ہے۔ خود قرآن حکیم کا اپنا دعویٰ ہے۔ پارہ نمبر ۲۸ سورہ الحشر آیت نمبر ۲۱۔

لو انزلنا هذا القرآن علی جبل لرائیته خاشعاً متصدعاً من خشیة الله ۔

ترجمہ: یعنی اگر ہم اس قران کو پہاڑوں پر نازل کرتے تو تم دیکھتے کہ وہ خوف سے کانپ جاتے اور شق ہو جاتے۔

لیکن مانگنے والا بے صبر ہوتا ہے۔ جن کو کلام الٰہی پر مکمل یقین اور اعتماد ہے وہ فرد در آزمائش کریں۔ گذشتہ قانون کے مطابق آزمائش کے یہ معنی ہی نہیں ہیں کہ نتیجہ بھی وہی نکلے جو میں نے تجویز کیا ہے۔ اس بات کو ذہن میں رکھیں نتیجہ خدا کے اختیار میں ہے۔ کوشش کرنا انسان کا کام ہے کامیابی مالک کے اختیار میں ہے۔ آخر میں میں خدا سے دست بدعا ہوں کہ رب العالمین میری اس حقیر کوشش کو بارآور کر کے ہر خاص و عام کیلئے با منافع بنا دے آمین!

جو کچھ میرے عقل اور فہم میں آیا اور جو کچھ میرے عمر بھر کی ریاضت اور تجربے کا نچوڑ ہے میں نے پوری ایمانداری سے آپکے حوالے کر دیا ہے۔ ان سے فیض اٹھانا اور تجربہ کرنا آپکا کام ہے۔

عاصی اور خاطی

عبدالرحیم

زکوٰۃ کی قسمیں

یہ ایک ایسا راز ہے جس سے ہزاروں عاملین واقف نہیں صرف کاملین کے ارشاد کے مطابق عمل کرتے ہیں۔ میں اس قانون کی مختصر تعریف پیش کرتا ہوں۔ زکوٰۃ کی مندرجہ ذیل قسمیں ہیں۔

قسم اول:- عامل اپنے نام کے اعداد کے مطابق ۴۱ یوم روزانہ پڑھے تو وہ عمل ایک دفعہ کام دے گا۔

قسم دوم:- جو عمل پڑھنا ہو اس کے حروف کی تعداد جتنی ہو اتنی ہزار مرتبہ روزانہ ۴۱ یوم پڑھے تو ہمیشہ کے لیئے عامل ہو جائے گا۔ عامل اس کا سیف زبان ہو جاتا ہے پھر وقت عمل صرف ایک مرتبہ پڑھنا کافی ہوتا ہے۔

قسم سوم:- عمل کے جتنے حروف ہوں اتنے سو مرتبہ روزانہ پڑھے یہ زکوٰۃ بھی ایک ہی بار کام دیتی ہے۔

〃 چہارم:- زکوٰۃ صغیر:- عمل کے اعداد قمری جتنے ہوں اتنے ہی بار روزانہ پڑھے۔ یہ زکوٰۃ معتبر ہے۔

〃 پنجم:- زکوٰۃ کبیر:- عمل کے اعداد قمری کو حروف عمل سے ضرب دو اور حاصل ضرب کو روزانہ پڑھو یہ زکوٰۃ صغیر سے زیادہ قوی ہے ہمیشہ کے لیئے عامل ہو جائے گا۔

قسم ششم:- زکوٰۃ اکبر:- عمل کبیر کے اعداد کو پھر حروف کی تعداد سے ضرب دے کر روزانہ پڑھیں یہ کبیر سے بھی زیادہ قوی ہے کہ اس اسم کے موکل سامنے آکر عامل سے ملاقات کریں گے۔

قسم ہفتم:- زکوٰۃ کبائر:- عمل اکبر کی تعداد کو پھر حروف کے اعداد سے ضرب دیں اس اسم کے موکل خادم ہو کر ہر وقت ساتھ رہیں گے۔

قسم ہشتم:- زکوٰۃ اکبر الکبائر:- یہ آخری زکوٰۃ ہے یعنی عمل کبائر کی تعداد کو پھر حروف کی تعداد سے ضرب دے کر پڑھیں اس کو کبریت احمر یا لعل سپید کہتے ہیں اسی تعداد کو اس اسم کا نصاب کہتے ہیں۔

دانشمند حکماء کے نزدیک شائقین علم الاعمال تسہیل یادداشت کے لیئے قواعد مرتب کیئے ہیں۔ ان کی تفصیل میں نے گذشتہ اوراق میں اور رحیم العملیات حصہ دوئم اور سوئم میں لکھ دیا ہے۔ لیکن بار بار اس بات پر زور دیتا ہوں کہ سیاروں کی نظرات کا اعمال میں کافی عمل دخل ہے جو عامل سیارگان کے منسوبات اور ان کی نظرات اور بروج کے منسوبات اور ان کے عنصر کے لحاظ سے دوستی و دشمنی منازل قمر کے سعد ونحس کے خواص سے واقف نہیں تو وہ شخص عملیات کی دنیا اس کے لیئے بیکار ہے۔ اس بات کو متعدد بار دُہرا چکا ہوں۔ نجوم کے اصول و قواعد سے بخوبی واقفیت رکھنا از حد ضروری ہے تاکہ آپ صحیح وقت پر استخراج پر قدرت رکھ سکیں۔

اب میں تسخیر مطلوب و ترقی دولت و ملازمت و زیادتی محبت کے قانون پیش کرتا ہوں۔

اصولِ عمل

۱۔ اس عمل کے لیئے طالع وقت حمل، ثور، سرطان، اسد، میزان، قوس، حوت، ہونا چاہیئے۔ شمس کو برج ذوجسدین جوزا، سُنبلہ، قوس یا حوت ہو تو سب سے بہتر ہے۔ اگر قمر ان برجوں میں ہو تو پھر کیا ہی بات ہے۔

۲۔ بروجی طریقے سے دونوں فریقین کا طالع اور ستارہ معلوم کریں۔ ان دونوں کے ستارے جب آپس میں نظر تدلیس و تثلیث بنائیں اس وقت آپ عمل کریں آپکو سونے پر سہاگہ کا کام دے گا۔ یہ نظرات آپکو تقویم میں بہت آسانی سے مل سکتی ہیں۔ فکر کرنے کی ضرورت نہیں۔

۳۔ زہرہ یا عطارد یا قمر اپنے محبوب کے طالع سے خانہ نمبر ۱۱ وخانہ نمبر ۹ وخانہ نمبر ۵ میں ہوں۔

۴۔ زہرہ برج ثور ایک درجہ یا ۴ درجہ میں ہو یا حوت کے ۲۳، درجہ یا ۲۷، درجہ پر ہوں اور اس بات کا خیال رکھیں کہ نظرات قمر یا مشتری کے ساتھ ہوں۔ دن جمعہ یا جمعرات

کا ہو۔ ساعت بھی مشتری یا زہرہ کی ہو اور قمر زہرہ تینوں ہیں سے کسی دو میں نظر تسدیس یا تثلیث یا قران ہو۔ اور چاند کی سعد منزل کو بھی مدنظر رکھیں۔ ثریا، ذراعہ، شولہ، نعائم، رشا وغیرہ۔

۵۔ اہم نوٹ :۔ اس بات کو ہمیشہ مدنظر رکھیں سیارہ غروب میں یا رجعت میں نہ ہو۔

۶۔ رجال الغیب داہنی طرف ہو۔ مہینہ جمالی ہو۔ اس بات کو ذہن نشین کریں۔

۷۔ آتشی محرم الحرام۔ جمادی الاول، رمضان المبارک، بادی : ربیع الاول، رجب المرجب ذلیقعد، یہ ماہ جو آتشی بادی ہیں وہ جلالی ماہ ہوتے ہیں۔ خاکی : صفر المظفر، جمادی الثانی شوال الکرم، آبی : ربیع الثانی، شعبان المعظم، ذی الحجہ۔ یہ جمالی ماہ ہیں۔

سعد تاریخیں :۔ ۶، ۷، ۸، ۹، ۱۰، ۱۵، ۱۶، ۱۷، ۱۸، ۲۲، ۲۳، ۲۴، ۲۷، ۲۸، ۳۰۔

نوٹ :۔ اگر آپ کو کام جلدی کرنا ہو اور وقت کی انتظار نا ممکن ہو تو طالع وقت پر نظر رکھیں۔ یعنی طالع وقت جوزا، سنبلہ، قوس، حوت۔ لیکن اس بات کا خاص خیال رکھیں قمر ان برجوں میں سعد حالت میں ہو کام ضرور ہو جائے گا۔ جو کام قانون اور قاعدے سے کیا جائے وہ ضرور ہوتا ہے۔ اب میں چیدہ چیدہ عملیات معہ حل پیش کرتا ہوں۔

زیادتی رزق کیلئے :۔ یہ عمل پیش کرتا ہوں۔ آپکو علم ہے کہ مثلث قمر سے تعلق رکھتی ہے۔ جب شمس و قمر کی نظر تثلیث ہو تو نام طالب معہ مادر کے اعداد ابجد قمری سے نکالیں اور نام مطلب کو بھی ابجد قمری سے نکال کر سورہ شوریٰ آیت ۱۹، ''اللہ لطیف بعبادہٖ یرزق من یشاء۔ وھو القوی العزیز'' کے اعداد ۱۲۴۷ ہیں۔ ان تینوں کو جمع کر کے دیکھیں۔ کل میزان کو حسب طریقہ مثلث پُر کریں۔ لیکن اس بات کا خیال رکھیں طالب کے حروف کے نام کو علیحدہ علیحدہ کر کے دیکھیں۔ کون سا عنصر غالب ہے۔ اسی عنصر سے مثلث پُر کریں۔ اگر آتشی حروف زیادہ ہیں تو مثلث آتشی چال سے اگر بادی حروف زیادہ ہیں تو بادی چال سے۔ اگر آبی حروف زیادہ ہیں تو آبی چال سے اور اگر خاکی حروف زیادہ ہیں تو خاکی

چال سے مثلث پُر کریں۔

قانون: مثلث کے خانے ۳×۳ ۔ عدد طبعی ۱۵ ۔ طرح ۱۲ ۔ تقسیم ۳ پر اگر کسر ایک بچے تو خانہ ۷ میں ایک کا اضافہ کریں۔ اگر باقی ۲ بچیں تو خانہ ۴ میں اضافہ کریں۔ اس قانون سے مثلث پُر ہو جائے گی۔ یہ عمل اس وقت کریں جب قمر بخانہ زہرہ متصل بامشتری ہو۔ یا جب مشتری بُرج سرطان کے ۱۸ ۔ ۲۰ درجہ یا سنبلہ کے ۲۳، ۲۴ یا میزان کے ۶ درجہ۔ اس عمل کو اس وقت کریں اور مثلث کے اردگرد مذکورہ بالا آیت کے حروف اس مثلث لکھیں اور اپنے نام کے اعداد کے مطابق روزانہ ورد کریں انشاءاللہ ۲۱ روز کے اندر زیادتی رزق، زیادتی مال اور طالب مال میں اضافہ ہوگا۔

نقش بھرنے کے قانون: استادانِ فن نے نقوش پُر کرنے کے پانچ اُصول مرتب کیے ہیں۔

۱۔ اعداد طبعی = نقش کے جتنے خانے ہوں ان پر ایک بڑھا دیں۔ اور نصف کر کے ان اعداد کو ضلع سے ضرب دیں اعداد طبعی حاصل ہوں گے۔ مثلاً مثلث کے خانے ۹ ہیں۔ ایک بڑھایا تو ۱۰ ہوئے نصف کیا تو ۵ ہوئے۔ ۵ کو ضلعوں کے خانوں سے ضرب دی ۳×۵ = ۱۵ تو ۱۵ مثلث کا عدد طبعی ہوا۔ اس عدد سے کم مثلث نہیں ہو سکتی۔

۲۔ اعداد طرح = تمام نقش کے خانوں کو شمار کریں جتنے خانے ہوں ایک کم کر کے باقی کو نصف کیا اور ایک ضلع کے خانوں سے ضرب دیں۔ اعداد طرح نکل آئیں گے۔ مثلاً مثلث کے کل خانے ۹ ہیں۔ ایک کم کیا تو ۸ ہوتے نصف کیا تو چار ہوئے اسے ضلع سے ضرب دیا ۴×۳ = ۱۲ عدد طرح حاصل ہوا۔

۳۔ عدد تقسیم = نقش کے ایک ضلع میں جس قدر خانے ہوں وہ عدد تقسیم ہوتا ہے مثلاً مثلث کے ضلع کے تین خانے ہوتے ہیں۔ اس لیے عدد تقسیم ۳ ہوا۔

۴- اعداد کسر = عدد تقسیم کو حاصل عدد پر تقسیم کرنے سے اگر کچھ باقی بچے تو اسے کسر کہتے ہیں۔ کسر کی صورت میں یہ جاننا ضروری ہوتا ہے کہ کسر کتنی ہے اور کس خانے میں ڈالنی ہے۔ جس خانے میں کسر ڈالتے ہیں۔ اس میں مقررہ چال کے علاوہ ایک عدد کا اضافہ کرتے ہیں۔

۵- کسر خانہ کو معلوم کرنے کا قاعدہ = یہ ہے کہ جو کسر باقی بچے اس کو ایک ضلع کے خانوں سے ضرب دیں اور جو آئے ان میں ایک بڑھادیں اور جتنے خانے نقش کے ہیں ان میں ایک بڑھادیں۔ ان میں سے پہلے اعداد کی طرح کردیں باقی کے خانے میں ایک کا اضافہ کر دیں۔ مثلاً مثلث کی کسر ۲ آئی ہے اور یہ معلوم کرنا ہے کہ کس خانے میں ڈالی جائے تو اس کا طریقہ یہ ہے ۲×۳ = ۶ چونکہ نقش کے کل خانے ۹ ہیں اس میں ایک کا اضافہ کیا تو ۱۰ ہوئے اس سے ۶ تفریق کیا تو باقی ۴ رہا۔ معلوم ہوا خانہ کسر ۴ ہے۔

سورہ مریم جس کے اعداد ۲۸۹۶۴۴ ہیں جو شخص مفلس ہو اور رزق میں پریشان رہتا ہو وہ اپنے نام کے حروف کو علیحدہ علیحدہ کر کے دیکھے کون سا عنصر اس میں غالب ہے۔ اس عنصر سے اس مثلث کو گذشتہ قانون کے مطابق سعد وقت میں لکھ کر اپنے پاس رکھے اور روزانہ سورہ مریم صبح کے وقت تلاوت کریں۔ انشاء اللہ بہت جلد غنی ہو جائے۔

۷۸۶

۹۶۵۴۹	۹۶۵۴۴	۹۶۵۵۱
۹۶۵۵۰	۹۶۵۴۸	۹۶۵۴۶
۹۶۵۴۵	۹۶۵۵۲	۹۶۵۴۷

سورہ زمر جس کے اعداد ۳۰۶۵۸۵ ہیں اپنے عنصر کے مطابق قانون نقش کو پُر کر کے اپنے بازو پر باندھیں اور سورہ مذکور کو صبح کے وقت روزانہ تلاوت کریں مال بہت ملے گا۔

۷۸۶

۱۰۲۱۹۶	۱۰۲۱۹۱	۱۰۲۱۹۸
۱۰۲۱۹۷	۱۰۲۱۹۵	۱۰۲۱۹۳
۱۰۲۱۹۲	۱۰۲۱۹۹	۱۰۲۱۹۴

سورۂ ملک جس کے اعداد ۹۹۵۹۴ ہیں کا نقش کسی اچھے وقت لکھ کر اپنے پاس رکھیں خداوند کریم اپنے کلام کے صدقے غنی

۷۸۶

۳۳۱۹۹	۳۳۱۹۴	۳۳۲۰۱
۳۳۲۰۰	۳۳۱۹۸	۳۳۱۹۶
۳۳۱۹۵	۳۳۲۰۲	۳۳۱۹۷

کردے گا۔

سورۂ مدثر جس کے اعداد ۹۲۳۵۵ ہیں۔ اس نقش کو سعد وقت میں لکھ کر اپنے پاس رکھیں اور سورہ مدثر کا روزانہ ورد کریں۔ خدا کے فضل وکرم سے کبھی محتاج نہ ہوں گے۔ امیر کبیر بن جائیں گے۔

۷۸۶

۳۰۷۸۶	۳۰۷۸۱	۳۰۷۸۸
۳۰۷۸۷	۳۰۷۸۵	۳۰۷۸۳
۳۰۷۸۲	۳۰۷۸۹	۳۰۷۸۴

اس نقش زہرہ جمع کی صحیح زہرہ کے وقت تمام قواعد قانون کے مطابق لکھ کر اپنے پاس رکھیں۔ یہ نقش مکرم نہایت پُرتاثیر اور مجرب ہے۔ انشاء اللہ رزق میں وسعت ہوگی۔

۷۸۶

۷۸۳	۷۷۸	۷۸۵
۷۸۴	۷۸۲	۷۸۰
۷۷۹	۷۸۶	۷۸۱

بجاہ حبیبک یا اللہ

مال ودولت حاصل کرنے کے لیے خداوند کریم کے ناموں میں اکسیر کا اثر ہے۔ تین نام یا اللہ یا رحمٰن یا رحیم ان اسماء کو تین ہزار ایک سو پچیس مرتبہ عصر اور مغرب کے درمیان بلاناغہ ہر روز آسمان کے نیچے ننگے سر ہو روزانہ پڑھے۔ خداوند کریم اپنے ناموں کی برکت سے امیر وکبیر بنادے گا اور جس مقصد کے لیے پڑھے وہ مقصد چالیس روز کے اندر اندر کامیابی حاصل کرے گا۔

تسخیر خواتین معظمہ نجوم کی روشنی میں اثرات

طالع حمل، طالع ثور، طالع سرطان، طالع اسد، طالع میزان، قوس یا حوت ہو۔ دن اتوار، سوموار، جمعرات یا جمعہ ہونا بہتر ہے۔ نظرات میں قمر مشتری یا زہرہ میں سے کسی دو کی آپس میں نظرات تثلیث یا تسدیس یا قران ہو تو یا ہر دونوں بروجی طریقے سے برج اور سیارہ نکال کر ان دونوں سیاروں کی نظرات سعد کا خیال رکھیں اور عمل کریں

جو عورت نکاح کے لیئے رضامند نہ ہو اس کی تسخیر کرنی ہو تو اس طرح عمل کریں۔

۱۔ نام طالب معہ مادر اور نام مطلوب معہ مادر کے اعداد نکال کر علیحدہ رکھیں۔

۲۔ سورہ بقر آیت ۱۶۵ ۔ یُحِبُّوْنَہُمْ کَحُبِّ اللّٰہِ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰہِ کے اعداد ۱۴۹۳ ہیں ۔ اس میں شمار حروف اور شمار نقاط بھی شامل کریں کل مجموعہ میں سے ۱۴۱ عدد خارج کر کے باقی حروف بناکر کلمہ ایل آگے لگادیں۔ کل اعداد میں سے ۳۱۹ کم کر کے حروف بناکر آگے کلمہ طیش لگایا جائے تو موکل سفلی بن جائے گا۔ اگر کل تعداد میں ۳۱۶ کم کر کے آگے کلمہ یوش لگایا جائے تو اعوان بنے گا۔ اگر کل اعداد میں سے ۳۱۱ کم کر کے باقی اعداد کے حروف بناکر آگے کلمہ ہوش لگادیں تو اسماء جن بن جائے گا اب دوسرا عمل یہ ہے کہ اول نام مطلوب معہ مادر علیحدہ علیحدہ حروف لکھو پھر آیت مذکورہ کو علیحدہ علیحدہ حروف لکھو اور پھر طالب معہ مادر کے حروف علیحدہ علیحدہ لکھو تینوں کے ایک سطر بناکر بطریق جفر صدر موخر سطر بموجب تکسیر کر کے زمام برآمد کرو۔ تکسیر کا تذکرہ میں گذشتہ اوراق میں کر چکا ہوں۔ جب اول سطر اخیر میں آجائے تو بعد میں پہلو راست اور پہلو چپ کے حروف علیحدہ علیحدہ شمار کرو اگر ہو جفت ہوں تو چار چار حروف کے کلمے بناؤ اگر طاق ہو تو پانچ پانچ حروف کے کلمے بناکر اخیر میں ہر کلمے کے ساتھ لفظ یوش لگاکر اعوان بنالو اور پھر تمام تکسیر کے اعداد کا نقش مخمس قانون کے مطابق پُر کرو ۔ اس نقش کے چاروں طرف اعوان لکھو اور ساتھ ساتھ جن بناکر بھی چاروں طرف لکھ لو ۔ اور تکسیر کی جتنی سطریں ہوں ان کو علیحدہ علیحدہ لکھ لو اور ہر ایک کے فلیتے بناؤ اور محفوظ کرلو ۔ شام کو اچھی ساعت میں ایک فلیتہ جلاؤ اور زبان سے بھی کہو مطلوب معہ مادر کا نام لے کر میری محبت اس کے دل میں ڈال دو اور ساتھ ساتھ یہ بھی کہتے جاؤ ۔ روزانہ ایک ہی وقت میں فلیتہ جلانا ہے ۔ عمل کے دوران کسی قسم کا ڈر خوف نہ کریں۔ اگر عمل کے دوران مطلوب حاضر ہو جائے تو آپ نے عمل بند کر دینا ہے۔

اب ایک ایسا عمل پیش کر رہا ہوں جس کی قیمت آپ ادا نہیں کر سکتے ۔ اگر آپ نے

اس عمل کو قابو کر لیا تو آپ دوسرے عمل کی ہرگز ہرگز ضرورت محسوس نہ کریں گے۔ خداوندکریم کے نام تو افضل ترین ہیں۔ لیکن میں صرف دس ایسے ناموں کا ذکر کرتا ہوں جو آپ کی ہر طرح امداد اور ہر قسم کے عملیات اور آپ کی ہر قسم کی حاجتوں اور مرادوں کو پورا کرنے میں کام آتے ہیں۔ اور اسی وجہ سے ان ناموں کو اسمائے حسنیٰ کے نام سے منسوب کیے جاتے ہیں اور وہ دس نام یہ ہیں۔

یا کافی ، یا غنی ، یا فتاح ، یا رازق ، یا ودود ، یا لطیف ، یا واسع ، یا شہید ، یا نعم المولیٰ و نعم النصیر۔
۳۱۹ ۱۳۷ ۱۳۹ ۴۰ ۳۰۸ ۴۸۹

ان تمام ناموں کے اعداد ۶۵۲۹ ہیں۔ مگر عمل کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے مطلوب کا نام جُدا جُدا حرفوں میں لکھا جائے اور پھر اس کے عدد لکھے جائیں اور جمع کیا جائے اس کے بعد طالب کے نام کو ان کے اوپر جمع کیا جائے۔

اگر دولت کی خواہش ہو تو اسم یا غنی لکھا جائے ، اگر ملازمت مطلوب ہو تو یا رازق لکھا جائے اگر بیماری کی شفا چاہیے تو یا شافی یا کافی لکھا جائے۔ اگر حکام یا امراء کی مہربانی درکار ہے تو یا لطیف کی ترکیب لکھی جائے۔ اگر فتوحات حاصل کرنے کی تمنا ہو تو یا فتاح کو ترکیب دے کر لکھا جائے۔ اب میں ایک مثال کے ذریعہ اس عمل کی وضاحت اور تشریح کرتا ہوں اگر ولدار حسین کو روزگار کی تلاش ہے اور وہ اس کو حاصل کرنا چاہتا ہے تو اس کا عمل اس طرح سے ہے۔

سب سے پہلے طالب کے نام کے حروف کو علیحدہ علیحدہ کیا جائے اور ان سب کے اعداد کو جمع کیا جائے۔

ع۱ د ل د ا ر ح س ی ن
۴ ۳۰ ۴ ۱ ۲۰۰ ۸ ۶۰ ۱۰ ۵۰ = مجموعہ ۳۵۷

ع۲ اسمائے حسنیٰ میں اس کے موافق نام تلاش کرنا چاہیئے۔ روزگار کیلئے "رازق" اعداد جمع کیئے جائیں۔ ر ا ز ق
۲۰۰ ۱ ۷ ۱۰۰ ۳۰۸

۳ء دونوں ناموں کے اعداد جمع کیئے ۶۶۵ ہوئے۔ پھر ان دونوں ناموں کو ملفوظی کیا

را	زا	الف	قاف	+	دال	لام	دال	الف	را	+
۲۰۱	۸	۱۱۱	۱۸۱		۳۵	۷۱	۳۵	۱۱۱	۲۰۱	

حا	سین	نون
۹	۱۲۰	۱۰۶

۴ء پہلے حروف کے اعداد ۳۵۷ + ۳۰۸ = ۶۶۵

۵ء سب کے ملفوظی اعداد جمع کریں ۵۰۱ + ۶۸۸ = ۱۱۸۹

۶ء دونوں کو جمع کیا = ۶۶۵ + ۶۸۸ = ۱۳۵۳

۷ء عنصر کے لحاظ سے زیادہ حروف { ن س ح ر ا د ل
خاکی بادی خاکی آتشی خاکی خاکی خاکی
خاکی ہیں۔ اس لیئے جب قمر خاکی برج میں آئے تو مربع خاکی قانون کے مُطابق نقش کو پُر کیا جائے۔ ساعت ستارے کی خاکی ہونی چاہیئے۔

عنصری خانوں کی تقسیم اس طرح ہے۔

خاک	آب	باد	آتش
آتش	باد	آب	خاک
آب	خاک	آتش	باد
باد	آتش	خاک	آب

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

عنصری خانوں کی اثرات کی تفصیل :

۱۔ ترقی جاہ، مرتبہ حصول مقاصد، شفاء امراض، عزت و مرتبہ کے لیئے۔	۲۔ بربادی، دشمن جُدائی، کسی کی بربادی و ویرانی کے لیئے مخصوص ہے۔	۳۔ مرض نکالنے جیسے فالج لقوہ گنٹھیہ ریگن داد، دردیں وغیرہ کیلیئے نیز دشمن کو بیمار کرنا	۴۔ محبت، الفت دوستی۔
۵۔ جادو عملیات تعویذات کا اثر زائل کرنے کے لیئے۔ چرندوں و پرندوں کو تابع کرنے کیلیئے	۶۔ عورت مرد کی جمعیت اور دوستی اور پائیدار تعلق کے لیئے مخصوص ہے۔	۷۔ دشمن کی ہلاکت جگر کو ویران اور تباہ کرنے کے لیئے مخصوص ہے۔	۸۔ تسخیر اسرار، فتحیابی مقدمہ و جنگ، مقدمہ اپنے حق میں کرانے کے لیئے مخصوص ہے۔
۹۔ علم دین روحانی علم، زیادتی عقل علم جفر اسرار آگاہی کے لیئے مخصوص ہے۔	۱۰۔ زن و شوہر کا آپس میں تعلق استوار رشتہ داری کی محبت کے لیئے۔	۱۱۔ حشرات الارض بچھو سانپ کے دفعہ اور علاج کے لیئے یہ خانہ مخصوص ہے۔	۱۲۔ اناج پھل چرند پرند کی حفاظت کے لیئے یہ خانہ مخصوص ہے۔
۱۳۔ افزائش نسل باغ زراعت، کھیتی ترقی مال مویشی کے لیئے یہ خانہ مخصوص ہے۔	۱۴۔ محبوب کی تسخیر، ترقی مال مویشی، تجارت صنعت و حرفت کے لیئے یہ خانہ مخصوص ہے۔	۱۵۔ دشمنوں اور ظالموں کو ہلاک اور تباہ کرنے کے لیئے مخصوص ہے۔	۱۶۔ زبان بندی، خواب بندی، رزق بند کرنے کے لیئے مخصوص ہے۔

مُربع کا تعلق عطارد سے ہے اور طالب کے نام کے عنصر زیادہ خاکی ہیں۔ اس لیئے جب قمر خاکی بروج یعنی ثور، سنبلہ، جدی میں آئے تو نیک ساعت یا نیک نظرات میں مُربع پر ہو گا۔ یعنی

۷۸۶

۳۳۰	۳۴۴	۳۴۱	۳۳۸
۳۴۲	۳۳۷	۳۳۱	۳۴۳
۳۳۶	۳۳۹	۳۴۶	۳۳۲
۳۴۵	۳۳۳	۳۳۵	۳۴۰

کل اعداد ۱۳۵۲
۳۰ -
۴) ۱۳۲۲ (۳۳۰
۱۲
۱۲
۱۲
۲

قانون کے مُطابق اگر باقی ایک بچے تو خانہ نمبر ۱۳، اور اگر ۲ بچے تو خانہ نمبر ۹ اور اگر باقی ۳ بچے تو خانہ نمبر ۵ میں ایک اضافہ کر کے نقش پُر کریں۔

یا اس نقش آغاز ماہ میں بروز جمعہ پہلی زہرہ ساعت میں لکھیں۔ لکھتے وقت خوشبو عطر وغیرہ کا بجز آگ پر روشن کیا جائے۔ اس کے ساتھ ہر روز نماز فجر کے بعد اپنے نام کے اعداد کے مطابق یعنی ۱۳۵۳ مرتبہ "یارازق" کو پڑھا جائے اور اس نقش کو اپنے گھر میں اونچی جگہ پر چسپاں کر دیا جائے اور ایک نقش موم میں پلیٹ کر اپنے گلے میں ڈال لیا جائے انشاءاللہ بہت جلد مقصد حاصل ہو گا۔

اس مثال سے باقی عمل ہر قسم کا کر سکتے ہیں۔

تسخیر خلق کیلئے

پارہ نمبر ۱۱ سورہ التوبہ آیت نمبر ۱۲۸۔

لقد جآءکم رسول من انفسکم عزیز علیہ ماعنتم حریص علیکم بالمومنین رؤف رحیم۔

اس کے اعداد ۲۸۹۸، طالب اپنے عنصر کے مُطابق اپنے بُرج میں جب قمر آئے اور قمر کی ساعت میں چاندی پر کندہ کرا کے اپنے پاس رکھیں تو خلق خدا کا ہجوم تسخیر رہے گا۔

برائے بلندی مراتب و ہر دلعزیزی خلائق

حکیم افلاطون جو کہ
علم تسخیر کا بڑا بھاری عامل تھا حروف تہجی کے خواص میں لکھتا ہے کہ ۲۸ حروف
ابجدی عملیات کے شائق کے لیئے برائے خیر و شر کافی ہیں جن پر عمل کرنے سے طالب
اپنے مطلوب کو آسانی کے ساتھ حاصل کر سکتا ہے۔ برائے بلندی مراتب اور کشائش کاروبار
و ہر دلعزیزی خلائق کے لیئے حروف الف کفایت کرتا ہے۔ جس کے استخراج کا طریقہ یہ
ہے کہ اس کا عامل گیارہ چیزوں کا استخراج کرلے۔

۱۔ منزل حرف ۲۔ طبائع وقت ۳۔ صاحب طالع ۴۔ ساعت ۵۔ یوم
۶۔ برج قمر ۷۔ صاحب برج ۸۔ منزل قمر ۹۔ موکل علوی ۱۰۔ موکل سفلی ان روز کا
۱۱۔ اسم باری تعالیٰ۔

ان سب کے اعداد نکال کر مجموعہ کے اعداد کے حروف بنا کر ان کو بسط عزیزی سے
مربی و مقوی کرے پھر تمام حروف کے اعداد نکال کر جمع کرے اور ان میں سے ۵۱ عدد
خارج کر کے آخر میں کلمہ ائیل کا اضافہ کر کے نام موکل بنائے اور بعد ازاں حروف بسط
عزیزی کے دو دو حروف مرکب کرے اور پھر حروف الف کا نقش مثلث بنا کر اس کی
پشت پر ایک مرد کرسی نشین کی تصویر بنا کر اول اپنے نام کے حروف مفرد لکھ کر ان کے اعداد
کا مجموعہ جو ہو وہ تصویر کے منہ پر لکھو۔ اور ان اعداد کے حروف بنا کر بسط عزیزی کر کے مرکب
بنا کر تصویر کی پیشانی پر لکھے اور جو موکل پیشتر ازیں بنایا گیا تھا اس کو تصویر کے سر پر
اور مرکب حروف بسط عزیزی کو تصویر کے ارد گرد لکھو پس یہ عمل تیار ہو گیا ہے۔ جو شخص
اس کو اپنے پاس رکھے گا وہ جاہ و جلال و کشائش رزق اور بلندی مرتبہ پالے گا۔ اور ہمیشہ
نزد سلاطین، صدور، وزراء و حکام اس کی قدر و منزلت زیادہ کریں گے اور خلائق میں ہر
دلعزیز ہوگا۔ شائقیان اس عمل کی توضیح زیادہ پیش کرتا ہوں۔ ہم نے ایک فرضی عمل،
استخراج کرتے ہیں۔ منزل حروف (۱) الف شرطین ہے (۲) طالع وقت قوس ہے۔

(۳) صاحب طالع مشتری ہے۔ (۴) ساعت شمس ہے (۵) یوم جمعہ (۶) قمر در برج ثور (۷) مالک برج زہرہ (۸) منزل قمر ثریا (۹) اس روز موکل علوی عنیائیل (۱۰) موکل سفلی روبعہ (۱۱) اسم باری تعالیٰ یا لطیف۔ اب تمام گیارہ چیزوں کا استخراج اس نقشہ سے پیش کرتا ہوں۔

اسماء	شرطین	قوس	مشتری	شمس	جمعہ	ثور	زہرہ	ثریا	عنیائیل	روبعہ	لطیف
اعداد	۵۶۹	۱۶۶	۹۵۰	۴۰۰	۱۱۸	۷۰۶	۲۱۷	۷۱۱	۱۸۱	۲۸۳	۱۲۹

ان سب اعداد کو جمع کیا تو کل مجموعہ ۴۴۳۰ ہوا۔ ان کے حروف ل ت غ غ غ غ

پس متحرجہ حروف ل ت غ غ غ غ
حروف بسط عزیری ک ش ظ ظ ظ ظ } اعداد نام حروف ۸۳۵۰

ان میں سے ۵۱ عدد خارج کئے تو باقی ۸۲۹۹ ہوئے۔ ان کے حروف بنا کر آخر میں کلمہ آئیل کا اضافہ کیا تو اسم موکل ظغر غغغغغغغغائیل پیدا ہوا

حروف بسط عزیری کو امتزاج کیا تو یہ کلمات بنے۔ لک تش غط غط غط غظ۔ پس عمل استخراج حروف بسط عزیری کیا تو تیار ہو گیا اب عامل کے نام کے اعداد ۵۷۰ ہیں۔ ان کے حروف ع ث ان کو بسط عزیری کیا تو س خ مرکب کیا عس شخ پیدا ہوئے ان کو نقش کی پشت پر تصویر بنا کر لکھ دیا۔

۷۴	۷۹	۷۲
۷۳	۷۵	۷۷
۷۸	۷۱	۷۶

پس جب وقت شمس برج حمل کے ۱۵ یا ۱۹ یا سرطان کے ۱۲ یا اسد کے ۱ یا ۵ یا سنبلہ کے پہلے یا عقرب کے ۱۱ یا ۱۲ جدی کے ۱۳ درجہ یا حوت کے ۱۸ درجہ پر ہو تو اس عمل کو بنا کر اپنے پاس رکھے۔ بلندی مرتبہ اور ہر دلعزیزی خلائق کا لطف

اُٹھائیے۔

قرآن کا اعجاز:

تقاضائے حاجت، دست رزق، محبوب القلوب، خیر برکت کیلئے مفید و اکسیر ہے۔ حروف مقطعات کا نقش کٓھٰیٰعٓصٓ کے حروف کو مخمس میں پُر کریں ایک طرف حروف کے اور دوسری طرف عدد سے پُر کریں۔ یہ عمل آپ نے شرف زہرہ جو ایک سال میں ایک دفعہ آتا ہے۔ یا آپ شرف قمر میں عمل کریں جو ہر ماہ آتا ہے۔

ایک لوح چاندی کی بنا کر ایک طرف لوح حرفی اور دوسری طرف لوح عددی پُر کریں

۹۰	۷۰	۱۰	۵	۲۰
۱۰	۵	۲۰	۹۰	۷۰
۲۰	۹۰	۷۰	۱۰	۵
۷۰	۱۰	۵	۲۰	۹۰
۵	۲۰	۹۰	۷۰	۱۰

ص	ع	ی	ھ	ک
ی	ھ	ک	ص	ع
ک	ص	ع	ی	ھ
ع	ی	ھ	ک	ص
ھ	ک	ص	ع	ی

اس نقش کے بڑے خواص ہیں جس کے تذکرہ اوپر کیا گیا ہے اس کے علاوہ کسی کے سرہانے رکھ دیا جائے تو سوال کا جواب ملے گا۔ اگر کسی سوتے ہوئے کے سینہ پر رکھ دیں تو وہ بیان کرے گا۔ جو اس دن اس کے ساتھ پیش ہوگی۔

حُروفِ نُورانی کے اثرات:

ان حروف کے بہت خواص ہیں۔ بزرگی اور بلندی مرتبہ اور ہر دلعزیزی، دافع تنگ دستی اور کشاکش کاروبار کے جوہر رکھتے ہیں وہ یہ ۱۴ ہیں۔ ال ر ک ھ ع ص ط س ح م ق ن ی

شمس ہر سال شرف میں آتا ہے۔ برج حمل میں اور قمر ہر ماہ شرف برج ثور

میں ہوتا ہے۔ ان مقطعات الٓمٓ کٓھٰیٰعٓصٓ طٰسٓ حٰمٓ قٓ مٓ نٓ کو جب قمر برج ثور یا آبی برج سرطان، عقرب، حوت میں نحوست سے پاک ہو اور منزل بھی آبی ہو اور ساعت بھی آبی ہو تو اس وقت چاندی کی لوح پر مذکورہ بالا حروف کندہ کراکر پہنیں۔ جو ڈرپوک ہوں اس کے پہننے سے حوصلہ مند اور بہادر بن جائے گا۔ لوگ اس کی عزت و احترام کریں گے۔ غصہ ور کے سر پر ملنے سے غصہ دور ہو۔ منہ میں رکھنے سے پیاس دور ہو۔ بارش کے پانی سے انگشتری یا لوح دھو کر پینے سے قوت حافظہ قوی ہوتا ہے اگر کنواری لڑکی پہنے تو اس کی شادی کے پیغام آویں گے۔ اگر مرگی والا پہنے تو مرگی سے نجات ملے۔ درد زہ والی عورت پہنے تو فوراً بچہ پیدا ہو۔ تکسیر کو مفید ہے۔ سحر والے پانی کو دھو کر پلائیں تو سحر فوراً دور ہو۔ یہ لوح مال اسباب میں رکھنے سے مال چوری سے محفوظ ہوگا۔ عاملان عمل نے ان حروف کی بڑی تعریف کی ہے۔

تسخیر و آمدنی کا تجربہ شدہ عمل :

دولت کی زیادتی اور آمدنی میں فراوانی کے لیے یہ اسم اعظم پارہ نمبر ۲۵ سورہ شوریٰ آیت نمبر ۱۹ اللّٰہ لطیف بعبادہٖ یرزق من یشآء وھو القوی العزیز ○

ان کے اعداد ۲۸۷۱ ہیں۔ جب شمس شرف میں یا اپنے گھر میں یعنی برج اسد میں آجائے اس وقت ایک انگوٹھی چاندی کی بنواؤ۔ جس میں سرخ رنگ کا نگینہ آئے اچھا ہو یا سرخ عقیق بہتر ہوگا یا جو نگینہ آپ کو مفید ہو۔ مگر شرط یہ ہے کہ اس کا رنگ سرخ ہو۔ نگینہ رکھنے کی ایسی جگہ ہو کہ اس کے نیچے تعویذ آجائے۔ انگشتری بنوانے کا وقت مقرر نہیں۔ نقش بنانے کا یہ طریقہ ہے کہ اپنے نام کے اعداد معہ مادر اور آیت کریمہ کے اعداد جمع کر کے مربع آتشی پُر کریں مگر خیال رکھیں طالع وقت اور منزل اور ساعت بھی آتشی ہو۔ مربع پُر کرنے کا قانون گذشتہ اوراق میں لکھ چکا ہوں۔ اس پر عمل کریں۔ کاغذ باریک لے کر اس پر مقررہ وقت پر نقش لکھیں۔ نقش لکھتے وقت منہ شمس کی طرف رکھیں۔ لکھتے وقت لوبان مصطگی کی دھونی دیں۔ نقش مکمل ہونے کے بعد اس

نقش کے نیچے اپنا مطلب مزدر لکھیں۔ مثلاً نوکری، نفع، ترقی، دولت تسخیر حاکم
الغرض جو مطلب ہو۔ اگر نقش کو زعفران سے لکھا جائے تو کیا ہی بات
ہے۔ نقش کو استعمال میں لا دیں۔ اگر آیت کریمہ کو اپنے نام اعداد کے مطابق پڑھتے رہیں
تو دگنا فائدہ ہو گا۔

انگوٹھی دائیں ہاتھ میں پہنیں۔ ملازمت میں ترقی، کاروبار میں نفع، ہاتھ کبھی خالی
نہ رہے گا۔ ہر کام میں غیبی امداد ہو گی۔ انشاء اللہ۔

تسخیر مخلوق و حاکم و مستورات و کند ذہنی و گریہ اطفال کا عمل

۱۔ اگر کسی حاکم کی تسخیر مطلوب ہو تو اس کے نام کے اعداد مع عہدہ ابجد قمری سے نکالو
پارہ ۱۵ سورہ توبہ آیت ۱۲۸ لقد جاءکم رسول من انفسکم عزیز علیہ ما
عنتم حریص علیکم بالمومنین رؤف رحیم۔ اس سورہ کے اعداد ۲۸۹۸ ہیں
ان تمام کو جمع کر کے جس وقت زہرہ اور مشتری کی تثلیث نظر ہو۔ اس وقت صاف
ستھرا لباس اور صاف مکان کے اندر صندل دلوبان کا بخور جلا کر نقش مخمس لکھو۔

قانون یہ ہے کہ کل اعداد میں سے ۶۰ تفریق کرو اور ۵ پر تقسیم کرو خارج قسمت
کو خانہ اول رکھ کر نقش پر کرو۔ کسرات مخمس کو اس طرح مکمل کیا جاتا ہے کہ اگر ایک
بچے تو خانہ ۲۱ میں ایک کا اضافہ کریں اگر ۲ باقی بچیں تو خانہ ۱۶ میں ایک کا
اضافہ کرو اگر تین بچیں تو خانہ ۱۱ میں اضافہ کرو اگر ۴ بچیں تو خانہ نمبر ۶ میں ایک کا
اضافہ کرو نقش پر ہو جائے گا۔ نقش کے درست ہونے میں یہ نشانی ہے کہ ہر طرف
کی تعداد پوری ہو گی۔

۲۔ اگر تسخیر خلق چاہتے تو مذکورہ بالا عمل کرو لیکن کل اعداد کے حروف بنا کر موکل بنائیں

۱۹	۲۵	۱	۷	۱۳
۲	۸	۱۴	۲۰	۲۱
۱۵	۱۶	۲۲	۳	۹
۲۳	۴	۱۰	۱۱	۱۷
۶	۱۲	۱۸	۲۴	۵

مثلاً کل اعداد ۲۴۴۲ آئے ہیں تو موکل اس طرح بنے گا۔
۲/ب ۴۰/م ۴۰۰/ت ۲۰۰۰/بغغ - تو موکل بمتغغائیل بنے گا جو نقش کے چاروں طرف لکھنا ہوگا۔

مخمس کی چال

۲۔ جو بچہ بہت روتا ہے۔ اس کے نام کے اعداد معہ مادر کے اعداد میں ۳۶۰، مزید جمع کر کے نقش مخمس پُر کر کے اس کے گلے میں ڈالیں۔ اگر کند ذہنی کے واسطے بھی نام معہ مادر کے اعداد میں ۳۶۰ جمع کر کے اس کا مخمس تیار کریں اور اس شخص یا بچے کو شہد و زعفران سے ۲۱، روز دھو کر پلائیں انشاء اللہ اعلیٰ ذہن کا مالک ہو جائے گا۔

عشق و محبت پیدا کرنے کے لیے اوقات میں سابقہ اوراق میں لکھ چکا ہوں لیکن آپ کی سہولت کیلئے مزید یہاں لکھ رہا ہوں۔ محبت و الفت پیدا کرنے کے لیے طالع وقت ثور یا میزان کو مدنظر رکھیں۔ دن جمعرات یا جمعہ کا ہونا چاہیئے ساعت بھی مشتری یا زہرہ کی ہو قمر کا خاص خیال رکھیں۔ قمر کی، زہرہ، مشتری تینوں میں سے کسی دو میں نظر تسدیس یا تثلیث یا قران ہو۔ موثر درجات کا خیال بھی ضرور رکھیں۔ زہرہ برج میزان ۱۳، یا قوس کے ۲۴، یا حوت کے ۲۳، درجہ پر مستقیم حالت میں ہو۔ قمر اس وقت برج ثور کے ۱۴، سنبلہ کے ۲۸ یا میزان کے ۸، درجہ میں واقع ہو قمر و مشتری کا قران بھی بہتر وقت ہے۔

تسخیر محبت

جب ستارہ زہرہ اپنے برج میزان کی زبانہ منزل ہو یہ عمل تسخیر کے واسطے نہایت موثر وقت ہے۔ عمل تیر کی طرح اثر کرتا ہے۔ نام طالب معہ مادر و نام مطلوب

معہ مادر کے ناموں کے حروف مفرد علیحدہ علیحدہ کریں۔ ان اسماء میں جس قدر حروف مکرر آئیں ان میں سے صرف ایک لیں۔ مثال کے طور پر طالب کا نام محمد علی اور مطلوب کا نام مشتری ہے۔ حرف علیحدہ۔ م ح م د ع ل ی، م ش ت ر ی۔ ان میں م تین بار ہے اور ی دو بار ہے۔ یہ دو حروف ہمارے کام کے ہیں باقی حروف کو ضائع کر دیں۔ اگر اتفاق سے چاروں ناموں میں سے کوئی حرف مکرر نہ ہو تو یہ عمل کام نہ دے گا۔ جو حرف مکرر آئیں ان کے آگے آئیل بڑھا کر اتنے نام پیدا کرو جتنے حروف ہیں۔ ان تمام حروف کے موکلوں کو علیحدہ لکھو اب دوسرا عمل یہ ہے کہ ان چاروں ناموں کے اعداد بحساب ابجد شمسی نکالو اور مربع آتشی چال سے پُر کرو اور اس مربع کے نیچے یہ عبارت لکھو۔ فلاں بن فلاں (نام طالب معہ والدہ) کی محبت میں فلاں بن فلاں (نام مطلوب معہ مادر) کا دل بے قرار ہو جاوے اور پھر جو حروف مکرر کے موکل نکالے ہیں وہ بھی اس نقش کے نیچے لکھنے ہیں اور ساتھ ساتھ یہ عبارت الوحا الوحا، الوحا العجل، العجل، العجل۔ الساعۃ، الساعۃ، الساعۃ۔ یہ نقش آپ کے پاس تیار ہو گیا۔ اگر اس عمل سے کسی مرد کو مسخر کرنا مطلوب ہو تو نر بکرے کا سر اور اگر عورت کو مسخر کرنا ہو تو مادہ بکری کا سر لے کر وقت مقررہ بالا نقش کو لکھ کر اس وقت سر کے منہ میں رکھ کر دھاگے سے باندھ کر گھر یا شہر کے باہر قبرستان میں دفن کر دو اور ساتھ ساتھ مطلوب کے اعداد کے مطابق یہ آیت قرآن ورد کریں۔ والقیت علیک محبۃ منی ولتصنع علی عینی۔ سورہ طٰہٰ آیت ۳۹ کا عمل بھی جاری رکھیں۔ پارہ ۱۶

تسخیر خلائق

یہ مجرب عمل اس وقت تیار کیا جاتا ہے جس وقت شمس بُرج حمل کے ۱۹ درجہ شرف میں ہوتا ہے۔ اس دن عمل شروع کر کے پورے تین ماہ جاری رکھنا پڑتا ہے۔ ترکیب یہ ہے کہ اس روز پہلے یہ معلوم کیا جائے کہ شمس کس وقت طلوع کرتا ہے۔ اس وقت کو یاد رکھو پھر آپ اس وقت کا اندازہ کر لیجیئے کہ سورہ شمس جو قرآن شریف کے تیسویں پارہ میں ہے اب ۲۹ مرتبہ کتنی دیر یا وقت میں پڑھ سکتے ہیں۔

جب آپ یہ تجربہ کریں تو قبل از طلوعِ شمس پر آپ اٹھ کر غسل کریں تو بہتر ورنہ وضو کرکے پاک صاف معطر کپڑے پہنیں اور سر پر گول اور زرین ٹوپی پہنیں اور تھوڑی سی آگ اپنے پاس رکھیں۔ نقش اس پر جلاتے رہیں آپ کا رُخ مشرق کی طرف ہو اور کھڑے ہو کر ۲۹ مرتبہ سورہ شمس پڑھیں مگر اتنی دیر طلوعِ شمس سے پہلے پڑھنا شروع کریں جب آپ ۲۹ مرتبہ پر پہنچیں تو شمس پورا طلوع ہو چکا ہو۔ یہ احتیاط ضروری ہے۔ ایک دو منٹ کا کوئی فرق نہیں۔ اگر اس سے زیادہ ہو تو عمل کا کوئی فائدہ نہ ہوگا بلکہ نقصان کا موجب بنے گا۔ اب جب آپ ۲۹ مرتبہ ختم کر چکیں اور شمس پورا طلوع ہو جائے تو اس وقت شمس کے سامنے کھڑے ہو کر اس سے مخاطب ہو کر آپ یہ الفاظ کہیں "اے نیرِ اعظم جس طرح تو تمام عالم کو سفلی سے بلند کیا ہے اس طرح مجھے بھی خدا کے حکم سے بلند کر کے تمام سردار اور امیر میری اطاعت و فرمانبرداری کریں"۔ اس طرح پانچ یا سات مرتبہ اس عبارت کو دہرائیں اس طرح تین ماہ تک یہ عمل جاری رکھیں۔ خدا کے فضل سے یہ عمل اس قدر اکسیر ہے جس کی کوئی مثال نہ ہوگی۔ اس کی پابندی اوقات بجا لانے سے عامل مانند شمس کے سربلند و معزز ہو جائے گا۔

تسخیرِ خلائق

یہ عمل حکیم طمطم ہندی سے منسوب کیا جاتا ہے۔ مگر بعض اسے مولانا ضیاء الدین کاشفی سے نسبت دیتے ہیں۔ جو صحیح معلوم ہوتا ہے مگر۔ ستارہ زحل ساتویں آسمان کا مالک ہے ایک برج کو اڑھائی سال تک رہتا ہے بارہ بروج کو تقریباً تیس سال میں طے کرتا ہے۔ ہفتے کے دن کا مالک ہے۔ اسے شرف برج میزان کے ۲۱ درجے پر ہوتا ہے۔ اسی وقت یہ عمل نہایت سریع تاثیر ہوتا ہے۔ طریقہ اس کا یہ ہے کہ یہ عمل جلالی ہے۔ نہایت احتیاط سے کرنا چاہیئے۔ پہلے ایک لوہے کی تختی تیار کریں اور جنگل میں جا کر کسی بلند جگہ یا دریا کے کنارے جو کہ پاکیزہ ہو اس جگہ گول دائرہ کھینچ کر اس کے درمیان میں بشرائط غسل و جامہ پاکیزہ بیٹھے اور ایک کالا کپڑا سر پر لپیٹ لے اور بخور (عود،

لوبان، مرچ سیاہ اور روشن کرے اور اس کے علاوہ عرض کر دوں یہ عمل جلالی ہے اس کا حصار کرنا از حد ضروری ہے۔ حصار کرنے کے لئے عاملان نے بہت طریقے ایجاد کیئے ہیں۔ لیکن یہاں سب سے آسان احصار پیش کرتا ہوں۔ یہ احصار پڑھ کر ایک چاقو پر پھونک کر اپنے ارد گرد حصار دائرہ کھینچیں اور ۷ مرتبہ پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھوں پر دم کر کے تمام بدن پر ہاتھ پھیرے تاکہ محفوظ ہو جائے۔ عمل یہ ہے۔

یَا حَلِیْمُ یَا کَرِیْمُ یَا حَافِظُ یَا حَفِیْظُ یَا نَاصِرُ یَا نَصِیْرُ یَا رَقِیْبُ یَا وَکِیْلُ یَا اللّٰہُ یَا اللّٰہُ یَا اللّٰہُ بحق کٓھٰیٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ میں نے اپنے آپ کو حرز کیا لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰہُ سے میں نے اپنا حصار کیا محمد رسول اللّٰہ سے۔ اور ایک دفعہ آیت الکرسی پڑھ کر اپنے اوپر بھی دم کریں آپ اس دائرہ میں محفوظ ہو جائیں گے۔ اب یہ دیکھنا ہے کہ زحل سے تعلق مسبع ہے: ۹×۹ = ۸۱ خانے ہوتے ہیں۔ اس کے پُر کرنے کا قاعدہ یہ ہے کہ کل اعداد سے ۳۶۰ تفریق کریں اور ۹ پر تقسیم۔ خارج قسمت کو خانہ اول میں رکھ کر نقش کو مکمل کریں۔ اگر تقسیم سے ایک بچے تو خانہ نمبر ۷۳ میں ایک کا اضافہ کریں اگر تقسیم سے ۲ بچیں تو خانہ ۶۴ میں ایک کا اضافہ کریں۔ اگر تقسیم سے ۳ باقی بچیں تو خانہ ۵۵ میں ایک کا اضافہ کریں۔ اگر ۴ بچے تو خانہ نمبر ۴۶ میں ایک کا اضافہ کریں۔ اگر ۵ باقی بچے تو خانہ نمبر ۳۷ میں۔ اگر ۶ بچے تو خانہ نمبر ۲۸ میں، اگر ۷ بچے تو خانہ نمبر ۱۹ میں اور اگر ۸ بچے تو خانہ نمبر ۱۰ میں ایک کا اضافہ کریں۔

عمل کا طریقہ:

اعداد = ۱۶۸۸۴ کا نقش مسبع تیار کریں اس پر کرنے کا قانون میں نے رحیم العملیات حصہ دوئم اور سوئم میں تفصیل سے کیا ہے وہاں سے مدد لیں۔ اس خانہ پُری کے وقت ہر خانے کو لوہے کے قلم سے پُر کرتا جائے اور اس کا موکل یا طمسہیال یا طسمہال بھی پڑھتا جائے اور مقصود کو اپنے دل میں رکھے۔ جب نقش مکمل ہو جائے سنیچر کو بعد نماز فجر کے بخور زحل سلگا دے اور اسے روشن کرے اس لوح یا تختی کو سیاہ کپڑے میں لپیٹ کر بازو راست میں باندھے۔ اگر کسی عورت کے واسطے تیار کرنا ہے

تو بازو جیب پر باندھے تیسری بات کو نوٹ کریں - اس تختی کے چاروں طرف پارہ ۳ سورہ العمران آیت ۲۶ قل اللھم ملک الملک تؤتی الملک من تشآء و تنزع الملک تؤتی الملک ممن تشآء و تعز من تشآء و تذل من تشآء بیدک الخیر۔ اس آیت کو چاروں طرف لکھیں۔

مہربانی سلاطین و اُمراء

یہ عمل اس وقت کرنا چاہیئے طالع برج جوزا یا سُنبلہ یا میزان یا ثور میں کام کرنا چاہیے۔ دن بدھ یا اتوار یا جمعہ کا ہو۔ نظرات میں سے قمر یا عطارد میں تثلیث یا تسدیس ہو۔ یاد رکھیں شمس و مریخ اور شمس و عطارد میں بہت دوستی ہے۔ عطارد جس سیارہ سے ملتا ہے اس کا دوست ہو جاتا ہے۔ لہذا شمس و مریخ و عطارد کے آپس میں قوی نظرات ہوں تو عمل خوب اثر کرتا ہے۔

۱۔ اس وقت اسم طالب مع مادر اور اسم مطلوب مع عہدہ کے اعداد ابجد قمری کے مطابق نکالیں۔

(پارہ ۲ سورہ البقرہ آیت ۱۶۳)

۲۔ والھکم الہ واحد لا الہ الا ھو الرحمن الرحیم کے اعداد ۸۸۵ ہیں دونوں کے اعداد جمع کرکے نقش مربع آتشی پُر کریں۔

۳۔ طالب کے اعداد اور مطلوب کے اعداد اور یا ودود کے اعداد (۲۰) تینوں کے اعداد جمع کرکے ان کے حروف بنا کر موکل بنا کر نقش کے سر پر لکھیں اس وقت بخود عود زعفران یا لوبان جلائیں۔ نقش تیار ہونے کے بعد پاک کپڑے میں لپیٹ کر طالب اپنے اعداد کے مطابق مذکورہ بالا آیت قرآنی پڑھیں۔ نقش کو اپنے دائیں بازو پر باندھ کر جس کے پاس جائیں گے عزت و احترام ہوگا۔

تسخیر اُمراء: اس نقش سے تسخیر اُمراء اور حکام بیک وقت کی جا سکتی ہے۔

عمل: جس وقت قمر شرف میں ہو یعنی برج ثور کے ۳ درجہ پر

ہو اور ہر قسم کی نحوست سے خالی ہو تو اس نقش کو ایک سنہری کاغذ پر لکھو اور بازو پر باندھو اور ہر روز ستر مرتبہ صراط علی حق عَلَیۡکُمۡ پڑھتے رہو۔

۷۸۶

۴۰۳	۴۰۸	۴۱۱	۳۹۶
۴۱۰	۳۹۷	۴۰۲	۴۰۹
۳۹۸	۴۱۳	۴۰۶	۴۰۱
۴۰۷	۴۰۰	۳۹۹	۴۱۲

شرف زہرہ میں لکھیں تو تسخیر کے لیئے موثر

۷۸۶

۱۷۳	۱۷۶	۱۷۹	۱۶۵
۱۷۸	۱۶۶	۱۷۲	۱۷۷
۱۶۷	۱۸۱	۱۷۴	۱۷۱
۱۷۵	۱۷۰	۱۶۸	۱۸۰

صراط علیٰ حق عسکہ

تسخیر و بزرگی :

خلقت پر بزرگی حاصل ہونے اور قوم پر تسلط جمانے کے لیئے نیک ساعت اور شرف زہرہ میں تانبے کی تختی اس آیت کریمہ یَفۡعَلُ اللّٰہُ مَا یَشَآءُ وَیَحۡکُمُ مَا یُرِیۡدُ کے اعداد ۹۵۸ ہیں اس کو طالب کے نام کے مروف عنصر کے لحاظ مربع پُر کریں اور اس آیت کریمہ کو اس نقش کے اردگرد کندہ کریں اور اس کی پشت پر یہ اسماء لکھیں۔ یاحقطیائیل یاموکیائیل، یاحنطیائیل یا کندہ کریں۔ کندہ کرتے وقت بخور (صندل، عود، زعفران، قرنفل) جلاؤ اور اپنے پاس رکھو۔ تمام خلقت مطیع ہوگی۔

۷۸۶

۳۸	۸۳۹	۱۰	۵۸	۴۴۷
۱۱	۵۴	الشدید	۳۹	۸۴۰
۳۴۹	مجب	المجید	وا	۵۵
۸۳۹	۸	۵۱	۳۵۰	۴۱
۵۷	۳۵۱	۳۷	۸۳۸	۹

یہ نقش اعظم عظیم اثرات کا مالک ہے خاص کر حب تسخیر کے لیئے بہت موثر ہے اور آزمودہ ہے۔ اگر کسی کے پاس یہ نقش ہو تو تسخیر خلق ہو کر ہر شخص عامل سے الفت اور عزت کرے اور دشمن اس سے دور رہیں۔ دنیا میں اسے سعادت نصیب ہوگی۔ لیکن اپنے ستارے کے شرف

کی حالت میں اور نیک ساعت میں لکھے تو اسے کامیابی اور کامرانی ملے گی۔

زیردستوں کے غضب سے ایمنی ورہائی از زنداں وخلاصی اجل گرفتہ

۱۔ جس وقت ستارہ شمس وقمر میں نظر تثلیث ہو اور قمر نحوست سے خالی ہو اور اتوار کا دن ہو۔ اول ساعت شمس میں آیت مبارکہ پارہ ۲۳ سورہ الصفٰت آیت ۱۷۹ سبحٰن ربک رب العزۃ عما یصفون وسلمٌ علی المرسلین والحمد للّٰہ رب العٰلمین۔ اعداد ۲۶۵۶ اور اعداد میں شخص کے نام سب کو یکجا جمع کر کے نقش مربع تیار کرے اور اسے چاندی پر لکھے یا کندہ کرے اور بخور عود، مشک، زعفران، لوبان، صندل، کافور جلائے اور قصوروار کے بازو پر باندھے۔ خدا کے فضل وکرم سے نجات پائے۔

۲۔ اگر کوئی شخص کسی حاکم اعلیٰ یا ادنیٰ کے غضب میں آگیا ہو اور بچاؤ کی کوئی امید نہ ہو تو آخیری امید خدائے رحیم کی طرف دلی رجوع کرے اور وقت کا خیال کرے یعنی طالع برج اسد ہو۔ دن جمعرات یا اتوار کا ہو۔ قمر نحوست سے پاک ہو ساعت مشتری کی ہو۔ اور شمس مریخ میں یا قمر وشمس میں نظر تسدیس یا تثلیث ہو۔ شمس برج اسد میں ہو تو آیت کریمہ ومن شر قضآءِ السوء ومن شر کل دابۃ انت اٰخذٌ نباصیتھا ان ربی علیٰ صراطٍ مستقیم، کے اعداد ۶۲۸۳ ہیں۔ جو شخص مغلوب ہو اس کے نام کے حروف کو علیحدہ علیحدہ کرے۔ اس میں دیکھو کون سا عنصر غالب ہے۔ اس عنصر سے نقش مربع پُر کرے۔ اوقات مقررہ پر لکھتے وقت بخور لوبان، عود، دارچینی، مشک، زعفران جلائیں۔ اگر کاغذ سنہری ہو تو بہتر ہے نقش لکھنے کے بعد آیت مذکور کو نقش کے اردگرد چاروں طرف لکھیں۔ قصوروار یہ نقش پہنے۔ غضب سلطان شفقت اور مہربانی میں بدل جائے گا۔ جب واپس اپنے گھر آوے تو اس نقش کو سورہ تبارک میں رکھ دے۔ نہایت مجرب ہے۔

۳۔ مذکورہ بالا ہدایت کے مطابق آیت کریمہ کے اعداد ۹۴۴۳ کو خاطی کے نام

کے حروف کے عنصر کے مطابق نقش مربع سنہری کاغذ پر پُر کرے۔ نقش لکھتے وقت کچھ شیرینی منہ میں رکھے۔ اپنی طاقت کے مطابق صدقہ دلوے۔ اس نقش کو اپنے دائیں بازو پر باندھے اگر قصور وار اگرچہ قاتل بھی ہوگا پھانسی یا گردن زنی سے خدا کے فضل سے بچ جائے گا۔

رہائی محبوس عمل تسخیر کے ذریعہ

۱۔ یہ عمل شرفِ عطارد میں کیا جاتا ہے۔ آپکو علم ہے عطارد کو شرف برج سنبلہ کے ۱۵ درجہ پر ہوتا ہے۔ اس وقت سورہ والعصر کے اعداد ۴۷۳۹ ہیں اور قیدی کے نام کے اعداد جمع کر کے نقش مسدس چاندی کی تختی پر کندہ کرائیں۔

۲۔ سورہ مذکور اور نام قیدی کے علیحدہ علیحدہ لکھ کر عمل تسخیر کریں اور ان کے حروف کو تختی کے چاروں طرف لکھ کر قیدی کے بازوؤں پر باندھ دیں۔ تسخیر کا قاعدہ سابقہ اوراق میں لکھ چکا ہوں۔ آپ کی تسلی کے لیے عمل پھر دوبارہ کرتا ہوں۔ عبدالرحیم کی تسخیر جعفری کرنی ہے نوٹ کرلیں جتنے حرُوف ہونگے اتنی سطریں بنیں گی۔

چال مسدس

۲	۹	۳۲	۳۳	۳۴	۱
۳۱	۱۸	۲۱	۲۴	۱۱	۶
۲۷	۲۳	۱۲	۱۷	۲۲	۱۰
۸	۱۳	۲۶	۱۹	۱۶	۲۹
۷	۲۰	۱۵	۱۴	۲۵	۳۰
۳۶	۲۸	۵	۴	۳	۳۵

	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹
۱	ع	ب	د	ا	ل	ر	ح	ی	م
۲	م	ع	ی	ب	ح	د	ر	ا	ل
۳	ل	م	ا	ع	ر	ی	د	ب	ح
۴	ح	ل	ب	م	د	ا	ی	ع	ر
۵	ر	ح	ع	ل	ی	ب	ا	م	د
۶	د	ر	م	ح	ا	ع	ب	ل	ی
۷	ی	د	ل	ر	ب	م	ع	ح	ا
۸	ا	ی	ح	د	ع	ل	م	ر	ب
۹	ب	ا	ر	ی	م	خ	ل	د	غ

زمام

سطر میزان: ع ب د ا ل ر ح ی م

اہم بات : مسدس میں ۶×۶ خانے ہوتے ہیں۔ کل اعداد میں سے ۱۰۵ تفریق کریں اور ۶ پر تقسیم کریں۔ خارج قسمت کو خانہ اول میں رکھ کر خانہ پُری کریں۔ اگر کسر ایک بچے تو خانہ نمبر ۳۱ میں ایک کا اضافہ کریں اگر کسر ۲ باقی بچے تو خانہ نمبر ۲۵ میں ایک کا اضافہ کریں۔ اگر باقی ۳ بچیں تو خانہ نمبر ۱۹ میں ایک کا اضافہ کریں اگر ۴ باقی بچے تو خانہ نمبر ۱۳ میں ایک کا اضافہ کریں اور اگر کسر ۵ بچے تو خانہ نمبر ۷ میں ایک کا اضافہ کریں۔

خونی قیدی کی رہائی کیلئے مجرّب نقش

جب قمر نحوست سے پاک ہو یا شرف میں نیک نظر رکھتا ہو تو اس وقت سنہری کاغذ پر زعفران سے لکھ کر خونی قیدی کے بازوؤں پر باندھیں۔ انشاء اللہ رہائی ہوگی۔ اس نقش کو لڑائی میں بھی پاس رکھنا فتح مندی ہوگی۔

۷۸۶

۸۶۹	۸۷۲	۸۷۶	۸۶۲
۸۷۵	۸۶۳	۸۶۸	۳۷۴
۸۶۴	۸۷۸	۸۷۰	۸۶۷
۸۷۱	۸۶۶	۸۶۵	۸۷۷

اعجاز جفر

ہر مقصد و مطلب کے حصول کے لیے : علم جفر کے اسرار ذیل کا طریقہ حُب بغض، ترقی عزت و رزق وغیرہ کے لیے نہایت مفید و موثر کے علاوہ تیر بہدف عمل ہے اس عمل کے لیے چار رموز علیحدہ علیحدہ ضروری ہیں۔

۱۔ نام طالب معہ مادر کے اعداد ۲۔ نام مطلوب معہ مادر کے اعداد ۳۔ مقصد چاہے محبت ہو یا جدائی۔ عزت و رزق کی ترقی ہو یا شفاء الامراض وغیرہ ۴۔ مطلوب و مقصود کے مطابق قرآنی آیت جس کا مجموعہ اعداد نقش کے خانہ نمبر ۱، ۱۴، ۱۱، ۸ کے مجموعہ سے زیادہ

ہو۔ نقش آتشی طریق سے لکھا جائے گا۔ اور دیگر عناصر کے لحاظ سے بھی لکھا جا سکتا ہے لیکن ۲۲ کا عدد اس عمل کی جان ہے۔ بہتر ہے کہ اسے محبت کے لیئے سعد اور عداوت کے لیئے نحس اوقات میں لکھا جائے تو اس کا اثر زیادہ ہوگا اور جلد ہوگا۔ یہ نقش پانچویں خانے سے شروع کیا جاتا ہے۔ خانہ ہائے آتشی ۵-۹-۱۳-۱ اور بادی ۶-۱۰-۱۴-۲- آبی ۷-۱۱-۱۵-۳ اور خاکی ۸-۱۲-۱۶-۴- ہیں۔ محبت اور بغض کے لیئے اسے آگ میں گرم کیا جاتا ہے۔ باقی امور کے لیئے اپنے پاس رکھنا پڑتا ہے۔ ہر روز طلوع کے وقت اسے دھوپ سے گرم کر لینا ضروری ہے۔ اس عمل کو بذریعہ مثال پیش کرتا ہوں تاکہ یہ عمل آپ کے ذہن نشین ہو جائے۔ مثلاً طالب کے اعداد ۹۶ اور مطلوب کے اعداد ۱۱۰ ہیں۔ مقصود ان دونوں میں محبت پیدا کرنی ہے۔ مطلوب طالب بن جائے اور طالب مطلوب ہو جائے۔ لہذا محبت کے اعداد ۴۵۰ اور آیت قرآنی جو محبت پر دلیل ہے اس کے اعداد ۱۴۵۱۰ ہیں۔ اب نقش کے پُر ہونے پر غور کرو۔ اس نقش کے ہر خانے کے کونے کے اعداد سے ظاہر کیا گیا ہے۔ جو مربع کی چال ہے وہ آتشی ہے۔

آتش ۱/ ۱۷۶	باد ۱۴/ ۱۴۰	آب ۱۱/ ۴۷۲	خاک ۸/ ۱۳۷۲۲
خاک ۱۲/ ۱۳۷۴۴	آب ۷/ ۴۵۰	باد ۲/ ۱۶۲	آتش ۱۳/ ۱۵۴
باد ۶/ ۹۶	آتش ۹/ ۱۳۲	خاک ۱۶/ ۱۳۷۶۶	آب ۳/ ۵۱۶
آب ۱۵/ ۴۹۴	خاک ۴/ ۱۳۷۸۸	آتش ۵/ ۱۱۰	باد ۱۰/ ۱۱۸

ان اعداد کو نقش میں نہیں لکھنا چاہیئے۔ یہ صرف آپ کو سمجھانے کے لیئے لکھا گیا ہے۔ طالب مطلوب میں سے پہلے مطلوب کے اعداد ۱۱۰ کو نقش کے خانہ ۵ میں لکھا پھر اس میں ۲۲ عدد زیادہ کیئے تو ۱۳۲ ہوئے تو اس کو نویں خانہ میں لکھا۔ اس میں ۲۲ جمع کر کے ۱۵۴ خانہ ۱۳ میں لکھا اور پھر ۲۲ جمع کر کے خانہ ۱ میں ۱۷۶ لکھا۔ اس طرح آتشی خانے ختم ہوئے۔ اب بادی خانوں میں چھٹے (۶) خانے کے اندر طالب کے اعداد ۹۶ لکھے پھر ان میں ۲۲ عدد جمع کر کے

۱۱۸ رہو تے خانہ نمبر ۱۰ میں لکھا اور ۱۱۸ میں ۲۲ جمع کرکے ۱۴۰ خانہ نمبر ۱۴ میں لکھا اور پھر ۲۲ جمع کرکے ۱۶۲ خانہ نمبر ۲ میں لکھا۔ اب بادی خانے بھی ختم ہوئے اب آبی خانوں کا عمل شروع کیا خانہ نمبر ۱۱ میں ۷۲۴ لکھا اور پھر ۷۲۴+۲۲ = ۴۹۴ خانہ نمبر ۱۵ میں لکھا اور پھر ۴۹۴+۲۲ = ۵۱۶ خانہ نمبر ۳ میں لکھا۔ اب خاکی خانوں کو پُر کرنا ہے۔ قرآنی آیات محبت کے اعداد ۱۴۵۱۰ ہیں۔ خانہ نمبر ۱ خانہ نمبر ۴ خانہ نمبر ۱۱ کے اعداد کا مجموعہ ۷۸۸ ہے۔ ان کو قرآنی اعداد سے کم کردیا - ۱۴۵۱۰ - ۷۸۸ = ۱۳۷۲۲ ، اب ۱۳۷۲۲+۲۲ = ۱۳۷۴۴ کو خانہ نمبر ۱۲ اور پھر بدستور ۱۳۷۴۴+۲۲ = ۱۳۷۶۶ کو خانہ نمبر ۱۶ میں لکھا اور پھر ۱۳۷۶۶+۲۲ = ۱۳۷۸۸ خانہ نمبر ۴ میں لکھا۔ اب نقش کے چاروں عنصر ختم ہو کر مربع آتشی پُر ہو گیا۔ ہر لحاظ سے نقش مکمل ہے عمل کو نہایت پاکیزہ اور سکون قلب خوشبو کے بخور جلایا جائے ایسے راز مجرب عمل سینہ بسینہ چلے آتے ہیں۔ کئی سالوں کی خدمت اور ریاضت کے بعد بڑی مشکل سے بتاتے ہیں۔ بندہ نے بڑی فراخ دلی اور فیاضی سے یہ عمل پیش کر رہا ہوں۔ اہل غرض میرے کوشش اور تجربہ سے فائدہ اٹھائیں ایسا عمل آپ کو کسی کتاب یا رسالے میں نہیں ملے گا۔ ساری کتاب کی قیمت اس عمل پر قربان کر دینا بھی اس عمل کی قیمت نہیں ہے۔

اہم نوٹ :- جس سورہ کے اعداد لیئے اس کو بھی نوٹ کرلیں۔ پارہ نمبر ۱ سورہ البقرہ ، آیت نمبر ۱۶۵ یحبونھم کحب اللہ والذین آمنوا اشد حباً للہ۔ کے اعداد ۱۴۵۱۰ ہیں

اہم گذارش :- قبل ازیں عرض کرچکا ہوں کہ سیارگان کی منسوبات اور نظرات بُروج کا تعلق آپس میں اور منازل کے عنصر کو عملیات دنیا میں بہت بڑی اہمیت ہے بہت سے لوگ شکوہ اور شکایت کرتے ہیں کہ اعمال میں کچھ اثر نہیں۔ پڑھائی سے کچھ فائدہ نہیں محض ڈھکوسلے ہیں۔ اور ان بزرگان دین پر جو اس فن شریف کے موجد ہیں۔ ناحق پھبتیاں اڑائی جاتی ہیں اور مذاق اڑایا جاتا ہے۔ اپنی غلطی کو کوئی نہیں دیکھتا ان کے لیئے کچھ عرض کرتا ہوں۔ ہر کام میں قاعدہ اور قانون کی پابندی اور اس کا قانون کو مدنظر رکھا جائے تب وہ

کام پایہ تکمیل تک پہنچتا ہے۔ میں تھوڑی سی مثال پیش کرتا ہوں۔ ایک سوئی سمندر میں نہیں تیر سکتی۔ لیکن ایک بڑا جہاز وزن اٹھا کر سمندر کا دل چیرتا ہوا چلا جاتا ہے۔ وہ قانون قاعدے سے چل رہا ہوتا ہے۔ یہی قانون عمل پر حادی ہوتا ہے۔ ذراسی کوتاہی اور کمی سے تمام کام اور عمل ناقص ہو جاتا ہے۔ بڑی سے بڑی اور چھوٹی سے چھوٹی چیز کا یہ حال ہے۔ مگر بقول حضرت فدا لاہوری

ع۔ ان کو کیا عارض جانا کہ تقدس کی خبر
جن کی قسمت میں نہیں حافظِ قرآں ہونا

جو یہ کہہ رہے کہ عمل اور نقوش میں اثر نہیں رہا۔ وہ ایام ذیل کا امتحان کبھی کر کے دیکھ تو لیں۔ ذرا برائے موافقت مطلوب و محبت کیلئے زہرہ برج حوت کے ستائیسویں درجہ پر ہو اور قمر برج ثور یا سرطان میں ہو بہت بہتر وقت ہے قران زہرہ و عطارد اور قران قمر و مشتری بھی خوب ہے۔ میرے تجربہ کی بنیاد پر آپ سے استدعا ہے۔ نقش بنانے میں صاحب عمل یا صاحب فن کی ہدایت لکھی ہو تو اس طرح عمل کریں۔ اگر ہدایت نہ ہو تو ہمیشہ محبت کے عمل میں طالع وقت ذوجسدین ضرور ہو۔ قمر زہرہ مشتری میں سے کسی دو سیاروں کی نظر سعد ہونی چاہیئے۔ یعنی قران تسدیس یا تثلیث ہو اور اگر یہی ستارے شرف میں ہوں یا اوج میں ہوں۔ دن جمعرات یا جمعہ کا ہونا چاہیئے۔ ساعت نیک ہو بلکہ اسی ستارے کی ہو۔ منزل قمر سعد ہو (ہر قمری ماہ کی ساتویں سے ۲۱ ویں تاریخ تک زائد النور ہونا چاہیئے اور باقی دن ناقص النور ہوتے ہیں۔) قمر آپ کے عمل کے وقت زائد النور ہونا چاہیئے۔ ایک بار پھر عرض کرتا ہوں۔ شائقین فن عملیات اپنے ذہن میں کندہ کریں۔ عملیات کی دنیا میں وہ عامل کامیاب و کامران رہتا ہے جو علم نجوم سے کم و بیش واقف ہوتا ہے۔ علم نجوم سے بے بہرہ ہونے کی صورت میں شائق علم الاعمال قدم قدم پر ٹھوکریں کھاتا رہتا ہے۔ وہ یہ تو جان سکتا ہے کہ مشتری و زہرہ کی ساعت میں نیک کام کی ابتدا بہتر

ہے۔ مگر وہ یہ نہیں سمجھ سکتا کہ جس وقت اس نے عمل شروع کیا زہرہ و مشتری کس حالت میں تھے۔ اگر وہ غروب یا ہبوط یا رجعت میں ہوتے تو ان سعادت کہاں وہ تو الٹا کام بگاڑ دیں گے۔ لہذا عملیات میں کامیاب ہونے کے لیے علم نجوم میں دسترس ہونی چاہیے۔ ورنہ عامل صحیح معنوں میں کامیاب عامل نہیں بن سکتا۔ آپ کی سہولت کے لیے رحیم النجوم حصہ اول دوئم اور سوئم و رحیم الوقتی زائچہ، رحیم الطالع، اجتماع سیارگان۔ آپ ان کتب کا مطالعہ کریں۔ آپ کی بہترین ممد و معاون ثابت ہوگی

عمل برائے تسخیر مطلوب :-


علماء جفر کے نزدیک یہ قاعدہ واسطے تسخیر مطلوب خواہ انسان ہو یا حیوان یا پرندہ نہایت معتبر ہے۔ بلکہ سند ہے کہ مطلوب خواہ قلعہ آہنی میں ہو تو طالب کے پاس فوراً آجائے گا۔ جب زہرہ و مشتری کی نظر تثلیث میں ہو لوح مس کے ۲۳۶۵ اعداد کا نقش مربع کندہ کرا کر گرد اس نقش کے آیت شریف سورہ البقرہ آیت ۱۶۵ یحبونھم کحب اللہ والذین آمنوا اشد حبا للہ۔ جس کے اعداد ۱۴۵۱۰ اس آیت کندہ کرا کر ایک چراغ بنوائیں۔ یہ چراغ محب کے ہر عمل کے لیے کارآمد رہے گا۔ طالب کو چاہیے کہ شروع ماہ قمری یعنی جب چاند دکھائی دے اور نحوست سے پاک ہو طالب و مطلوب کے نام کے حروف لکھ کر امتزاج کر کے حل حروف کے اعداد معہ شمار حروف و نقاط کے جمع کرے اور مجموعہ سے ۵۱ اعداد خارج کر کے باقی کے حروف بنا کر آخر میں کلمہ آئیل کا اضافہ کر کے نام موکل بنائے اور بعد ازاں امتزاج شدہ حروف کے کلمہ کو تکسیر صدر موخر کر کے حسب زمام بر آئے یعنی سطر اول دوآخر میں آجائے تو اس کو ختم کر دیں اور تکسیر کے پہلو راست و چپ راست کے حروف علیحدہ لکھ کر شمار کرے اگر جفت ہوں تو چار چار اگر طاق ہوں پانچ پانچ کو مرکب کر کے آخر میں کلمہ یوش کا اضافہ کریں یہ نام اعوان العمل ہوگا۔ اور پھر تمام تکسیر کے اعداد نکال کر مجموعہ میں سے ۳۱۹ خارج کر کے باقی حروف بنا کر آخر میں کلمہ طیش کا اضافہ کریں۔ یہ نام جنات العمل پیدا ہوگا۔

بعدازاں اعداد تسخیر کا نقش مربع بنا کر حرف پہلو راست و چپ اس کے گرد لکھ دیں اور نقش کے جانب راست تصویر طالب اور جانب چپ تصویر مطلوب ایستادہ بنا کر طالب کے سر پر نام موکل اور مطلوب کے سر پر نام جنات العمل کا لکھ کر فلیتہ بنا کر اگر چراغ زہرہ و مشتری کی تثلیث کا تیار ہو تو بہتر ورنہ لوح مس کا چراغ نیک ساعت میں بنوا کر اس میں روغن زرد اور شہد ڈال کر اس فلیتہ کو سر کی طرف سے بوقت نیم شب روشن کرے اور مقابل اس چراغ کے بیٹھ کر نام موکل و اعوان و جن استخراج شدہ کو ہر روز بلا ناغہ ۲۷ یوم تک حسب تعداد نام مطلوب کے پڑھے اور پڑھتے وقت بخور زہرہ روشن کرے اور ہر روز خاتمہ عمل پر فلیتہ جلا دیا کرے اور ہر روز فلیتہ نیا بنا لیا کرے۔ اس عمل کو تنہائی میں کرے اور اس وقت کسی سے گفتگو نہ کرے۔ پرہیز مے نوشی، جماع اور گوشت سے کرے۔ بوقت عمل تصور مطلوب کا ذہن میں ضرور رکھے اس عمل سے عجائبات ظاہر ہونگے اور کسی سے ظاہر نہ کرے زیادہ واضح کرنے کے لیئے۔ اس عمل کی مثال پیش کرتا ہوں۔ تاکہ عمل کی حقیقت آپ پر واضح ہو جائے گا۔

مثال طالب ناصر علی مطلوب گلزار بیگم مفرد کیا۔ ن ا ص ر ع ل ی گ ل ز ا ر ب ے گ م امتزاج کیا۔ ن ک ا ل ص ز ر ا ع ر ل ب ی ی ک م ن۔ نقاط، یا اعداد ۸۱، جمع ۸۰۴، طرح ۵۱، باقی ۷۵۳، حاصل حروف ج ن ذ اسم موکل جنذائیل ان حروف امتزاج کو تکسیر کیا تو یہ صورت پیدا ہوئی۔

ن	ک	ا	ل	ص	ز	ر	ا	ع	ر	ل	ب	ی	ی	ک	م	سطر اول
م	ن	ک	ک	ی	ا	ی	ل	ب	ص	ل	ز	ر	ر	ع	ا	
ا	م	ع	ن	ر	ک	ر	ک	ز	ی	ل	ا	ص	ی	ب	ل	
ل	ا	ب	م	ی	ع	ص	ن	ا	ر	ل	ک	ی	ر	ز	ک	
ک	ل	ز	ا	ر	ب	ی	م	ک	ی	ل	ع	ر	ص	ا	ن	زمام
ن	ک	ا	ل	ص	ز	ر	ا	ع	ر	ل	ب	ی	ی	ک	م	سطر میزان

پس سطر ششم زمام کی ہے۔ اس کو تر کیا تکسیر کے پہلو راست و چپ کے حروف لیئے۔
ن م ال ک م ال ک ن ان کو مرکب کیا تو "نمالیوش" "کیالیوش" "کینوش"
اعداد تمام تکسیر ۳۹۰۵ طرح ۳۱۹ باقی ۳۵۸۶ حاصل حروف "ث ج" اسم جن
فنجبطیش نقش مربع پر کیا اور تصویر طالب و مطلوب کی بنا کر فلیتہ تیار کیا۔ تصویر
طالب و مطلوب یہ ہے۔



۲۹	۴۱	۳۸۳۲	۱
۳۸۳۰	۵	۲۵	۴۵
۹	۳۸۴۲	۳۳	۲۱
۲۷	۱۷	۱۳	۳۸۳۸

پس فتیلہ بنا کر استخراج شدہ اسماء کو عزیمت میں بایں ترکیب ضم کیا۔
"بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اقسمت علیکم یا ایھا الارواح العلویات والثقافیات یا جندائیل یا
نمالیوش یا کمالیوش یا کینوش بحق یا فنجبطیش" گلزار بیگم در محبت ناصر علی بے قرار و
بے آرام شود پس اعداد مطلوب ۲۹۰ ہیں۔ پس طالب ناصر علی کو ۲۹۰ مرتبہ ۲۷ یوم
یک بلا ناغہ پڑھنا چاہیئے۔ جمیع طالبان عمل کو واضح ہو کہ اگر ضرورت ہو تو اسی طریقہ سے
اس عمل کا استخراج کر لو۔

تالیف قلوب ؛ مخفی نہ رہے کہ یہ عمل واسطے تسخیر خلائق اور مطلوب کے
واسطے نہایت ہے۔ ترکیب عمل یہ ہے کہ بروز اتوار طلوع شمس کے وقت یعنی ساعت
شمس میں باوضو ہو کر اعداد طالب و مطلوب جمل کبیر سے استخراج کرے اور ان اعداد میں اعداد
سورہ ۹۵۸ شامل کرے اردگرد آیت شریف۔ وکفیٰ باللہ شہیداً محمد الرسول اللہ"
اسم طالب و مطلوب سے امتزاج دیکھ کر لکھے۔ اور اپنے پاس بلاشک اس میں تاثیر ہوگی

مطلوب مہربان ہوگا اور طالب کی مراد پوری ہوگی۔ عملی مثال پیش کرتا ہوں تاکہ عمل بخوبی سمجھ میں آجائے گا۔ طالب کا نام غلام محمد۔ اس کے اعداد ۱۱۶۳، مطلوب شمیم کے اعداد ۳۹۰۔ سورہ کے اعداد لو ۹۵۸، کل اعداد ۱۱۶۳ + ۳۹۰ + ۹۵۸ = ۲۵۱۱، مربع کا قانون
- ۳۰
۲۴۸۱

۴) ۲۴۸۱ (۶۲۰
۲۴
۰۸
۸
۰۱

دوسرا مرحلہ: طالب و مطلوب کے حروف مفرد کر کے لکھیں۔ غ، ل، ا، م، ح، م، د، ش، م، ی، م، اور پھر آیت شریف کے حروف مفرد لکھیں۔ و، ک، ق، ی، ب، ا، ل، ل، ہ، ش، ہ، ی، د، ا، م، ح، م، د، ر، س، و، ل، ا، ل،

دغ ک ف ا ی ب ۱۲۰ ح، ل، م، ل

۶۲۷	۶۳۰	۶۳۴	۶۲۰
۶۳۳	۶۲۱	۶۲۶	۶۳۱
۶۲۲	۶۳۶	۶۲۸	۶۲۵
۶۲۹	۶۲۴	۶۲۳	۶۳۵

ی ر ر د ا ر ح م ز د ر

اب تیسرا مرحلہ: اب دونوں امتزاج دیں۔ د، غ، ک، ل، ف، ا، ی، م، ب، م، ا، ح، ل، م، ل، د، ہ، ش، ش، م، ہ، ی، ی، م، د، ا، م، ح، م، د، ر، س، د، ل، ا، ل، ہ۔ اب حروف کو نقش کے اردگرد لکھیں۔

کسی کو جائز محبت میں بے قرار کرنا

اس عمل میں عنصری حروف کام نہیں کرتے۔ آتشی حروف = ا، ہ، ط، م، ف، ش، ذ۔ بادی حروف = ب، و، ی، ن، ص، ت، ض۔ آبی حروف = ج، ز، ک، س، ق، ث، ظ۔ خاکی حروف = د، ح، ل، ع، ر، خ، غ۔

جس شخص کو اپنی ترقی مقصود ہو یا مقدمہ نے پریشان کر رکھا ہو، یا کاروبار نہ چلتا ہو، وہ عمل اس طرح کرے کہ اپنا صحیح نام معہ والدہ کے علیحدہ علیحدہ حروف میں

لکھیں۔ اگر محبت کے لیئے ہے تو نام مطلوب معہ مادر بھی ساتھ تحریر کریں، جو مطلب ہو وہ بھی ساتھ لکھیں۔ اَب ان ناموں کو چار جگہ تقسیم کرنا ہے۔ آتشی حروف علیحدہ، بادی حروف علیحدہ، آبی حروف علیحدہ اور خاکی حروف علیحدہ کریں۔ اب حروف کی چار لائنیں بنیں۔ اب آپ نے کوشش کرنی ہے کہ تمام حروف باہمی مرکب ہو جائیں۔ یعنی ہر عنصر کے حروف علیحدہ علیحدہ کرنے ہیں۔ اگر تمام حروف باہمی مرکب ہو گئے تو آفتاب کی مانند کامیابی یقینی ہے۔ بعض حروف جوڑ نہ کھانے کی وجہ سے مرکب نہیں ہو سکتے۔ ان کو مجبوراً علیحدہ علیحدہ کرتے ہیں اس طرح لکھ دو۔ اگر حروف مقدم اور مؤخر ہو کر مرکب ہوں تو بھی کوئی حَرج نہیں۔ بلکہ جس صورت میں بھی ہو مرکب کرنے کا خیال رکھو۔ اگر حروف کا بڑا حصہ مرکب ہو تو کامیابی ذرا دیر میں ہو گی۔ اگر زیادہ حصہ مفرد رہا تو کامیابی میں شبہ ہے۔

مثلاً عبداللہ بن اختری اپنی ترقی کا خواہش مند ہے۔ اِس کے حروف مفرد کیئے ع ب د ا ل ل ہ، ا خ ت ر ی، ان حروف میں آتشی حروف یہ ہیں۔ ا ر ع ل ل اَب تقسیم بالا کے آتشی حروف میں ملائے تو حروف یہ ہوئے۔ ا ع ی ل ل ا د ی ل م ن ع ا ب۔ ان دس حروف کو مرکب کیا هیتنسلل اور و،و، یہ دو الف مرکب نہ ہو سکے۔ اس طرح آپ مرکب کریں۔ اگر کسی ناموں میں کسی قسم کا کوئی حرف نہ ہو تو ہم صرف ان ہی حروف کو مرکب کریں گے جو اس مرتبہ کے ہیں۔ ہمیں چار مرکب سطور بنانی ہیں۔ جب آپ چاروں مرکب تیار کر چکے تو پھر علیحدہ علیحدہ اس مرکب شکل کے پندرہ پندرہ کے حساب سے کاغذ پر علیحدہ نقل کرو۔ یعنی آتشی نقش کو آگ میں جلاؤ۔ بادی نقش کو اونچے درخت پر لٹکاؤ۔ آبی نقش کی گولیاں بنا کر جس پانی میں مچھلیاں ہوں اِس میں بہادو۔ خاکی نقوش کو زمین میں دفن کردو۔ اِس طرح اس عمل کو پندرہ یوم تک کرو۔ خدا کے حکم سے پندرہ یوم میں کامیابی ہو گی۔ اس عمل کو عروج ماہ اور بوقت تحریر باوضو ہونا چاہیئے۔

شریعت و طریقت کا عمدہ امتزاج سلسلہائے روحانیت عملیات کا گنجینہ

رحیم العملیات

(کے حصص) اعمال بنانے والی کتاب

رب العلمین کے مقدس کلام اور اس کلام کے اثرات پر ایمان رکھنے والے حضرات کے پیہم اصرار پر حضرت قبلہ جناب ڈاکٹر عبدالرحیم نے اولیاء اللہ کے مجربات اور اپنے خاندانی عملیات کو بہترین ترتیب کے ساتھ یکجا کر کے مختلف حصوں میں پیش کیا گیا ہے۔

تمام روحانیات کے حصول اور اسرار و رموز کو اس آسانی اور سہل کے ساتھ پیش کیا ہے کہ مبتدی سے لیکر منتہی تک بغیر کسی استاد یا رہبر کے استفادہ کر سکتا ہے

اور ان حصوں کے خالق کا دعویٰ ہے کہ جہاں کوئی مشکل یا دقت ہو آپ کی رہبری کی جائیگی مزے کی بات یہ ہے ان حصوں میں چاروں سلسلہائے روحانیت کے علماء و فضلاء کے نہایت زود اثر عملیات کو خاص تشریح و توضیح کے ساتھ شامل کر دیا گیا ہے۔ یقیناً اس سے اہلِ غرض مستفید ہونگے

ادارہ روحانیات رحیمیہ ۔ شاہدرہ۔ بہاولپور

کامیابی اور محبت: ستارہ زہرہ کو بُرج جوزا میں اوج ۲۲ درجہ پر رہتا ہے۔ جب زہرہ بُرج جوزا میں داخل ہو تو آپ عمل کے لیئے تیار ہو جائیں۔ اول غسل کریں۔ لباس صاف ستھرا پاکیزہ و معطر پہنیں۔ پھر دو رکعت نماز نفل پڑھیں ہر رکعت میں الحمد شریف کے بعد سورہ والضحٰی تین بار پڑھیں۔ بعد سلام قبلہ کی طرف منہ کر کے نیت دل میں یہ کریں کہ خدا تعالیٰ اس عمل کے صدقے میری مُراد پوری کرے اپنے نام کے اعداد معہ مادر نکال کر اس میں ۳۴۹۹ اضافہ کریں اور نقش مسبع پُر کریں یعنی ہفت در ہفت نقش مکمل ہونے کے بعد ہر خانے کے باہر کی طرف یہ حروف لکھیں ص، ط، ض، ق، خ، ظ، غ۔ اس کے بعد اس نقش کو عطر سے معطر کر کے اپنے پاس رکھیں۔ سات دن میں مُراد پوری ہوگی۔ مُراد پوری ہونے کے بعد قرآن پاک کا ہدیہ کسی غریب قرآن خواں کو دے دیا جائے۔ یا کسی مسجد میں وقف کر دو۔

مسبع کی چال

	غ	ظ	ض	خ	ق	ص	ط	
ط	۳۲	۳۸	۴۴	۱	۱۴	۲۰	۲۶	غ
ص	۴۰	۴۶	۳	۹	۱۵	۲۸	۳۴	ظ
ق	۴۸	۵	۱۱	۱۷	۲۳	۲۹	۴۲	ض
خ	۷	۱۳	۱۹	۲۵	۳۱	۳۷	۴۳	خ
ض	۸	۲۱	۲۷	۳۳	۳۹	۴۵	۲	ق
ظ	۱۶	۲۲	۳۵	۴۱	۴۷	۴	۱۰	ص
غ	۲۴	۳۰	۳۶	۴۹	۶	۱۲	۱۸	ط
	ط	ض	ق	خ	ض	ظ	غ	

نقش لکھنے سے قبل و آخر سات مرتبہ درود شریف پڑھیں نقش لکھتے وقت قبلہ رُخ بیٹھو نقش پُر کرنے کا قانون یہ ہے۔

مسبع خانہ پُری کا قانون کل اعداد میں سے ۱۶۸ تفریق کریں اور ۷ پر تقسیم کرنے کے بعد حاصل قسمت کو پہلے خانے میں لکھ کر بالترتیب چال نقش ہذا کو پُر کریں۔ پہلا خانہ وہ ہے جہاں ایک کا ہندسہ لکھا ہے۔ کسرات کے لحاظ سے اگر ایک بچے تو خانہ نمبر ۴۳ میں اگر ۲ باقی بچے تو خانہ نمبر ۳۶، اگر ۳ بچے تو خانہ نمبر ۲۹، اگر ۴ باقی بچے تو خانہ نمبر ۲۲

اگر ۵ ، بچے تو خانہ ۱۵، اور اگر ۶ ، باقی بچے تو خانہ ۸ میں ایک کا اضافہ کرتے جائیں نقش پُر ہو جائے گا۔ محنت کیجیے آزمائیے اور فائدہ اٹھائیے۔

محبّت مجُوب : نام مطلوب معہ مادر اور نام طالب معہ مادر علیحدہ علیحدہ حُروف مکتوبی میں لکھیں۔ پھر دونوں ناموں کے حُروف شمار کر کے اگر اتفاق سے دونوں برابر ہوں تو بہتر اگر دونوں میں کمی بیشی ہے تو اس کی یہ صُورت ہے۔ مثلاً مطلوب معہ مادر کے گیارہ حرف ہیں۔ اور نام طالب معہ مادر کے نام کے حروف بارہ یا تیرہ ہیں یا اس سے بھی زیادہ ہیں۔ یا طالب معہ مادر کے نام کے حُروف سے مطلوب معہ مادر کے نام کے حروف زیادہ ہیں۔ اگر کسی میں سے نام کے حروف زیادہ ہوں ان کو علیحدہ علیحدہ لکھیئے جب زائد حروف نکل کر دونوں ناموں کے حُروف بابرابر ہو جائیں تو اب ایسا کرو کر ان سے استخراج کے لیئے پچھلے طالب کے نام کا پہلا حرف لکھو پھر مطلوب کے نام کا پہلا حرف اس سے آگے لکھو، پھر طالب کے نام کا دُوسرا حرف اس کے آگے لکھو اور پھر مطلوب کے حرف کا دوسرا حرف اس سے آگے لکھو۔ اسی ترتیب سے اخیر تک لکھتے جاؤ۔ جب یہ حروف ختم ہوں تو وہ زائد حروف جو آپ نے علیحدہ لکھ رکھے ہیں اگر طالب کے نام کے حروف زائد ہیں تو اس سطر کے شروع میں لکھو اور اگر مطلوب کے حروف زائد ہیں تو انہیں سطر کے آخر میں بڑھا دو۔ یہ سب ایک لائین ہو جائے گی۔ اس کو تکسیر جعفری کرنے سے پہلے مذکورہ بالا سطر سے بائیں طرف کا حرف لو اور پھر اس سطر کا دائیں طرف کا حرف لو اسی طرح دائیں بائیں تمام حروف کو اُلٹ پلٹ کرتے جاؤ۔ حتّٰی کہ پہلی سطر ہُو بہو نیچے آ جائے تو یہ صدر مؤخر ہو گیا۔ اَب ان تمام لائینوں کو علیحدہ علیحدہ کاٹ کر مطلوب کا پہنا ہوا کپڑا جس میں اس کا پسینہ لگا ہوا ہو۔ ان تمام لائینوں کی بتیاں بنائے اور اس کپڑے میں لپیٹ کر رات کے وقت ایک بتی روزانہ جلائیں اور ساتھ ساتھ یہ آیت بھی پڑھتے رہیں۔ وَاَلْقَیْتُ عَلَیْکَ مَحَبَّۃً مِّنِّیْ وَلِتُصْنَعَ عَلٰی عَیْنِیْ۔ انشاءاللہ تمام بتیاں ختم ہونے کے بعد وہ شخص دوست و جاں نثار بن جائے گا۔

عملِ محبّت ؛ عروجِ ماہ میں تثلیث زہرہ و مشتری یا زہرہ و قمر یا زہرہ و عطارد کی تثلیث میں نام طالب معہ مادر اور نام مطلوب معہ مادر کے اعداد ابجد قمری کے لے کر یہ اعداد ۲۲۲۴ ان کے اعدادوں میں جمع کر دیں اور حروف مطلوب کے نام کے عنصر کے مطابق نقش مربع پُر کریں۔ اگر مطلوب کا عنصر آتشی یا بادی ہو یا آبی ہو یا خاکی ہو الغرض جو عنصر ہو اس کے مطابق نقش پہلے پُر کریں بعد میں دوسرے عنصر کا نقش پُر کریں اور بعد میں تیسرے عنصر کا نقش پُر کریں۔ آخر میں چوتھے عنصر کا نقش پُر کریں آپ نے چار نقش عنصر کے لحاظ سے پُر کرنے ہیں اور ہر نقش کے نیچے یہ عبارت لکھنی ہے المحبت والتسخیر فلاں بن فلاں (مطلوب) علیٰ حب فلاں بن فلاں (طالب) عاشقاً مجنوناً دائماً ابداً سرمداً فی کل مال و مکان العجل العجل العجلُ۔

جب چار نقش پورے ہو جائیں تو ہر نقش پر مطلوب کا پہنا ہوا کپڑا لپیٹ دیں۔ ہر نقش کو عود یا صندل کی دھونی دیں اور عطر لگا کر پھر آتشی نقش کو چراغ نو میں شہد اور گھی ڈال کر لطور بتی جلا دیں۔ بادی کو دھاگہ میں باندھ کر کسی پھلدار درخت پر لٹکا دیں آبی کو دریا یا چلتے کنوئیں میں ڈال دیں۔ خاکی نقش کو راستہ مطلوب میں دبا دیں۔ نقوش پاک صاف کاغذ پر مشک و زعفران یا سیاہی سے لکھیں۔ دن رات میں کوئی ایک وقت مقرر کر کے تنہائی میں عمل کرتے رہیں بہتر ہے۔ ان سیاروں کی ساعتوں میں لکھا کریں یہ سولہ دن کا عمل ہے۔ خدا چاہے گا تو مطلوب کے دل میں طالب کی محبت آگ کی طرح بھڑک اٹھے گی۔

محبّت کا بہترین عمل ؛ یہ عمل مکرر مربع کی صورت میں کیا جائے گا۔ جس کی صورت یہ ہے۔ اس چال سے نقش پُر کریں۔ ترکیب یہ ہے کہ اعداد طالب معہ والدہ میں ۲۰۳۰۱ ملا کر مجموعہ میں سے ۶۰۷ عدد کم کر کے بقیہ کو چار پر تقسیم کرنے کے بعد خارج قسمت کو پہلے خانے میں لکھ کر بقایا خانوں میں نمبروار دو کا

اضافہ کرتے جاؤ۔ نقش پُر ہوگا۔ مثال کے طور پر خارج قسمت ۲۰ ہیں تو نقش کے پہلے خانہ میں ۲۰ ، اور دوسرے خانے میں ۲۲ ، اور تیسرے خانے میں ۲۴ ، اور چوتھے خانے میں ۲۶ ۔ علیٰ ھذا لقیاس ، اسی طرح تمام خانوں کو پُر کرو کے اس طرح اسم مطلوب معہ والدہ کے اعداد میں ۱۰۷۸ ، کا اضافہ کر کے مجموعہ میں ۳۰ ، تفریق کر کے بقایا کو ۴ ، پر تقسیم کر کے خارج قسمت کو چال مذکور کے نچلے خانہ میں لکھ کر اس کے بعد بطریق مُربع ہر خانہ میں ایک ایک بڑھاتے جاؤ۔ کسرات کا لحاظ سے یعنی تقسیم سے اگر ایک بچے تو خانہ ۱۳ میں ۲ ، کے واسطے خانہ ۹ میں اور تین بچیں تو خانہ ۵ ، مطلوب کی صورت میں ایک اور طالب کی صورت میں ۲ ، کا اضافہ کرو نقش پُر ہوگا۔ اس نقش کو عروج ماہ ذوجسدین بروج اور جمعرات کو بعد نماز مغرب عشاءٗ سے قبل باوضو اور قبلہ رُخ ہوکر زعفران سے لکھو اور تھوڑا پاک کپڑا لپیٹ کر بتی بنا لو اسے خوشبو دار تیل میں جلاؤ ۔ اور اسے جلاتے وقت پاس بیٹھے رہو اور یہ پڑھتے رہو۔

نقش کی چال اس طرح ہوگی

٨ / ٨	١١ / ١١	١٤ / ١٤	١ / ١
١٣ / ١٣	٢ / ٢	٧ / ٧	١٢ / ١٢
٣ / ٣	١٦ / ١٦	٩ / ٩	٦ / ٦
١٠ / ١٠	٥ / ٥	٤ / ٤	١٥ / ١٥

یااللہ جس طرح یہ بتی جل رہی ہے اسی طرح فلاں بن فلاں کا دل فلاں بن فلاں کی محبت میں جلے ۔ بحق یاودود یاودود اس کے پڑھنے کے بعد کوئی تعداد مقرر نہ ہے۔ مگر یک صد سے کم نہ ہو بلکہ زیادہ پڑھنا اچھا ہے۔ جب بتی جل جاوے عمل ختم ہو۔ اس روزانہ سولہ دن تک عمل کرو ۔ نقش روزانہ ایک سیاہی سے اکٹھے لکھ کر رکھ لو خدا کے حکم سے سولہ دن عمل کروگے تو مطلوب بے قرار و سرگرداں ہو جائے گا اور حاضر ہوگا اس عمل میں صرف لہسن و پیاز ۔ گوشت نہ کھائیں ۔ دیئے کا رُخ خانہ مطلوب کے گھر کی جانب ہونا ضروری ہے۔

حُب کا مؤثر اور مجرب نقش ؛ مطلوب اور طالب کے بُروج اور ستارے

بروجی طریقے سے نکال کر اپنے پاس رکھیں۔ جس وقت قمر ان کے بُرج میں موجود ہو اور ستاروں کی آپس میں نظر تسدیس و تثلیث ہو اس وقت سعد ساعت میں اس نقش کو لکھ کر ثمردار درخت سے باندھ دیں تو محبُوب بے قرار ہو کر حاضر ہوگا۔

اگر رات کو سوتے وقت اس تصویر کو سرہانے کے نیچے رکھ لے تو بھی مطلوب بے قرار ہو جائے گا۔

قل	هو	اللہ	احد	اللہ	الصمد	لم	یلد
هو	اللہ	احد	اللہ	الصمد	لم	یلد	ولم
اللہ	احد	اللہ	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد
احد	اللہ	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم
اللہ	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن
الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن	لہ
لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن	لہ	کفواً
یلد	ولم	یولد	ولم	یکن	لہ	کفواً	احد

اعمال تسخیر با اثر وقت :

طالع برُج جوزا یا سُنبلہ یا میزان یا ثور میں اعمال تسخیر کرنا چاہیئے۔ دن بدُھ یا اتوار یا جمعہ کا ہونا چاہیئے۔ نظرات قمر و عطارد میں تثلیث یا تسدیس ہو۔ اس بات کو نہ بھولیں کہ شمس و مریخ اور شمس و عطارد میں بُہت دوستی ہے۔ آپکو معلوم ہے کہ عطارد سیارہ جس ستارے سے ملتا ہے اس کا دوست ہو جاتا ہے لہذا شمس و مریخ و عطارد کے آپس میں سعد قوی نظرات ہو تو ایسا عمل کامیاب رہتا ہے۔ یہاں پر دو تسخیر مطلوب کے لیئے نقش پیش کرتا ہوں۔

یہ نقش عالمان عمل کا تجربہ شدہ نقش ہے۔ اس نقش کی انہوں نے اپنی کتب میں بُہت تعریف کی ہے۔ ملاحظہ فرمائیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط

لا الٰہ الا اللہ محمد الرسول اللہ

یا میکائیل علیہ السلام — یا جبرائیل علیہ السلام

۲۶۹۸	۲۶۹۱	۲۶۹۶	یا حنان
۲۶۹۳	۲۶۹۵	۲۶۹۷	یا منان
۲۶۹۴	۲۶۹۹	۲۶۹۲	یا دیان
علیقا	علیقا	علیقا	یا برھان

[illegible] [illegible]

یارازق ۔ یاوھاب یابدوح یابدوح

۷۸۶

۱۸۵	۱۹۲	۱۹۸	۲۰۴	۱۷۹
۱۹۹	۲۰۰	۱۸۰	۱۸۶	۱۹۳
۱۸۱	۱۸۷	۱۹۴	۱۹۵	۲۰۱
۱۹۰	۱۹۶	۲۰۲	۱۸۲	۱۸۸
۲۰۳	۱۸۳	۱۸۴	۱۹۱	۱۹۷

عاملان مخمس نے اس نقش مخمس کی اتنی تعریف کی ہے کہ میں صفحہ قرطاس پر نہیں لکھ سکتا اسے بے نظیر اور مجرب کے الفاظ سے نوازا ہے ۔ اس نقش کو ساعت زہرہ میں بحالت شرف ہوتا بنے کی تختی پر کندہ کر کے اپنے پاس رکھیں ۔ تختی کے دوسری طرف سورہ توبہ آیت ۱۲۸ لکھیں ۔
لقد جاء کم رسول من انفسکم عزیز علیہ ما عنتم حریص علیکم بالمومنین رءوف رحیم
پھر قرآن کا اعجاز دیکھیں ۔

۷۸۶

محبت کا عمل ۱

نام مادر طالب	۴۰۴	۱۴۷	۱۶	نام طالب
۱۴۸	۱۲	۱۱۱	۱۳۶	۴۰۵
۱۱۲	۱۳۷	۴۰۶	۴۴	۱۳
۱۰۲	۱۴۵	۱۴	۱۳	۱۳۸
نام مادر مطلوب	۱۱۴	۱۳۴	۴۰۳	نام مطلوب

اگر کسی کو محبت میں بے قرار کر کے تسخیر و تابع بنانا ہو تو اس نقش کے چاروں کونوں پر چاروں اسموں کے اعداد ثبت کرو ۔ جو کچھ طالب و مطلوب اور ان کی ماؤں کے نام ہوں ان کے عددوں کو اس طرح خانوں میں لکھو کر ان کی اضلاع د

قطار کے عدد برابر رہیں۔ اس نقش کو طالب اپنے پاس رکھے۔ یہ ایک نہایت مجرب اور سریع الاثر طریقہ ہے۔ اگر آپ نے وقت کے اندر اس کو سمجھ کے عمل کیا تو آپ ۹۹ فیصد کامیاب رہیں گے۔

نافرمان بیوی مطیع ہو جائے

سورہ جمعہ جس کے اعداد ۶۱۵۲۵ ہیں۔ جب میاں بی بی میں باہم مخالفت ہو تو سورہ جمعہ کو تین بار پڑھے اور پانی پر دم کر کے دونوں کو پلاؤ اور یہ نقش میاں اپنے پاس رکھے۔

۷۸۶

۹۱۵۸	۱۵۲۸۱	۱۵۲۸۴	۱۵۲۸۷	۱۵۲۷۳
۹۱۵۸	۱۵۲۸۶	۱۵۲۷۴	۱۵۲۸۰	۱۵۲۸۵
۹۱۵۸	۱۵۲۷۵	۱۵۲۸۹	۱۵۲۸۲	۱۵۲۷۶
۹۱۵۸	۱۵۲۸۳	۱۵۲۷۸	۱۵۲۷۶	۱۵۲۸۸
۹۱۵۸	۹۱۵۸	۹۱۵۸	۹۱۵۸	۹۱۵۸

آتشی چال ↓

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

بے قراری مطلوب

اگر کسی کو اپنے عشق میں بے قرار کرنا ہو تو طالب معہ مادر و مطلوب معہ مادر کے نام کے اعداد جمع کریں اور ۱۲۸۶۷ میں جمع کر کے مربع آتشی چال سے نقش کو پُر کرو۔ اگر کسر ایک بچے تو خانہ نمبر ۱۳ میں اگر کسر ۲ بچے تو خانہ ۹ میں اگر کسر ۳ بچے تو خانہ نمبر ۵ میں اضافہ کریں۔ نقش مکمل ہو جائے گا۔ تو اس نقش کو مطلوب کے بالوں میں لپیٹ کر آگ میں دفن کر دو تو عمل زود اثر ہو جائے گا۔

شوہر زیادہ محبت کرے

اگر کسی کا شوہر مکروہاتِ دُنیا میں گرفتار ہو کر زوجہ سے بے پرواہی کرے اور محبت نہ کرے فساد کرے خرچہ نہ دے اور دُوسری عورتوں کے ساتھ ناجائز تعلق رکھے تو عورت کو چاہیئے کہ ۲، ۲ رکعت نماز

اس ترتیب سے پڑھے کہ ہر رکعت بعد الحمد شریف کے یہ آیت سات مرتبہ پڑھے
پارہ نمبر ۲۸، سورۃ الممتحنہ آیت نمبر ۷ عسی اللہ ان یجعل بینکم و بین الذین
عادیتم منہم مودۃً واللہ قدیرٌ واللہ غفور رحیم ۵

جب سلام پھیرے تو ۷۰ بار یہ درود شریف پڑھے۔ اللھم صلی علی محمد وعلی
آل محمد بعدد من صلی علیہ۔ اس کے بعد ۷۲ بار یہ دعا اللّٰھم لین قلبی
(شوہر اور اس کی ماں کا نام لیوے) کما لینت الحدید لداؤد علیہ السلام و سخرلی کما
سخرت الریح لسلیمان ابن داؤد علیہم السلام والف بیننا کما الفت بین محمد
صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم و خدیجہ وعلی علیہ السلام و زھرا یا ارحم الراحمین۔

منظوری عقد :

جب کوئی بیوہ عورت عقد ثانی کرنے پر راضی نہ ہو تو کچھ مسجد کی خاک جو آباد ہو لیکر اس کی چھوٹی چھوٹی سات ٹکیاں بنا کر ہر ایک پر یہ آیت لکھو اور ایک ریشمی کپڑا لے کر اس پر بھی آیت پانچ مرتبہ لکھو اور اس پر پانچ حرف "ق" بھی تحریر کرو۔ اس کپڑے کو بطور تعویز کسی طرح اس کے گلے میں پہنا دو یا اس عورت کی دہلیز میں دفن کرو اور ہر جمعہ کو ایک ٹکیہ کو تاؤ دے کر پانی میں بجھا کر وہ پانی عورت کے راستے میں بچھا دو۔ یہ عمل سات جمعہ تک کرو۔ وہ ساتوں ٹکیہ ختم ہو جاویں تو وہ عورت خود بخود نکاح کا پیغام دے گی۔ وہ سورہ پارہ نمبر ۱۷، سورہ الحج آیت نمبر ۲۶ وَاَذِّنْ فِی النَّاسِ بِالْحَجِّ یَاْتُوْکَ رِجَالًا وَّعَلٰی کُلِّ ضَامِرٍ یَّاْتِیْنَ مِنْ کُلِّ فَجٍّ عَمِیْقٍ ۵ لِّیَشْھَدُوْا مَنَافِعَ لَھُمْ۔ عمل اس وقت کریں زہرہ بحالت مستقیم ہو برج ثور کے ۱-۴، یا اسد کے ۱۴ یا سنبلہ کے ۱-۱۰-۱۴، یا میزان کے ۸-۱۳، عقرب کے ۱۶ قوس کے ۱۹، جدی یا حوت ۲۲، ۲۷ درجہ پہ ہو۔ نظرات قمر یا مشتری کے ساتھ سعد ہوں دن جمعرات یا جمعہ کا ہو۔

محبت کا عمل مؤثر مجرب :

میرا تجربہ اور اعتقاد و مکمل یقین ہے کہ کوئی

عمل کوئی نقش کوئی استخارہ اثر سے خالی نہیں ہوتا۔ تاثیر کا انحصار عامل کی نیت کوشش اور صحیح ترکیب صحیح وقت کے انتخاب پر ہے۔ جو عامل استخراج وقت سے واقف نہیں اس کا عمل بے اثر ہے۔ محبت کا عمل پیش کر رہا ہوں۔ پُرتاثیر ہے۔ اس عمل میں طوالت تو ضرور ہے۔ مگر خدا کی نعتیں محنت سے ہاتھ آتی ہیں۔ جو لوگ خدا اور اس کے قرآن پر یقین کامل رکھتے ہیں۔ وہ ہمیشہ کامیاب و کامران رہتے ہیں۔ مجرب عمل ہدیہ ناظرین پیش کر رہا ہوں جو نہ صرف میاں بیوی پر قادر ہوگا بلکہ ۲، فریقین جس میں سخت دشمنی ہو اور عداوت ہو اور وہ نفرت کرنے والے افرادِ حصول رشتہ کے خواہشمند ہوں یا افسر ماتحت میں ان بن رہتی ہو۔ الغرض کوئی فریقین کا مقصد ہو تو اس آیت کریمہ

وَاَلْقَیْتُ عَلَیْکَ مَحَبَّۃً مِّنِّیْ وَ لِتُصْنَعَ عَلٰی عَیْنِیْ۔ (سورہ طٰہٰ آیت ۳۹)

عمل پیش کرنے سے پہلے یہ عرض کر دوں کہ ذوالکتابت کے قانون سے نقش تیار کریں گے۔ لیکن بعض اصحاب اس مربع کا قاعدہ نہ جانتے ہوں ان کے لیئے ذرا تفصیل سے پیش کر دوں۔ میرا مقصد یہ ہے کہ ہر ایک قانون اور قاعدہ واضح اور روشن ہو جائے۔ آپکی محنت آپکی کامیابی کا سبب بنے۔ اور کسی سے دریافت نہ کریں۔ ہمیشہ میرا مطمع نظر یہ رہا ہے کہ آپکی امانت آپکو سپرد کر دوں۔ غور کیجیے نقش ذوالکتابت کا ترفع و تنزل کا طریقہ کسی اور کتاب یا حصہ میں پیش کر چکا ہوں۔ قاعدہ یہ ہے کہ دور اول ۱، ۲، ۳، ۴، خانوں کا ہوتا ہے۔ ان خانوں میں خانہ اول میں جو حرف سورہ کا ہے اس کے عدد ایک کم کر کے خانہ اول میں رکھ کر ایک ایک بڑھاتے جائیں، خانہ ۴ تک۔ دوئم ۵، ۶، ۷، ۸، خانوں کا ہے حروف سورہ ۲ کے اعداد میں سے ۲، عدد کم کر کے خانہ ۵ میں ایک ایک کا اضافہ کرتے جائیں گے۔ اس طرح دور سوئم ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۲، خانوں کا ہے۔ تیسرے حرف سورہ کے کم کر کے سابقہ عمل کی طرح ایک ایک بڑھا کر خانہ پُری کریں گے۔ دور چہارم بھی اسی قانون کے مطابق عمل کر کے ۱۳، ۱۴، ۱۵، ۱۶، ار مکمل کریں گے۔

احتیاط:۔ یاد رہے کہ نقش لکھتے وقت مقررہ چال سے جب اوپر کے خانے رہیں گے تو ان میں بجائے اعداد کے سورہ کے حصے لکھیں گے۔ اگر اوپر کے خانوں میں کوئی آیت کا ٹکڑا جس خانہ

بس ہو گا ۔ اتنا نقش کے مطابق لکھا جائے گا۔ اگر نقش کے اُوپر پہلے ہی پورا اسم یا پوری آیت لکھ دیں گے اور بعد میں دوسرے خانہ پُر کریں گے ۔ تو نقش درست نہ ہو گا ۔ اور نہ ہی تاثیر ظاہر کرے گا ۔ کیونکہ چال کے لحاظ سے غلط طریقے سے پُر کیا گیا ہے ۔ اس عمل کی عملی مثال پیش کرتا ہوں تاکہ آپ کی سمجھ میں صحیح حل پیش ہو۔

آیت کریمہ کو دو حصوں میں تقسیم کریں گے ۔ حصہ اول اس قانون سے نقش پُر کیا جائے گا ۔

۱، نام طالب معہ والدہ = الفت رحیم بن فیض الہی کے اعداد = ۱۷۰۵

آیت کریمہ کے حصہ ۲، والقیت کے اعداد = ۵۴۷ ۳، علیک کے اعداد = ۱۳۰

۴، محبۃ منی کے اعداد = ۵۵۰ .

پہلا نقش طالب کا

نقش اول طالب کا آتشی چال سے پُر کیا جائیگا

۷۸۶

۱/ ۵۴۶	۱۴/ ۵۴۸	۱۱/ ۱۳۲	۸/ ۱۷۰۶
۱۲/ ۱۳۳	۷/ الفت رحیم بن فیض الہی	۲/ وُالقُیُت	۱۳/ ۵۴۷
۶/ ۱۷۰۴	۹/ علیک	۱۶/ محبۃ منی	۳/ ۵۴۸
۱۵/ ۵۴۹	۴/ ۵۴۹	۵/ ۱۷۰۳	۱۰/ ۱۳۱

خانہ نمبر ۱، ۲، ۳، ۴، والقیت سے پُر کیا جائیگا ۔ والقیت کے اعداد ۵۴۶ = 1-۵۴۷ ،

خانہ نمبر ۱ میں ۵۴۶، خانہ نمبر ۲ میں والقیت ، خانہ نمبر ۳ میں ۵۴۸، خانہ نمبر ۴ میں ۵۴۹ پُر کیا جائیگا۔

خانہ نمبر ۵، ۶، ۷، ۸ ، الفت رحیم کے اعداد سے پُر کیا جائیگا ، الفت رحیم کے نام کے اعداد ۱۷۰۵ ،۲ تفریق کیا ۱۷۰۳، آیا ۔ خانہ نمبر ۵ میں ۱۷۰۳، اور خانہ نمبر ۶ میں ۱۷۰۴، اور خانہ نمبر ۷ میں الفت رحیم بن فیض الہی لکھا جائے گا ۔ اور خانہ نمبر ۸ میں ۱۷۰۶، لکھا جائیگا ۔ خانہ نمبر ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۲، کی خانہ پُری علیک جس کے اعداد ۱۳۰، ہیں خانہ نمبر ۹ میں علیک لکھی جائیگا ، خانہ نمبر ۱۰ میں ۱۳۱ خانہ نمبر ۱۱ میں ۱۳۲، خانہ نمبر ۱۲ میں ۱۳۳ لکھا جائیگا ۔ اب خانہ نمبر ۱۳، ۱۴، ۱۵، ۱۶، کی خانہ پُری اس طرح ہوگی ۔ آیت کا حصہ محبۃ منی اس کے اعداد ۵۵۰ ہیں ۔ اس میں ۳، عدد کم کریں گے خانہ نمبر ۱۳ میں ۵۴۷ ، خانہ نمبر ۱۴ میں ۵۴۸ ، اور خانہ نمبر ۱۵ میں ۵۴۹ ، اور خانہ نمبر ۱۶، محبۃ منی سے پُر کیا جائیگا۔

اَب مطلوب کا بھی نقش اِس طرح پُر کیا جائیگا،

نام مطلوب معہ مادر - نسیم اختر بنت فیض الہٰی کے اعداد = ۲۲۹۷،

مطلوب، کا نقش بھی آتشی چال سے لکھا جائے گا۔

۷۸۶

۸/ ۲۲۹۸	۱۱/ ۱۱۲	۱۴/ ۱۲۱	۱/ ۶۴۵
۱۳/ ۱۳۷	۲/ ولتقنع	۷/ نسیم اختر بنت فیض الہٰی	۱۲/ ۱۱۳
۳/ ۶۴۷	۱۶/ عیسٰی	۹/ علی	۶/ ۲۲۹۶
۱۰/ ۱۱۱	۵/ ۲۲۶۵	۴/ ۶۴۸	۱۵/ ۱۳۹

قرآنی آیت کے جیسے

(۱) ولتقنع کے اعداد ۶۴۶،

(۲) علی کے اعداد = ۱۱۰،

(۳) عیسٰی کے اعداد = ۱۴۰،

سابق طریق سے نقش پُر کیا جائے گا۔ خانوں کی خانہ پُری اس طرح ہے۔

خانہ نمبر ۱، ۲، ۳، ۴، ولتقنع سے پُر کیا جائے گا۔ مثلاً ولتقنع کے اعداد ۶۴۶، ہیں ایک تفریق کیا۔ ۶۴۵، بچے۔ خانہ ۱، میں ۶۴۵، خانہ نمبر ۲، میں ولتقنع لکھا جائیگا۔ خانہ نمبر ۳، میں ۶۴۷، خانہ نمبر ۴، میں ۶۴۸، لکھا جائے گا۔ اب خانہ نمبر ۵، ۶، ۷، ۸، کی خانہ پُری کریں گے۔ مطلوب کے نام کے اعداد سے۔ مثلاً نسیم اختر بنت فیض الہٰی کے اعداد ۲۲۹۷، ہیں ۲، عدد تفریق کیا تو ۲۲۹۵، بچا۔ خانہ نمبر ۵، میں ۲۲۹۵، خانہ نمبر ۶ میں ۲۲۹۶، خانہ نمبر ۷، میں نسیم اختر بنت فیض الہٰی اور خانہ نمبر ۸، میں ۲۲۹۸، لکھا جائے گا۔

تیسرا دور = خانہ نمبر ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۲، - علی جس کے اعداد ۱۱۰، ہیں - ان اعداد سے پُر کیا جائیگا۔ خانہ نمبر ۹، میں علی - خانہ نمبر ۱۰ میں ۱۱۱، خانہ نمبر ۱۱، میں ۱۱۲، اور خانہ نمبر ۱۲، میں ۱۱۳، سے پُر کیا جائے گا۔

آخری دور = خانہ نمبر ۱۳، ۱۴، ۱۵، ۱۶، - عیسٰی جس کے اعداد ۱۴۰، ہیں میں سے ۳ تفریق کیا - خانہ نمبر ۱۳، میں ۱۳۷، خانہ نمبر ۱۴، میں ۱۳۸، خانہ نمبر ۱۵، میں ۱۳۹ اور خانہ نمبر ۱۶ میں عیسٰی سے پُر کیا جائے گا۔ آپ نے ایسے دو نقش تیار کرنے ہیں۔ ایک نقش چاندی کی

تختی پر دونوں طرف نقش لکھیں ساتھ عزیمت بن لکھیں۔ اللھم یامن خلقت فی السماء الرالیۃ ملکا نفختہ من شیخ دنفختہ من بناء خلد النار تذیب الشیخ ولا الشیخ یوانی والنار دھو والنار الفت بین قلوب (نام طالب معہ والدہ) لیغی الفت رحیم بن فیض الٰہی (نام مطلوب معہ والدہ) نسیم اختر بنت فیض الٰہی یا اللہ انک علی کل شیئٍ قدیر۔

ایک چاندی والے نقش کو گرم پانی میں گرم رکھیں اور دوسرے نقش جو آپ نے کاغذ پر زعفران سے لکھا ہے۔ اس کو اس طرح تہہ کریں کہ اوپر نیچے یعنی طالب کا اوپر اور مطلوب کا نیچے آجائے۔ اس نقش کو طالب اپنے گلے میں لٹکائے اور دوسرے کو گرم پانی میں جس طرح میں نے اوپر لکھا ہے اگر مطلوب کا پہنا ہوا کپڑا مل جائے تو زعفران والا نقش اس میں لپیٹ کر پہنے۔

اس عمل کے دو طریقے ہیں۔ پہلا طریقہ طالب معہ مادر کے اعداد کو بارہ پر تقسیم کریں اس طریقے سے برج اور ستارے معلوم کریں۔ اس طرح مطلوب معہ مادر کے اعداد کو ۱۲ پر تقسیم کریں اور برج اور ستارہ معلوم کریں، جب ان دونوں کے ستاروں کی نظر تثلیث یا تسدیس ہو تو عمل کریں

دوسرا قاعدہ یہ ہے کہ جب مشتری وزہرہ یا قمر وزہرہ کی نظر تثلیث یا تسدیس یا قران ہو تو عمل کریں۔ انشاء اللہ اعجاز قرآن دیکھیں گے۔ مگر یقین کامل ہونا چاہیئے۔ ھذا عندی واللہ عالم بالصواب۔

البغض کا قانون اور اعمال دشمنی وغیرہ

آنکھ والا تیری قدرت کا تماشہ دیکھے
دیدۂ کور کو کیا آئے نظر کیا دیکھے

اعمال زبان بندی کے لیئے طالع وقت برج جوزا یا عقرب یا حوت نظرات قمر وزہرہ کی ہونی چاہیئے۔ تباہی دشمن اس وقت طالع عقرب یا جدی یا دلو یا سرطان یا سنبلہ ہونا چاہیئے۔ نظرات قران شمس وقمر یا مقابلہ قمر و مریخ قران قمر و مریخ قران قمر و زحل مقابلہ قمر و

زحل ہونا چاہیئے۔ یہ تو آپ کو معلوم ہے زحل و مریخ نجوم میں نحس بتاتے ہیں۔ ان دونوں کے نحس تعلقات سے فائدہ اٹھائیں۔ اس لئے عامل کو چاہیئے جس وقت عمل کرے شمس منقلب برج میں ہو یعنی حمل، سرطان، میزان و جدی میں ہو۔ اب میں زیادہ وضاحت کر دوں۔

جب زحل حمل کے ۲۱ درجہ پر ہو اور بہتر ہے کہ الٹی رفتار میں ہو یا جوزا کے ۲۳ درجہ پر ہو یا برج سرطان اور برج اسد میں ہو۔ اس طرح مریخ رجعت میں ہو۔ یا برج میزان ثور میں ہو یا سرطان کے ۱۸ درجہ پر ہو یا برج دلو کے ۱۹ درجہ پر ہو یا مریخ اور زحل کی نظر تربیع اور یا مقابلہ یا قران ہو یا شمس کے ساتھ ان دونوں کی نظر مقابلہ یا تربیع ہو یا دونوں مرافیل کے ستاروں کی آپس میں نظر مقابلہ یا نظر تربیع ہو۔ طالب معہ اور اور مطلوب معہ اور کے اعداد جمع علیحدہ علیحدہ کر کے سات پر تقسیم کریں، ستارہ معلوم ہو جائیگا اور ۱۲ پر تقسیم کریں تو برج معلوم ہو جائیگا اس کے علاوہ طالع وقت میزان، حمل، جدی، سرطان۔ دن منگل، یا سنیچر کا ہونا چاہیئے۔ ساعت بھی منحوس ہو۔ یعنی ان سیاروں کی ہو۔ قمر برج عقرب ۳ درجہ یا جدی میں یا حوت میں ہو اور نحس نظرات رکھتا ہو۔ گرہن بھی موثر عمل کا وقت ہوتا ہے۔ عربی مہینوں کی نحس تاریخیں ہوں اور ماہ جلالی ہو۔

جدی
حمل
منقلب برج
شمس
ثور
جوزا
قوس
جدی
منقلب برج
شمس
سرطان
منقلب برج
شمس
میزان
منقلب برج
شمس
عقرب
اسد
میزان
سنبلہ

محرم الحرام	جمادی الاول	رمضان المبارک	ربیع الاول	رجب المرجب
۱۱، ۱۴	۱۰، ۱۱، ۲۸	۳، ۱۲، ۲۴	۴، ۱۰، ۲۰	۱۱، ۱۲، ۱۳

ذیقعد ۲، ۶، ۸ نحس تاریخیں ہیں، منزل چاند کی بھی نحس ہو۔ غروب شمس کا وقت ہو، نہ مہینہ کی آخری تاریخ ہو۔ انشاء اللہ محنت کبھی رائیگاں نہیں جائیگی۔ منازل قمر نحس تحریر کر دوں تاکہ کسی قسم کی مشکل یا دقت پیش نہ آئے۔ دبران، نثرہ۔ طرفہ۔ صرفہ۔ عوا، سماک۔ بلدہ۔ سعد بلع۔ فرع مقدم۔ فرع موخر پیش کر دیئے ہیں۔ ایسا خزانہ آپکو

کسی جگہ جمع شدہ نہیں ملے گا۔ اب آپ کے سامنے عملیات کا دفینہ پیش کرتا ہوں۔ اس امر کے واسطے یہ ایک بہترین عمل ہے۔ جس وقت ستارہ قمر و مریخ میں مقابلہ ہو اس وقت طمنی کا عمل کرنا چاہیئے۔ اس طریقے سے دو شخصوں میں ناجائز ملاپ یا محبت کو ختم کیا جا سکتا ہے خواہ وہ مرد ہو خواہ وہ عورت ہو اور وہ لوگ جو مخالفت و درپے آزار ہوں۔ ان کے لیئے کام دے گا۔ جس کی ترکیب درج ذیل ہے۔

جُدائی محبّت :

ناجائیز طور پر اس عمل کو کرنا گناہِ عظیم ہے۔ تمام ذمہ داری کرنے والے کے سر ہوگی۔ سب سے پہلے تمام مطلوب مع مادر کو جمل کبیر سے علیحدہ علیحدہ کریں۔ دیکھیں کہ ان کے نام کے حروف کس عنصر سے تعلق رکھتے ہیں۔ اسی عنصر سے مثلث پُر کرنی ہوگی۔ پارہ ۲۷، سورہ الرحمٰن آیت ۱۹، ۲۰ مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيٰنِ ٥ بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا يَبْغِيٰنِ اس کے کل اعداد ۳۱۶۴ ہیں ان اعداد کا مثلث پُر کر کے زرد کاغذ پر لکھو اور نیچے دونوں کے نام مع مادر لکھو اور دو کوری ٹھیکریوں کے درمیان رکھ کر اوپر دھاگہ لپیٹ دیں اور آگ کے نیچے دفن کر دیں۔ نقش اتنی دور دفن کریں تاکہ جل نہ جائے ہاں گرمی ضرور پہنچتی رہے اور

۷۸۶

۱۰۵۸	۱۰۵۰	۱۰۵۶
۱۰۵۲	۱۰۵۵	۱۰۵۷
۱۰۵۴	۱۰۵۹	۱۰۵۱

دوسرے روز کاغذ پر آیت کے جُدا جُدا حروف لکھیں۔ م ر ج ال ب ح ر ی ن ی ل ت ق ی ن ۔ کالی سیاہی سے لکھیں۔ اس کے آگے تصویر کے نیچے والی لائن یعنی فلاں بن فلاں البغض فلاں بن فلاں لکھو۔ پھر باقی آیت کے حروف الگ الگ لکھ دو۔ اب ایک چولہے میں کوئلے سلگاؤ نیچے نقش دفن کرنے والا رکھ لو اوپر راکھ ڈال دو اوپر کوئلے سلگاؤ راکھ سے حرارت کم پہنچے گی اور نقش جلنے گا نہیں۔ اب چولہے کی طرف بیٹھ جاؤ ہاتھ میں قینچی لو تین مرتبہ آیت مذکورہ پڑھ کر پھونکو۔ فلاں بن فلاں البغض فلاں بن فلاں ایک حرف کاٹ کر ہاتھ پیچھے کی طرف آگ میں ڈال دو۔ حروف ترتیب وار کاٹیں۔ جب حرف ختم ہوں تو عمل ختم

ہوگیا۔ اگلے روز پھر اسی طرح عمل کرو۔ دبا ہوا نقش نہ نکالو۔ آپ عمل بدستور جاری رکھیں۔ سات دن کے اندر لازمی جدائی ہو جائیگی۔ مفارقت کے بعد دبا ہوا نقش نکال کر جلا ڈالو۔ پڑھتے وقت منہ میں کالی مرچ ضرور رکھیں۔ اور کوئی پرہیز نہیں ہے۔

البغض والجدائی :

یہ عمل بہت سریع التاثیر ہے۔ اور قمر در عقرب کے وقت کیا جاتا ہے۔ اگر اتفاق سے قمر در عقرب اور رجال الغیب کے بارے میں صحیح تاریخ موافق ہو جاوے تو عمل گولی کی طرح کام کرتا ہے۔ پہلے ان حرفوں کو معلوم کرو جو اس عمل میں کام آویں گے۔ وہ یہ آیت ہے۔ پارہ ۶ سورہ المائدہ آیت ۶۴ وَاَلْقَیْنَا بَیْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ ۔ اس آیت کے حروف مفرد لکھو اور اب جن شخصوں میں مفارقت و جدائی مطلوب ہے۔ جو غیر شرعی طور پر محبت ہو تو دونوں کے نام معہ مادر تحریر کرکے ایک سطر میں بچھا دو۔ اب آپ کے پاس دو سطریں ہیں۔ اول آیت کریمہ کی اور دوسری فریقین کی۔ اب ذرا غور کرنا ہے۔ (پہلی سطر جو آیت کے حروف کی بنائی ہے) پہلے فریقین کا ہم تکسیر جعفری کرنی ہے۔ لیکن اول اور آخر آیت کے حروف ترتیب سے لکھتے جائیں۔ گردش صرف فریقین کے نام معہ والدہ کے ہوگی۔ انہی کی زمام نکالیں گے۔ لیکن آیت کے حروف دائیں اور بائیں ترتیب وار لکھتے جائیں گے۔ انکو گردش جعفری میں شامل نہیں کرنا۔ اس عمل کو واضح کرنے کے لیے مثال پیش کرتا ہوں۔

تکسیر محمود

ق	د	و	م	ح	م	و
م	م	ح	د	م	د	ا
ا	و	م	ح	د	م	ل
ی	ح	د	م	م	و	ق
ق	م	م	د	و	ح	ی
ل	د	و	م	ح	م	ن

سورہ والقینا کے حروف


و ا ل ق ی ن

اب معلوم کرو کہ تمہارے ناموں میں زمام نکالنے کے لیے کس قدر سطور آئیں کہ یہ سب حروف کھپ گئے تو خیر اگر حروف کم ہوگئے یا زیادہ ہوگئے تو اس واسطے عرض ہے کہ اگر حروف کم ہو جائیں تو بقدر ضرورت پھر حروف اول سے نیا شروع کر دیں۔ اگر حروف زائد ہو جائیں تو بقایا حروف کو تکسیر کے تحت لکھ دیں ان حروف کی تعداد چالیس ہے۔ اس لیئے جن ناموں میں بیس سطر میں زمام برآمد ہوگا تو یہ حروف مکمل آ جائیں گے۔ زیادہ کی صورت میں دوبارہ اول سے پڑھ سکیں گے۔ مثلاً زمام ۲۸ سطروں میں نکلا تو آٹھ حروف دوبارہ اس میں لینا پڑیں گے۔ اگر زمام ۱۶ سطروں میں نکلا تو بقایا حروف زمام نکلنے کے بعد آخر میں لکھ دیں گے یا وقت سے پہلے آپ زمام نکال کر رکھ دیں۔ اب جس وقت قمر در عقرب شروع ہو تو زمام کے تمام حروف کو قینچی سے ایک ایک کر کے کاٹ کر اپنے پاس رکھیں اور خیال رکھیں کہ کوئی حروف ادھر ادھر نہ ہو جاوے کوئلہ دکھا (سلگا) کر اپنے پاس رکھیں۔ کسی تلخ چیز مثلاً نیم کے پتے یا اور کڑوی چیز جلانے کے قابل بجور جلاتے جائیں۔ اب ایک ایک حرف اٹھاتے جائیں اور وہی آیات جس کے حروف آپ نے لیئے ہیں ایک ایک مرتبہ پڑھ کر آگ میں جلاتے جائیں۔ یہاں تک کہ تمام حروف جل جاویں۔ اس طرح کا عمل سات دن تک کریں۔ اگر خدا چاہے گا تو ایک ہفتے میں بغض و جدائی ہو جائے گی۔ قمر در عقرب اڑھائی دن رہتا ہے۔ یہ تمام حروف اڑھائی یا ایک دن میں ختم کر لینے چاہئیں۔

مغلوبی دشمن

؎ یہ عمل بہت تیز اور تیر بہدف و سریع التاثیر ہے۔ ناجائز طریق نہ کیجئے۔ خدا سے خوف اور ڈر میں کسی کو ناحق تنگ نہ کریں۔ خدا کے قہر سے ڈریں۔

ترکیب عمل ؛ یہ ہے کہ نام دشمن معہ مادر کے حروف بسط کر کے (علیحدہ علیحدہ کرنا) ان تمام حروف کو الٹ دیں۔ اول کے آخر میں اور آخر کے اول اور شمار کریں کہ کس قدر سب حروف ہیں۔ اگر سب حروف ۱۶ رہیں تو اس نقش میں سے ایک ایک حرف اس مرتبہ سے لکھیں کہ جس مرتبہ پر اعداد تحریر ہیں یعنی جہاں ایک کا ہندسہ ہے وہاں پہلا حرف لکھیں جہاں دو کا ہندسہ ہے وہاں دوسرا حرف لکھیں۔ علیٰ ہٰذا القیاس اس طرح سب نقش میں پُر کریں۔ اگر حرف سولہ سے



زیادہ ہوں تو سولہ حروف اس دور میں پُر کر دیں جو باقی حروف رہیں وہ درمیانی حلقے میں لکھ دیں۔ اگر حروف ۱۶ سے کم ہوں تو ان چار حروف میں سے و رم ی ت بقدر ضرورت لے کر تعداد سولہ کریں۔ جب نقش پُر ہو جائے اسے رکھ دیں۔ جس وقت مشتری و قمر میں نظر نحس ہو یا مقابلہ ہو اس وقت اس نقش کو لکھ کر اسے گرداگرد یہ آیت شریف جو پارہ ۹ سورہ الانفال اور آیت ۱۶ وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى۔ اس کے اعداد ۲۴۷۰ ہیں۔ لکھ دیں۔ اب ٹھیک وقت مذکورہ پر دو چار منٹ کی کمی بیشی ہو جائے کوئی حرج نہیں۔ اس نقش کو پُرانی قبر میں دفن کر دیں۔ اور آپ اس قبر میں مغرب کی طرف منہ کر کے تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ وہ آیت پڑھیں جو نقش کے گرداگرد تحریر کی ہے۔ اس طرح ٹھیک وقت مذکور پر روزانہ اسی قبر پر جا کر کھڑے ہو کر ۱۳ دن تک اسی تعداد میں پڑھا کریں۔ دشمن تباہ و برباد ہو جائیگا۔

عمل مفارقت و بربادی دشمن

اس عمل کی ترکیب یہ ہے کہ اگر ظالم کو ظلم کا بدلہ دینا ہے تو نام طالب مع مادر کے کسی کاغذ پر لکھو۔ اگر دو شخصوں میں مفارقت و جدائی اور دشمنی پیدا کرانی ہو تو دونوں ناموں مع والدہ کے علیحدہ علیحدہ کر کے لکھو یعنی بسط کرو اور پھر ان حروف کو ب ج ی۔ حرفوں کے ناموں میں آمیزہ کرو یعنی پہلا حرف اسم کا اور پھر ان تینوں حرفوں سے پہلا حرف یعنی ب اور پھر اسم کا دوسرا حرف اور پھر ج اور پھر اسم کا تیسرا حرف اور پھر ی کو آمیزہ کرتے جائیں۔ یعنی اسم کا حرف اور ان تینوں حرفوں کا آمیزہ اخیر تک کریں یہاں تک کہ نام کے حروف ختم ہو جائیں۔ ایک سطر تیار کر کے ایک مرتبہ گردش دے کر اس کا نظیرہ دو۔ میں نے تمام جفر کے قواعد اپنی کتابوں رحیم الجفر حصہ دوئم حصہ سوئم اور رحیم العملیات حصہ سوئم میں رقم کر دیئے

ہیں۔ لیکن چونکہ یہاں اس عمل میں نظیرہ کا ذکر آیا ہے آپ کی آسانی کے لیئے اس کا نقشہ پیش کرتا ہوں۔ اس بات کو نوٹ کریں ابجد قمری ہر حرف کا پندرہ حرف نظیرہ ہوتا ہے۔ اس کا نقشہ پیش کرتا ہوں۔

زبر	ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی	ک	ل	م	ن
بینات	لف	ا	یم	ال	ا	او	ای	ا	ا	ا	اف	ام	یم	ون

اب نظیرہ کے اعداد بحساب ابجد قمری کے جمع کر کے آتش چال سے نقش مثلث پُر کرو اور محفوظ کر لو جس وقت زہرہ و مشتری میں نظر متقابلہ ہو تو اس وقت یہ نقش تین عدد لکھیں۔ ایک کو آگ میں جلاؤ دوسرا نقش پرانی قبر میں دفن کر دو اور ایک نقش کو مناسب جگہ اپنے پاس رکھو تین دن اگر خدا نے چاہا مطلب جو ہو گا۔ وہ حاصل ہو گا۔ تعویذ لکھتے وقت منہ مشرق کی طرف ہو۔

خدا کی نعمتیں محنت اور کوشش سے حاصل ہوتی ہیں۔

مغلوبی عدو

دشمن کے دفیعہ کے لیئے یہ عمل بے نظیر اور مؤثر ہے۔ بروز منگل یا سنیچر یا قمر در عقرب یا بروز گرہن بساعت زحل یا مریخ دشمن کے نام کے حروف مفرد لکھو اور اس کے نیچے حروف ف، ش، خ، ض، ظ، غ، لکھ کر باہم امتزاج دو اور اسے تکسیر صدر مؤخر کرو جب اول سطر اخیر میں نکل آئے تو اس وقت تکسیر کے چاروں گوشوں کے حروف علیحدہ لکھ کر ان کو بسط عزیزی کر کے (بسط عزیزی سے مراد ہے کہ حروف آتشی کو اس کے ہم مرتبہ حروف بادی سے بدلنا یا حروف بادی کو حروف آتشی سے بدلنا یعنی الف کو ب سے۔ اور ب کو الف سے بدلنا۔ اس طرح حروف آبی کو خاکی سے بدلنا یا خاکی کو آبی سے بدلنا۔ جیسے ج کو ہ سے اور دال کو ج سے بدلنا۔)

ترتیب عناصر حروف

خاکی	٤	د	٨	ح	١٢	ل	١٦	ع	٢٠	ر	٢٤	خ	٢٨	غ
آبی	٣	ج	٧	ز	١١	ک	١٥	س	١٩	ق	٢٣	ث	٢٧	ظ
بادی	٢	ب	٦	و	١٠	ی	١٤	ن	١٨	ص	٢٢	ت	٢٦	ض
آتشی	١	ا	٥	ہ	٩	ط	١٣	م	١٧	ف	٢١	ش	٢٥	ذ

سب کے اعداد نکال کر ان کے حروف بنا کر آخر میں کلمہ آئیل کا اضافہ کر کے یعنی موکل بنانا ہے۔ نام موکل بنائے اور قلب تکسیر کے حروف لکھ کر ان کو بسط عزیمی کر کے مرکب کرے۔ یہ حروف طلسم ہوں گے۔ بعد ازاں ۲۸۸۳ اعداد کا ایک نقش مثلث بناؤ اور ایک تصویر دشمن جو کہ چاروں شانے چت پڑی ہو اس کے شکم پر یہ نقش لکھ دیوے اور اس مردہ شکل کے پاس ایک ہیبت ناک شکل جس کے ہاتھ میں ایک کلہاڑا ہو بنائے کہ وہ اس حربہ سے دشمن کو ہلاک کرنے کا ارادہ رکھتا ہے اور طلسم الحروف کا موکل اس شکل کے سر پر لکھو اور طلسم الحروف قلبی کو اس کلہاڑے کے منہ پر لکھے پس جب یہ طلسم تیار ہو جاوے۔ تو اس کو بحفاظت رکھے اور جب مریخ وزحل کا قران ہو۔ یا مریخ وزحل کو یا زحل مریخ کو بنظر تربیع یا مقابلہ دیکھتا ہو۔ یا مریخ وزحل کے درمیان میں عطارد ہو یا مریخ وزحل دونوں میں سے ایک سیارہ برج حمل کے پہلے یا ۳، یا ۸، ۱۶ یا ۲۲، درجہ یا ثور کے ۲۳، یا جوزا کے ۳ یا ۸ یا ۱۴، یا ۲۹، یا سرطان کے ۹ یا اسد کے ۱۳، یا ۲۶ یا میزان کے ۲، ۲۶، یا عقرب کے ۲، ۳، یا قوس کے ۵، ۶، ۲۲، ۳۰، یا جدی کے ۵، ۱۸، یا ۲۰ یا ۳۰ یا حوت کے ۱۶، ۱۷، ۲۰، ۲۶، درجات میں سے کسی ایک درجہ پر ہو۔ تو عمل اگر مریخ میں کرنا ہو تو سرخ تانبہ اور اگر زحل پر کرنا ہو تو سیسہ کی لوح بنا کر مذکورہ بالا طریق سے عمل کریں۔ اور اس لوح کو کسی قبرستان یا مسان میں دفن کرے تو دشمن ہلاک ہو جائیگا اور اگر اس لوح کو دشمن کے گھر میں دفن کرا دے تو خانہ دشمن ویران خیران و پریشان ہو گا اور اگر اس کو کسی چور رستہ یا جنگل میں دفن کرے تو پھر دشمن ہمیشہ خرابی خون سے بیمار اور دائمی مریض رہے۔ جب تک یہ لوح زمین میں گڑی رہے گی ہرگز تندرست اور خوش حال نہ ہو گا۔



تمثیل ۳

حروف نام دشمن امتزاج حروف کو باہم امتزاج کیا تو یہ حروف تمام ہوئے
د ف ی ش د خ ا ض ل ظ غ ان کو تکسیر مدّ مؤخر کیا۔

د (circled)	ف	ی	ش	د	خ	ا	ض	ل	ظ	غ (circled)
غ	د	ظ	ف	ل	ی	ض	ش	ا	د	خ
خ	غ	د	د	ا	ظ	ش	ف	ض	ل	ی
ی	خ	ل	غ	ض	د	ف	د	ش	ا	ظ
ظ	ی	ا	خ	ش	ل	د	غ	ف	ض	و
د	ط	ظ	ی	ف	ا	غ	خ	د	ش	ل
ل	د	ش	ظ	د	ض	خ	ی	غ	ف	ا
د	ل	ف	د	غ	ش	ی	ظ	خ	د	ض
ض	ا	د	ل	خ	ف	ظ	د	ی	غ	ش
ش	ض	غ	ا	ی	د	د	ل	ظ	خ	ف
ف (circled)	ش	خ	ض	ظ	غ	ع	ا	د	ی	د (circled)

اول حروف چار گوشہ لیئے " دف غ د " ان کو امتزاج دیا "ب ق ض ب" ان سب کے اعداد ۲۰۹۲ ہوئے۔ ان میں سے ۵۱ عدد خارج کیئے تو باقی ۲۰۴۱ ان کے حروف "ام غاغ" بااضافہ آئیل ملک امغغائیل بنا۔ دوم قلب تکسیر سے حروف (۱) امتزاج المزاج مخالف کیا نج "بلا مرکب کیا تو جا" ہوا۔ پس بطریق مذکورہ طلسم کو تیار کر کے اپنا مقصد حل کریں۔

دشمن کو عہدہ سے معزول کرانا؛

جس وقت شمس ہبوط میں ہو یعنی برج میزان کے ۱۹ درجہ پر ہو یا نیرین بد حال ہوں تو اس شخص کا نام مع عہدہ کے اعداد ابجد شمسی سے حاصل کریں اور آیت وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى (سورہ انفال)

اس آیت کے اعداد ۲۴۷۰، القتلو قتلھم ولکن اللہ قتل ۔ اس کے اعداد نکال کر مطلوب کے نام کے اعداد میں جمع کر کے نقش مثلث میں پُر کرنا ہے۔ لیکن اس بات کا خاص خیال رکھنا ہے کہ اس افیسر یا شخص کے نام کے حروف علیحدہ علیحدہ کر کے دیکھیں کس عنصر کے حروف غالب ہیں. اسی عنصر سے مثلث پُر کرنی ہے ۔ ایسے دو نقش لکھنے ہیں۔ ایک نقش اس کے گھر کی چوکھٹ میں دفن کرنا ہے ۔ اور دوسرا اس کے راہ گذر میں دفن کرنا ہے۔ دشمن کے اعداد کے مطابق آیت مذکورہ کو پڑھنا ہے ۹ دن یا ۱۱، ۲۱، دن کے اندر دشمن کا جاہ و عہدہ تاراج ہو جائے گا انشاءاللہ۔

بربادی و ہلاکی دشمن

جب قمر برج عقرب میں یا پھر گرہن کا وقت ہو ساعت مریخ یا زحل کی ہو اس وقت بڑے احتیاط سے نقش پُر کر کے پرانی قبر میں دفن کر دیں ۔ اور اس دشمن کے نام کے اعداد کے مطابق نقش کے نیچے والی آیت پڑھتے رہیں۔ چند دنوں میں دشمن زیر ہو جائیگا ۔

آزمودہ اور مجرب ہے ۔

یا قاھر	ذالبطش	الشدید	انت الذی
ذالبطش	الشدید	انت الذی	لا یطاق
الشدید	انت الذی	لا یطاق	انتقام
انت الذی	لا یطاق	انتقام	یا قاھر

وَاَلقَینا بَینَھُمُ العَدَاوۃَ والبغضآءَ الیٰ یوم القیٰمۃ

فلاں بن فلاں علیٰ عداوۃ فلاں بن فلاں

مغلوبی دشمن

جب قمر در عقرب میں گرہن کے وقت ساعت زحل یا مریخ کی ہو یا زحل مریخ کی نظر تربیع یا مقابلہ ہو تو سورہ تبت یدیٰ کا مجرب نقش اس وقت میں لکھ کر کسی آگ کے نزدیک دفن کر دیں لیکن خیال رہے یہ نقش جل نہ جائے ۔ اسے گرمی اور حرارت پہنچتی رہے ۔ دشمن بیمار ہو جائے گا لیکن نقش کے نیچے دشمن کا نام معہ والدہ اور مقصد ضرور لکھیں ۔ اس کے اعداد ۵۸۲۶ ، ہیں۔

۷۸۶

۱۴۴۹	۱۴۶۲	۱۴۵۹	۱۴۵۶
۱۴۶۰	۱۴۵۵	۱۴۵۰	۱۴۶۱
۱۴۵۴	۱۴۵۷	۱۴۶۴	۱۴۵۱
۱۴۶۳	۱۴۵۲	۱۴۵۳	۱۴۵۸

مغلوبی دشمن ؒ

بوقت تثلیث زہرہ (۲۱۷) ومشتری (۹۵۰) کے وقت ان دونوں کے اعداد
میں اپنے نام کے اعداد بھی ان میں جمع کریں اس
کے علاوہ اپنے نام کے اعداد کے مطابق اسماء الٰہی کو
تلاش کرے۔ اس کے اعداد جمع کردیں چاروں
کے اعداد کو جب قمر منزل آبی ہو اور ساعت قمر
ہو تو اس وقت آبی چال سے مثلث پُر کر کے

٦	٧	٢
١	٥	٩
٨	٣	٤

اپنے پاس رکھیں اور جو اسماء الٰہی آپ نے اپنے نام سے نکالا تھا اسے ورد کریں اپنے نام کے مطابق
انشاءاللہ فتوحات غیبی ہونگی۔ پارہ ۲۷ سورہ القمر آیت ۹ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ اعداد ۲۱۶۳

زبان بندی بدگویان ؒ

منزل ماہ یا قمر در عقرب یا تحت الشعاع یا گرہن
کے وقت یہ عمل اثر کرتا ہے۔ حروف صوامت :۔ ا ، د ، ہ ، و ، ح ، ط ، ک ، ل ، م ، س ، ع ،
ص ، ر ، ان حروف کے اعداد ۳۱۶۰ ، ہیں ، طالب اور مطلوب کے ناموں کے جدا جدا حروف لکھیں
ایک سطر بناؤ ، دوسری سطر حروف صوامت کی بناؤ۔ دونوں سطروں کا امتزاج کر کے ایک سطر
بناؤ اور پھر تسخیر جعفری کرو ، جب زمام نکل آئے ۔ ان سب حروف کے اعداد حاصل کرو اور
زمام کے حروف کو مرکب کرو ۔ اب تمام حروف کے اعداد کی مثلث بناؤ اور ان مرکب حروف کو اس
مثلث کے چاروں طرف لکھو اور نیچے مثلث کے یہ عبارت لکھو۔ بستم عقل وہوش ونطق ظاہری
و باطنی فلاں بن فلاں بحکم خدا از بدگوئی بستہ گردد ۔ اور نقش کو خانہ تاریک میں دفن کرے ، جس
کی زبان بندی کرنی ہو تو اس کے اعداد کے مطابق یہ آیت ۱۱ دن پڑھتا رہے۔
صُمٌّ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ ۔ اس کے اعداد ۴۳۴۷ ۔
پارہ ۱ سورۃ البقرہ آیت ۱۸

ایضاً :۔

بدگویان کی زبان بندی کے لیئے اس آیت مبارکہ کو سیاہ دھاگہ لیکر اپنے پاس
رکھے ، جس قدر غماز ہوں اسی قدر تار ڈورے سے لے کر ہر شخص کا نام اور آیت پڑھ کر ہر

ڈورے پر سات گرہ دیں اور ان گنڈوں کو اندھے کنوئیں میں ڈال دیں - ان کی زبان بند ہو جاوے گی۔ آیت یہ ہے پارہ ۲۳، سورہ یٰسین آیت ۶۴ اَلْیَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰی اَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَآ اَيْدِيْهِمْ وَتَشْهَدُ اَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ٥

بدگویان کے اعداد کے مطابق یہ آیت بھی پڑھتے رہیں۔ یاقاھر ذوالبطش الشدید انت الذی لایطاق انتقامہ ۔

ایضاً: اگر طالب چاہے کہ زبان کسی کی بدگوئی سے بند ہو جائے تو عامل کو چاہیئے کہ نحس وقت کا انتخاب کرے یعنی آخیری ماہ ہو یا قمر برج عقرب میں یا قمر تحت الشعاع یا محاق میں ہو تو اعداد اسم مطلوب جس قدر شخص ہوں ان کے اعداد حروف صوامت کے اعداد ۵۴۳+۲۶۲۴ میزان ۳۱۶۷ - تمام اعداد کے مجموعہ نقش آتشی پر کر کے بھاری پتھر کے نیچے رکھ دیں۔

زبان بندی: کسی شخص کے شر سے محفوظ رہنے کے لیئے اس کی زبان بندی چاہو تو جب چاند منزل تنزل یا برج عقرب میں ہو یا تحت الشعاع ہو یا گرہن کے وقت تنہائی میں بیٹھ کر منہ میں کڑوی چیز رکھ کر حروف صوامت - او ر، ا، د ر ح ، ط ر ک ، ل م س ع ر ص ر ر - (نوٹ:- ابجد قمری میں بغیر نقطے کے حرف کو صوامت کہتے ہیں) سائل کے نام مع مادر کے اور صوامت حروف کو آپس میں امتزاج کرو اور پھر صدر مؤخر کرو جب تمام برآمد ہو جاوے تو تمام کو مرکب کرو اور انہیں شیشے کی تختی پر لکھ کر نیچے اس شر پسند کا نام لکھ کر اندھے مکان یا ویران جگہ میں دفن کر دو - اہم بات ہے نیچے شر پسند کا نام اس طرح لکھیں بستم عقل و ہوش و نطق و حواس و احساس ظاہری و باطنی فلاں بن فلاں فی عرض و حسن فلاں بن فلاں

خواب بندی کے مؤثر اوقات:

ایسے اعمال کے لیئے برج جوزا یا برج عقرب یا حوت کو طالع وقت کو مدنظر رکھیں نظرات قمر و زہرہ کے سعد ہوں دن ہفتہ یا منگل یا جمعرات یا پیر یا شب جمعہ اور ساعت بھی ان سیارگان کی ہونی چاہیئے۔ برج منقلب میں بھی کیا

جاسکتا ہے۔

عمل:۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الحمدللہ بستم رویش رب العالمین بستم موبیش و بستم وھن الرحمٰن لبانش الرحیم لبستم گوشش مالک یوم الدین لبستم سنداش علی اجب فلاں بن فلاں ایاک نعبد لبستم شکمش وایاک نستعین بستم زبانش اھدنا الصراط المستقیم لبستم وستہالُش صراط الذین لبستم پالُش انعمت علیہم لبستم عقلش غیر المغضوب لبستم ہوششی ولاالضالین آمین ازولیس سلیمان ودلیوان وپریان من بستم یمز بہ بلند بزشامن نکشایُم شمانیم نکشابندبحرمت اھیا فلاں بن فلاں العجل، العجل، العجل، العجل، العجل، العجل۔ الیوم۔ الیوم۔ الیوم۔

ہتھیار بندی و فتحیابی مقابلہ:۔

فتح یابی کے لیے ایک نقش پیش کررہا ہوں جس کی تعریف کرنے سے قلم عاجز ہے۔ اس نقش سے دشمن پر غلبہ ہوجاتا ہے۔ ہر طرح کی کامیابی آپکے قدم چومے گی۔ یہ نقش تمام فتوحات میں مدد دے سکتا ہے۔ مقدمہ میں، تیغ بندی۔ بندوق الغرض ہر قسم کا ہتھیار کند ہوجائے گا۔ ہر کام میں فتح ونصرت ہوگی۔ پارہ ۲۶ سورہ الفتح آیت ۹ع۹ دہ آیت کریمہ ان الذین یبایعونک سے لیکر آجرًا عظیماً تک بطریق ذوالکتابت وضع کر کے مُربع پُر کریں۔ اس کے طریق دو ہیں۔ ایک لوح تانبہ کی بناکر یہ نقش کندہ کر کے اپنے پاس رکھیں یاموم پر یہ نقش کندہ کر کے پاک کپڑے میں لپیٹ کر بوقت مقابلہ اپنے پاس رکھیں۔ نقش یہ ہے۔

۱۳۱۸

۱۶۹۸	۲۱۹۱	۳۳۷	۱۳۱۸	ان الذین یبایعونک انما یبایعون اللہ
۲۱۹۲	۱۶۹۵	۱۳۲۱	۳۳۶	یداللہ فوق ایدیہم ۳۳۶
۱۳۱۹	۳۳۸	۲۱۹۰	۱۶۹۷	فمن نکث فانما ینکث علی نفسہٖ ۱۶۹۷
۳۳۵	۱۳۲۰	۱۶۹۶	۱۹۳	ومن اوفی بما عٰھد علیہ اللہ فسیؤتیہ آجرًا عظیماً ۵ ۱۹۳

۵۵۴۴

یہ عمل اُس وقت لکھنا چاہیئے ۔ جب قمر یا مریخ یا مشتری کی نظر شمس سے تثلیث ہو یا مریخ شرف میں ہو یا شمس شرف ہو یا مشتری برُج سرطان میں ہو یا شمس برُج حمل کے ۱۵، ۱۹، یا مریخ برُج جدی کے ۲۸، درجہ پر ہو یا برُج اسد ۱۹، ساعت مریخ یا شمس کی ہو لیکن پاک ہو۔

الیکشن یا کشتی یا کسی قسم کا مقابلہ ہو :

مذکورہ بالا آیت کے اعداد ۵۸۴۴ ہیں ان میں سائل کے نام کے اعداد جمع کر کے عنصری لحاظ سے مربع پُر کریں اور مذکورہ بالا اوقات کو مدنظر ضرور رکھیں اور نقش کے نیچے اور چاروں طرف نصرٌ من اللہ و فتح "قریب" لکھ دیں اور اپنے پاس رکھے یا مقابلہ کی جگہ پر دفن کر دیں انشاء اللہ فتح آپکی ہوگی۔

فتح مندی کیلئے :

سورۃ مُزمّل شریف یا موکل کے اعداد = ۱۱۶۸۸۴۳ ، ہیں سائل کے نام کے حروف علیحدہ علیحدہ کر کے دیکھیں کہ کون سا عنصر غالب ہے ۔ اور سائل کے نام کے اعداد اور مقصد کے اعداد نکال کر سب کو جمع کر کے سائل کے عنصر کے لحاظ سے مربع پُر کریں اور اپنے پاس رکھیں ۔ قدرت خدا کا اعجاز ضرور دیکھیں۔

حفاظت از قتل :

اگر کوئی شخص غضب صدر یا وزیر یا حاکم میں آگیا ہو ۔ خوف مرگ یا بصورت قتل یا قید دوام کے ہو اسے چاہیئے جس وقت شمس و مریخ سے تسدیس یا تثلیث ہو نیز نحوست سے پاک ہو یعنی برُج ثور یا برُج سرطان میں ہو اور دن جمعرات کا اور ساعت بھی شمس و مریخ یا مشتری کی ہو ، آیت مبارکہ ومن شر قضاءِ السوء سے لیکر انی ربی علیٰ صراط مستقیم تک جس کے اعداد ۶۲۸۳ ، ہیں ۔ سائل کے حروف نام کے عنصری لحاظ سے مُربع پُر کر کے اپنے پاس رکھے ۔ حفاظت جان ہر قسم کی ہوگی۔

۸/ ۸۶۲	۱۱/ ۸۶۵	۱۴/ ۸۶۸	۱/ ۸۵۴
۱۳/ ۸۶۷	۲/ ۸۵۵	۷/ ۸۶۱	۱۲/ ۸۶۶
۳/ ۸۵۶	۱۶/ ۸۷۰	۹/ ۸۶۳	۶/ ۸۶۰
۲/ ۸۶۴	۵/ ۸۵۹	۴/ ۸۵۷	۱۵/ ۸۶۹

حفاظت جان :

اس بات کو یاد رکھیں جو بھی عمل کریں نقش لکھیں اوقات کا خاص احتیاط کریں وقت کی بڑی تاثیر ہوتی

ہے۔ قرآن حکیم کی آیت کے اعداد = ۳۴۴۹ ، کا نقش مربع طلائی کاغذ پر اور سنہری کاغذ پر لکھ کر اپنے پاس رکھے گا۔ وہ غضب سلطانی وحکمرانی سے محفوظ رہے گا۔ گردن کاٹنے اور پھانسی سے بچ جائے گا۔ بحکم خدا بطفیل رسول مقبولؐ۔

واپسی شخص غائب و مفرور کا علم :

دریافت حال غائب جس کی خبر نہ ہو کہ وہ زندہ ہے یا مُردہ تو اس کے حال دریافت کے لیئے۔ شب جمعہ کو غسل کر کے اور پاک پانی سے وضو کر کے دو رکعت نماز نفل پڑھ کر اس کا ہدیہ ثواب حضرت تاجدار مدینہ رسول خدا کو پہنچا کر اول آخر سو بار درود شریف اور اکتالیس بار سورہ مزمل شریف اس نیت سے پڑھ کر سوئے ہے۔ اللہ تعالیٰ گمشدہ یا غائب شدہ یا مفرور کی حالت زار سے آگاہ کر دے۔ کسی سے کلام نہ کرے۔ خداوند کریم اس کے حال سے خواب میں آگاہ کر دیں گے۔ اگر اس شب کو حال معلوم نہ ہو تو سات شب ایسا کریں۔ انشاء اللہ ضرور خداوند کریم اپنے قرآن عظیم کے صدقے آپ کو آگاہ کر دیں گے۔

سفر سے باز رکھنے کا نقش :

۷۸۶

	۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶
	۳۴۷	۳۴۲	۳۴۰
	۳۴۸	۳۴۶	۳۴۴
	۳۴۳	۳۵۰	۳۴۵

اس نقش کو سعد وقت میں لکھ کر زمین میں دفن کر دیں یا اس کے گھر میں دفن کر دیں۔ انشاء اللہ وہ شخص سفر سے باز آ جائے گا۔

بھاگنے والے شخص کو بُلانا :

بیوی خاوند اور خاوند بیوی اولاد والدین سے رنج ہو کر چلی جائے اور اسے بُلانا مقصود ہو تو علم جفر کا تجربہ شدہ عمل پیش کرتا ہوں اور اگر روٹھ جانے والے کا نام مجید ہے جس کے حروف علیحدہ علیحدہ کریں۔

م ، ج ، ی ، د میں ہر حرف کو ق ، س ، ر کے درمیان رکھ کر حرف بناؤ۔

جیسے ق م س ۲، ق ج س ۳، ق ی س ۴، ق د س

قمس قجس قیس قدس

اب آپ کے پاس چار حروف بنے۔ جب چاند م ج ی د کی منزل میں ہو پھر میں آپکو مزید سمجھادوں م کی منزل عوا ہے ج کی منزل ثریا ہے ی کی منزل جبہتہ ہے اور د کی منزل دبران ہے۔ جب ان منازل میں قمر ہو تو ان ناموں کی ایک سطر بنا دُ ایسی سطریں ۷۵، بنانی پڑیں گی۔ ان ۷۵، تعویزوں میں ۱ر تا ۱۲ر تعویزوں کو دریا میں ڈالیں ۲ر ۲۱ر تعویذوں کو کسی اندھیرے مکان میں بھاری پتھر کے نیچے دبا دیں ۳ر، ۲۱ر تعویذوں کو جب قمر برج حمل میں ہو اسے جلادیں ۴ر جب قمر برج سرطان میں ہو ۲۱ر تعویذوں کو پھلدار درخت میں لٹکا دیں۔ بحکم خدا مفرور واپس آجائے گا۔

قرآن کا اعجاز اور گمشدہ کی تلاش ؎

پارہ ۱۳ر، سورہ یوسف آیت ۹۴ر

اِنِّی لَاَجِدُ رِیحَ یُوسُفَ لَوْلَا اَنْ تُفَنِّدُوْنِ ۔ اس آیت کریمہ کے حروف علیحدہ علیحدہ کرو اور بھاگنے والے کے نام کے حروف علیحدہ علیحدہ کرو

ان دونوں کا امتزاج دو اور اس سے اعداد نکال کر مربع آتشی پُر کرو۔ اور کسی اندھیرے جگہ میں پتھر کے نیچے دبا دو پھر دوسرا عمل جاری رکھو جس طرح تاریخ کو وہ شخص بھاگ گیا ہے۔ اس دن اور بھاگنے والے کے نام کے اعداد جمع کر کے اسی تعداد کے مطابق آیت مذکورہ روزانہ سورج نکلنے سے پہلے روزانہ پڑھنا ہے ۱۴ر، ۲۱ر آخر ۴۰ر دن عمل کریں انشاء اللہ بھاگنے والے کا فرور پتہ معلوم ہوجائیگا۔ مگر شرط یہ ہے کہ عمل کرتے وقت عامل حضرات ننگ سر آسمان کے نیچے ٹہلتا رہے۔ اگر تاریخ یاد نہ ہو تو بدھ جمعرات کو عمل شروع کریں۔ انشاء اللہ۔ اس بات کو نوٹ کرلیں۔ چار چیزیں عمل میں رکاوٹ ہوتی ہیں۔ ۱ر بھاگنے والا کم سن نہ ہو ۲ر بھاگنے والا کسی کی قید میں نہ ہو ۳ر بھاگنے والا فاتر العقل نہ ہو ۴ر زندہ ہو۔ تو خدا کے فضل سے مفرور پتہ مل جائے گا۔

بازگشت مفرور ؎

بازگشت مفرور کیلئے اس نقش کو سعد وقت میں

لکھ کر کسی بڑے درخت پر باندھ دیں۔ ہوا سے ہلتا رہے۔ اگر بھاگنے والے کی سمت معلوم ہو تو نقش کا رُخ اس سمت کر دو مفرور بہت جلد واپس آجائے گا۔

۷۸۶

۲۴۹	۲۵۲	۲۵۵	۲۴۲
۲۵۴	۲۴۳	۲۴۸	۲۵۳
۲۴۴	۲۴۱	۲۵۰	۲۴۷
۲۵۱	۲۴۶	۲۴۵	۲۵۶

نام معہ والدہ تحریر کریں

حاضری کیلئے ؛

سورہ والضحیٰ جس کے اعداد ۱۱۳۴۲۲ ہیں واسطے حاضر ہوتے غائب کے اس سورہ کو دو ہزار مرتبہ یا بھاگنے والے کے نام کے اعداد کے مطابق پڑھیں اور اس نقش کو سعد وقت میں لکھ کر نیچے بھاگنے والے کا نام معہ والدہ لکھ کر جہاں قرآن میں سورہ والضحیٰ ہے وہاں پر اس نقش کو رکھ دیں۔

۷۸۶

۳۲۳۰	۳۲۳۳	۳۲۳۶	۳۲۲۳
۳۲۳۵	۳۲۲۴	۳۲۲۹	۳۲۳۴
۳۲۲۵	۳۲۳۸	۳۲۳۱	۳۲۲۸
۳۲۳۲	۳۲۲۷	۳۲۲۶	۳۲۳۷

ایضاً ؛

سورہ والتین ۔ اس آیت کریمہ کے اعداد ۱۰۲۴۷ ہیں۔ جب کوئی شخص غائب ہو جائے تو سورہ والتین کو دو ہزار مرتبہ یا غائب شخص کے نام کے اعداد کے مطابق اس سورہ کو پڑھتے رہیں۔ اور اس نقش کو سعد وقت میں لکھ کر کسی بھاری چیز کے نیچے رکھ دیں۔ ۷، ۱۴، ۲۱، ۲۹، دن کا عمل کریں۔ انشاء اللہ بہت جلد واپس آئے گا۔ تجربہ شدہ آزمودہ عمل ہے۔

۷۸۶

۲۵۶۱	۲۵۶۴	۲۵۶۸	۲۵۵۴
۲۵۶۷	۲۵۵۵	۲۵۶۰	۲۵۶۵
۲۵۵۶	۲۵۷۰	۲۵۶۲	۲۵۵۹
۲۵۶۳	۲۵۵۸	۲۵۵۷	۲۵۶۹

ایضاً ؛

کسی کا راستہ روکنے پابند کرنا ہو تو تحت الشعاع یا قمر در عقرب میں ہو یا گرہن کے وقت اس مثلث کو تیار کرنا ہے۔ اس کا قانون یہ ہے کہ غائب کا نام اور

اس کی والدہ کا نام ابجد شمسی سے نکالیں اور اس میں ۸۳۴ جمع کر کے عمل اس طرح کریں غائب کے نام کے حروف علیحدہ علیحدہ کر کے عنصر کے لحاظ سے معلوم کرو کون سا عنصر غالب ہے جس عنصر کے حروف زیادہ ہوں۔ اسی عنصر سے مثلث پُر کرو اگر قمر اسی منزل میں طالع وقت بھی اسی عنصر کا ہو تو پھر کیا بات ہے۔ اس جانے والے کا راستہ اس طرح بند ہوگا وہ کبھی نہیں جا سکے گا۔ مگر شرط یہ ہے کہ اس مثلث کو اس راستے میں جانا ہو یا شہر کے دروازے میں یا اس کے اپنے گھر کے اندر دفن کرو۔ وہ کبھی نہیں جا سکے گا۔

واپس بُلانے کا نقش ؀

ہمزاد اِن نقوش کو زہرہ کی ساعت میں جمعہ کے روز لکھ کر پھل دار درخت میں لٹکائے اور دوسرا نقش آگ کے نزدیک دفن کریں۔ تیسرا نقش گھر میں دفن کریں۔ چوتھا نقش پانی میں بہا دیں۔ انشاءاللہ بھاگا ہوا فوراً گھر واپس آئے گا۔

آزمودہ اور تجربہ شدہ نقش ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا محمد یا علی

الٰہی فلاں بن فلاں
کو واپس آجائے۔ سوائے
گھر کے کہیں قرار نہ
پائے۔

واپس بلانے کا نقش ؀

من خردل اوتکون فی صخرۃ

۱۵ ۱۱ ھراط ۱۱ ۱۱ ھ عا

۴۸۶

۲	۹	۴
۷	۵	۳
۶	۱	۸

یأت بہا اللہ

۱۵ ۱۱ ھراط ۱۱ ۱۱ ھ عا ۵ ۱۱ ھراط ۱۱ ھ عا ۱۵ ھراط ۱۱ ۱۱ ھ عا

بھاگے ہوئے شخص کی واپسی

جو شخص یا بچہ گھر سے بھاگے تو ما اس کا نام معہ مادر کے اعداد نکالیں ۱ر۲ اس شخص کے نام کے حروف علیحدہ علیحدہ کر کے دیکھیں کہ کس عنصر کے حروف زیادہ ہیں۔ اس عنصر میں جب چاند منزل میں پہنچے تو یہ نقش سعد ساعت میں عصر اور مغرب کے درمیان لکھیں اور چرخے یا پنکھے میں لٹکا دیں۔ تو بھاگا ہوا خدا کے فضل سے واپس آ جائے گا۔ تجربہ شدہ عمل ہے۔

۷۸۶

۲۵۹	۲۶۲	۲۶۶	۲۵۲
۲۶۵	۲۵۳	۲۵۸	۲۶۳
۲۵۴	۲۶۸	۲۶۰	۲۵۷
۲۶۱	۲۵۶	۲۵۵	۲۶۷

فلاں بن فلاں کو حاضر کر

تجربہ شدہ عمل

اگر کوئی شخص گم ہو جائے یا بھاگ جائے یا بچھڑ جائے تو اس شخص کی واپسی کے لیئے مثلث عنصر کے لحاظ سے پُر کریں۔ جب منزل قمر سعد ہو تو تیر کی طرح اثر کرے گا۔

بسم راہ مغرب فلاں بن فلاں

د	بدوح	ب
بدوح	بدوح	بدوح
	بدوح	ح د

بسم راہ جنوب فلاں بن فلاں

بسم راہ شمال فلاں بن فلاں

[illegible]

مفرور کی واپسی کے لیئے

خدا کے مقدس نام یا معید بھاگے ہوئے کے نام معہ والدہ کو علیحدہ علیحدہ حروف میں لکھو اور پھر دیکھو ان حروف میں کون سا عنصر غالب ہے جب قمر اس عنصر کی منزل میں آئے تو یہ نقش لکھ کر پھلدار درخت کے

یا معید یا معید حاضر کر یا معید حاضر کر

د	ی	ع	م
۶۹	۴۱	۳	۱۱
۴۲	۷۲	۸	۲
۹	۱	۴۳	۷۱

ساتھ لٹکائے اور دوسرا وزن کے نیچے رکھے۔ بھاگے ہوئے شخص کے اعداد کے مطابق یا معید پڑھے۔ انشاءاللہ جلد واپس آ جائے گا۔

استخارہ و اطلاع درخواب

عمل کہٰیعص اس امر کے لیے ایک بہترین عمل پیش کرتا ہوں۔ یہ کلام الٰہی کے حروف بہت سے کاموں میں اعجازی حکم رکھتے ہیں الفت و محبت کے بارے میں تو یہ قوی ہے۔ (۲) اور حوائج طالب رزق و قبول قلوب و حصول و سرات و کثرت خیر و برکت و امور دنیاء و آخرت کے لیے بہت ارفع و اعلیٰ ہے مگر عامل کو چاہیئے اس عمل حامل و صاحب خاتم رفیع القدر ہمیشہ پاک و با وضو با کیزہ لباس رہے خباثت و عدم طہارت کی حالت میں اس خاتم کو علیحدہ کر دے کیونکہ اس میں اعظم خدا پوشیدہ ہے اس کے بکثرت خواص میں چند خواص کا ذکر کیا جاتا ہے (۱) اس خاتم کو اگر کوئی بوقت خواب سر کے نیچے رکھ کر سوئے تو نیند میں کسی بزرگ کو دیکھے گا۔ اور جو سوال مخفی اس سے کرے گا۔ اس کا جواب شافی پائے گا۔ (۲) اگر کسی کے سوتے کے سینے پر پیراہن میں رکھ دے جو کچھ اس نے بیداری میں کیا ہوگا وہ سب بیان کرے گا۔ (۳) حالت غائب کے بارے میں معلوم کرنا ہو وہ زندہ ہے یا مردہ تو اس لوح یا خاتم کو زیر سر رکھ کر سوئے اور خواب میں ایک بزرگ غائب کے متعلق اسے سب حال بتا دیوے۔ جو کچھ اس سے دریافت کرے گا ہر نیک و بد امر کے متعلق سب کا جواب صحیح و شافی دے گا۔ سائل جو دل سے سوال کرے گا۔ چاہے خیر کا ہو یا بد کا ہو۔ دفینہ ترقی کسی کام کا انجام معلوم کرنے کے لیئے جو بھی مشکل درپیش ہو اس کا جواب آپکو مل جائے گا۔

ترکیب عمل

اس عمل جلیل القدر کا یہ ہے کہ بر وقت عمل برج ثور ہو اور ستارہ زہرہ برج حوت کے ۲۷ درجہ پر ہو یعنی شرف کی حالت میں ہو۔ اس وقت بخور زہرہ کا جلاؤ۔ ایک لوح طلائی یا نقرہ خالص یا مس و زر باہم آمیختہ پر مندرجہ ذیل چاروں نقوش کندہ کرائے۔ اس طرح کہ نقش ۱ و ۲ لوح کے ایک طرف ہو اور ۳ و ۴ لوح کی پشت پر ہو۔ اس کے بعد اس لوح خرقہ پاک و سفید و معطر میں لپیٹ کر پاس رکھے اور اس

اسم اعظم کا اپنے نام کے اعداد کے مطابق ورد کرے۔ قرآن کریم کا معجزہ دیکھیئے۔

نمبر ۱ — ۷۸۶

״	ف	ھ	ح	ع
ھ	ح	ع	״	ف
ع	״	ف	۹	۸
ف	ھ	۸	ع	״
۸	ع	״	ف	ھ

نمبر ۳ — ۷۸۶

	ھ	ف	ع	ع
	ع	م	۱۰۱	ن
	ف	۱۰۱	۸	۸
	۸	ھ	ع	۱۰۱
	۱۰۱	ع	ف	ھ

نمبر ۲ — ۷۸۶

ص	ع	ی	ھ	ک
ی	ھ	ک	ص	ع
ک	ص	ع	ی	ھ
ع	ی	ھ	ک	ص
ھ	ک	ص	ع	ی ن

نمبر ۴ — ۷۸۶

۹۰	۷۰	۱۰	۵	۲۰
۱۰	۵	۲۰	۹۰	۷۰
۲۰	۹۰	۷۰	۱۰	۵
۷۰	۱۰	۵	۲۰	۹۰
۵	۲۰	۹۰	۷۰	۱۰

یہ ایسا عمل ہے کہ تمام زندگی کے لیئے کافی ہے۔ ہر مقصد اس سے حل ہو سکتا ہے۔

رہائی محبوس

اگر کوئی شخص کسی مصیبت یا مقدمہ میں مبتلا ہو اور سخت پریشان ہو کوئی راستہ نہ نظر آ رہا ہوں تو آپ پارہ نمبر ۲۴، سورہ المومن آیت نمبر ۴۴ وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللّٰہِ ؕ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ ۔ اس آیت کریمہ کو اپنے اعداد کے مطابق روزانہ پانچ وقت نماز کے ساتھ ورد کریں تو خدا کے فضل سے آپکو مصیبت سے نجات ملے گی۔ خداوند کریم اپنی رحمت سے غیبی امداد فرمائیں گے یہ مجرب الامجرب عمل ہے۔

الحمد للہ ۱۶	رب العلمین ۳	الرحمٰن ۲	الرحیم ۱۳
مالک یوم الدین ۵	ایاک ۱۰	نعبد ۱۱	وایاک ۸
نستعین ۹	اھدنا الصراط ۶	المستقیم ۷	صراط الذین ۱۲
انعمت علیھم ۴	غیر المغضوب ۱۵	علیھم ۱۴	ولاالضآلین ۱

ایضاً: جب قمر مریخ کے ساتھ بہ نظر دوستی ہو تو اسے لکھ کر قیدی کے گلے میں ڈالیں انشاءاللہ جلد چھوٹ جائے گا۔

جب زہرہ شرف میں ہو تو اسے لکھکر اپنے پاس رکھیں تو مقدمہ میں فتح ہوگی جبکہ قمر حد زحل میں ہو تو اس کو لکھ کر اپنے پاس رکھیں۔ فتح اور کامیابی ہو۔ جب عطارد اور قمر میں تثلیث ہو تو اسے لکھ کر اپنے پاس رکھیں جلدی رہائی ہوگی۔ اگر شرف آفتاب کے جو شخص زعفران اور سنہری کاغذ پر لکھ کر اپنے پاس رکھے گا۔ وہ اپنے مقصد میں کامیاب اور کامران رہے گا۔

ایضاً: کسی شخص کو سفر سے رکنے کے لیئے آزمودہ اور تجربہ شدہ عمل پیش کرتا ہوں

نمبر۱ وہ شخص جس طرف جانے کا ارادہ کرے۔ اس طرف سے پتھر یا اینٹ اٹھا لائے اور اس پر یہ آیت معظم لکھے اور ساتھ ساتھ اس شخص کا نام اور اس کی ماں کا نام بھی اس آیت کے نیچے رکھے۔ اور اس پتھر یا اینٹ کو کنوئیں میں ڈالدے جب تک وہ پتھر کنوئیں میں پڑا رہے گا وہ شخص ہرگز سفر کا ارادہ نہ کرے گا۔ جب پتھر نکال لیں گے وہ چلا جائے گا۔

نمبر۲ اگر اس شخص کا نام معہ والدہ کے اعداد نکال کر اس عدد کے مطابق اس آیت معظم کو کسی چیز پر پڑھ کر کھلاتے رہیں تو وہ شخص سفر کا ارادہ ترک کردے گا۔ وہ آیت کریمہ یہ ہے۔

قالو یاموسیٰ انا لن ندخلھا ابدا ما داموا فیھا فاذھب انت وربک فقاتلا انا ھھنا قاعدون" پارہ نمبر سورہ آیت نمبر

اعمال انکشافات حالات مخفی:

اس وقت عمل کرنے چاہئیں جب زہرہ برج ثور کے ۲۰، یا میزان کے ۳، یا عقرب کے ۱۰۔ ۲۸۔ ۳۰، درجہ یا قوس کے ۱۳، یا دلو یا حوت کے ایک درجہ پر بحالت مستقیم اور طلوع مشرقی ہو اور قمر کی اس پر تثلیث

یا تسدیس یا قران کی ہو یا قمر برج ثور میں ہو۔ مگر زحل کی نظر قمر پر نہیں ہونی چاہیئے۔ اگر کسی کا مال چوری ہو گیا ہو اور کسی شخص پر شبہ ہو تو اس آیت مبارکہ کو اپنے نام کے اعداد کے مطابق پڑھیں اور تصور کریں بلکہ دعا کریں کہ جس نے میرا مال چرایا ہے۔ اس کی شکل مجھے دکھائیں یہ عمل پانچ راتوں کا ہے۔ انشاء اللہ آپکو تمام علم ہو جائے گا۔ آیت کریمہ پارہ ۹ سورہ الاعراف آیت ۱۵۲

ان الذین اتخذوا العجل سینالھم غضب من ربھم وذلۃ فی الحیوٰۃ الدنیا وکذالک نجزی المفترین۔

ایضاً

قرآن مجید کا اعجاز ہے کہ جس شخص نے کا نقصان ہو گیا ہو یا مال چوری ہو گیا ہو تو اسے چاہیئے کہ یہ آیت کریمہ سوتے وقت سات دفعہ پڑھ کر سو جائے۔ انشاء اللہ چور کا مکمل حال معلوم ہو جائے گا۔ چور کون ہے اس کا نام کیا ہے۔ کہاں رہتا ہے۔ مال کہاں ہے۔ مال ملے گا یا نہیں۔ یہ عمل سات راتوں تک کرنا ہے۔ آیت معظم پارہ ۲۶ سورہ الفتح آیت ۱۱-۱۲

سیقول لک المخلفون من الاعراب سے لے کر وکنتم قوماً بوراً ۵ تک پڑھیں۔

شناخت چور

یہ نقش مربع آتشی ہے چال سے لکھیں اور سولہویں خانہ میں عدد ۱۵۰ لکھ کر اوپر سیاہی بھر دو۔ ایک چھوٹے اور نابالغ اور سمجھدار لڑکے کو دے دو اور اس سے کہو اس سیاہی کے خانے میں توجہ اور غور سے دیکھتا رہے۔ اور عامل خود سورہ المد ترکیف مع مؤکلو نکے پڑھتا رہے۔

۲۴۲	۲۴۵	۲۴۸	۲۳۵
۲۴۷	۲۳۶	۲۴۱	۲۴۶
۲۳۷	[redacted]	۲۴۳	۲۴۰
۲۴۴	۲۳۹	۲۳۸	۲۴۹

الم ترکیف دبکاکر فعل ربک یاجبرائیل باصحٰب الفیل یامیکائیل الم یجعل کیدھم یالومائیل فی تضلیل یامیکائیل وارسل علیھم طیراً ابابیل یالومائیل ترمیھم بحجارۃ یاعزرائیل یا بدوح من سجیل یا کشفائیل فجعلھم یاعجمائیل کعصف ماکول یا تنکفیل سامعاً مطیعاً اقضی حاجتی بحق


الہ ترکیب فعل ربک ساتھ ساتھ پڑھتا ہے۔

عمل ثبات دولت عزت مرتبہ و زیادتی رزق ث جائیداد کی بقا

ملازمت کا خطرہ الغرض استحکام و ثبات کی ضرورت ہو تو اس طرح عمل کریں۔


قبل ازیں عرض کر چکا ہوں جسے عملیات کا شوق ہو اسے نجوم پر اچھی خاصی مہارت ہونی چاہیے۔ جو لوگ نجوم کے راز و رموز سے واقف نہیں۔ انہیں کامیابی ہرگز ہرگز نہ ہوگی۔ خدا کے کلام ہیں بہت اثر ہے مانگنے والا بے صبر ہے۔ اب میں وہ راز عیاں کر رہا ہوں

ثابت بروج کا نقشہ



جس پر عمل کرنے سے آپ کی کامیابی یقینی ہے۔ یہ عمل اس وقت کریں جب شمس برج ثابت میں ہو۔ یعنی برج ثور برج اسد برج عقرب برج دلو اس کے سعد سیاروں کی بھی نظر ہو تثلیث یا تسدیس یا مشتری زہرہ و شمس کا قران ہو۔ طالع برج دلو ثور عقرب، اسد ہونا چاہیے۔ دن اتوار جمعہ یا جمعرات کا ہو۔ ساعت بھی انہی ستاروں کی ہو تو کیا بات ہے۔ قمر بھی برج ثابت میں ہونا چاہیے۔ منزل بھی سعد ہونی چاہیے مثلاً ۱ جبہ ۲ غفرہ ۳ قلب ۴ نعائم ۵ سعد السعود

نظرات سیارگان کا نقشہ



مقدم، برشار باقی ہدایات گذشتہ اوراق کو مد نظر رکھ کر کریں، آپکو علم ہے کہ پہلا گھر طالع ہوتا ہے دوسرا ساقط تیسرا گھر تسدیس کہتے ہیں چوتھا گھر تربیع کہتے ہیں پانچواں گھر

نظر تثلیث کہتے ہیں۔ اور ساتواں گھر نظر مقابلہ کہتے ہیں۔

ہے۔ عملیات میں رجال الغیب کو بھی مدنظر رکھیں۔ دونوں طرف ایک جیسا قانون
اس کا نقشہ میں نے رحیم العملیات حصہ دوم
وحصہ سوئم میں بڑی وضاحت کے ساتھ پیش کر دیا ہے وہاں سے راہبری حاصل کریں۔
اگر آپ روزی اور رزق کے لیئے نقش لکھیں تو عزیمت ضرور لکھیں۔

اقسمت علیکم یا مسنجرات و یا ملائکتہ لوح المثلث یا لوح مربع درہیہم یا ملیسوشا ان
تعیسو نی فی حصول المعاش و رزق الحلال والجاہ والمنصب بحق اسم اللہ محفظم آحہذ طہ
بدوح اللہ آدم وحوّا را لھکم اجمعین

وُسعتِ رزق

جو شخص رزق کی زیادتی دولت کی فراوانی چاہتا ہو تو اسے چاہیئے دو نقوش بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے لکھے لیکن اس وقت لکھے جب شرفِ آفتاب (برج حمل ۱۹ درجہ پر ہو) سال میں صرف ایک بار ماہ اپریل میں آتا ہے۔ اس آیت معظم کی قوت شرف میں زیادہ ہوتی ہے۔

حرفی نقش بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بسم	اللہ	الرحمٰن	الرحیم
الرحیم	الرحمٰن	اللہ	بسم
اللہ	بسم	الرحیم	الرحمٰن
الرحمٰن	الرحیم	بسم	اللہ

عددی نقش ۷۸۶

۱۸۹	۲۰۲	۱۹۹	۱۹۶
۲۰۰	۱۹۵	۱۹۰	۲۰۱
۱۹۴	۱۹۷	۲۴۰	۱۹۱
۲۰۳	۱۹۲	۱۹۳	۱۹۸

اس کے نیچے مذکورہ بالا عزیمت ضرور لکھیں۔ ہر روز ۷۸۶ بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھتے رہیں۔ تو خداوند کریم رزق کے سامانِ غیب سے پیدا کرے گا۔ انشاءاللہ۔

اعداد کا اعجاز

ارشاد ربانی :-

وَاَحْصٰی کُلَّ شَیْءٍ عَدَدًا (سورہ جن آیت ۲۸)

ترجمہ :- ہم نے ہر شے کو عدد میں شمار کیا ہوا ہے

اعداد کی حیرت انگیز مخفی قوتوں کا انکشاف رحیم الاعداد کے حصوں میں آپ کو ملے گا۔ اعداد کی سائنس کے حیرت انگیز نتائج ان حصوں میں پیش کئے گئے ہیں۔ ہر شخص اپنے نام اور اپنی تاریخ پیدائش کے اعداد نکال کر جو چاہیں کر سکتے ہیں۔ اعداد کا معجزہ دیکھنے کے لئے متصلہ اور مخفی عدد نکالنے کے بہت اصول اور قواعد پیش کئے گئے ہیں۔ عددی زائچہ بن سکتے ہیں سعد و نحس اوقات نکال کر۔ برے وقت کا سد باب کر سکتے ہیں۔ اب جب کبھی کوئی نیا کام کریں۔ ملازمت ہو۔ یا شادی کا روبار ہو۔ محبت۔ تعلق۔ لاٹری۔ انعامی بانڈ الغرض ہر کام میں اپنے مخفی عدد کا مقابلہ کر لیا کریں۔ اگر دوسرے فریق کے اعداد سے موافق ہو تو کامیابی ہوگی اگر مخالف ہو تو ناکامیابی ہو ڈاکٹر عبدالرحیم صاحب نے اس اصولوں کو بڑی دریا دلی اور فیاضی سے پیش کیا ہے۔ گردش ایام اور لاعلاج مرضوں کے سد باب کے لئے مجرب روحانی نسخے پیش کئے ہیں۔ الغرض یہ عظیم حصے ہر مقام اور ہر وقت آپکی راہبری اور راہنمائی کریں گے۔ علمی لحاظ سے بے بہا خزانہ ہے یہ اعلیٰ ارفع علم اعداد کے شہ پارے ہیں آپ ضرور مطالعہ کریں سب سے آسان علم ہے۔ معمولی لکھا پڑھا بڑے بڑے علمی سوالات حل کر کے کمالات پیدا کر سکتا ہے

ادارہ روحانیات رحیمیہ شاہدرہ، بہاولپور

ترقی رِزق و برکت مال

ماہ رمضان کی چودھویں روزے کے دن اگر جمعرات یا جمعہ کا دن یا اتوار آ جائے تو ایک لوح سونے کی یا سنہری کاغذ کی تیار کریں یا گڈی کاغذ میں لکھ کر انگشتری میں محفوظ کریں۔ یہ نقش خزانہ خداوندی کا شاہکار ہے۔ اللہ تعالیٰ رزق میں برکت دے گا۔ اپنے نام کے اعداد کے مُطابق یہ آیت معظم ورد کریں۔

۷۸۶

۴۳۰	۴۲۵	۴۳۲
۴۳۱	۴۲۹	۴۲۷
۴۲۶	۴۳۳	۴۲۸

وَاللّٰهُ هُوَ الْغَنِیُّ وَقنیٰ جس کے اعداد ۱۱۳۱ ہیں۔ اگر اس آیت کے اعداد کے مُطابق پڑھے تو قدرت خدا کا منظر دیکھیں۔

وُسعت رِزق

یہ نقش تمام نقوش کا سرتاج ہے اس کے خواص اتنے کثیر ہیں کہ احاطہ قلم سے بعید ہیں۔ لیکن یہاں صرف مختصر نقشہ پیش کرتا ہوں۔ اگر حصول رزق میں کسی شخص کو پریشانی اور محتاجی ہو اور مقروض رہتا ہو۔ اہل وعیال کی کثرت ہو فاقہ کشی سے نجات اور کاروبار میں برکت و وسعت کے لیے خیر و برکت کے لیے اعداد

۷۸۶

۱۴۹۸۱۲۲۱	۱۴۹۸۱۲۲۴	۱۴۹۸۱۲۲۷	۱۴۹۸۱۲۱۴
۱۴۹۸۱۲۲۶	۱۴۹۸۱۲۱۵	۱۴۹۸۱۲۲۰	۱۴۹۸۱۲۲۵
۱۴۹۸۱۲۱۶	۱۴۹۸۱۲۲۹	۱۴۹۸۱۲۲۲	۱۴۹۸۱۲۱۹
۱۴۹۸۱۲۲۳	۱۴۹۸۱۲۱۸	۱۴۹۸۱۲۱۷	۱۴۹۸۱۲۲۸

قرآن مجید کو شرفِ زہرہ یا شرف مشتری یا شرف شمس یا اوج مشتری یا اوج شمس میں مکمل قانون کے ساتھ لکھے یا چاندی کی لوح پہ کندہ کرانا ہمیشہ جملہ قوانین کو مدنظر رکھیں۔ جس شخص کے لیے یہ نقش لکھا جاتا ہے اس کے نام کے حروف علیحدہ علیحدہ کر کے عنصر کا خیال کریں ان میں کون سا عنصر غالب ہے۔ اس عنصر سے یہ نقش پُر کریں۔ آپکی کامیابی یقینی ہے۔

برکت کیلئے ۳

جو آدمی روزگار سے تنگ ہو اور سخت پریشان ہو تو اسے چاہیئے کہ پارہ ۲۵ سورۃ الشوریٰ آیت ۱۹ اَللّٰہُ لَطِیْفٌۢ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ وَھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ ۔ جس کے اعداد ۱۲۸۷ ہیں۔ سائل اپنے نام کے اعداد کو بسط کرے اور پھر دیکھے آپ کے نام میں کون سا عنصر غالب ہے۔ اس عنصر سے تمام قواعد کے ساتھ عمل کرو۔ اسی عنصر سے مُربع پُر کریں۔ مُربع پُر کرنے کے قوانین پیش کر چکا ہوں۔ اور پھر اپنے نام کے اعداد کے ساتھ روزانہ یہ آیت کریمہ پڑھا کریں۔ رزق عام ہو جائے گا۔

نورانی حروف کے اثرات یہ ہیں ا، ھ، ص، س، ک، ع، ر، ط، ح، ن، م، ق، ل، ی،
ان حروف کی تاثیر یہ ہے کہ اگر مفلس تلاش ان حروف کو رجب کی پہلی تاریخ کو چاندی کی انگشتری پر یا چاندی کی لوح پر کندہ کر کے پہنے یا اپنے پاس رکھے۔ جو ڈرپوک ہے تو حوصلہ مند ہو جائے گا بحکم خدا کسی سے خوف زدہ نہ ہوگا۔ اسے ہر طرح سے امن آجائے گا۔ اگر کسی امیر و حاکم سے ملے تو وہ اس کی پوری پوری مدد کرے گا۔ اگر کوئی شخص غصے کی حالت میں ہو تو اس کے سر پر ملے تو اس کا غصہ فوراً جاتا رہے گا۔ اگر ان حروف کو منہ میں رکھے تو پیاس فوراً جاتی رہے ہے۔ اگر ان حروف کو بارش کے پانی سے دھو کر سات دن پیتا رہے تو حافظہ قوی ہو جائے۔

۷۸۶

الرن	حم ن	طس	عسق
رحمان	نا فع	مالکسا کانی	احد مالک
کھیل	اللّٰہ	مالک ذب	محمد بکر
حما ق ن	المص	طس	حمعس

اگر یہ نورانی حروف کنواری دوشیزہ اپنے گلے میں پہنے تو لوگ اس کی شادی کی طرف راغب ہو جائیں جلد شادی ہو جائے۔

اگر مرگی والا آدمی اسے پہنے تو اسے آرام اور سکون ملے۔

اور درد نہ دور ہو بچہ آسانی سے پیدا ہو۔ ان حروف کے سات پتلیاں بنا کر گھر یا مریض کو دھونی دے۔ اثرات جادو دور ہوں زنگیر کو فائدہ ہو۔ مقروض کو قرض سے نجات دلائے اور قرض

کی ادائیگی کے سامان پیدا ہو جائیں ۔ بے روزگار پہنے تو آمد کے ذرائع پیدا ہوں ۔ نقش ہر یا یہ ہے ۔ پچھلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں ۔ انگشتری پر کندہ کرانے کی ترتیب یہ ہے ۔ کہٰیعص طعس حم ق ر ص ن ۔ یہ عمل طالع ثور اور نظر تثلیث زہرہ اور مشتری میں کیا جاتا ہے ۔

مُجرّب العمل : خداوند کریم کے ناموں میں بہت اثر ہے ۔ ہر کام میں ہر حاجت اور مراد کو پورا کرنے میں تیر بہدف کا کام کرتے ہیں ۔ اس جگہ صرف دس نام پیش کرتا ہوں ۔ علمائے جفر نے ان ناموں کو بہت موثر لکھا ہے ۔ اور نقش مربع پُر کرنے کی ہدایت کی ہے ۔ اگر قانون اور قاعدہ کے مطابق عمل کریں تو بہت جلد تاثیر دکھاتے ہیں ۔

یا ودود اس کے اعداد ۲۰ یالطیف کے اعداد ۱۲۹ یارزاق کے اعداد ۳۰۸

یا فتاح کے اعداد = ۴۸۹ یاغنی کے اعداد = ۱۰۶۰ یا کافی کے اعداد = ۱۱۱

یا واسع کے اعداد = ۱۳۷ یا شہید کے اعداد = ۳۱۹ یا نعم المولیٰ ونعم النصیر

کے اعداد = کل اعداد کا مجموعہ = ۶۵۲۹ ۔

لیکن عمل کا قاعدہ پیش کر رہا ہوں اسے ذرا غور سے دیکھیں ۔ پہلے پہل آپ مقصود کا نام علیحدہ علیحدہ حرفوں میں لکھیں ۔ پھر ان کے اعداد ابجد قمری سے لکھ کر جمع کریں ۔ اس کے بعد غرض مند اپنے نام کے حروف علیحدہ علیحدہ لکھ کر جمع کرے ۔ پھر کل کو جمع کر کے اپنے پاس رکھیں ۔ پھر مرادِ اسم ملفوظی لکھ کر اعداد نکالیں ۔ پھر سب کو جمع کر کے نقش آتشی پُر کرو ۔ جس وقت طالع حمل یا اسد یا قوس ہو اور نظرات زہرہ ۔ مشتری ۔ قمر کی تثلیث تسدیس ہو ۔ اس عمل کی تشریح کرتا ہوں تاکہ آپکی سمجھ آ جائے ۔

نام عبدالرحیم رزق میں برکت چاہتا ہے ۔ تو اسمائے الٰہی میں یارازق کا انتخاب کیا

حروف	ع	ب	د	ا	ل	ر	ح	ی	م	کل میزان = ۳۶۵
اعداد	۷۰	۲	۴	۱	۳۰	۲۰۰	۸	۱۰	۴۰	یارازق کے اعداد ۳۰۸

عبدالرحیم — یارازق

ملفوظی	ابجد قمری	ملفوظی	ابجد قمری
را = ۲۰۱	ر = ۲۰۰	عین = ۱۳۰	ع = ۷۰
الف = ۱۱۱	ا = ۱	با = ۳	ب = ۲
زا = ۸	ز = ۷	دال = ۳۵	د = ۴
کاف = ۱۰۱	ق = ۱۰۰	الف = ۱۱۱	ا = ۱
۴۲۱	۳۰۸	لام = ۷۱	ل = ۳۰
		را = ۲۰۱	ر = ۲۰۰
		حا = ۹	ح = ۸
		یا = ۱۱	ی = ۱۰
		میم = ۹۰	م = ۴۰
		۶۵۸	۳۶۵

۱۷۵۲ = ۱۰۷۹ + ۶۷۳

قانون

۱۷۵۲
۳۰ -
۴) ۱۷۲۲ (۴۳۰
۱۶
۱۲
۱۲
۰۲ باقی بچے

۷۸۶

۴۳۷	۴۴۱	۴۴۴	۴۳۰
۴۴۳	۴۳۱	۴۳۶	۴۴۲
۴۳۲	۴۴۶	۹/ ۴۳۹	۴۳۵
۴۴۰	۴۳۴	۴۳۳	۴۴۵

نقش کو اوپر کی ہدایت کے مطابق عروج ماہ جمعہ کے دور طلوع آفتاب کے وقت لکھا جائے گا۔ بخور زہرہ عطر سہاگ مشک، شکر، لوبان، عود، زعفران، خشخاش کی دھونی ضروری ہے چونکہ مربع پُر کرنا ہے آتشی چال سے باقی ۲ بچے ہیں اس لیے خانہ نمبر ۹ میں ایک کا اضافہ کرنے سے نقش مکمل ہو جائے گا۔ عبدالرحیم اپنے نام کے اعداد کے مطابق روزانہ یا رازق پڑھا کرے۔ انشاءاللہ روزی میں برکت ہوگی۔

---

* امور طلب معلوم کرنے کے لیے جوابی لفافہ خط کے ساتھ روانہ کریں۔ شکریہ

عملیات میں ہر ایک سیارے کا مزاج مذکر ہے یا مونث یا ثابت ہے یا منقلب دیکھا جاتا ہے۔

قمر	عطارد	زہرہ	شمس	مریخ	مشتری	زحل
آبی	بادی	بادی	آتشی	آتشی	آتشی	خاکی
مونث	مخنث	مونث	مذکر	مذکر	مذکر	مذکر
ثابت	ذوجسدین	ذوجسدین	ثابت	منقلب	ثابت	منقلب

قمر	عطارد	زہرہ	شمس	مریخ	مشتری	زحل
سعد اصغر	[illegible]	سعد اصغر	[illegible]	نحس اصغر	سعد اکبر	نحس اکبر
ادھیڑ عمر	طفل	ادھیڑ عمر	بوڑھا	جوان	بوڑھا	بوڑھا
نرم	[illegible]	نرم	سخت	سخت	نرم	سخت

اس طرح عملیات میں برج کا مزاج مذکر ہے یا مونث۔ منقلب ہے یا ثابت ہے۔

	حمل	ثور	جوزا	سرطان	اسد	سُنبلہ	میزان	عقرب	قوس	جدی	دلو	حوت
	آتشی	خاکی	بادی	آبی	آتشی	خاکی	بادی	آبی	آتشی	خاکی	بادی	آبی
	مذکر	مونث	مذکر	مونث	مذکر	مونث	مذکر	مونث	مذکر	مونث	مذکر	مونث
	منقلب	ثابت	ذوجسدین	منقلب	ثابت	ذوجسدین	منقلب	ثابت	ذوجسدین	منقلب	ثابت	ذوجسدین
موکل بروج	اسرافیل	عزرائیل	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

عمل میں ہر سیارے کے موکل اور ملائکہ کا نام بھی ضروری ہوتا ہے۔

قمر	عطارد	زہرہ	شمس	مریخ	مشتری	زحل
اسمٰعیلؑ	یوجائیلؑ	صوسائیلؑ	عزرائیلؑ	میکائیلؑ	میکائیلؑ	جبرائیلؑ
مضائیل	ببرائیل	خودائیل	کلسائیل	صحائیل	ارمائیل	زیبائیل

"ادارہ رُوحانیات رحیمیہ شاہدرہ بہاولپور"

ایک مُقدس فرض کی تکمیل ہوتی ہے یہاں   قسمت نوع بشر تبدیل ہوتی ہے یہاں

اس ادارے کے قیام کا مقصد وہ امانت آپکے حوالے کرنا ہے جو بنی نوع انسان کے لیے ودیعت کی گئی ہے۔ وہ خزائن علوم روحانیہ والہامیہ جو پیشوایان رُوحانی کے ذریعہ ہم تک آئی ہیں لیکن ہماری لاپروائی اور نااہلی کی وجہ سے تباہ ہوگیئں یا ہورہی ہیں۔ ان کی حفاظت کرنا ہمارا فرض ہے۔ ہماری دلی آرزو ہے جتنا بھی جلدی ہوسکے اس قسم کی معلومات آپ کی خدمت میں پیش کریں لیکن یہ اس صورت میں ممکن ہے جبکہ آپ بھی ہماری مدد کریں۔ وہ حضرات جن کے پاس اس قسم کا اعلیٰ علمی سرمایہ ہے۔ وہ اصل یا نقل ہمارے پاس بطور امانت کے بھجوائیں۔ صاحب ثروت حضرات دل کھول کر نشرواشاعت کے لیئے مدد کریں۔ جو لوگ امداد نہیں کرسکتے وہ کتب خانوں سے رابطہ کر کے ان کی کتب سے روشناس کرائیں تاکہ اس کی فروخت میں اضافہ ہو۔ اس کی آمدنی سے مزید کتب کی اشاعت ہوسکے۔ یہ بھی بڑا احسان ہے۔

"ھل جزاءُ الاحسانِ اِلاّ الاحسان"

آپ کا محتاج کرم

عبدالرشید

مینجر ادارہ ھٰذا

جناب ڈاکٹر عبدالرحیم کی علمی کاوش کو دیکھتے ہوئے جناب کمشنر و ڈپٹی کمشنر بہاولپور
نے صدارتی ایوارڈ کے لیے لکھا۔ ملاحظہ فرمائیں!!

To

Mr. Salman Ahmad,
Deputy Secretary(Cabinet),
Government of the Punjab,
S&GAD Department(Cabinet Wing),
Lahore.

Dated 15-2-94

No. CB/21-2/685

Subject: RECOMMENDATIONS FOR CIVIL AWARDS TO BE CONFERRED BY THE PRESIDENT OF PAKISTAN ON INDEPENDENCE DAY OF, 1994.

<u>Memo</u>

I am directed to refer to your letter No. Cab-I/3-1/94 dated 19.12.1993 on the subject noted above.

2. The names of the following notables have been recommended by Deputy Commissioner Bahawalpur for grant of Civil Awards:-

(i) Mr. Mohammad Shafi Shakir Shujabadi s/o Maulvi Allah Yar r/o Tibba Badar Sher Bahawalpur city.

(ii) Dr. Abdul Rahim s/o Maulvi Khuda Bakhsh r/o House No.1875/f, Shahdra Bahawalpur.

(iii) Alama Mansoor Ahmad Rehmat s/o Maulvi Ali Muhammad r/o Mohallah Aam Khas, inside Bohar Gate Bahawalpur.

3. The recommendations of the Deputy Commissioner are endorsed. Sixty copies of prescribed forms duly filled in with citations in Urdu & English and relevant books in respect of the above recommendees are enclosed.

(Mansoor Ahmad Bajwa)
Addl. Commissioner(Coord)
for Commissioner
Bahawalpur Division.

From

The Deputy Commissioner,
Bahawalpur.

To

The Commissioner,
Bahawalpur Division,
Bahawalpur.

NO.GB/13/211/ 804 Dated 6-2- 1994.

SUBJECT:- **RECOMMENDATIONS FOR CIVIL AWARDS TO BE CONFERRED BY THE PRESIDENT OF PAKISTAN ON INDEPENDENCE DAY OF 1994.**

Memorandum:

Please refer to your letter No.GB/21-2/371-72 dated 23-1-1994 on the above cited subject.

2. The following two names are recommended for the awards :-

i) Mr. Muhammad Shafi Shakir Shujabadi, s/o Maulvi Allah Yar r/o Railway Station Zareef Shaheed, Tehsil Shujabad. Now at Tibba Badar Sher Bahawalpur city.

ii) Dr. Abdul Rahim s/o Maulvi Khuda Bakhsh, r/o House No.1875/f, Shahdra Bahawalpur.,

3. Sixty copies of prescribed forms duly filled in with citations in Urdu and English and relevant Books in respect of the above recommendees are enclosed herewith as desired.

Deputy Commissioner,
Bahawalpur.

DA/As above.

articulars of recommendee:

<table>
<tr><td rowspan="2">Name</td><td>in English</td><td>in Urdu</td></tr>
<tr><td>Dr. Abdul Rahim</td><td>ڈاکٹر عبدالرحیم</td></tr>
<tr><td>Father's name</td><td>Maulvi Khuda Bakhsh</td><td>مولوی خدا بخش</td></tr>
<tr><td>Age
63 years</td><td>Nationality
Pakistani</td><td>Domicile
Bahawalpur District</td></tr>
<tr><td>Profession & designation:</td><td>Rtd. English Teacher/Writer</td><td>Standing in the Profession; He is a writer of National fame & author of 28 books.</td></tr>
</table>

<table>
<tr><td rowspan="3">Postal address of the Recommendee (In case of a posthumous award, please indicate the name and full address of next of kin of the reccommendee)</td><td rowspan="3">House No.1875/F, Shahdra Bahawalpur</td><td colspan="2">Telephone number</td></tr>
<tr><td>Office</td><td>Residence</td></tr>
<tr><td>Nil</td><td>6863</td></tr>
<tr><td>Any honour or award already held with date of conferment (including awards withdrawn in 1973).</td><td colspan="3">NIL</td></tr>
</table>

Whether previously reccommended for any award: NIL

Dr. Abdul Rahim is a renowned writer Journalist, astrologist, educationist, homeopath and author of a large number of books. His works in these fields have been widely acclaimed and made use of. He is quite popular in the educational and social circles of this area. An exhibition of his works was held in January, 1994 and was well attended. Some of his original and research works are listed below:-

1) Rahim-ul-Jaffr Part-I
2) Rahim-ul-Jaffr Part-II
3) Rahim-ul-Jaffr Part-III
4) Rahim-ul-Najoom Part-I
5) Rahim-ul-Najoom Part-II and III
6) Rahim-ul-Waqti Zaicha
7) Rahim-ul-Taleh
8) Ajmaa Siargan
9) Maqam-ul-Najoom Asrat-ul-Najoo
10) Rahim-ul-Ramal Part-I
11) Rahim-ul-Ramal Part-II
12) Rahim-ul-Amliat Part-I
13) Rahim-ul-Amliat Part-II
14) Elaaj Ba Ramal
15) Rahim-ul-Adad Part-I
16) Rahim-ul-Adad Part-II,III and IV
17) Rahim-ul-Dast Shanasi Part-I and II
18) Pathroon Key Sehri Khawas
19) Hakim Ghaib Dan
20) Qabz Aur Bawasir Ka Rahimi Elaj
21) Jooroon Key Dard Sey Nijat
22) Sugar Ka Moaser Elaj
23) Falij Ka Elaaj Aisa Karain
24) Vote Ki Ehmiat
25) Monthly Rohani Alam
26) Likhai Sikhaney Wali Kitab
27) Quran Majeed Parhanay Ka Asan Course.
28) Markaz Taleem-e-Balghan Key Ghurz-o-Ghaiat.

He has been busy teaching through out his life. He has successfully discovered simple ways of teaching Quran, general writing and general education. Thousands have benefitted from this as well as his Homeopathic Clinic and his books on health. Now after retirement he has dedicated himself to adult education and he is bearing the expenses all by himself. His life long struggle and contributions in the field of health education and social welfare merit recognition at the highest level.

ایضاً: علمائے جفر نے اس قاعدے کی بے حد تعریف کی ہے اور اسے پُر تاثیر لکھا ہے ترقی عزت وقار دولت حاصل کرنے کے لئے ایک مکمل قاعدہ پیش کرتا ہوں۔ جب شمس کو شرف ہوتا ہے یعنی شمس برج کے ۱۹ درجہ پر ہو اتوار کا دن ساعت شمس کی ہو۔ صاف اور پاک معطر ہو کر گذشتہ اوراق کے قوانین کو مدنظر رکھ کر اس نقش کو پُر کرنا ہے۔ لیکن اس بات کو نوٹ کر لیں سب کچھ عمل کے وقت سے قبل مکمل کر لیں تاکہ وقت پر پریشانی نہ ہو۔

ضروریات عمل:- مر۱ طالب علم کا نام معہ مادر مر۲ مقصود کے اعداد مر۳ آیت کریمہ کے اعداد سب کو جمع کر کے چار پر تقسیم کریں جو باقی بچے۔ اس چال سے نقش کو پُر کرنا ہے۔

مر۲: نام کے حروف اور آیت کریمہ کے حروف علیحدہ علیحدہ اس طرح مقصود کے حروف کو بھی جُدا جُدا لکھ کر اور تینوں کو اس میں امتزاج دیں اور ایک سطر بنا کر پانچ پانچ حرفی کلمات بنا کر نقش کے اردگرد لکھیں اور اوپر موکل یا کینول اور نیچے نقش کے یا علیقول لکھیں بحکم خدا بطفیل رسولؐ آپ کا مقصد پورا ہوگا۔

اگر کوئی نقش کے ساتھ ہدایت نہ لکھی ہو تو کلمات بنانے کا قانون یہ ہے۔ سب حروف کو گنیں اگر طاق ہوں تو تین تین یا پانچ پانچ حروف کے کلمات بنائیں۔ اگر حروف کی تعداد جُفت ہو تو ان حروف کو چار چار کلمات کے حروف بنا کر نقش کے اردگرد لکھیں۔ عنصر معلوم کرنے کے لیے سب اعداد کو چار پر تقسیم کریں۔ اگر ایک بچے تو نقش آتشی چال سے لکھیں۔ اگر تقسیم سے ۲ بچیں تو نقش کو بادی چال سے لکھیں۔ اگر تقسیم سے تین باقی بچیں تو نقش کو آبی چال سے پُر کریں۔ اگر تقسیم سے کچھ نہ بچے تو نقش کو خاکی چال سے پُر کرنا چاہیئے۔ اس طرح میں اعوان کا جنات کا کبھی کسی جگہ اس کتاب میں قانون لکھا ہے۔ اب میں حل کر کے آپ کے سامنے رکھتا ہوں۔

مر۱ نام طالب عبدالرحیم اعداد = ۳۶۵ مقصود = رازق = ۳۰۷

مر۳ آیت کریمہ واللہ یرزق من یشآء بغیر حساب (سورہ البقرہ آیت نمبر ۲۱۲)

حروف ۲۲ اعداد = ۲۰۷۴۔ تینوں کو جمع کیا ۲۰۷۴ + ۳۶۵ + ۳۰۷ = ۲۷۴۶

عدد قانون ۳۰ نفی کیا ۲۷۴۶ - ۳۰ = ۲۷۱۶ چار پر تقسیم کیا (اگلے صفحہ پر ملاحظہ کریں)

۴ | ۲۷۱۶ | ۶۷۹
۲۴

۳۱
۲۸

۳۶
۳۶

×

آتشی	بادی	آبی	خاکی
خاکی	آبی	بادی	آتشی
باد	آتش	خاک	آب
آب	خاک	آتش	باد

علمائے روحانیات نے سولہاں خانوں کے اثرات اس طرح پُر کرنے سے ان میں خاصیت پیدا ہو جاتی ہے۔ اگر آپ خانہ ۱ سے بھرنا شروع کریں گے تو اس کے خواص یہ ہیں۔ یہ خانہ حصول جاہ و مرتبہ ترقی عزت شہرت اور دافع امراض کے لیئے آغاز کیا جاتا ہے۔

۲۔ اگر کسی نحس کام کا آغاز کرنا ہو تو مثلاً کسی کی روزی بند کرنا، بربادی دشمن، جدائی، کسی کے کاروبار کا بند کرنا الغرض کسی کو تباہ کرنا ہو تو اس خانے سے آغاز کرنا چاہیئے۔

۳۔ یہ خانہ جادو کے اثرات کو دفع کرتا ہے جسم کے اثرات وامراض جیسے بواسیر، لقوہ، فالج جوڑوں کا درد الغرض امراض جسمانی کو دور کرنے کے لیئے اس خانے سے آغاز کیا جاتا ہے۔

۴۔ یہ خانہ جائیداد کے خرید وفروخت زمین سے زراعت زیادہ حاصل کرنا، باغ لگوانا، الغرض جنس پیداوار حاصل کرنے کے لیئے اس خانہ سے آغاز کریں۔

۵۔ اس خانے سے سحر جادو کو دفع کرنے درندوں، پرندوں، چرندوں کو اپنے تابع کرنے کے لیئے اس خانے سے آغاز کیا جاتا ہے۔

۶۔ عورت ومرد کی ازدواجی زندگی اور شراکت، مقدمہ کی کامیابی فتح ونصرت کے عملوں کا آغاز اس خانے سے کیا جاتا ہے۔

۷۔ امراض جسمانی بخار، نزلہ، دل کے امراض، دردِ سر کا مکمل توڑ، اس خانے سے آغاز کیا جاتا ہے۔

۸۔ دشمن کو ہلاک کرنے، تباہ کرنے، زبان بندی، خواب بندی، دکان بندی کا آغاز ان خانوں سے کیا جاتا ہے۔

۹) علم حکمت، علم دین، روحانی علوم، علم جفر حاصل کرنا، درستی عقل و اعلیٰ دماغ کے لیئے اس خانے سے آغاز کیا جاتا ہے۔

۱۰) زن و شوہر محبت، عزیزوں دوستوں رشتہ داروں کی محبت اس خانے سے آغاز کیا جاتا ہے۔

۱۱) حشرات الارض یعنی سانپ، کتے کے کاٹنے، پوشیدہ باتوں کو معلوم کرنا، چوری معلوم کرنا اسی خانے سے آغاز کیا جاتا ہے۔

۱۲) ہر چیز کو محفوظ کرنے کے لیئے اس خانہ سے آغاز کیا جاتا ہے۔

۱۳) دودھ میں اضافہ کرنے جیسے گائے، بھینس، بکری، اونٹنی، عورت، باغ میں بکثرت پھل لانے کے لیئے اس خانے سے شروع کیا جاتا ہے۔

۱۴) تسخیر عمل، تجارت، صنعت و حرفت میں ترقی اس خانے سے کی جاتی ہے۔

۱۵) ظالموں کو تباہ کرنا، عام مخلوق کے شر سے محفوظ رہنا، ملک و املاک کو تباہ کرنا اس خانے سے آغاز کیا جاتا ہے۔

۱۶) جدائی، بربادی، زبان بندی، خواب بندی، کاروبار بندش، دکان کی بندش، عورت کی شہوت مرد کی قوت مردی بند کرنے کا عمل اس خانے سے کیا جاتا ہے۔

یدحس یاکنعیدل " لع

۷۸۶

۶۷۹	۶۹۲	۶۸۹	۶۸۶
۶۹۰	۶۸۵	۶۸۰	۶۹۱
۶۸۴	۶۸۷	۶۹۴	۶۸۱
۶۹۳	۶۸۲	۶۸۳	۶۸۸

یاعلیقول لا " هلیر

یہ علمی راز تھا جو ہیں نے عیاں کردیا ہے۔ اس پر عمل کرنے سے آپکی کامیابی ضرور ہوگی۔ انشاء اللہ۔ اب آپ کو اصل مقصد کی طرف لے جاتا ہوں،

(یہ نقش خاکی چال سے لکھا گیا ہے)

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

اب آپ نے آیت کریمہ مذکورہ بالا کے حروف کو علیحدہ علیحدہ کرنا ہے،

و ا ل ل ہ ی ر ز ق م ن ی ش ا ب غ ر ح س ا ب آیت کے حروف
ن ا ب د ا ل رحی م ر ا ز ق نام کے حروف اور مقصد کے حروف

ان کے حروف بنا کر نقش کے اردگرد لکھیں۔ اب نقش مکمل ہوگیا۔ اسے طالب اپنے پاس رکھے اور روزانہ اپنے نام کے اعداد کے مطابق مذکورہ بالا آیت کریمہ کا ورد کرے۔ چند دنوں میں اس قدر روزی میسر ہوگی کہ آپ حیران رہ جائیں گے۔ یہ نقش غیبی امداد کا سردار ہے۔ محنت آپ کریں پھل خدا فرور دے گا انشاءاللہ۔

تجارت میں ترقی اور دکان چلت کا عمل :

ترقی دکان ہو ایسے عمل اس وقت کرنے چاہئیں جب قمر بخانہ زہرہ اور مشتری بھی ساتھ ہو یا جب مشتری برج سرطان کے ۱۸، ۲۰ درجہ پر ہو یا سنبلہ کے ۲۲، ۲۴ درجہ پر ہو یا برج میزان ۱۲ اور حوت ۱۰ درجہ پر مستقیم ہو، بحالت طلوع شرقی ہو۔ زہرہ کی نظر اس پر ساقط ہو۔ مریخ بحالت رجعت یا غروب ہو تو زر مال کی زیادتی کے عمل کیئے جاتے ہیں۔ اگر کسی کی دکان نہ چلتی ہو اور فائدہ کم ہوتا ہو تو اس آیت قل ان الفضل بید اللہ یوتیہ من یشآء واللہ واسع علیم یختص برحمتہ من یشآء، واللہ واسع علیم۔ پارہ ۳، سورہ آل عمران آیت ۷۳

اس آیت کے اعداد ۳۲۳۷ ہیں۔ اس آیت کو شرف قمر اور شرف آفتاب یا زہرہ مشتری کے ہمراہ ہو چاند منزل غفرہ مقدم رہتا ہو۔ اور ساعت زہرہ مشتری کی ہو علیحدہ علیحدہ حرفوں میں لکھ کر دوکان پر چسپاں کردیں اور آیت کریمہ کو دکان کے اندر بیٹھ کر ایک تسبیح روزانہ پڑھا کریں پھر چند دنوں کے بعد دکان اتنی چلے گی کہ آپ خود حیران ہو جائیں گے۔ گاہک دکان کو عبور کرکے نہیں جا سکے گا۔ مجرب ہے۔

اہم نوٹ :۔ متعدد بار عرض کر چکا ہوں جفر کے عملیات میں وقت کا استخراج بے حد ضروری ہے وقت کی بڑی تاثیر ہے۔ صحیح وقت کا استخراج اس وقت تک ممکن نہیں جب تک آپ علم نجوم پر قادر نہ ہوں۔ لہٰذا ان لوگوں کی خدمت میں التماس کروں گا جو روحانی علوم کے شائق ہیں۔ ان کے لیئے

ضروری ہے کہ وہ علم نجوم سے حسب ضرورت واقفیت حاصل کریں اور تقویم پڑھنے پر ان کو عبور حاصل ہو ورنہ آپکی کوشش وسعی بیکار ہو جائیگی۔ اس لیئے میں نے نجوم پر کئی کتب لکھی ہیں۔ رحیم النجوم حصہ اول، حصہ دوئم، حصہ سوئم، حصہ چہارم، حصہ پنجم، مقام النجوم، اثرات النجوم، رحیم الطالع رحیم الوقتی زائچہ، اجتماع سیارگان، بڑی اچھی کتب ہیں۔ نہایت سہل اور آسان زبان میں لکھی گئی ہیں۔ مبتدی سے لے کر منتہی تک فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔ ان کی روشنی میں عملیات کے حصے اور جفر کے حصے تیار کیئے گئے ہیں۔ آپ اپنے شوق کو تب پورا کر سکتے ہیں جب آپ ان کتب کا عمیق مطالعہ کریں۔

برکت دوکان ۱

۷۸۶

۳۰۳۰۳	۳۰۳۰۶	۳۰۳۰۹	۳۰۲۹۶
۳۰۳۰۸	۳۰۲۹۷	۳۰۳۰۲	۳۰۳۰۷
۳۰۲۹۸	۳۰۳۱۱	۳۰۳۰۴	۳۰۳۰۱
۳۰۳۰۵	۳۰۳۰۰	۳۰۲۹۹	۳۰۳۱۰

سورہ رحمٰن جس کے اعداد کا نقش یہ ہے۔ یہ لکھ کر اپنے پاس اور اپنی دوکان کے اندر رکھیں تو دوکان میں برکت ہوگی۔ اس کے اعداد ۱۴ ۱۲۱۳۱۱، ہیں، اور ساتھ ساتھ صبح کے وقت قل اللھم مالک الملک کو اپنے نام کے اعداد کے مطابق پڑھا کریں۔ اس سے کاروبار میں بہت برکت ہوگی۔ بہت جلد غنی ہو جائے گا۔ دولت کی فراوانی ہوگی۔

ترقی دوکان وتجارت ۱

۷۸۶

۱۵۳۰	۱۷۳۱	۱۰۳۳	۱۰۵۰
۱۲۳	۷۲۱	۷۲۹	۱۳۲
۱۰۵۲	۱۰۵۱	۷۳۹	۵۲۸
۷۳۰	۵۲۷	۱۰۵۳	۱۳۵

برائے ترقی دکان وتجارت اچھے وقت میں تین نقش تیار کریں۔ ایک نقش اپنی دکان کے اندر اور دوسرا نقش پانی میں ڈال کر دکان کے اندر چھڑکیں اور تیسرا نقش اپنے پاس رکھیں۔ آزمودہ اور مجرب نقش ہے۔ کامیابی یقینی ہوگی۔

عزت و مقام حاصل کرنے کیلئے!

آپ طالب معہ والدہ کے اعداد لیں، فرض کریں کہ اعداد ۶۰۲ ہیں۔ ان اعداد کو دوگنا کیا تو ۱۲۰۴ ہوا اور ان اعداد کو دوبارہ دوگنا کیا تو ۲۴۰۸ ہوئے۔ پھر آیت کریمہ جس کے اعداد ۷۸۶۳ ہیں ان میں سے ۷۸۶۳ - ۲۴۰۸ = ۵۴۵۵ عدد بچا۔ آپ نے مربع آتشی پُر کرنا ہے۔ اس کی ترتیب اس طرح ہے جو عدد باقی بچے اسے خانہ ۱ میں رکھ کر باقی خانوں کو اس طرح پُر کریں کہ ہر خانے میں ۶۰۲ جمع کرتے جائیں۔ تمام خانے اس فارمولے سے پُر کریں مثال ۵۴۵۵ + ۶۰۲ = ۶۰۵۷ دوسرے خانہ میں لکھا پھر ۶۰۵۷ + ۶۰۲ = ۶۶۵۹ + ۶۰۲ = ۷۲۶۱ + ۶۰۲ = ۷۸۶۳ اور اسی طرح تمام خانے پُر ہو گئے۔

۹۶۶۹	۱۱۷۷۵	۱۳۲۸۱	۵۴۵۵
۱۲۶۷۹	۶۰۵۷	۹۰۲۷	۱۲۰۷۷
۶۶۵۹	۱۴۴۸۵	۱۰۲۷۱	۸۴۶۵
۱۰۸۷۳	۷۸۶۳	۷۲۶۱	۱۳۸۸۳

یہ نقش ترقی عزت جاہ و مرتبہ حصول مراد، کامیابی، اور مراتب کے حصول کے لیئے یہ ایک مُربع سریع العزت عمل ہے۔ وہ لوگ جن کی دنیا عزت نہیں کرتی۔ جن کی ترقی رُکی ہوئی ہے یا جو لوگ بلند مرتبہ چاہتے ہیں۔ ان کو یہ لوح شرف شمس یا شرف مشتری یا اپنے متعلقہ سیارے کے شرف میں تیار کرنی چاہیئے۔ دھات موافق ستارہ انتخاب کریں۔ انشاءاللہ تھوڑے عرصے میں عروج و کمال ہوگا آپکی عقل دنگ رہ جائے گی۔

بچے کو تعلیم کی طرف رغبت دلانے کا عمل!

جس بچے کا ذہن کم ہو یا پڑھنے سے جی چُراتا ہو یا بھاگتا ہو تو ذیل کا نقش لکھ کر اور چاندی میں مڑھوا کر بچے کے گلے میں ڈال دیں اور روزانہ ۵ عدد بادام اور بڑی دراکھ ۵ عدد میں ملا کر اس پر یہ

۷۸۶

یسطرون	وما	والقلم	ن
ن	یسطرون	وما	والقلم
والقلم	ن	یسطرون	وما
وما	والقلم	ن	یسطرون
یسطرون	وما	والقلم	ن

آیت بچے کے نام کی تعداد کے مطابق پڑھ کر کھلایا کریں ۔ ۴۱ روز آیت کریمہ قل رب زدنی علماو ارزقنی فہما ۔ انشاءاللہ بچے کا ذہن روشن ہو جائے گا ۔ میرا کئی برسوں کا تجربہ شدہ عمل ہے ۔

ہر کام میں

کامیابی کا عمل

ہر جائز مطلب کے لیئے ۲۱ مارچ کو تحویل شمس ہوتا ہے ۔ آپ دو گھنٹے پہلے عمل کی تیاری کر لیں ۔ غسل کر کے سفید پاک لباس زیب تن کریں لیکن آپ نے کوئی ایک سرخ رنگ کا کپڑا ضرور رکھنا ہے ۔ رومال یا جائے نماز سرخ ہو تو بہتر ہے صندل لوبان اگربتی ۔ عود خوشبو جلانے کے لیئے موجود رکھو مکان میں ایک صاف ستھری ایک علیحدہ جگہ بنا کر رکھو ۔ جہاں بوقت عمل اور کوئی نہ ہو وہ جگہ پاک کر لو ۔ تھوڑا سا زعفران پانی میں لکھنے کے قابل بنا لو ۔ لکڑی کا قلم ، سرکنڈہ کا قلم ہو تو بہتر ہے کاغذ بھی ہو ۔ وقت کا انتظار کرو ۔ سب کام پہلے سے تیار کر لو بلکہ نقوش وغیرہ لائنیں وغیرہ الغرض تمام کام مکمل کرے ۔ وقت جب آئے عمل شروع کر دو ۔ تحویل آفتاب جو ہر سال ہر جنتری اور تقویم میں درج ہوتا ہے ۔ اس وقت کو اپنے مقامی وقت میں ڈھالو اور مربع پُر کرو ۔ صرف نقل کرنی ہے ۔ تمام کام آپ نے پہلے مکمل کرنا ہے ۔ عمل کا قاعدہ ترکیب پیش کرتا ہوں ،

اپنے اور اپنی والدہ کے نام کے اعداد بحساب ابجد قمری میں ۳۸۷ ، اعداد کا اسمیں جمع کر کے اس کے مجموعہ میں ۳۰ ، عدد قانون کے نکال لیں ۔ بقایا کو چار پر تقسیم کریں ۔ خارج قسمت پہلے خانہ میں لکھ کر حسب قاعدہ پُر کرو ۔ اگر تقسیم سے ایک بچے تو خانہ نمبر ۱۳ میں ایک کا اضافہ کرو ۔ اگر ۲ ، باقی بچے تو خانہ نمبر ۹ میں ایک کا اضافہ کریں ۔ اور اگر ۳ ، باقی ہو تو خانہ نمبر ۵ ، میں ایک کا اضافہ کریں ۔ نقش پُر ہو جائے گا ۔

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

آتشی چال

عملی مثال پیش کرتا ہوں :-

نام طالب معہ والدہ = عبدالرشید بن فیض الٰہی

۱۵۵۷ = ۹۳۶ + ۶۲۱

۱۹۴۴ = ۳۸۷ + ۱۵۵۷

۱۹۱۴ = ۳۰ - ۱۹۴۴

۴۷۸ (۱۹۱۴ / ۴) ۱۶ ، ۳۱ ، ۲۸ ، ۳۴ ، ۳۲ ، ۲

عدد ۲ باقی بچا۔

القادر بحق عطرائیل اهرائیل

۴۸۷

یا فتاح بحق میکائیل سرطائیل

یا فتاح بحق جبرائیل لوطائیل

۴۸۵	۴۸۹	۴۹۲	۴۷۸
۴۹۱	۴۷۹	۴۸۴	۴۹۰
۴۸۰	۴۹۴	۴۸۷	۴۸۳
۴۸۸	۴۸۲	۴۸۱	۴۹۳

الرازق بحق اسرافیل حرفائیل

نقش کے چاروں طرف خدا کے نام معہ موکل درج کرے۔

۴۸۷ بار یا اللہ بحق اللہ الصمد یا اللہ بحق کلائیل پڑھتے رہیں اور اپنے مطلب کا خیال رکھیں اول آخر تین تین بار درود شریف پڑھیں۔ ایسے دو نقش بنائیں جن کی پشت پر بھی مطلب لکھیں۔ ایک کو اپنے پاس رکھیں دوسرے نقش کو قرآن شریف میں رکھ دیں۔ انشاءاللہ ہر طرح سے کامیابی ہوگی۔

کامیابی وسفر وملازمت :-

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۵

جو شخص تجارت و ملازمت کے لیئے یا کسی دوسرے شہر کو جاتا ہو تو اس نقش زعفران سے لکھ کر موم جامہ کرکے اپنے پاس رکھے۔ انشاءاللہ کامیابی ہوگی۔ سفر میں نقش با اثر ہوگا۔ سفر میں کامیابی ملے گی۔ نقش کے

مخرج صدق و	اخرجنی	مدخل صدق	رب ادخلنی
رب ادخلنی	مخرج صدق	و اخرجنی	مدخل صدق و
مدخل صدق	رب ادخلنی	و مخرج صادق	اخرجنی
اخرجنی	مدخل صدق و	رب ادخلنی	مخرج صادق و
مخرج صادق	اخرجنی	مدخل صدق و	رب ادخلنی

نیچے اس شہر کا نام لکھو جہاں جانا چاہتے ہو ۔

فتوحات ؎

فتوحات کے لیئے موثر اوقات ہمیشہ سامنے رکھیں ۔ جب اس قسم کے نقش یا تعویذ لکھنے ہوں تو خاص طور پر قمر کو دیکھو وہ برج قوس میں ہو یا برج حوت میں ہو اور زہرہ ستارہ سے متصل ہو یا شرف شمس یا شرف قمر یا شرف مشتری ہو تو پھر کیا ہی بات ہے یہ اوقات بہتر اوقات ہیں ۔

انگشتری فتوحات ؎

آزمودہ عمل ہے ۔ جو شخص بدقسمتی و تنگی و افلاس قرض و مقدمہ وغیرہ میں گرفتار ہو ان کے واسطے یہ عمل تیر بہدف ہے ۔ اللہ تعالیٰ غیب سے اس کی مشکل گشائی کرے گا ۔ ترکیب اس عمل کی یہ ہے ۔ جو تمہارے نام کا پہلا حرف ہو اس سے برج اور ستارہ معلوم کرو ۔ جو ستارہ ہو اس کے حروف ملفوظی بناؤ اب دیکھو کہ تمہارے نام کا برج کیا ہے ۔ اگر اس ستارہ کا برج ایک ہو یا دو برج ہوں ان کے حروف ملفوظی کرو ۔

مثلاً تمہارا نام رمضان ہے ۔ آپ کے نام کا پہلا حرف ر ہے ۔ اس کا ستارہ زہرہ ہے ۔ اور زہرہ ستارے کے ۲ برج ہیں ثور اور میزان ۔ ان دونوں برجوں کا مالک زہرہ ہے ۔ لہذا زہرہ کے حروف ملفوظی اس طرح بنیں گے ۔ زا ۔ ها ۔ را ۔ ها ۔ اور پھر اس طرح برج ثور کے ملفوظی بنائیں ۔ ثا ۔ واؤ ۔ را ۔ اس طرح میزان کے ملفوظی بنائیں میم ۔ یا ۔ زا ۔ الف ۔ نون ۔ ان سب کے اعداد ابجد قمری سے حاصل کر کے مجموعہ کو ۲۸ عدد پر تقسیم کرو جو باقی بچے اس کا حرف ابجد سے بنا کر لفظ آئیل آگے لگائیں اور اسم ملائکہ بنائیں پھر اسم ملائکہ کو ملفوظی کر کے اس کے عدد نکال کر مجموعہ کو پھر ۲۸ پر تقسیم کرو جو باقی بچے اس کو چاندی کی انگوٹھی پر ذیل کے طریقے سے کندہ کرا کر جس انگلی میں چاہیں پہن لیں ۔ اس بات کو نوٹ کر لیں اپنے ستارہ کی ساعت نقش کراؤ اور کندہ کرانے کا قاعدہ یہ ہے کہ مثال کے طور پر جب آپ نے ملائکہ کو ملفوظی کرنے کے بعد ان کے اعداد لے کر ۲۸ پر تقسیم کیے ۔ جو باقی بچا اس کے حروف بناؤ اور پھر اس حرف کے چار اسماء الٰہی تلاش کرو ۔ ان کو چاروں کونوں میں کندہ کرو اور درمیان

میں ستارہ کندہ کراؤ - عمل پورا ہوگیا۔ مثلاً ۲۸ پر تقسیم کرنے سے ۳ باقی بچے تو ۳ کا حرف ج ہے - اس کے چار اسمائے الٰہی لیئے - جبار - جلیل - جمیل - جواد - انہیں چاروں کونوں میں لکھیں اور درمیان میں موکل کا نام۔



اَبجد ملفوظی

الف	با	جیم	دال	ها	واوْ	زا
۱۱۱	۳	۵۳	۳۵	۶	۱۳	۸
حا	طا	یا	کاف	لام	میم	نون
۹	۱۰	۱۱	۱۰۱	۷۱	۹۰	۱۰۶
سین	عین	فا	صاد	قاف	را	شین
۱۲۰	۱۳۰	۸۱	۹۵	۱۸۱	۲۰۱	۲۶۰
تا	ثا	خا	ذال	ضاد	ظا	غین
۴۰۱	۵۰۱	۶۰۱	۷۳۱	۸۰۵	۹۰۱	۱۰۶۰

ذیل کے جدول سے معلوم ہوگا کہ آپ کے سر نام کے مطابق کون سا ستارہ ہے۔

نام ستارہ	زحل	مشتری	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	مریخ
حروف	ا ب خ د	ہ و ز ح	م ن س ع	ف ص ق ر	ش ت ث خ	ذ ض ظ غ	ط ی ک ل
بروج	جدی دلو	حوت قوس	اسد	ثور میزان	جوزا سُنبلہ	سرطان	عقرب حمل

رزق کا مُجرَّب عمل !

جس وقت شمس برج اسد میں داخل ہو اور قمر منزل ذراعہ یعنی پچھ نچھتر میں موجود ہو یہ وقت فراخی رزق طلب روزگار اور ادائیگی قرض ترقی مرتبہ، دوکان کی آمدنی بڑھانے اور فروخت بڑھانے کے لیے۔ اس کے علاوہ فتوحات فروغ تجارت میں نفع کثیر حاصل کرنے کے لیے اس عمل سے تمام عمر پیسے سے خالی ہاتھ نہ رہے گا اور کبھی قرض کی نوبت نہ آئیگی۔

ترکیب عمل: اپنا نام یا جس کے لیے تیار کرتا ہے اس کا نام معہ والدہ کے اور پھر اسماء الٰہی کافی، غنی، رازق، ان سب کو بسط کر کے اور پھر ان حروف کے ملفوظی بنائیں اور پھر ان کے ابجد قمری یا ابجد شمسی سے عدد نکالیں اور مربع پُر کریں۔ اس عمل کی وضاحت کے لیے ایک مثال کے ذریعہ حل کرتا ہوں۔

طالب کا نام علی ان سب کا بسط کیا۔ ع ل ی ک ا ف ی غ ن ی رزاق

ان سب کا ملفوظی کیا۔

عین لام یا کاف الف فا یا غین نون یا را زا الف قاف

۱۳۰ ۷۱ ۱۱ ۱۵۱ ۱۱۱ ۸۱ ۱۱ ۱۰۶۰ ۱۰۶ ۱۱ ۲۰۱ ۸ ۱۱ ۱۸۱

کل میزان = ۲۱۹۴ ہوئے۔ جب قمر اور مشتری کی تسدیس یا تثلیث ہو اس وقت صاف اور پاک کپڑے پہن کر تنہا مکان میں صندل کا بخور روشن کر کے زعفران سے نقش مربع نام کے عنصر کے لحاظ سے پُر کرنا ہے اور اس نقش کے چاروں طرف یا کافی یا غنی یارزاق لکھ دیں اور اپنے سیدھے بازو پر نقش باندھ دیں اور اس کے بعد اسی نشست پر ایک ہزار ساٹھ (۱۰۶۰) مرتبہ اسماء مذکور کا ورد کریں۔ دُعا مانگ کر ختم کر دیں۔ بعد عمل ہر روز ۸۴ مرتبہ وہ اسماء الٰہیہ پڑھتے رہیں تو بہتر ہے۔ وقت صبح کی نماز کے بعد پڑھا کریں۔ یہ عمل کشرت احمر ہے۔ ترقی دکان کے لیے دکان میں رکھیں۔ قرض کی ادائیگی کے لیے اپنے گھر میں رکھیں۔ فراخی رزق اور روزگار کے لیے اپنے بازو پر باندھیں

انشاء اللہ ہر طرح سے کامیابی ہوگی۔

وُسعتِ رزق ؂

اس نقش کو شرف شمس یا شرف مریخ یا شرف مشتری یا قمر تثلیث مشتری یا مشتری تثلیث شمس، زعفران کے ساتھ لکھیں اور اپنے پاس رکھیں انشاءاللہ کبھی محتاج نہ ہوگی۔

یا جبرائیل

٣/ ١٨	٨/ ٤٨	١/ ٤
٢/ ١٢	٩/ ٢٤	٤/ ٣٦
٦/ ٤٢	یا باسط	٩/ ٣٠

یا عزرائیل — یا میکائیل

یا نومائیل

یا باسط الذی بسط الرزق لمن یشآء بغیر حساب،

دَست شفاؔ کا عمل ؂

جو شخص حکمت کرتا ہو اس کے لیئے یہ عمل کبریت احمر ہے۔ وہ چاہتا ہو کہ میرے ہاتھوں سے عوام کو شفا ملے اور میری شہرت ہو تو اس طرح کرے۔ نوچندی جمعرات سے یہ عمل شروع کرے۔ طریقہ یہ ہے بعد نماز عشاء دُرود شریف تنجینا ٢٦٠ مرتبہ پڑھے اور قبل از نماز صبح اپنے نام کے اعداد کے مطابق یہ آیت کریمہ پڑھے۔ وہ آیت یہ ہے ان اللہ ھو الرزاق ذو القوۃ المتین پارہ ٢٧ سورہ الذاریت آیت ٥٨۔ اس کے بعد مطب یا دوائی خانہ، بیٹھک، حجرہ، جہاں بیٹھ کر علاج معالجہ مریضان کرتے ہیں وہاں بیٹھ کر درود تنجینا ٧٠ مرتبہ پڑھکر کاروبار شروع کریں پھر دیکھیں کس قدر دست شفاء ہوتی ہے۔ مریض صحت یاب ہو کر دُعائیں دیتے ہیں ساتھ ساتھ وسعت رزق و فتوحات ہونگی۔ شب بیداری باوضو رہنا، تلاوت قرآن وغیرہ و غرباء پروری کرنا۔ مریضان سے رحم دلی کرنا۔ صدقہ و خیرات دینا، تسخیر کے لیئے اعلیٰ گُر ہیں،

اِدارہ رُوحانیات رحیمیہ شاہدرہ بہاولپور

اس ادارہ کا قیام کا مقصد وہ امانت آپ تک پہنچانا ہے ۔ جو بنی نوع انسان کیلئے ودیعت کی گئی تھی ۔ وہ خزانۂ روحانیہ
اور علوم الباطنیہ جو پیشوایانِ روحانی کی معرفت ہم تک پہنچے تھے لیکن ہماری عدم توجہی یا نااہلی کی وجہ سے تباہ ہو گئے یا ہو رہے ہیں
انکو تباہی سے بچانا ہمارا مقصد اصل ہے، ہماری دلی خواہش ہے کہ ہم جلد سے جلد اور زیادہ سے زیادہ اس قسم کی معلومات آپ کی
خدمت میں پیش کریں اور کرتے رہے ہیں ۔ اس ادارہ کی ہر کتاب علمی مکمل شئے دور ہے ۔ ہر کتاب میں حتی الوسع زبان صاف، شستہ اور شگفتہ
اور سلیس استعمال کی گئی ہے کسی چیز کو صیغۂ راز میں نہیں رکھا گیا ہے ۔ جو کچھ مجھے آتا ہے اس کو آسان اردو میں امثال کے ذریعہ
سوال جواب کے طریقے سے سمجھانے کی کوشش کی ہے اور ساتھ ساتھ یہ اعلان کیا ہے، جہاں آپکو دقت یا مشکل نظر آئے، ہماری
خدمت قبول فرمائیں ۔ اس کے علاوہ اصطلاحات، جن کو ماہرین فن اختصار یا پردہ داری یا اخفائے راز اور نااہل سے چھپانے کے
لئے استعمال کرتے تھے اور جو مبتدی یا نو آموز حضرات کیلئے سنگِ راہ ہو جاتی تھیں ۔ بہت کم استعمال کی گئی ہیں، ہر کتاب کے پہلے حصے
میں آغاز ہی میں ان مشکل الفاظوں کی تشریح کر دی گئی ہے ۔ تاکہ اہلِ ذوق شوق کو کسی قسم کی دقت یا مشکل سامنے نہ آئے اس طرح طبی کتب
میں جو مشکل حضرات اپنے نسخے میں ادویات کا جو ذکر کرتے رہے ہیں، چند دوائیں آسان اور ایک دو اتنی مشکل لکھی جس کا تلاش کرنا
اور سمجھنا بہت مشکل ہو دیا لیکن اس فقیر عاجز نے ہر نسخے کے ساتھ مکمل تشریح پیش کرتا رہا ہے کیونکہ میرا مقصد قابلیت دکھانا
نہیں خدمت کرنا ہے خدمت میں ہی عظمت کا راز ہے آپ کو علم ہے بہاولپور پسماندہ شہر ہے اس ترقی کے دور میں سائنسی ایجادات
نے اس چار ہزار سال پرانے علم پر غلبہ پانے کی کوشش کی لیکن روحانی علوم زندہ اور تابندہ رہے گا اس پسماندہ شہر کے پسماندہ علاقہ شاہدرہ
میں بیٹھ کر چالیس کتب پیش کر چکا ہے ۔ کسی صاحب ثروت یا مخیر حضرات کی اس نشر و اشاعت میں ہماری سرپرستی یا مدد نہیں فرمائی صرف خدا پر مکمل یقین اور
اسکی اعانت اور مدد کے بھروسہ پر یہ روحانی علوم آپ تک پہنچ رہے ہیں اور یہ خدمت جاری و ساری ہے اس وقت سراپا تقصیر احقر العباد عبدالرحیم
کی عمر چھہتر برس کی ہے ۔ اس ضعیفی ناتوانی آپکی دعاؤں کی محتاج ہے ۔ یہ کتاب اس وقت آپ کے ہاتھ کو چوم رہی ہوگی جبکہ اس ادارے کا بانی لحد کی آغوش
دب کر خاک ہو چکا ہو گا ! اور اسکی ہڈیاں بھی خاکستر ہو چکی ہوں گی اور اسکی تخلیق آپکی خوشیوں میں اضافہ کر رہی ہوگی اور اسکی روح آپکی نیک دعاؤں کی بھیک
مانگ رہی ہوگی ۔ وآخر دعوانا عن الحمد للہ رب العلمین والصلوٰۃ والسلام علی سید المرسلین وخاتم النبیین برحمتک
یا ارحم الراحمین

عبدالرحیم رند

بانی ادارہ روحانیات رحیمیہ شاہدرہ شرقی جانب بہاولپور

دریافت خزائن مخفی امور پوشیدہ حالات

مخفی سوالات معلوم کرنے کے لیئے :

حوت زہرہ
ثور زہرہ
حمل
دلو زہرہ
جوزا
جدی
سرطان
قوس
میزان زہرہ
اسد
عقرب زہرہ
سنبلہ

ایسے اعمالوں کے لیئے زہرہ برج ثور کے ۲۰ درجے برج میزان ۳۰ درجہ یا عقرب کے ۱۰، ۲۸، ۳۰ درجہ یا قوس کے ۱۲ یا دلو کے ۸ درجہ پر ہو اور قمر کی نظر اس پر تثلیث یا تسدیس ہو یا قران کی ہو مگر زحل کی نظر قمر پر نہ ہو۔

نوٹ :۔ یہ سب کچھ آپ کو اچھی جنتریوں یا تقویموں میں بڑی آسانی سے مل جائے گا۔

دفن شدہ تعویذ یا دفینے کا نشان معلوم کرنا :

سورہ شعریٰ کو آیت ذیل کے ساتھ ایک کاغذ پر لکھو۔ سفید مرغ ایسا لیں جس کے سر پر دو تاج ہوں۔ گلے میں باندھو۔ جہاں کوئی دفینہ یا دفن شدہ تعویذ کا شک ہو وہاں پر اسے چھوڑ دیں۔ جس طرح ایسی چیز ہوگی مرغ وہاں اذان دے گا۔ یا شور مچائے گا یا زمین کو کریدے گا۔ وہ آیت یہ ہے پارہ ۱ سورہ البقرہ آیت ۷۲ وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا سے لے کر تعقلون تک بھی ساتھ لکھنا ہے۔

ایضاً :۔ جس معاملے میں آپ سخت فکر مند یا پریشان یا کسی دفینہ یا حالات مرض یا ادویہ یا مقدمہ یا کسی چیز کا انجام کار معلوم کرنے کے واسطے آپ بے چین ہوں تو نہایت خلوص قلبی پورے یقین مکمل اعتقاد کے ساتھ وضو کرو اور دو رکعت نماز نفل ادا کرو۔ اگر نماز چار یا آٹھ رکعت پڑھیں تو اور بھی مفید ہے۔ بعد سلام ذیل کی آیت کو بکثرت پڑھیں پڑھتے پڑھتے

نیند آ جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس رات کو تمام حالات منکشف ہو جائیں گے۔
پارہ ۲۰، سورہ القصص آیت ۶۸ وربک یخلق ما یشاء سے لے کر ولہ الحکم والیہ ترجعون تک پڑھیں۔

روشن ضمیری کیلئے

ایسا نسخہ پیش کر رہا ہوں جو میرا برسوں کا معمول ہے ہر سال اس کا عمل کرتا ہوں۔ طریقہ یہ ہے کہ رمضان شریف کے اول روزے سے ۲۰ روزے تک اگر تمام ماہ ہو جائے تو افضل ترین ہے۔ نماز پنجگانہ جماعت کے ساتھ ادا کرنی چاہیے۔ بعد نماز ایک ہزار مرتبہ اسمائے الٰہی کا ورد کریں۔ یا حادی یا خبیرُ یا متینُ یا علام الغیوبُ فوراً سجدہ میں جا کر اپنے نام کے اعداد کے مطابق "الا یعلم من خلق وھو اللطیف الخبیر" پڑھیں۔ اگر آپ نے صحیح طریقے سے عمل کر لیا تو سائلین کے دلوں کا راز بلا سوال بتانے پر قادر ہو جائیں گے۔ مگر یقین شرط ہے۔

یقین کامل نہ جب تک ہو ملا کس کو ہے بھلا کب کچھ !
یقین لگاتا ہے پار بیڑے یقیں ہی کرتا ہے عطا سب کچھ
یقین کو ظلِ ہما کہو میں کہ فضلِ پروردگار رندو
ہو جس کو حاصل اسے دکھاتا یہ ہے اپنے جلوے ہر عجب کچھ

خوشنودی افسران و ترقی عہدہ کا عمل

ادائیگی قرض و خوشنودی افسران اور قرض کی ادائیگی کا مجرب عمل ہے۔ اپنے نام معہ والدہ کے اعداد نکال کر اس کو بارہ پر تقسیم کرو جو باقی بچے اس کا حرف بنا کر اس کے آگے آئیل بڑھا کر موکل کا نام بناؤ اور اس طرح عزیمت تیار کرو۔ مثال سے عمل کی وضاحت = نام عبدالمجید کے اعداد = ۱۲۴۴، ۱۰ اور والدہ کے نام کے اعداد فیض الٰہی = ۹۳۶ کل مجموعہ = ۹۳۶ ۱۲۴۴ = ۱۱۰۰

۹۱) ۱۱۰۰ ۱۲ / ۱۰۸ / ۲۰ / ۱۲ / ۸

۸ رکا حرف ح بنا۔ موکل حیئل ہوا۔
عزمت علیکم یا حیئل بحق والشمس وضحٰہا۔ یہ اپنے نام کی تعداد میں پڑھیں۔

دستِ شفاء:

جو کوئی طبیب و حکیم یا ڈاکٹر ان اسمار باری تعالیٰ کو ان کے اعداد ابجد قمری کے مطابق روزانہ پڑھتا ہے۔ جس مریض کا علاج کرے گا۔ خدا تعالیٰ شفا دے گا یا باری = ۲۱۳ یا علی = ۱۱۰ یا حکیم یا شافی یا کافی یا رحمٰن یا رحیم اعداد کے مطابق پڑھیں۔

مرض سمجھ میں نہ آئے تو اس کا استخارہ کریں:

طریقہ عمل اس طرح ہے۔ سب سے پہلے غسل کر کے پاکیزہ لباس پہنے اور پاکیزہ بستر پُر خلوت پر سو رہے۔ رات کو سورہ الم نشرح جس کے اعداد ۱۲۴۱۶ ہیں اور سورہ والضحیٰ جس کے اعداد ۱۳۴۲۳ ہیں آپ نے دونوں سورتوں کو پندرہ پندرہ بار پڑھیں اور پھر ان دونوں سورتوں کے الگ اپنے نام کے عنصر کے لحاظ سے مربع پُر کریں۔ ایک کو اپنے پاس رکھیں اور دوسرے نقش کو اپنے سرہانے رکھیں اور اپنے نام کے اعداد کے مطابق یہ اسمائے الٰہی پڑھتے رہیں۔ یا علیم یا خبیر یا حکیم۔ یہ عمل چند شب کو کریں بحکم خدا خواب میں بندیعہ موکل مریض کے متعلق آگاہی ہو کر کون سی دوائی اس مریض کو دیں تاکہ شفاء ہو جائے۔ دعا کے لیئے بہترین وقت قمر اور مشتری کا قران ہے۔ اگر خانہ نمبر ۱۰ میں ہو تو کیا بات ہے۔ اس وقت جو دعا مانگی جائے گی بفضل خدا ضرور قبول ہوگی۔

حوت
دلو
قمر ۲۸
ثور
حمل
جوزا
سرطان
جدی
۲۹
قمر
۲۴
میزان
قوس
اسد
قمر
۲
عقرب
قمر ۲۱
قمر
۲۹
سُنبلہ

سحر و جادو و دیگر امراض جسم سے نکالنے کے اوقات:

قمر کو ہمیشہ مدنظر رکھیں۔ نیک طالع، نیک منزل اور نیک ساعت کا خیال رکھیں۔

جمعہ کو ساعت مریخ۔ ہفتہ کو ساعت زہرہ

قمر برج سرطان ۲۴، ۲۹، درجہ پر دن اتوار ساعت عطارد۔ سوموار کی ساعت مریخ۔ منگل کو ساعت قمر، بدھ کو ساعت شمس جمعرات کو ساعت زحل

دفعیہ سحر

۴۔ سورہ اخلاص	۳۔ سورہ والناس	۲۔ سورہ فلق	۱۔ سورہ کافرون	
۱۰۰۲	۵۲۹۶	۸۶۷۷	۲۸۳۳	اعداد

سب کو جمع کر کے اور اس شخص جس پر سحر ہو اس کے اعداد جمع کر کے عنصر کے لحاظ سے مثلث پُر کریں۔ ایک مریض کے گلے میں ڈالیں۔ دوسری مثلث کو مریض کے نتھنوں میں دھواں دیں اور پھر چاروں قل پڑھ کر پانی پلاتے رہیں۔ انشاء اللہ بہت جلد سحر دُور ہو گا۔

دافع آسیب: اگر کسی کے گھر میں آسیب کا اثر ہو یا کسی پر جن بھوت، آسیب کا گمان ہووے تو ذیل کا نقش انشاء اللہ اس کا مکمل علاج ثابت ہو گا۔ اگر گھر میں خوف یا خطرہ ہے یا کسی قسم کی پریشانی نظر آئے تو اس نقش کو لکھ کر باہر دروازے کی چوکھٹ پر چپکا دیں۔ اگر کوئی شخص جنوں یا پریوں یا کسی

۷۸۶

لدبہ	الشیطان	وکان
کفورا	بابدوح	کفورا
وکان	الشیطان	لدبہ

آسیبی بیماری میں مبتلا ہو تو یہ نقش لکھ کر گلے میں ڈال دیں۔ کیسا سخت آسیب ہو گا یا جن ہو تو فوراً دور ہو جائے گا۔ حتیٰ کہ دیوانہ بھی ہو گیا ہو تو خداوند کریم اسے شفا دے گا۔ اگر مکان میں ہو تو اسے عبارت میں لکھیں۔ اس مکان میں دفن کر دیں تو فوراً جن آسیب یا بدروح دُور ہو گی۔ نکل جائے گی یا پھر خاک ہو جائے گی۔ مگر لکھنے سے قبل تین مرتبہ سورہ مزمل شریف ضرور پڑھ لیا کریں۔

شکار : پانی والے جانوروں کے شکار کے لیے۔ اس بات کا خاص خیال کریں کہ طالع وقت آبی ہو۔ عقرب، حوت، سرطان، اور قمر۔ منزل بھی آبی ہو اور ساعت بھی آبی ہو تو پھر دریائی یا سمندری شکار کے لیے عمل کرنا بہت اچھا وقت ہوتا ہے۔ اس طرح ہوا کے پرندوں کا شکار کے نقش لکھنے سے قبل اس بات کا خیال کر لیا کریں کہ طالع وقت بادی اور چاند کی منزل بھی بادی اور ساعت ستارے کی بھی بادی ہو۔ پھر بادی چال سے نقش لکھ کر یا عمل کر کے اپنا شوق پورا کرو۔ اس طرح اگر خاکی جانوروں کا شکار کرنا مطلوب ہو تو طالع وقت خاکی اور قمر بھی خاکی منزل میں ہو اور ساعت بھی خاکی ہو تو اس طرح کا عمل بہت کامیاب رہتا ہے۔ آپکی دلی مراد پوری ہو جاتی ہے۔

شکار مچھلی : تمام قانون آبی کے استعمال کریں۔ نقش نمبر 1

ایک نقش پر مچھلی کی شکل اور اس کے اردگرد حروف آبی لکھیں اور پھر سامنے پارہ نمبر ۷ سورہ المائدہ آیت نمبر ۹۵ احل لکم صَیدُ البحر وطعامہ متاعاً لکم وللسیارۃ وحُرّمَ علیکم صید البر ما دُمتم حرماً واتقوا اللہ الذی الیہ تحشرون لکھنا ہے لوح پر۔

اُحل لکم سے لیکر الیہ تحشرون تک لکھیں۔	ع غ ن م و خ خ (مچھلی کی شکل) ر ی ش ز خ ع ف

نقش نمبر ۲

یدخلون فی	وَرَ آیت الناس	نصراللہ والفتح	اِذا جآء		احل لکم سے لے کر الیہ تحشرون تک لکھنا ہے
دین اللہ افواجا	یدخلون فی	وَرایت الناس	نصراللہ والفتح		
فسبح بحمد ربک	دین اللہ افواجا	یدخلون فی	ورایت الناس		
انہٗ کانا توابا	بحمد ربک واستغفرہ	اللہ افواجا فسبح	یدخلون فی دین		

کا کام کرتے ہیں۔ ترکیب عمل اس طرح ہے۔ جس طائر کو مسخر کرنا ہو۔ اس کے نام کے حروف جُدا جُدا کر کے لکھو اور اس کے آگے کلمہ جذب کے حروف بھی لکھو۔ اب آپ کے پاس دو سطریں ہو گئی ہیں۔ ان دونوں سطروں کو امتزاج دو اور سب کا جمل کبیر سے اعداد استخراج کرو اور ان کی میزان سے موکل بناؤ اور پھر ایک کاغذ پر اس طائر کی تصویر بناؤ یہ طلسم برج جوزا طالع اور ساعت عطارد میں اس کی تکمیل کرنی ہے۔ لیکن بخور آپ نے عطارد کا روشن کرنا ہے۔ انشاء اللہ وہ پرندہ ضرور حاضر ہوگا۔

اس طرح حیوانات آبی اور خاکی کا عمل اس طرح کرنا ہے۔ آبی کے لیے حروف آبی، برج آبی اور ساعت آبی کا خیال رکھنا ہے۔ تسخیر ہر قسم کے حیوانات کی ہو سکتی ہے۔

مچھلی پکڑنے کا چٹکلہ:۔ مچھلی کے شکار کے لیے چھوٹی مچھلی لے کر سکھا کر باریک پیس لیں اور اس میں سینگ اور گندم کا آٹا ملائیں اور نخودی گولیاں بنا کر خشک کر لیں اور بوقت ضرورت چھوٹے بڑے حوض یا تالاب میں ڈال دیں، تھوڑی دیر کے بعد تمام مچھلیاں جمع ہو جائیں گی۔ آپ آسانی سے پکڑ لیں۔

ہوائی طائروں کو پکڑنا:۔ باقلا یا بخور یا گندم کے دانوں کو ہڑتال کے ساتھ پکا کر اور پیس لیں۔ چھوٹی چھوٹی گولیاں بنا کر جہاں طائران ہوں وہاں بکھیر دیں۔ جو طائر ان گولیوں کو کھائے گا۔ وہ بے ہوش ہو کر زمین پر گر جائے گا۔ اسے پکڑ لو اور ہوش میں لانے کے لیے سرکہ اس کے ناک اور منہ میں ٹپکاؤ۔ ہوش میں آجائے گا۔

استخارہ : ہر ایک کام کا انجام معلوم کرنا:۔

جمعرات اور جمعہ کی درمیانی شب کو بعد فراغت نماز عشاء سونے کے وقت وضو کر کے جس جگہ سونا ہو وہاں لیٹ کر دائیں ہاتھ کی درمیانی انگلی مقام دل پر رکھ کر سورہ فاتحہ ۳۳ مرتبہ

ان نقشوں کو سیسہ کی لوح پر لکھ کر چھڑی یا ڈور کے ساتھ باندھ دیں۔ انشاءاللہ بہت شکار ملے گا۔ آزمودہ اور مجرب ہے۔

شکار پرندگان یا درندگان: اوپر کی ہدایت کے مطابق یہ نقش لکھ کر آلۂ شکار کے ساتھ اس نقش کو تمام کوائف مذکور کے ساتھ صحیح وقت کے اندر موم جامہ کر کے باندھے تو اس سے بے حد شکار ہاتھ آئے گا۔

۷۸۶

یااللہ	۴	۶	۷	۳	۹	۸	ح
یامحمدؐ	۸	۵	۱۲	۶	۲	۳	د
ابوبکرؓ عمرؓ عثمان غنیؓ	۳	۱	۲۳	۵	۳	۶	ح
[illegible]	۶	۷	۳	۹	۸	۵	ا
[illegible]	۵	۳	۶	۷	۲	۹	و
[illegible]	۵	۳	۶۹	۹	۲	۵۶	امزاج
[illegible]	۹	۸	۵	۱۴۶	۶	۷	امزاج
[illegible]	۷	۳	۹	۸	۵	۳	امزاج

ایضاً: جس پرندے کا شکار مطلوب ہو، اس کا نام لکھو اور اس کے حروف جُدا جُدا کر کے لکھو اور اسم جذب کے حروف بھی جدا جدا لکھو۔ ان تمام حروف کو امتزاج دو اور بعد میں اس کے جمل کبیر سے اعداد استخراج کر کے تمام میزان کو جمع کرو اور پھر ان کے حروف بناؤ اور پھر جو حرف امتزاج کیے تھے۔ اس پرندے کی تصویر بنا کر امتزاج والے حروف کو اردگرد اس تصویر کے لکھو۔ جواب امتزاج کے میزان سے حروف بنائے تھے۔ اس کا موکل بنا کر پرندے کے سر پر لکھو۔ لکھتے وقت بخور عطارد کا روشن کرو۔ تمام کوائف مذکورہ کی ہدایت پر کرو اور پھر اس عمل کو ہوا میں لٹکا دو فوراً وہ طاہر حاضر ہو گا۔

پرندگان ہوا کو قابو کرنے کا عمل: ح ز ک س ق ش ظ، یہ سات حروف روحانیت

پڑھیں ۔ مگر جب اھدنا الصراط المستقیم پر پہنچیں ۔ اس کو تین مرتبہ پڑھیں اور اس طرح بعد ختم آمین آمین آمین بھی ہر بار تین مرتبہ پڑھیں ۔ جب پورے ۳۳ مرتبہ ہو جائے تو اپنے دل کے اوپر جہاں انگلی رکھی ہوئی ہے اٹھا کر دم کر دیں اور کسی سے کلام نہ کریں اور نہ اس جگہ سے اٹھیں نہ کچھ کھائیں نہ کچھ پیئیں بلکہ سو جائیں اور اس نقشے کو لکھ کر سرہانے کے نیچے رکھیں اور دل میں یہ نیت کریں اور دعا کریں کہ یا الٰہی فلاں کام جو میں کرنے والا ہوں ۔ اس کے انجام سے مجھے مطلع کریں قبلہ شریف کی طرف کروٹ بدل لیں اور دائیں ہاتھ کی مٹھی پر یہ نسبت کر کے دم کر دیں اور پھر مٹھی بند کر کے سر کے نیچے رکھ لیں تین شب کے بعد اور ساتویں شب کے اندر تمام حال خواب میں نظر آجاوے گا ۔ خوشبو جو اچھی ہو اس کا استعمال ضرور کیا کریں ۔ پہلے دن روزہ رکھیں ۔ جس دن خواب میں حال معلوم ہو جائے اور جواب مل جائے پھر عمل ترک کر دیں اگر مفصل حال معلوم نہ ہو تو پھر برابر دوسری جمعرات تک پڑھتے رہیں ۔ جس رات کو سب حال معلوم ہو جائے ۔ اس صبح کو نماز صبح دو نفل شکرانے کے ادا کرے اور ایک غریب مسافر کو کھانا کھلائے اس استخارہ مبارک کی اجازت میں آپکو سچے دل سے بخوشی تہہ دل سے دیتا ہوں ۔

۷۸۶

۲۲۵۷	۲۳۷۱	۲۳۶۸	۲۳۶۵
۲۳۶۹	۲۳۶۴	۲۳۵۸	۲۳۷۰
۲۳۶۳	۲۳۶۶	۲۳۷۳	۲۳۵۹
۲۳۷۲	۲۳۶۰	۲۳۶۲	۲۳۶۷

۵ اہم مجرب المجرب عمل ؎

۱۔ جائز محبت میں کامیابی ۲۔ لڑکے اور لڑکی کی شادی میں رکاوٹ

۳۔ روزگار میں پریشانی ۴۔ اولاد ضرور ہوگی ۵۔ لاعلاج امراض کیلئے عمل ۔

دوا اور دعا ؎

مذکورہ بالا پانچ پریشانیوں کے حل کے لیئے ایسے زود اثر مجرب اور آزمودہ تجربہ شدہ جو فقیر کو بڑی محنت اور کئی سالوں کی خدمت

گزاری کے بعد اہلِ علم نے عنایات کی ہیں۔ میرا برسوں کا معمول ہے۔ جس نے استعمال صدق، دل اور یقین کامل کیا اس کی تمام امیدیں پوری ہوگئیں۔ خداوند کریم نے اپنے قرآنِ حکیم کے صدقہ۔ اپنے مقصود میں کامیاب و کامرانی عطا کی۔ صاحب غرض جس کو کلامِ الٰہی پر مکمل اعتماد اور کامل یقین ہو تو اپنا نام اور اپنی والدہ کا نام صحیح صحیح عمر لکھ کر بھجوا دیں اور ساتھ ساتھ ۵۰/= روپے کا منی آرڈر بنام ادارہ روحانیات رحیمیہ شاہرہ بہاولپور بھجوادیں۔ رقم ملتے ہی آپکو اپنے مقصد میں کامیابی کے لیئے نقش اور اس کے ساتھ پوری تفصیل بھجوادی جائے گی۔ اگر آپ نے میری تجویز شدہ عمل اور ہدایت کے مطابق عمل کیا تو کامیابی آپکے قدم چومے گی۔

بہت جلد دلی مراد پاؤ گے۔ انشاء اللہ۔

میں نے تکسیر کا کافی تذکرہ کیا ہے حروف کی تعداد دیکھ کر یہ اندازہ لگانا پڑتا ہے کہ یہ تکسیر کی زمام کتنے سطور میں برآمد ہوتی ہے اس سے ہمارے شوقین حضرات کو کافی مشکل حل ہو جائیگی۔ میں یہاں آپکی آسانی کے لیئے طریقِ کار پیش کرتا ہوں اس پر آپ غور کریں۔

تعداد حروف	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴
تعداد سطر	۳	۴	۴	۶	۷	۵	۵	۱۰	[illegible]	۱۲	۱۱	۱۵	۱۵

تعداد حروف	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶
تعداد سطر	۶	۶	۱۳	۱۹	۱۳	۱۱	۸	۱۳	۲۴	۲۲	۹	۲۶

تعداد حروف	۲۷	۲۸	۲۹	۳۰	۳۱	۳۲	۳۳	۳۴	۳۵	۳۶	۳۷	۳۸
تعداد سطر	۲۰	۹	۲۹	۲۸	۶	۷	۹	۲۲	۳۵	۹	۲۰	۳

تعداد حروف	۳۹	۴۰	۴۱	۴۲	۴۳	۴۴	۴۵	۴۶	۴۷	۴۸	۴۹	۵۰
تعداد سطر	۳۹	۲۸	۴۱	۳۶	۲۹	۱۲	۳۲	۱۰	۲۵	۲۵	۲۷	۵۰

معالجات امراض

آیات سے امراض کی شفاء :

قرآن مجید کی جن جن آیات میں شفاء کا حکم یا اس کے مشتقات آئے ہیں ان کو عام امراض کے لیئے نہایت مفید و مجرب پایا گیا۔ خواہ ان کو لکھ کر بطور تعویذ مریض کو پہناؤ یا پڑھ کر دم کر دیا کریں یا روزانہ ایک صاف ستھری تھالی پر لکھ کر پانی میں گھول کر پلا دیا کریں۔ ہر مرض عارضی ہو مزمن میں شفاء ملے گی۔ وہ آیات قرآنی یہ ہیں :

پارہ ۱۰ سورہ التوبہ آیت ۱۴ ویشف صدور قوم مومنین ہ

پارہ ۱۱ سورہ یونس آیت ۵۷ وشفاءٌ لما فی الصدور ہ پارہ ۱۴ سورہ النحل آیت ۶۹ یخرج من بطونہا شرابٌ مختلفٌ الوانہٗ فیہ شفاءٌ للناس ہ پارہ ۱۵ سورہ بنی اسرائیل آیت ۸۲ وننزل من القرآن ما ھو شفاءٌ و رحمۃ للمؤمنین۔ واذا مرضت فھو یشفین۔ پارہ ۲۵ سورہ حٰمٓ السجدہ آیت ۴۴ قل ھو للذین اٰمنوا ھدًی وشفاءٌ

دردِ سر : دردِ سر داخلی و خارجی دو قسم کے اسباب سے ہوتا ہے دردِ سر یا تو سر کی اگلی طرف کے بیچ میں یا سر کی پچھلی طرف یا سر کے بائیں طرف یا سر کے دائیں طرف یا سر کے بیچ میں اگلی طرف یا ماتھے کے نزدیک الغرض سر درد کے بکثرت اقسام اور علامات ہوتی ہیں۔ میری کتابیں حکیم غیب دان بیاض رحیمی میں بہت تشریح کی ہے۔

سر درد کا روحانی علاج : جو شخص باشرائط کسی سعد وقت میں پاک سیاہی د

پاک قلم مشک زعفران وگلاب سے یہ نقش سورہ والتین لکھ کر مقام درد پر باندھے۔ انشاءاللہ درد کو آرام ہوگا۔ اس کے کل اعداد ۱۰۲۴۷ ہیں۔ اگر ان کے حروف بنا کر پھر ان حروف کے ملفوظی بنائیں اور بعد میں ان حروف کے بسط عددی یا عربی بنا کر پھر عنصر کے لحاظ سے نقش پُر کریں۔ پھر جہاں بھی سر درد ہوگا۔ سلب ہوجائے گا۔ میں نے ایسا راز عیاں کیا ہے جو کوئی بھی ظاہر نہیں کرسکتا ہے۔

۷۸۶

۲۵۶۱	۲۵۶۴	۲۵۶۸	۲۵۵۴
۲۵۶۷	۲۵۵۵	۲۵۶۰	۲۵۶۵
۲۵۵۶	۲۵۷۰	۲۵۶۲	۲۵۵۹
۲۵۶۳	۲۵۵۸	۲۵۵۷	۲۵۶۹

ایضاً :

ہر قسم کے درد کے لئے مجرب عمل ہے۔ جس جگہ درد ہو اس جگہ کو مضبوطی سے پکڑ کر دس مرتبہ سورہ فاتحہ اور دس مرتبہ سورہ شفاء جس کا ذکر گذشتہ اوراق میں میں بیان کرچکا ہوں پڑھ کر درد والی جگہ پر دم کریں اور پھر چھوڑ دیں۔ پھر مریض سے دریافت کریں کہ آرام آیا ہے یا نہیں اگر نہ آیا ہو تو اس عمل کو دوبارہ اس طرح دہراؤ اور پھر مریض سے پوچھو اب آرام آیا ہے یا نہیں اگر نہ آیا ہو تو پھر عمل کریں۔ اس طرح سات دفعہ عمل کریں۔ انشاءاللہ شفاء ہوگی۔

نسخہ جات : ڈاکٹری علاج :

دردِ سر رفع کرنے کے لئے اکسیری پڑیہ استعمال کریں۔ فینازون ۵ گرین۔ کیفین سائٹراس ۵ گرین باہم ملائیں۔ ایسی ایک خوراک دن میں تین مرتبہ ہمراہ آب تازہ سے دیں۔ بفضلِ تعالیٰ شفاء ہوگی۔ آزما کر خدا کی قدرت کا کرشمہ دیکھیں۔

نسوار سفید :

نوشادر ایک تولہ۔ کافور ۶ ماشہ، پرمینگنیٹ آف پوٹاشیم ایک رتی سوڈا بائی کاربونیٹ ۴ ماشے سب کا سفوف بنالیں اور حسب ضرورت مریض کو بطور نسوار استعمال کروائیں۔ دردِ سر کے رفع کرنے میں اکسیر ہے۔

کراماتی پڑیا : ہر قسم کے دردِ سر کو ۲ منٹ میں آرام ۔ اسپرین ۵ گرین فنیٹین ۳ گرام ۔ کیفین سائیٹراس ۲ گرین ۔ ایسی خوراک گرم دودھ یا چائے سے کھلائیں اس سے ہر قسم کا دردِ سر منٹوں میں کافور ہوجاتا ہے ۔ اس کی ایک ۲ خوراک سے ہی دردِ شقیقہ ، دردِ عصابہ ، نزلہ وزکام ، ملیریا بخار ، قلع قمع ہوجاتا ہے ۔ اگر ان ادویہ کو آپس میں ملالیں تو یہ اے پی سی بورڈ کے نام سے پکارا جائے گا ۔ اگر یہ دوائی مذکورہ ۵ گرین کے کیپسول میں بھرلی جائے گی تو یہی دوائی اے پی سی کیپسول کے نام سے موسوم ہوگی ۔ اگر اسی دوائی کی چھ سات گرین کی ٹکیاں بنائی جائیں تو پھر اے پی سی ٹیبلٹس نام دیا جائے گا ۔

علاج یونانی : میسمائی کرشمہ ، لائکوار ایمونیا فورٹ ایک تولہ ، ست پودینہ : ایک رتی ، باہم ملاکر شیشی میں بند رکھیں ۔ ہر وہ مریض جس کو دردِ سر نزلہ زکام دردِ آنکھ دردِ کان کی تکلیف ہو ، فوراً کارک کھول کر مریض کو سونگھائیں ۔ بفضلِ خدا فوراً شفاء ہوگی ۔

ہومیوپیتھک : اکسیر دردِ سر ۔ میگنیشیا فاس x ۱۲ ۔ کالی فاس x ۱۲ ۔ فیرم فاس x ۱۲ ہر ایک تین تین گرام نیم گرم پانی کے ساتھ ایسی خوراک ہر تین گھنٹہ کے بعد دیں ۔ سردرد دردِ شقیقہ ، عصابہ دیگر اعصابی درد دیں ۔ دردِ شکم درد دل کے لیئے بے حد مفید ہے ۔

دردِ شقیقہ کا روحانی علاج

یہ ایک قسم کا نوبتی سردرد ہوتا ہے ۔ کنپٹی سے درد شروع ہو کر پیشانی اور تالو کو لپیٹ لیتا ہے ۔ جو لوگ مبتلا ہوتے ہیں ۔ خرابی جگر ، امراض خون ، بدہضمی ، فاقہ کشی ، کمزوری ، کثرت جمع ، باد گولہ ۔ کثرت حیض اور نقص بصارت کے مریض ہوتے ہیں ۔ جس کو دردِ شقیقہ ہو اس کے لیئے یہ مبارک نقش ساعت سعید میں پاک قلم وسیاہی یا مشک زعفران وگلاب سے لکھ

کر باندھے۔ شفاء ہوگی۔

عزرائیل ۷۸۶ جبرائیل

۱۶۴۴	۱۶۴۷	۱۶۵۱	۱۶۳۷
۱۶۵۰	۱۶۳۸	۱۶۴۳	۱۶۴۸
۱۶۳۹	۱۶۵۳	۳۴۵	۱۶۴۲
۱۶۴۶	۱۶۴۱	۱۶۴۰	۱۶۵۲

اسرافیل میکائیل

درد کو باندھنا :

جہاں درد ہو اسے پکڑ کر زمین پر یہ حروف پہلے سے لکھ لے۔ ا ب ج د ہ و ز ح ط ی اور اپنے ہاتھ میں چاقو لے کر ہر حرف پر چاقو کی نوک رکھے اور سات دفعہ الحمد شریف مع بسم اللہ کے پڑھا جائے اور مریض سے پوچھا جائے آرام آیا ہے یا نہیں اور اس طرح عمل کرتا جائے۔ حتیٰ کہ تمام حروف ختم ہو جائیں تو بحکم خدا مریض کو شفاء ہوگی۔

اکسیر پڑیا :

کونین سلفاس ۲ گرین۔ اسپرین ۵ گرین۔ کیفین سائٹراس ۲ گرین۔ ایسی خوراک چہار گھنٹہ کے بعد از غذا دیں۔

یونانی علاج برقی اثر :

اسلو خودوس ۳ ماشے، کشنیز ۶ ماشے۔ سیاہ مرچ ۵ عدد رات کو آدھ سیر پانی میں بھگولیں اور علی الصبح قبل از طلوع آفتاب پانی میں گھوٹ کر بغیر مصری ڈالے تین روز تک نوش فرمائیں۔ البتہ مصری قبل دوا پینے سے کھالیں تو بہتر ہے۔

ہومیوپیتھک :

میگنیشیا فاس 3x، کالی فاس 3x، نیٹرم میور 3x، نیٹرم فاس 3x ہم وزن ملا کر ۵ گرین فی خوراک دن میں تین چار مرتبہ گرم پانی سے دیں۔

نزلہ و زکام کو باندھنا :

اس شخص کے قد کے برابر سوت سات تار کا دھاگہ لے کر

اس پر سورہ قدر و سورہ کوثر اور کلام ذیل مقدت نزلۃ فلاں بن فلاں بحولہ و تنزل من القرآن ماھو شفاء ورحمۃ للمومنین پڑھ کر گرہ لگا دے اور اس طرح سات گرہ لگا دے اور مریض کی پیشانی یا گلے میں باندھ دے۔

نسخہ جات: تریاق اعظم: سوڈا سیلی سلاس، فنسٹین پوٹاشیم بروما ئیڈ ہر دوا ایک ایک تولہ مغز کشنیز ایک تولہ دارچینی، گیرو، الائچی خورد ہر دوا ایک ایک تولہ ہر ایک کو پیس کر ملا کر کھانڈ ایک چھٹانک محفوظ رکھیں۔ خوراک ۲ ماشہ ہمراہ آب نیم گرم نزلہ و زکام درد ہر قسم، شدت بخار و ذات الجنب کے لئے مفید ہے۔

یونانی دوائیں: شربت صدر، تریاق نزلہ، اطریفل اسطوخودوس

ہومیو پیتھک: نیٹرم سلف ۶x نیٹرم میور ۶x کالی میور ۶x فیرم فاس ۶x ہم وزن ملائیں۔ خوراک ۵ گرین گرم پانی سے دن میں ۳ بار اگر بدن میں شدت کا درد ہو تو میگنیشیا فاس ۶x ہمراہ دیں۔ انفلوئنزا و زکام کا بہترین علاج ہے۔

حافظہ و نسیان: ترقی حافظہ و حصول علم کے لئے اچھا اور اعلیٰ وقت وہ ہوتا ہے جب عطارد برج ثور میں ۲۶ درجہ پر ہو یا برج سرطان کے ۳ درجہ پر یا برج سنبلہ کے ۱۲ درجہ پر ہو۔ طلوع یا جب شرف عطارد یا اوج عطارد میں ہو تو یہ وقت جو عمل حافظہ و نسیان کے لئے کیا جائے مؤثر ثابت ہوگا۔

عمل ۱: مندرجہ ذیل حروف کو زعفران سے لکھ کر ذرا سا پانی ملا کر حروف کو دھو کر روزانہ پی لیا کریں تو مؤثر ہے۔

ال ف ل ام ل ام ھ اا م ک ر ال ہ رم اخ رام ک ع اا ب
ر ک ل م اا ل ل ہ وح اا ی ل ع ی ل د اا ل ف ل ام ل ام ھ ا۔

۲ ؛ ۷ دن تک سورہ فاتحہ ۷۰ بار سورہ مزمل ۳ بار ۵ عدد بادام اور ۵ عدد منقیٰ پر دم کرکے کھا لیا کریں تو ذہن اور حافظہ میں بڑی ترقی ہوگی۔

۳ ؛ سورہ حشر کو شیشے کے برتن میں لکھ کر مینہہ کے پانی سے دھو کر پی لیا کریں تو نسیان دور ہوگا۔

۴ ؛ جب قمر شرف میں ہو تو حروف مقطعات کو چاندی کی تختی پر نقش کرے اور اپنے پاس رکھے۔ حافظہ تیز ہوگا۔

نسخہ جات ؛ شہد کندر کے ساتھ یا شکر ملا کر کھانا حافظہ کو زیادہ کرتا ہے۔ مسواک کرنا اور قرآن شریف بہت پڑھنا اور جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر درود بھیجنے سے حافظہ میں ترقی ہو جاتی ہے۔ ایک سینہ کا راز پیش کر رہا ہوں۔ نسخہ: سناء مکی، سعدی ہندی، سفید مرچ، زعفران سب دواؤں کو برابر لے کر کوٹ چھان کر شہد میں ملا دیں۔ ہر روز چار ماشے کھایا کریں۔ اگر یہ دوائیں ۱۴، یا ۲۱، روز تک استعمال کریں تو شدت حافظہ کی وجہ سے لوگ اسے جادوگر کہنے لگیں گے۔

برہمی بوٹی سایہ میں خشک کر کے پانچ تولہ لیں تین ماشے مرچ سیاہ ملا کر خوب باریک پیس لیں اور سفوف بنا لیں اور محفوظ رکھ لیں روزانہ نہار منہ بقدر ۳ ماشہ ہمراہ گائے کے دودھ سے استعمال کیا کریں لاجواب نسخہ ہے۔ برسوں کا مرض دور ہو جاتا ہے۔

صرع وجنون ؛ مرض و آفات کا جسم سے نکالنے کے لیئے اوقات کو مد نظر رکھیں۔ گذشتہ اوراق میں لکھ چکا ہوں اس سے مدد لیں۔

۱ ۔ جنون کے مریض کو یہ نقش ۴۰ روز پلائیں تو بحکم خدا شفا ہوگی۔ جو شخص خواب میں ڈرتا ہو یا کسی مکان میں

۷۸۶

۲۵۴	۲۵۷	۲۶۰	۲۴۶
۲۵۹	۲۴۷	۲۵۳	۲۵۸
۲۴۸	۲۶۲	۲۵۵	۲۵۲
۲۵۶	۲۵۱	۲۴۹	۲۶۱

خوف کھاتا ہو تو اس وقت نیک میں لکھ کر بازوؤں میں باندھیں۔ انشاءاللہ بہت بہتر ثابت ہوگا۔

۲ نقش سورہ بقر کا عظیم اثرات رکھتا ہے جس کے کل اعداد ۹۴۹۶۰۹ ہیں۔ اور چال خانہ پنجم میں ہے۔ یہ نقش صرع اور جنون کے مریض کے گلے میں باندھے اور دوسرا نقش لکھ کر تیل میں ڈال کر تمام جسم کی مالش کرتے رہیں اور سات بار پڑھ کر باقی میں دم کر کے مریض کو پانچ وقت پلاتے رہیں۔ مرگی اور جنون والے کو شفاء ہوگی۔

۷۸۶

۲۲۶۹۸۹۴	۲۲۳۶۸۹۰۸	۲۲۳۶۸۹۰۵	۲۲۳۶۸۹۰۲
۲۲۳۶۸۹۰۶	۲۲۳۶۸۹۱۰	۲۲۳۶۸۹۵	۲۲۳۶۸۹۰۷
۲۲۳۶۸۹۰۰	۲۲۳۶۸۹۰۳	۲۲۳۶۸۹۱۰	۲۲۳۶۸۹۶
۲۲۳۶۸۹۰۹	۲۲۳۶۸۹۷	۲۲۳۶۸۹۹	۲۲۳۶۸۹۰۴

۳ جنون مرگی اور پاگل پن کے لیئے یہ نقش بہت موثر ہے۔ اس کو سعد وقت میں لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں دوسرا نقش لکھ کر تیل میں ڈال کر تمام جسم کی روزانہ مالش کریں کانوں اور سر اور پیٹ کو خوب ملیں انشاءاللہ شفاء ہو گی۔

۷۸۶

۳۴۹۳	۳۵۰۷	۳۵۰۴	۳۵۰۱
۳۵۰۵	۳۵۰۰	۳۵۹۴	۳۵۰۶
۳۴۹۹	۳۵۰۲	۳۵۰۹	۳۵۹۵
۳۵۰۸	۳۵۹۶	۳۵۹۸	۳۵۰۳

مرگی کا ڈاکٹری علاج :- اپانوٹن کیپسول ½ ۱ گرین دن میں تین بار غذا کے بعد مرگی کو روکنے کے لیئے اس سے بہتر کوئی دوا نہیں ہے۔ یا فینی ٹون ٹیبلٹ ۲ گرین ایک ٹکیہ دن میں ۲ بار کھلائیں۔

پیٹنٹ دوائیں :- ڈائی لنٹین یہ کیپسول ۲ سے اوپر والے کو دن میں ۳ بار قبل از غذا ایک گلاس پانی سادہ کے ہمراہ دیں۔

ڈائی فنل ہائی ڈنٹوئین سوڈیم ، یہ دوائیں کیپسول میں بند بکتی ہیں جس مریض کو شدید مرگی کے دورے پڑتے ہوں یہ دوا نہایت مفید اور موثر ثابت ہوگی۔

طبی علاج :- سہاگہ بریاں ایک تولہ کا سفوف تیار کریں۔ خوراک ایک ماشہ بعد از

غذا دن میں دو مرتبہ ایک ماہ تک کھلائیں۔
نسوار مرگی۔ سپاس کی سنڈی ۳۰ عدد، آک کا ٹڈا ایک عدد زعفران ایک ماشہ طریقہ
تیاری نسخہ: زندہ سنڈیوں کو لے کر ایک کھلے منہ والی بوتل میں ڈال دیں۔ ساتھ ہی آک کا زندہ
ٹڈا ڈال دیں۔ ٹڈا سنڈیوں کو کھا جائے گا پھر اس کو خشک کریں اور باریک پیس لیں اور زعفران ملا لیں،
دن میں دو بار مرگی والے کو دیں شفا ہوگی۔

ہومیوپیتھک: اوپیم ۳۰ استعمال سے بہتر نتائج حاصل ہوتے ہیں۔

اکسیر جنون: چھوٹی چند کا سفوف ۱۰ رتی کیپسول میں لے کر ہمراہ شربت نیلوفر ۲ تولہ پانی ایک
چھٹانک میں ملا کر ایسی ایک خوراک دن میں تین بار دیں۔ پندرہ دن تک استعمال کریں۔ اس مرض میں
ماء الجبن کرنا مفید ہے۔ شدید حالات میں ہائیوسین ہائیڈرو برومائیڈ کا زہر جلد ٹیکہ کریں۔

اعتقاد: انسان بڑی بڑی باتیں کر دیتا ہے لیکن اس کا دل اعتقاد سے خالی
یا اعتقاد سے کچا رہتا ہے۔ بعض لوگ جب کلام الٰہی کے ذریعہ مدد مانگتے ہیں۔ مشیت ایزدی
اپنی حکمت کاملہ سے انکو اس مطلب سے کما حقہٗ سرفراز نہیں کرتی یا اس کے لئے کسی خاص موقعہ کو
مقدور کر دیا جاتا ہے تو وہ کہتے ہیں کہ میرا تو کلام الٰہی پر بہت اعتقاد تھا مگر افسوس کہ کچھ نہیں ہوا۔
کئی قسم کی شکایتیں ان کی زبان پر جاری ہوتی ہیں اور پھر دعویٰ ہوتا ہے کہ مجھے اعتقاد ہے۔ بھئی اگر
اعتقاد ہے تو تم نے دعا کر لی۔ مدد کے لئے ہاتھ اٹھا دیئے۔ اب مشیت ایزدی کے سپرد اپنے آپ
کو کر دو۔ انتظار کرو کہ قدرت کیا اسباب پیدا کرتی ہے مگر صبر نہیں ہوتا۔ عامل کو قسم قسم کے
الفاظوں سے نوازتے ہیں۔ بار بار تقاضا شکایت کر کے خود بھی پریشان ہوتے ہیں اور کلام الٰہی پر بد
اعتقادی کا اظہار کرتے ہیں۔ یاد رکھو جب دعا کی جاتی ہے تو مشیت ایزدی سب سے پہلے اس انسان
کے الفاظ دل کی گہرائیوں اور اس کے اچھے برے تصور کو دیکھتا ہے کہ آیا اس کی دعا اس کے لئے کہاں
تک بہتر ہوتی ہے۔ وہی ظہور میں آتا ہے اور اس وقت کے لئے انسان کے امتحان ہوتے ہیں صرف حیا اور

تقویٰ دار انسان کی دُعا ظہور میں آتی ہیں باقی عتابِ الٰہی کے حوالے ہو جاتی ہے۔

عملِ سلیمانی (بذریعہ عامل و معمول)

انگوٹھی بنانا: چیڑ الاکھ ۲ ماشہ کو گلا کر اس میں سانپ کی کینچلی ایک ماشہ پیس کر ڈالیں پھر برادہ مقناطیس ایک رتی اور پھر دو ماشہ کاجل ملا کر انگوٹھی ہفت دھات بنوا کر بجائے نگینہ یہ مصالحہ بھر دیں۔ پھر کسی نگینے پر رگڑیں تاکہ ہموار ہو جائے۔ پس انگشتری تیار ہو جائے گی۔

ہدایات:

۱۔ عامل معمول بوقت عمل پاک صاف ہوں اور باہمی کدورت نہ رکھتے ہوں بلکہ محبت والے ہوں۔

۲۔ معمول کی عمر بارہ سال سے کم ہو۔

۳۔ معمول دروغ گو فضول و لغو نہ بکتا ہو۔ بلکہ حاضر جواب نیک چلن اور سمجھدار ہو۔

۴۔ بروز عمل ابر باراں یا قمر در عقرب نہ ہو یا پنجشنبہ کا دن نہ ہو۔ ان دنوں میں کام نہیں ہوگا۔

۵۔ جس مکان میں عمل کیا جائے وہ خوف مصفا ہو۔ اس میں سورج کی روشنی نہ زیادہ ہو نہ کم ہو۔

۶۔ جس قدر لوگ کم ہو بہتر ہے۔ حاضرین سب خاموش رہیں۔ بولنا سخت منع ہے۔

۷۔ بوقت عمل بخورات لوبان یا دھوپ اور پھول خوشبودار معمول کے روبرو رکھیں۔

۸۔ عامل معمول اس روز قبل از عمل گوشت پیاز لہسن استعمال نہ کریں۔

۹۔ معمول دو زانو ہو کر بیٹھے اور پشت جانب شمال اور منہ جنوب کی طرف رکھے۔ اور انگوٹھی دست راست میں انگوٹھے اور داہنی انگشت میں دونوں پہلوؤں سے پکڑے۔

۱۰۔ بوقت عمل نگینہ پر دو بوند عرق روغن تلخ ڈالے اور معمول کے بالمقابل ایک ہاتھ کے فاصلے پر چوکڑی مار کر بیٹھ جاوے۔

۱۱۔ معمول کو آگاہ کر دے کہ وہ اس جگہ کسی خوفناک یا بدشکل صورت دیکھنے سے خوف نہ کرے۔ بلکہ

قدرت کے عجائبات کا مشاہدہ بڑی خوشی سے دیکھا کرے۔ جو حال معمول سے دریافت کرے اس کا جواب خوب غور وفکر سے دیا جاوے۔

۱۲۔ سوائے عامل کے کوئی دوسرا شخص معمول سے ہمکلام نہ کرے۔

۱۳۔ معمول کے پس پیش کوئی بھی خیالات تبدیل کرنے والا نہ ہو۔

۱۴۔ معمول کو خوب ہدایت کر دو کہ نگینہ کو یکسوئی قلب سے خوب بغور نظر جما کر بلا گرنے پلکوں کے دیکھتا رہے۔

اب مندرجہ بالا ھدایات پر عمل پیرا ہونے کے بعد

اول: معمول کو انگشتری میں اپنا چہرہ نظر آئے گا۔ جب چہرہ نظر آجائے تو عامل معمول سے کہے محبت کے ساتھ کہے کہ اپنی پیشانی کے عکس کو بغور دلی توجہ سے اسی اندھیرے میں روشنی تلاش کرے فوراً ایک روشنی نمودار ہوگی۔ جس میں سفید رنگ کے بادل بلند مکان اور مختلف اشکال نظر آئیں گی

دوم: معمول جب اس کا بغور مطالعہ کرے گا تو یک لخت ایک بیاباں اور پہاڑ بلند نظر آئے گا۔ معمول سے کہو کہ اس کی خوب سیر کرو اور غور سے دیکھو کہ وہاں کون شخص ملے اور وہ کیا کہہ رہا ہے۔ وہ کیا کر رہا ہے۔ ایک منٹ کے بعد معمول بیان کرے گا کہ اس بیاباں میں ایک جوگی فقیر بزرگ ہاتھ میں تسبیح لیے کچھ پڑھ رہا ہے۔ اب معمول سے کہے کہ اپنے دل میں ادب کرے اور نہایت عاجزی سے بادشاہ سے قدم بوسی کے لیے کہے عرض معروض کرے۔ تب وہ جوگی غائب ہو جائے گا۔ اور وہ اس بیاباں میں گم ہو جائے گا۔ پھر ایک روشنی نمودار ہوگی اس میں ایک عالیشان باغ اور پر فضا جس کا دروازہ مقفل اور دروازے پر پہرے دار اس کو نظر آئیں گے۔

سوم: تب معمول کو کہو کہ پہرے داروں سے اندر جانے کی اجازت چاہے۔ حسب خواہش معمول کے دروازہ کھل جائے گا۔ معمول اس دروازے کے اندر داخل ہوگا اب معمول سے کہو کہ اس عالی شان باغ کی خوب سیر کرے۔ مگر کسی پھل پھول کو ہاتھ نہ لگائے اور دیدار بادشاہ کا خیال کرے

بمجرد خیال معمول کے ایک تخت زرین پر ایک بادشاہ بڑے کروفر اور شاہانہ لباس سے جلوہ افروز ہوگا۔
معمول کو نظر آئے گا اور بہت خواص حکم بردار قطار باندھے کھڑے نظر آئیں گے۔ اس وقت رقص دگانے کی
آوازیں معمول کو سنائی دیں گی۔ اور حیرت میں ڈال دیں گی۔ اب عامل کو چاہیئے کہ معمول کو ہدایت کرے کہ
فوراً سر جھکا کر باادب سلام کرے۔ اور بعد قبول سلام اپنا دلی مقصد جس چیز کو ادب سے عرض کرے اور
فوراً جواب ملے گا۔ اصل مطلب فوٹو کھینچ کر دکھایا جائے گا۔ معمول کی معرفت جو امر دریافت کرنا ہو کرے۔
مہمل سوال نہ کرے۔

نوٹ :۔ جس لڑکے اور عورت پر چار دفعہ عمل کیا جائے وہ سوال کا جواب صاف اور عمدہ دیتا
ہے۔ مگر بعض شاہد عجائبات دیکھ کر عالم سکوت میں سو جاتے ہیں اور عامل کے ہر سوال کا جواب نہیں
دے سکتے۔ گویا کہ جواب دینا اسے ایک قسم کا بار معلوم ہوتا ہے۔ ایسے معمول سے جب واسطہ پڑے تو نہایت آرام
سے معمول کے خیالات کو دوسری طرف بدل دو اور عمل بند کر کے کسی دوسرے کو نکر دعمل پر بٹھا دو اور عجائبات دیکھ
لو۔

روغن سلیمانی : حاضرات کا دیگر عمل

سوہاگہ چکی دار ۲ تولہ، رتن جوت ۳ ماشہ روغن تلخ ۴ تولہ، ترتیب عمل اول کڑائی میں تیل
ڈالیں اور پھر سوہاگہ چکی دار کو ۲ حصے کر کے ایک حصہ کڑائی میں ڈال دیں۔ نیچے آنچ تیز کر دیں جب سوہاگہ
بہت پھول جائے۔ ایسا پھولے کہ جیسے کسی پرندہ کا سر آگ میں پھول جاتا ہے۔ یعنی گیارہ منٹ دینے اس
بعد میں نکال کر پھینک دیں۔ پھر دوسرا حصہ ڈال دیں اور گیارہ منٹ کے بعد نکال ڈالیں پھر آنچ سے دور کر کے اس
میں رتن جوت ڈال دیں۔ لکڑی سے ہلا کر چھان کر حفاظت سے رکھیں اور پھر مذکورہ بالا ہدایت پر عمل کریں۔ اب
معمول کو خبردار کریں کہ کوئی خوفناک مکان یا جگہ یا تصویر وغیرہ سے نہ ڈرے پھر ۲ بوندیں روغنی ناخن
انگوٹھے چپ پر لگا دے اور دست راست سے اپنی پیشانی پر سے سایہ کریں۔ انگوٹھے میں روغن والے
کو چشم راست سے دیکھیں اور عامل اپنے دونوں ہاتھ معمول کے دونوں آنکھوں کے درمیان کھڑے رکھے۔

اول :۔ معمول کو ایک دروازہ سفید نظر آتا ہے۔ اس وقت عامل معمول کو خبردار کرے اور رکھے

کر "اے خاکروب جھاڑو دو" وہ بھی نظر آئے گا پھر ماشکی سے کہے کہ چھڑکاؤ کرو، وہ بھی اپنا کام کرے گا۔ پھر بادشاہ کے لیئے کہے کہ کرسی لے آؤ۔ وہ بھی رکھ دی جائے گی۔ پھر کہے کہ اے جنوں کے بادشاہ کرسی پر تشریف رکھو، جب وہ کرسی پر بیٹھے تو ادب سے کہے کہ بادشاہ سلامت میرا سلام قبول ہو، بادشاہ بھی سلام کرے گا۔ پھر نہایت ادب سے جس جس چیز کا سوال عامل معمول سے کرائے گا اس چیز کا اصل فوٹو ظاہر ہوگا۔ عامل معمول جو سوال پوچھے محض اس کی مروجہ زبان ہندی انگریزی اردو فارسی پشتو بلوچی سندھی عربی پوچھے مروجہ زبان کے علاوہ دیگر زبانوں میں سوال مت کریں تاکید ہے۔ نہیں تو ایسا کام نہیں ہوگا، اور جواب بھی نہیں ملے گا۔ باقی ہدایت گذشتہ پر عمل کریں۔ میں نے اپنا فرض نہایت واضح پیش کر دیا ہے۔ آگے آپ کی اپنی محنت اور کوشش کر کے حاصل کرنا آپ کا فرض ہے۔

آشوبِ چشم

مجرّب عمل :- تمام امراض چشم کے لیئے اس دُعا کو سات دفعہ پڑھ کر آنکھوں پر دم کریں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم فارجع البصر هل ترىٰ من فطور ثم ارجع البصر کرتین ینقلب الیک البصر خاسئا وهو حسیر وان یکاد الذین کفروا لیزلقونک بابصارهم لما سمعوا الذکر ویقولون انه لمجنون وما هو الا ذکر للعٰلمین ○

۷۸۶

یا بصیر	یا بصیر	یا بصیر	یا بصیر
یا سمیع	یا سمیع	یا سمیع	یا سمیع
یا حتم	یا حتم	یا حتم	یا حتم

یہ نقش کسی چینی کی رکابی پر لکھے اور اس کو ہری مکو کے عرق سے دھو کر قدرے افیون اور عرق گلاب میں گھس کر آنکھوں کے اوپر لیپ کریں۔ انشاء اللہ پھر کسی دوا کی ضرورت نہ ہو گی۔

شادی بیاہ کیلئے مبارک اوقات :

میاں بیوی کی ازدواجی زندگی کو بہتر بنانے کیلئے ساعت نکوائیں۔ اپنی زندگی کو خوش گوار بنائیں۔ ادارہ سے رجوع کریں، جوابی لفافہ ساتھ بھیجیں!!

بسم اللہ	بسم اللہ	الرحمن الرحیم	الحمد للہ	رب العلمین
الرحمن الرحیم	مالک	یوم الدین	ایاک نعبد	وایاک نستعین
اھدنا الصراط	المستقیم	صراط الذین	انعمت	علیھم
غیر المغضوب	علیھم	ولا	الضالین	آمین

یہ نقش سریع التاثیر ہے اور زود اثر ہے۔ اسے لکھ کر پانی میں گھول کر آنکھوں پر چھینٹے ماریں۔ انشاءاللہ شفا ہوگی۔

آشوب چشم: یعنی آنکھ دکھنے میں اطریفل زمانی، اطریفل اسطوخودوس ہم وزن باہم ملائیں اور سوتے وقت ۵ ماشہ استعمال کرتے وقت گرم پانی سے کھا لیا کریں۔ سر کے متعلق تمام بیماریوں میں اکسیر ثابت ہوتی ہے۔

۲۔ ٹیٹرا مائی سین آئی آئنٹ منٹ۔ یہ ٹیوب کی شکل میں ہوتی ہے۔ بطور مرہم آنکھوں میں لگائیں آنکھوں کے تمام امراض کے لیئے بہتر ہے۔

کان کے ہر مرض کیلئے: تین مرتبہ یہ کلمات پڑھے۔ بسم اللہ پڑھ کر کان میں دم کرے وہ کلمات اور اسماء یہ ہیں۔ اللھم انی اسئلک باسمائک الحسنیٰ یا خالق یا صادق یا دافع یا رازق یا شافع یا سابق سبحٰنک یا لا الٰہ الا انت سبحٰنک انی کنت من الظلمین۔

فوری نسخہ نمبر ۱: ٹنکچر اوپیم ۱۵ منم ٹنکچر بیلاڈونا ۲۰ منم گیسرین پیور ایک اونس باہم ملا کر تھوڑے گرم کرکے دو چار قطرے دوائی کان میں ڈالیں مریض روتا آئے گا اور ہنستا جائے گا۔ موثر اور مجرب دوائی ہے۔

۲: نیم کے تازہ پتے چنبیہ کے تازہ پتے کو گھوٹ کر پانی نکال کر سرسوں کے تیل میں ڈال دیں اس تیل کو آگ پر رکھ کر جلائیں۔ جب پانی جل جائے اور تیل رہ جائے۔ یہی تیل گرم کرکے کانوں میں ڈالیں فوراً درد آرام ہوگا۔

درد داڑھ: اس آیت مبارکہ کو اول آخر درود شریف پڑھ کر سات مرتبہ پڑھیں اور دانت

پرانگلی رکھ کر پھونک ماریں۔ اس طرح یہ عمل سات دفعہ کریں پارہ ۱۵ سورہ بنی اسرائیل آیت ۸۱

وقل جاء الحق وزھق الباطل ان الباطل کان زھوقا و ننزل من القرآن ماھو

شفاء ورحمۃ للمؤمنین ولا یزید الظالمین الا خسارا بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھ کر دم

کریں درد دور ہوگا۔

نسخہ قطرۂ شفاء: روغن لونگ میں روئی تر کرکے درد والے دانت کے سوراخ میں رکھیں

اس سے فوراً سکون ہوگا اور درد دور ہوگا۔

قطرۂ رحمت: کلوروفارم پیور تھوڑی سی دوائی تر کرکے سوراخ میں چمٹی کے رکھیں بفضل

تعالیٰ ایک منٹ میں شفاء ہوگی۔

درد فوراً بند: پھٹکڑی سفید بریاں ۲ تولہ۔ مرچ سیاہ ۲ تولہ۔ گیرو ایک تولہ، نیلا

تھوتھا ۲ ماشے کافور تین ماشے۔ تمام دوائیں باریک پیس کر سفوف بنائیں بوقت ضرورت دانتوں اور مسوڑھوں

پر ملیں درد مسوڑھوں مرض دانت کی ہر بیماری کے لئے مفید ہے۔

دعائے ہفت قفل

جناب رسول مقبول ﷺ سے منقول ہے کہ

جو کوئی اس ہفت قفل کو بطور عمل اعتقاد سے پڑھے حق تعالیٰ بہشت اس پر واجب کرتا ہے اور

جس مطلب شرعی کے واسطے پڑھیگا بر آئیگا۔ دیو پری کے واسطے پڑھیگا، رفع ہوجائیں گے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم بسم اللہ الخالق العلیم الذی لیس کمثلہ شیٔ وھو السمیع العلیم۔ عورت کو

شیرنی پر پڑھ کر کھلائے فرزند صالح پیدا ہوگا۔

انشاء اللہ بسم اللہ الرحمن الرحیم بسم اللہ البصیر الذی لیس کمثلہ شیٔ وھو العلی العظیم حافظ زیادہ

ہونے کے لیے شیرنی پر پڑھ کر کھائے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم بسم اللہ الخالق العلیم الذی لیس کمثلہ شیٔ وھو الفتاح العلیم۔ بھاگے ہوئے کے

واپس آنے کے واسطے ٹھیکر کے سات ٹکڑوں پر لکھ کر آگ میں جلائیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم بسم اللہ السمیع العلیم الذی لیس کمثلہ شیٔ وھو العلیم الخبیر۔ جو کوئی جناب رسول خدا ﷺ

کو خواب میں دیکھنے کی خواہش مند ہو تو اسے چاہیئے دو رکعت نماز پڑھ کر اس دعائے قفل کو پڑھ کر سو رہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم بسم اللہ السمیع البصیر الذی لیس کمثلہ شئیٌ وھو العلی العظیم ۔ سانپ کے کاٹے ہوئے کے کان میں آہستہ تین بار پڑھیں شفا دیا جائے گا۔ انشاءاللہ ۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم بسم اللہ الحکیم الذی لیس کمثلہ شئیٌ وھو العزیز الحکیم ۔ جو کوئی اس دعا کو اپنے پاس رکھے سانپ کے زہر سے خلاصی ہو ۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم بسم اللہ العزیز الرحیم الذی لیس کمثلہ شئیٌ وھو الغفور الرحیم فاللہ خیرٌ حافظاً وھو ارحم الرحمین ۔

خناق درد گلو و خنازیر

خناق درد گلو و خنازیر :۔ گلے کی ورم کے لیے اس آیت کو بروز اتوار بوقت صبح پہلی ساعت میں باوضو لکھ کر گلے میں باندھیں ۔ پارہ ۱۶ سورہ طہٰ آیت ۵۵ منہا خلقنکم وفیہا نعیدکم ومنہا نخرجکم تارۃً اخریٰ انشاءاللہ شفا ہو گی ۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

٣٨٩	٣٨٤	٣٩١
٣٩٠	٣٨٨	٣٨٦
٣٨٥	٣٩٢	٣٣٧

انا اعطینٰک الکوثر

ایضاً :۔ یہ نقش لکھ کر گلے میں باندھیں اور گذشتہ اوراق جو سورہ شفا جو لکھی ہے اسے تیل پر دم کر کے گلے کی میں خوب مالش کریں انشاءاللہ شفا ہو گی ۔

ایضاً :۔ جب گلا سوج جائے تو اس آیت کو لکھ کر گلے میں ڈالیں ۔ آیت کریمہ یہ ہے اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم قالوا ھذا من رحمۃ ربی سلامٌ قولاً من رب الرحیم ۰

نسخہ جات

نسخہ جات :۔ برائے خنازیر :۔ پھٹکڑی ۲ ماشہ انجیر کی لکڑی جلی ہوئی خاک ۲ ماشہ خاک ملا کر پانی میں پیس کر خنازیر پر لیپ کرتے رہیں ۔ انشاءاللہ آرام ہو جائے گا ۔

خناق

خناق :۔ املتاس کا گودہ ایک تولہ نیم گرم پانی میں حل کر کے غرارے کراویں اور اسی گودے کو

پانی میں پیس کر ضماد کر کے املتاس کا حلوہ بنا کر حلق پر باندھیں۔

ایضاً ؛ ریٹھے سا چھلکا ایک تولہ پھٹکڑی ایک ماشہ کوٹ کر جوشاندہ بنا کر حلق میں ڈالیں مریض کو فوراً ہوش آ جائے گا۔

خنازیر کیلئے ؛ تخم برس حسب ضرورت لے کر خوب باریک پیس کر دو چند شہد ملا کر کسی کوزہ میں ڈال کر منہ اس کا آٹا اور ماش سے بند کر کے ہفتہ دھوپ میں رکھ کر اس کے بعد روزانہ صبح کے وقت سات ماشہ کھلایا کریں بفضلہ تعالیٰ آرام ہوگا۔

تریاق خناق ؛ مغز املتاس ۴ تولہ گرم پانی میں بھگو کر مل چھان کر روغن بادام ۶ ماشہ مصری ۲ تولہ میں ڈال کر پلائیں۔

دمہ اور کھانسی ؛ دمہ اور کھانسی کا فرق درج ذیل ہے۔ دمہ مرض موروثی ہوا کرتا ہے۔ وجوہات کئی ہیں۔ اس کی تفصیل میں نے رحیم طبی شاہکار میں مفصل علاج لکھ چکا ہوں۔ یہاں صرف میرا مطلب روحانی علاج ہے۔ ساتھ ساتھ جسمانی علاج بھی پیش کئے جا رہا ہوں تاکہ عامل حضرات کو دونوں راستے اختیار کرنے چاہئیں۔ مقصد تو ہے عوام کی خدمت کرنا اور مریض کے لیئے صحت یابی کے لیئے پوری کوشش کرنا، دمہ کا دورہ اکثر رات کو ہوا کرتا ہے۔ مریض کا دم گھٹنے لگتا ہے۔ سانس کی تکلیف زیادہ ہوتی ہے۔ سانس مشکل سے آتا ہے۔ یہ مرض ڈاکٹر لاعلاج کہتے ہیں لیکن خدا کے مقدس کلام سے لوگوں کو ضرور فائدہ پہنچتا ہے۔ کھانسی کا سبب اکثر رطوبت بلغمی سے ہوتا ہے۔ جو پھیپھڑوں میں جمع ہو جاتا ہے۔ اور پھیپھڑوں کو خارج کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ بعض دفعہ گرمی اور خشکی کی وجہ سے بھی کھانسی ہو جاتی ہے۔

دمہ ؛ آیات کریمہ مریض پر باندھیں اور چند بار پڑھ کر دم کریں۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وَیشفِ صُدُورَ قوم مومنین ۝ و شفآءٌ لما فی الصدور ۝ فیہ شفآءٌ للناس ۝ ما ھو شفآءٌ و رحمۃ للمومنین و اذا مرضتُ فھو یشفین ۝ قل للذین آمنوا ھدًی وّ شفآءٌ ۝ سورہ توبہ پارہ ۱۰

ایضاً : حضرت امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں کہ کھانسی کے لئے سورہ زخرف لکھ کر آب باراں یعنی بارش کے پانی سے دھو کر پلائیں شفاء ہوگی۔

کھانسی خشک کیلیئے :

چنبیلی کا خالص روغن پر سورہ فاتحہ معہ بسم اللہ مکمل اور تین بار سورہ شفاء جو اوپر لکھی گئی ہے۔ ساتھ باندھنا ہے۔ مگر شرط یہ ہے کہ بیمار کے نام کے عنصر حروف کے مطابق اس نقش وقت سعید میں لکھنا ہے۔ بڑے احتیاط کی ضرورت ہے۔

نقش یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شمسائیل

جبرائیل

۶۶۱	۳۶۴	۶۶۷	۶۵۴
۶۶۶	۶۵۵	۶۶۰	۶۶۵
۶۵۶	۶۶۹	۶۶۲	۶۵۹
۶۶۳	۶۵۸	۶۵۷	۶۶۸

عزرائیل

اسرافیل

ہر مرض کے لیے قرآن مجید کا یہ عظیم نقش لکھ کر دیں

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شمکائیل — شمقیائیل

جبرائیل

قول — طہٰ

ی	ف	و	ش
شفا	۳۰۱	۹	۸۱
۳۰۲	۳	۷۸	۸
۸۹	۷	۳۰۳	۲

کھیعص — حمعسق

اسرافیل — عزرائیل

میکائیل

ففقثائیل — نوممائیل

نسخہ جات

۱۔ تریاق دمہ: پھٹکڑی بریاں ۶ ماشہ کی ۱۲ پڑیاں بنائیں۔ علی الصبح ایک پڑیا دہی ایک پاؤ کے ساتھ کھلائیں۔ کسی دوائی سے پہلے قے کرالیں پھیپھڑے صاف ہو جائیں گے۔

نسخہ نمبر ۲: آب ادرک، ترکیب استعمال ایک چائے کا چمچہ (۵ ملی لیٹر) ہلکا گرم سوتے وقت استعمال کریں۔

نمبر ۳: گل مدار (آک کے پھول) ۱۲ گرام، نمک لاہوری ۳ گرام: ترکیب تیاری: ان دواؤں کو پیس کر باریک کرلیں اور تھوڑا سا پانی ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ اگر آپ ادرک کے پانی میں گولیاں بنالیں تو کیا ہی بات ہے۔ ترکیب استعمال: دو دو گولیاں دن میں ۳، ۴ بار منہ

میں ڈال کر چوسیں۔

لعوق بثیق النفس ۱۰ گرام سوتے وقت لیں۔ شربت زوفا ۲۵ ملی لیٹر دن میں ۲ بار لیں۔

حیرت کن ۱۔ اپیکاک ۱/۱۰۰۰ کی ایک خوراک۔ آرسینک ۱/۱۰۰۰ ایک ہفتے میں ایک بار دی جائے۔

اکسیر دمہ: کالی فاس ۳x، نا گمیلیشیا فاس ۳x، ٹیرم میور ۳x، ٹیرم سلف ۳x، سب کو ملا کر ۵ گرین فی خوراک نیم گرم پانی کے ساتھ دن میں چار دفعہ بحکم خدا شفا ہوگی۔

ذات الجنب درد سینہ:

یہ نقش حزب البحر ہے ہر درد کے لیے اکسیر کا کام دیتا ہے۔ اسے تلی کے تیل پر دم کریں یا نقش لکھ کر ڈالیں اور درد والی جگہ پر خوب ملیں۔ ان شاء اللہ فوراً شفا ہوگی۔

۷۸۶

۱۳۹۵م	۱۴۰۹م	۱۴۰۵م	۱۴۰۲م
۱۴۰۶م	۱۴۰۱م	۱۳۹۶م	۱۴۰۸م
۱۴۰۰م	۱۴۰۳م	۱۴۱۱م	۱۳۹۷م
۱۴۱۰م	۱۳۹۸م	۱۳۹۹م	۱۴۰۷م

وننزل من القرآن ما ھو شفاء

مریض پر آیات شفاء کو پڑھ کر درد والی جگہ پر ہاتھ سے ملیں اور پھونکتے رہیں۔ وہ آیات یہ ہیں۔
یا شافی یا کافی یا سلام بحق ویشف صدور قوم مومنین ہ وشفاءٌ لما فی الصدور ہ یخرج من بطونھا شرابٌ مختلفٌ الوانہٗ فیہِ شفاءٌ للناس ط وننزل من القرآن ما ھو شفاءٌ ورحمۃٌ للمومنین ہ واذا مرضت فھو یشفین ہ قل ھو للذین آمنوا ھدًی وشفاءٌ ط

نسخہ جات: السی ۶ ماشے رائی چھ ماشے دونوں کو باریک پیس کر مقام درد پر لیپ کریں اور اوپر کاغذ کو رکھ کر اوپر گرم گرم دوائی کی ٹکور کریں آدھ گھنٹہ کے اندر اندر درد دور ہو جائے گا۔

نمبر ۲: سلفا پیراڈین ایم بی ۶۹۳ لیکر کھائیں۔ خوراک بڑے آدمی کے لیے ۲ گولیاں۔ فی خوراک ۳ رتی سوڈا بائی کارب آب تازہ سے دن میں تین بار یا چار بار دیں۔

نمبر ۳: سلفا ڈایازین خوراک ۲ ٹکیاں ہمراہ تازہ پانی سا ایک گلاس دویں۔ اس کے بعد ہر ۴ گھنٹے کے بعد ۲ ٹکیاں کھلائیں۔ بحکم خدا بفضل رسول مقبولؐ شفاء ہوگی۔

نمبر ۴: لینیم ٹرین نام، ہر قسم کے دردوں کے لیے مفید ہے۔ مقام ماؤف پر مالش کریں۔

دردِ دل و خفقان

دردِ دل و خفقان: اس مرض سوء مزاج حار قلب فکر، غم، کثرت جماع، جلق، بدہضمی، کمی خون کی وجہ سے ہو جایا کرتا ہے۔ اصل وجہ معلوم کر کے اس کا صحیح علاج کریں روحانی علاج کے لیے ضروری ہے کہ مریض کے نام کے حروف علیحدہ علیحدہ کر کے دیکھیں اور دیکھیں کہ کس عنصر کے حروف اس نام میں زیادہ ہیں۔ جب دیکھیں کہ شمس یا قمر اس برج میں آ جائے اور چاند کی منزل کا بھی خیال رکھیں۔ اگر آپ نے ان تینوں قوانین کا خیال رکھا تو پھر آپ کا عمل تیر کی طرح اثر کرے گا انشاءاللہ۔ مریض بہت جلد شفا پا جائے گا۔ اس بارے میں نجوم آپکی مکمل مدد کرتا ہے۔ وقت کی بڑی تاثیر ہوتی ہے۔ جب قمر برج سرطان کے ۲۴-۲۹ درجہ پر ہو اور برج اسد کے ۲ درجہ پر ہو برج میزان ۱، ۲۱ درجہ پر ہو۔ برج عقرب کے ۲۹ درجہ پر ہو یا قمر برج دلو کے ۲۸ درجہ پر ہو۔ دن اتوار ساعت عطارد سوموار کو ساعت مریخ، منگل کو ساعت قمر، بدھ کو ساعت شمس ہیں۔ جمعرات کو ساعت زحل ہیں جمعہ کو ساعت مریخ، ہفتہ کو ساعت زہرہ میں اعمال صحت مرض و آفات کا جسم سے دور کرنا اور انسانی صحت کے لیے بہت ہی آسان مناسب اوقات ہیں۔ اس پر عمل کیا تو انشاءاللہ آپ کو ضرور کامیابی ہوگی۔

حوت
دلو
قمر ۲۸ درجہ
ثور
حمل
جوزا
سرطان
جدی
قمر ۲۴-۲۹ درجہ
قوس
میزان
اسد
قمر
۲۱ درجہ
قمر
عقرب
قمر
۲، درجہ
سُنبلہ
۲۹ درجہ

نمبر ۱ خفقان کا عمل

نمبر ۱ خفقان کا عمل: جس آدمی کو دل کا دورہ یا دل کی دھڑکن ہو یعنی خفقان ہو تو اس نقش مکرم جو سورہ یٰسین شریف کا ہے جو قرآن مجید کے دل سے منسوب ہے۔ یہ دل کے لیے افضل اعلیٰ ہے اسے زعفران سے تھالی پر لکھ کر پلائیں انشاءاللہ

بہت جلد شفا ہو گی ۔
اِس کے علاوہ سورہ یٰسین کی سات مبین ہیں ۔ جب آپ پہلی مبین تک پہنچیں تو سات دفعہ الحمد شریف پڑھ کر پانی پر دم کریں پھر آگے دوسری مبین تک پہنچیں تو پھر سات دفعہ الحمد شریف پڑھ کر پانی پر پھونک ماریں اس طرح سات مبینوں پر عمل کریں وہی پانی مریض کو پانچ وقت پلائیں بحکم خدا بطفیل رسول مقبول شفا ہو گی

۴۳۱۲۶	۴۳۱۳۱	۴۳۱۳۷	۴۳۱۴۳	۴۳۱۱۸
۴۳۱۳۰	۴۳۱۳۹	۴۳۱۱۹	۴۳۱۲۵	۴۳۱۴۲
۴۳۱۲۹	۴۳۱۲۴	۴۳۱۳۲	۴۳۱۳۳	۴۳۱۴۷
۴۳۱۲۰	۴۳۱۴۵	۴۳۱۴۱	۴۳۱۲۱	۴۳۱۲۷
۴۳۱۴۹	۴۳۱۲۲	۴۳۱۲۳	۴۳۱۲۸	۴۳۱۲۶

نمبر ۳ : سُورہ لقمان جس کے اعداد ۱۵۹۰۰۰ ہیں اس میں مریض کے نام کے اعداد شامل کر کے اور یہ فرد دیکھیں کے مریض کے نام کے عنصر کون سا ہے ۔ اس کی روشنی میں جب قمر اس برج میں آئے تو اسی عنصر سا نقش مربع لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں مجرب ہے ۔

نسخہ جات : تخم ریحان ایک تولہ کو آدھ سیر پانی میں ڈال کر رات کو ہوا میں باہر رکھ دیں صبح کو میٹھا ملا کر کھائیں خفقان کے لئے مفید ہے ۔

اکسیر القلب : طباشیر ، دانہ الائچی خورد ، زہرہ مہرہ ، خطائی ، کہربا شمی ، ناریل ، دریائی ہر ایک تین ماشہ ، صندل سفید ایک تولہ ، کشنیز ۱ تولہ ، رو چالی ایک ماشہ ، ورق سونا چار رتی جملہ ادویہ کو کوٹ کر باریک سفوف بنالیں پھر ایک بوتل روح کیوڑہ اور ایک بوتل مشک میں کھرل کر کے خشک کریں ۔ اس میں ایک پونڈ گلوکوز شامل کر کے بوتلیں بھر لیں ۔ مقدار خوراک ۱ ماشہ سفوف مذکورہ ہمراہ شربت انار دیں ۔
مندرجہ ذیل ادویات استعمال کر سکتے ہیں ۔ سارٹا نور ٹرل ، ڈیمی ٹول ، دوالمسک معتدل سادہ جوارش شاہی ، خمیرہ صندل ، دوالمسک معتدل جواہر داری

دردِ شکم معدہ و قے : مذکورہ بالا اوقات کو مدنظر رکھتے ہوئے روحانی علاج کریں ،

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۹۸۷۵۹۷۲۱	۹۸۷۵۹۷۳۴	۹۸۷۵۹۷۳۱	۹۸۷۵۹۷۲۸
۹۸۷۵۹۷۳۲	۹۸۷۵۹۷۲۷	۹۸۷۵۹۷۲۲	۹۸۷۵۹۷۳۳
۹۸۷۵۹۷۲۶	۹۸۷۵۹۷۲۹	۹۸۷۵۹۷۳۶	۹۸۷۵۹۷۲۳
۹۸۷۵۹۷۳۵	۹۸۷۵۹۷۲۴	۹۸۷۵۹۷۲۵	۹۸۷۵۹۷۳۰

اس نقش کو چینی کی رکابی سونف کے عرق کے ساتھ تین چار دفعہ پلائیں اور پھر لکھ کر شکم پر ناف کے نیچے باندھیں۔ اور تیل پر پھونک مار کر پیٹ کی مالش کریں یہ تمام نقش قرآن مجید کا ہے اس کے اثرات بہت امراض کے لیئے تیر بہدف ہے اور مجرب المجرب ہے۔

دردِ معدہ :- جگر و دل و خفقان و جمیع امراض اندرونی شکم درد آیۃ الکرسی کو گلاب کے عرق اور سونف کے عرق پر سات دفعہ پڑھ کر پھونکیں اور وزن برابر ہو، یعنی ایک ایک چھٹانک دن میں تین بار پلائیں۔

۷۸۶

۴۴۳۳	۴۴۴۷	۴۴۴۴	۴۴۴۱
۴۴۴۵	۴۴۴۰	۴۴۳۴	۴۴۴۶
۴۴۳۹	۴۴۴۲	۴۴۴۹	۴۴۳۵
۴۴۴۸	۴۴۳۶	۴۴۳۸	۴۴۴۳

بندش قے :- سورہ والطارق جس کے اعداد ۱۷۷۶۵ ہیں۔ اس نقش کو پیاز کے رس، پودینہ کے رس، ادرک کے رس، لیموں کے رس کے ساتھ بڑی تشتری پر پانچ دفعہ لکھیں اور ان کے پانی کے ساتھ ایک چٹکی سوڈا کھانے کا ملا کر دیکھتے رہیں انشاء اللہ دو تین بار دینے سے قے فوراً رک جائے گی۔

نسخہ :- سونف، بڑی الائچی، پودینہ } ہر ایک گرام لے کر ۱۲۰ ملی لیٹر یعنی ۱۰ تولہ میں پیس کر اور چھان لیں اور پی لیں۔ اگر ضرورت ہو تو دن میں کئی بار استعمال کریں، جوارش انارین، قرص پودینہ جوارش ثمر ہندی ۵ گرام دن میں دو بار لیں (۲ قرص دن میں ۲ بار لیں)

نسخہ امراض معدہ :- سونف، اجوائن، کالا نمک، ہموزن لیکر باریک سفوف بنالیں، ایک گرام

ہلکے گرم پانی کے ساتھ بعد غذا استعمال کریں۔

نمبر ۲ : نوشادر ۴ گرام سونٹھ ۲ گرام کھانے کا سوڈا ۴ گرام (ایک گرام ایک ماشہ ہوتا ہے) سب دواؤں کو باریک پیس کر سفوف بنا کر سوڈا ملا دیں۔ ۵۰۰ ملی گرام (۴ رتی ہوتی ہے) پانی کے ساتھ دن میں دو تین بار لیں۔ جوارش کمونی، نمک جالینوس، جوارش جالینوس، حب کبد نوشادری بھی مفید ہیں۔

دردِ شکم معدہ :

کیلومل ½ گرین، سوڈا بائیکارب ۸ گرین، اسپرین ۴ گرین ملا کر ایک خوراک صبح و شام دیں، مکسوا امیکا ۲x ایک خوراک چار گھنٹے کے بعد دیتے رہیں۔

بدہضمی و ہیضہ :

معدہ میں بھاری پن خصوصاً کھانے کے بعد محسوس ہوتا ہے، بھوک کم لگتی ہے بدبودار ڈکاریں یا متلی یا بعض اوقات قے ہوتی ہے۔

ہیضہ : یہ ایک متعدی اور مہلک بیماری ہے جو وبائی طور پر پھیلتی ہے، مریض معدہ میں درد محسوس کرتا ہے جس کے ساتھ پیاس قے اور پتلے دست ہوتے ہیں۔ دستوں کا رنگ اکثر چاول کی پیچ کی طرح ہوتا ہے اور مریض تیزی سے کمزور ہو جاتا ہے۔

۷۸۶

۹	۹	۴	۸
۲۸	۲	۲۱	۱۴
۱۴	۱۵	۳	۰
۱۹	۱۶	۱۵	۲۰
۱۹	۹	۸	۲۸

ص ر ھ ع ع ع ع ع ع ع ع ھ ھ ھ ھ

کہیعص	یا بدوح	یا حق
یا حفیظ	یا حفیظ	یا حفیظ
یالطیف	یا حفیظ	یالطیف
یا حفیظ	یالطیف	یا حفیظ
الٰہی بحرمت یٰسین	یا بدوح	یاشافی یاکافی

نسخہ نمبر ۱ ہیضہ : جب شرف زہرہ ہو (آپ کو معلوم ہے کہ زہرہ کو شرف برج حوت کے ۲۷ درجہ پر ہوتا ہے اور ہر سال آتا ہے) تو اس وقت اس نقش کو تانبہ میں کندہ کرا کر اپنے پاس رکھیں ایام ہیضہ میں جس شخص کو یا مریض کو اس لوح کا پانی دیں گے وہ مریض اس بیماری سے نجات پائے۔

نمبر ۲ : جب ہیضہ کی وبا پھیل جائے اور ہیضہ شدت کی صورت اختیار کر جائے تو اس نقش کو لکھ کر گلے میں ڈالے سوائے موت کے سب آفات سے محفوظ رہے گا۔

۲۷ رجب شریف کی پہلی تاریخ کو سورہ کافرون جس کے اعداد ۲۸۳۳ ہیں اس سورہ کو ایک ہزار دفعہ ست پودینہ ست اجوائن ست کافور ہموزن لے کر ایک شیشی میں ملا کر پھونک دیں اور مریض کو ۵ قطرے بڑے چمچہ پانی میں ملا کر تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد دیں قطروں کو شکر میں ملا کر بھی دے سکتے ہیں۔

نسخہ جات

نوید صحت :- کافور ۳ ماشہ ، مرچ سیاہ ، گھماں انار دانہ ، پودینہ ، زرشک ہر ایک ایک تولہ لے کر سب دواؤں کو علیحدہ علیحدہ کوٹ کر سفوف بنائیں ۔ اس میں عرق پیاز اس قدر ملائیں کہ گولیاں تیار ہو سکیں گولی کا وزن بقدر ۳ رتی ہونا چاہیئے ۔ ترکیب استعمال : ایک ایک گولی ایک گھنٹہ کے بعد ہمراہ عرق لیموں یا عرق سنگترہ دیں ۔ ہیضہ کے لیئے مفید اور مجرب دوائی ہے ۔

حبّ شفا

کافور ۶ ماشے ، افیون ۳ ماشے ۔ ہینگ خالص ۱۲ ماشے ، مرچ سیاہ ایک تولہ ، ست پودینہ ۲ ماشے ۔ سب کو پیس کر گولیاں بقدر نخود بنا دیں ۔ استعمال :- ہیضہ کی حالت میں ۲ گھنٹہ کے وقفہ سے ایک گولی ہمراہ عرق گلاب دیں ، اگر پیچش ہمراہ ہو تو عرق سونف کے ہمراہ دیں یہ ہیضہ کے لیئے تریاق کامل اور اکسیری نسخہ ہے ۔

ہیضہ سے نجات

ہلدی ۶ ماشہ ، پوست بیخ مدار ۹ ماشہ ۔ چونہ خوردنی ۵ ماشہ ، مرچ سیاہ ۷ ماشہ سب کو علیحدہ علیحدہ کوٹ کر سفوف بنا دیں اور پھر اسے آب پودینہ پر کھرل کر کے حب نخودی بنائیں ۔ ترکیب استعمال :- ایک گولی ۲ گھنٹہ کے بعد ہمراہ عرق پودینہ دیں ۔
یہ ہیضہ کے اکسیری نسخے ہیں بغیر کسی بخل کے پیش کر دیئے ہیں ۔

فواق (ہچکی)

سورہ الکافرون جس کے اعداد ۲۸۳۳ ہیں سورہ اخلاص جس کے اعداد ۱۰۰۲ ہیں سورہ الفلق جس کے اعداد ۸۲۷۷ ہیں سورہ والناس جس کے اعداد ۵۲۹۶ ہیں ان چاروں سورتوں کو کلونجی ۳ گرام مکھن ۱۰ گرام یا گھی ان کا سفوف بنا کر گھی میں ملائیں مذکورہ بالا سورتوں کو ۱۰۰ دفعہ پڑھ کر اس پر دم کریں ہچکی کے وقت استعمال کرائیں قرص پودینہ حب کبد جوارش انارین بھی استعمال کرا سکتے ہیں۔

دردِ جگر یرقان وطحال واستسقاءؔ

نمبر ۱: دردِ جگر یا یرقان ہو گیا ہو تو سورہ بیّنہ جس کے اعداد ۱۲۲۳۳ ہیں۔ سونف گل سرخ پودینہ، ہر ایک چھ گرام پر پڑھ کر ۱۲۰ ملی لٹر (۱۲ تولہ) پانی میں جوش دے کر چھان لیں۔ دن میں ۲ بار لیں۔ یہ نقش ۲ عدد لکھیں۔ ایک نقش کو گلے میں ڈالیں، دوسرا نقش تیل میں ڈال کر مالش کریں۔

۷۸۶

۸۷۰۵	۷۸۰۸	۷۸۱۲	۷۷۹۸
۷۸۱۱	۷۸۹۹	۷۸۰۴	۷۸۰۹
۷۸۰۰	۷۸۱۴	۷۸۰۶	۷۸۱۳
۷۸۰۷	۷۸۰۲	۷۸۰۱	۷۸۱۳

نمبر ۲: دوسرا عمل سورہ الم نشرح جس کے اعداد ۱۲۴۱۶ ہیں۔ اس سورہ کو ۱۲ گرام اجوائن (۱ تولہ) پر مریض کے نام کے اعداد کے برابر پڑھ کر ۱۲۰ ملی لٹر پانی میں ۲۴ گھنٹے تک بھگو دیں دن کو سایہ میں اور رات کو شبنم میں رکھیں اور چھان لیں۔ ترکیب استعمال: صبح کو ناشتے سے پہلے پی لیں۔

اختلاجِ جگر: سورہ شفا جس کا ذکر گذشتہ اوراق میں کر چکا ہوں انہیں اور آیت الکرسی کو معجون دبید الورد ۷ گرام پر دم کر کے سوتے وقت لیں کئی دن تک۔ بحکم خدا بطفیل رسول مقبولؐ شفاء ہو گی۔

یرقان: پیشاب اور آنکھوں کا رنگ پیلا اور جلد کا رنگ پھیکا ہو جاتا ہے پاخانہ کا رنگ سفید یا خاکی ہوتا ہے۔ متلی، قے، بخار اور عام کمزوری ہو جاتی ہے۔ روحانی علاج اوپر کا کریں اور دو نسخے یہاں لکھ دیتا ہوں۔ تازہ گلو کے نیم ۳۵ گرام (۳ تولہ) شہد ۱۲ گرام (ایک گرام ایک ماشہ یا ۸ رتی کا ہوتا ہے)۔ ترکیب تیاری: گلو کو کچل کر ۱۲۰ ملی لٹر (۱۰ تولہ) پانی میں جوش دیں یہاں تک کہ آدھا رہ جائے۔ چھان کر ٹھنڈا ہونے پر شہد ملا لیں۔ ترکیب استعمال: دن میں دو دفعہ پی لیں۔ سکانسی کے بیج پر ۱۲۰ دفعہ سورہ الحمد شریف معہ بسم اللہ پڑھ کر ۱۲۰ ملی لٹر پانی

یں رات بھر بھگو دیں صبح کو مل کر چھان لیں صبح پی لیں۔

۷۸۶

۴۴۹۱	۴۴۸۴	۴۴۸۹
۴۴۸۶	۴۴۸۸	۴۴۹۰
۴۴۸۷	۴۴۹۲	۴۴۸۵

یرقان کے لیے سورہ القارعہ جس کے اعداد ۱۳۴۶۴ ہیں۔ شربت کاسنی یا معجون دبید الورد یا حب کبد نوشادری پر ۱۰۰ بار پڑھ کر ان پر پھونکیں اور ان میں ۲ بار ۲۵ ملی لیٹر پانی کے ساتھ دیں۔ اور یہ نقش مریض کے گلے میں ڈالیں ان شاء اللہ بہت جلد شفاء ہو گی۔

تلی کا بڑھ جانا :-

رُوحانی علاج بندہ گذشتہ اوراق میں قرآن مجید کا نقش پیش کر چکا ہے وہ سعد وقت میں لکھ کر مریض کو دیں اور ہدایت کریں کہ اس تعویذ کو تلی والے حصے میں رکھے۔ ان شاء اللہ تلی اپنے مقام پر آ جائے گی۔

نسخہ :- اجوائن گھیکوار کا گودا۔ ترکیب تیاری :- اجوائن کو گھیکوار کے گودے میں تر کر کے سکھائیں۔ ترکیب استعمال :- ۲ گرام دن میں ۲ بار لیں۔

عرق النساء :- لنگڑی کا درد یا انگوٹی کا درد

یہ درد دوروں کی شکل میں ہوتا ہے۔ کولہے سے شروع ہو کر نیچے پیر تک آتا ہے۔ کبھی کبھی یہ درد اتنا شدید ہوتا ہے کہ مریض نہ چل پھر سکتا ہے اور نہ سیدھا کھڑا ہو سکتا ہے۔

۷۸۶

حَسبنَا	اللّٰہ	ونعم	الوکیل
یاشافی	حفیظ	سلام	نافع
باقی	کریم	غفور	ھادی
یارحمٰن	رحیم	سعید	جلیل

روحانی علاج :- اس نقش کو سعد وقت میں لکھ کر مریض کی ٹانگ کی جڑ میں باندھیں اور دوسرا نقش لکھ کر تیل میں ڈال کر مالش کریں۔ روزانہ استعمال کریں۔

نسخہ :- اسگندھ، ستاور، سنبل کی، موصلی، سونٹھ، بدھارا، سب ایک ایک تولہ لیکر

باریک کوٹ چھان کر سفوف بنالیں اور ان سب کو ہموزن لے کر کچی شکر ملا کر ایک پاؤ شیر گائے ایک تولہ نہار منہ کھایا کریں اور شام کو سوتے وقت معجون سورنجان ایک تولہ گرم پانی کے ساتھ کھا لیا کریں۔ انشاء اللہ ایک ہفتہ میں اس موذی مرض سے نجات مل جائے گی۔

نمبر ۲: پوست ہلیلہ زرد (پیلی ہڑ کا چھلکا) سورنجاں شیریں ہر ایک ۲۰ گرام کو باریک پیس کر سفوف بنالیں۔ عرق سونف میں ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔ ترکیب استعمال ۵ گولیاں پانی کے ساتھ دن میں دو بار لیں۔ اس مرض کے لئے حب ارزاقی، حب سورنجاں، تریاق اربعہ بھی موزوں ہیں۔

اِسہال و پیچش دَردِ ناف وغیرہ:

۷۸۶

ق	ا	ب	ض
ض	ب	ا	ق
ا	ق	ض	ب
ب	ض	ق	ا
۷۵	۲	۶۰	۲۲۶
۷۵	۲	۶۰	۲۲۶
۷۵	۲	۶۰	۲۲۶
۲۵۱۳	۱	۳	۱۵۰
۲۰۶	یا قابض	یا قابض	۵۶۷

دست: جس مریض کو دست آتے ہوں اور بند نہ ہوتے ہوں تو اسے چاہیے کہ وہ اس نقش کو سعد وقت میں لکھ کر پیٹ پر باندھیں انشاء اللہ صحت ہوگی۔

نمبر ۲: سورہ حدید کو اگر جامن کی کونپل تازہ پر تین دفعہ پڑھ کر دم کرے اور ۶۰ ملی لیٹر (۵ تولہ) پانی میں پیس کر دن میں ۲ بار لیں شفاء ہوگی۔

نمبر ۳: سورہ مرسلات اعداد یہ ہیں ۷۔۲۲۴۲ ہیں اس کو جامن کی گٹھلی کی گری اور آم کی گٹھلی کی گری پر پانچ بار پڑھ کر باریک سفوف بنالیں۔

ترکیب استعمال: ۲ گرام (۲ ماشہ) دن میں پانی سے یا شربت انجبار سے لیں تو شفاء ہوگی۔ یہ سفوف ذیابیطس، جریان منی، سیلان الرحم کے لئے اکسیر اعظم ہے۔

نمبر ۴: برگد کی کچی کلیاں ایک تولہ پانی میں گھوٹ کر قدرے مصری ملا کر اور اس پر سات

دفعہ الحمد شریف پھونک کر دن میں دو بار پینے سے شفاء ہوگی

نسخہ: صمغ عربی ۶ ماشہ، گلنار حب آلاس ۶ ماشہ۔ انار دانہ ۶ تولہ بریاں کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔ ۴ ماشہ صبح اور ۴ ماشہ شام تازہ پانی سے تین روز کھائیں۔ انوشدارو لولوی کھاکر اوپر سے عرق بادیاں ۵ تولہ عرق بارتنگ ۵ تولہ، شربت حب آلاس ملاکر پی لیں۔ حب دال حب ساق جوارش آملہ، سفوف موپا ۶ ماشہ استعمال کرسکتے ہیں۔

پیچش: سورہ الشمس جس کے اعداد ۱۹۴۹۹ ہیں سعد وقت میں لکھ کر اس کا پانی پلائیں۔

۷۸۶

۴۸۷۴	۴۸۷۷	۴۸۸۱	۴۸۶۷
۴۸۸۰	۴۸۶۸	۴۸۷۳	۴۸۷۸
۴۸۶۹	۴۸۸۳	۴۸۷۵	۴۸۷۲
۴۸۷۶	۴۸۷۱	۴۸۷۰	۴۸۸۲

۲: سورہ محمد جس کے اعداد ۱۸۰۶۵۵ ہیں کو سعد وقت میں لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں تو فوراً شفاء ہوگی۔

۷۸۶

۴۵۱۶۳	۴۵۱۶۶	۴۵۱۷۰	۴۵۱۵۶
۴۵۱۶۹	۴۵۱۵۷	۴۵۱۶۲	۴۵۱۶۷
۴۵۱۵۸	۴۵۱۷۲	۴۵۱۶۴	۴۵۱۶۱
۴۵۱۶۵	۴۵۱۶۰	۴۵۱۵۹	۴۵۱۷۱

اگر سورہ الشمس کو تین بار ہلیلہ خورد (چھوٹی ہڑ) شکر ہموزن لے کر ہلیلہ کو گھی میں بھون کر سفوف بنالیں اور اس میں شکر ملا کر ۶ گرام پانی کے ساتھ دن میں ۲ بار لیں۔

۲: سورہ محمد کو تین بار کنوچہ کے بیج۔ بارتنگ کے بیج۔ ریحان کے بیج، اسپغول ہم وزن لے کر آپس میں ملاکر دم کرکے دن میں پانی کے ساتھ ۲ بار استعمال کریں تین دن تک۔

نسخہ: حب پیچش۔ تریاق پیچش۔ سفوف مقلیاثا۔ سفوف ملین بھی استعمال کرایا جاسکتا ہے۔ آزمودہ ہے۔

ناف ٹلنا یا گھن :-

اس نقش اعظم کو سعد وقت میں لکھ ناف پر باندھیں اور دوسرا نقش لکھ کر تیل میں ڈال کر روزانہ پیٹ کی مالش کریں۔ خاص کر ناف پر مالش کریں۔

۷۸۶

۹۱۰۱۳۸۶	۹۱۰۱۳۸۹	۹۱۰۱۳۹۲	۹۱۰۱۳۷۹
۹۱۰۱۳۹۱	۹۱۰۱۳۸۰	۹۱۰۱۳۸۵	۹۱۰۱۳۹۰
۹۱۰۱۳۸۱	۹۱۰۱۳۹۴	۹۱۰۱۳۸۷	۹۱۰۱۳۸۴
۹۱۰۱۳۸۸	۹۱۰۱۳۸۳	۹۱۰۱۳۸۲	۹۱۰۱۳۹۳

ساعت

دیکھنے کا آسان قانون :-

ساعت کے بارے میں ایک نہایت سہل قانون ایک سیکنڈ سیارے کا وقت دیکھ سکتے ہیں۔ استخراج سیارگان پیش کرتا ہوں اس ترتیب سے سیارگان ایک دوسرے کے پیچھے چلتے ہیں۔ زحل (ل) مشتری (ی) مریخ (خ) شمس (س) زہرہ (ہ) عطارد (د) قمر (ر) سیارگان کا آخری حرف اس کی نشان ہے اس طرح پھر شروع میں زحل کی ساعت آجاتی ہے۔ جس ستارہ کی ساعت معلوم کرنی ہو اس دن دیکھیں کون سا دن ہے۔ وہی ستارہ اس دن کا مالک ہوتا ہے اور سب سے پہلے اس طرح کی ساعت ہوگی۔ باقی سیارے ایک دوسرے کے پیچھے چلتے جاتے ہیں۔ چنانچہ سنیچر کا مالک زحل ہے۔ اتوار کا مالک شمس ہے۔ سوموار کا مالک قمر ہے۔ منگل کا مالک مریخ ہے۔ بدھ کا مالک عطارد ہے۔ جمعرات کا مالک مشتری ہے اور جمعہ کا مالک زہرہ ہے۔ استخراج سیارگان کا ایک نقشہ پیش کرتا ہوں ملاحظ فرمادیں۔

ساعت دیکھنے کا عمل مثلاً ہم نے جمعہ کے روز بارہ بجے کے بعد ایک بجے تک کی ساعت معلوم کرنی ہے کہ کس ستارے کی ساعت ہوگی تاکہ آپ عمل کریں۔ اول تو معلوم کریں اس دن کا مالک کون سا ستارہ ہے۔ مثلاً جمعہ کا مالک زہرہ ہے اور طلوع آفتاب چھ بجے ہوتا ہے۔ اس طرح استخراج ہوا۔ ہ - د - ر - ل - ی - خ - س - پس معلوم ہوا کہ بارہ

سنیچر	ل	ی	خ	س	ہ	د	ر
اتوار	س	ہ	د	ر	ل	ی	خ
سوموار	ر	ل	ی	خ	س	ہ	د
منگل	خ	س	ہ	د	ر	ل	ی
بدھ	د	ر	ل	ی	خ	س	ہ
جمعرات	ی	خ	س	ہ	د	ر	ل
جمعہ	ہ	د	ر	ل	ی	خ	س

بجے تا ایک بجے دن کے شمس کی ساعت ہے۔ اور پھر جنتری میں دیکھا کر اس ستارے کی حالت اس وقت کیسی ہے۔ اگر دقیقی زائچہ بنایا جائے تو پھر کیا بات ہے۔ آپ کو روز روشن کی طرح سب کچھ عیاں ہو جائے گا۔ حالت سے مراد ہے۔ شرف میں ہے۔ اوج میں ہے۔ عزوب میں ہے۔ رجعت میں ہے۔ ان میں سب کا حال آپ کو معلوم ہو جائے گا۔

بندش پیشاب :- اگر سنگ گردہ مثانہ یا کسی وجہ سے کسی آدمی یا جانور کا پیشاب بند ہو گیا ہو تو اس مریض کو سورہ الحجرات جس کے اعداد ۱۰۲۸۶۲ ہیں کا نقش اس وقت لکھیں جب چاند برج عقرب میں ہو اور ساعت مریخ کی ہو پلائیں اور دوسرا نقش لکھ کر مریض یا جانور کی کمر میں باندھیں ان شاء اللہ صحت ہو گی۔

۲۵۷۱۵	۲۵۷۲۹	۲۵۷۲۶	۲۵۷۲۲
۲۵۷۲۷	۲۵۷۲۱	۲۵۷۱۶	۲۵۷۲۸
۲۵۷۲۰	۲۵۷۲۴	۲۵۷۳۱	۲۵۷۱۷
۲۵۷۳۰	۲۵۷۱۸	۲۵۷۱۹	۲۵۷۲۵

نمبر ۲ :- قلمی شورہ ۲ گرام - جوکھار ۲ گرام - ریوند چینی ۲ گرام - سونف ۲ گرام شکر ۸ گرام - تمام چیزوں کو باریک سفوف کر کے شکر ملائیں ۵ دفعہ سورہ شفا جو گذشتہ اوراق

میں لکھی جاچکی ہے پڑھ کر دم کریں اور ۲،۲ گرام پانی کے ساتھ لیں۔

نُسخہ ؛ جوکھار، مولی نمک۔ قلمی شورہ۔ نوشادر۔ ریوند چینی۔ ہر ایک تولہ مصری ۴، تولہ سفوف بنالیں۔ خوراک صبح شام ۷، ماشے دیں۔

بواسیر ؛

جسمانی رُوحانی بواسیری علاج تین سو صفحات کی علیحدہ کتاب لکھی ہے بہت عمدہ اور تجربہ شدہ عمل ہے اور نسخے میں لکھے گئے ہیں۔ اس موذی مرض کا میں نے مکمل اور شافی علاج لکھا ہے۔ بہت ارفع و اعلیٰ کتاب ہے۔ اس مرض کے مریضوں کو یہ کتاب ضرور پڑھنی چاہیئے اس کتاب کے لیئے رُوحانی علاج سے قبل تھوڑی سی تشریح کرتا ہوں۔ براسیر ۱۳ طرح کی ہے اور آپ تعجب نہ کریں بلکہ اس کی کم سے کم تشریح کرتا ہوں۔ لیکن ۲ مشہور ہیں ایک خونی اور دوسری بادی۔ ایک براسیر آنکھ میں ہوتی ہے اور لوگ اس کو گوہانجنی کہتے ہیں اس میں پیپ نکلتا ہے اور ناک کے نتھنوں میں بدگوشت ہوجاتا ہے۔ اس میں خون نکلتا ہے۔ اور کان کے اندر بطور پس کے ہوتا ہے خون نکلتا ہے اور زبان کے نیچے ایک بطور مسّی کے ہوتا ہے۔ دانتوں میں اگر پیپ نکلتا ہے اور بدگوشت یہی ہوتا ہے۔ یہ بھی بواسیر ہے اور کبھی باچھ پک جاتی ہے اور اکثر لوگ کہتے ہیں کہ یہ مواد آتشک کا ہے لیکن یہ بواسیر ہے اور یہ کبھی ہونٹوں میں ایک گلٹی سی ہوجاتی ہے اور یہ بدگوشت ہوجاتا ہے مثل مسہ کی وہ بھی بواسیر کی ایک قسم ہے اور بعض آدمی کے پاؤں کی ایک اُنگلی کے کھائی میں ایک سُوراخ ہوجاتا ہے وہ بھی بواسیر ہے کسی کی ایڑی میں بلائی ہوجاتی ہے اور وُہ بھی بواسیر ہے۔ اس طرح کسی کے پاؤں کی اُنگلیوں کے ناخن میں گوشت بڑھ جاتا ہے وہ بھی بواسیر ہے اس طرح اور جگہوں پر بواسیر کے اشارے ملتے ہیں۔ میں یہاں صرف خونی اور بادی کا روحانی اور جسمانی علاج پیش کروں گا۔

رُوحانی بواسیر کا عمل ؛

جو شخص مرد ہو یا عورت ہو اس نقش کو اس وقت میں لکھیں جب قمر شرف میں ہو ساعت قمر اور منزل آبی ہو ۵۰ نقش لکھیں اور پانی میں ڈال دیں

۷۸۶

۲۶۱۵۷۱	۲۶۱۵۷۴	۲۶۱۵۷۷	۲۶۱۵۶۴
۲۶۱۵۷۶	۲۶۱۵۶۵	۲۶۱۵۷۰	۲۶۱۵۷۵
۲۶۱۵۶۶	۲۶۱۵۷۹	۲۶۱۵۷۲	۲۶۱۵۶۹
۲۶۱۵۷۳	۲۶۱۵۶۸	۲۶۱۵۶۷	۲۶۱۵۷۸

اور صبح کے وقت برگد کے نرم نرم پتے ۲ تولہ پانی ایک پاؤ میں گھوٹ کر مریض کو پلائیں۔ بواسیر کا خون بند ہو جاتا ہے۔ نوٹ کریں کہ یہ نقش ایک پانی میں ڈالیں وہی پانی آپ برگد کے پتوں کو گھوٹنا ہے۔

اس مطہر نقش کو سعد وقت میں ۱۰ عدد لکھیں۔ اور ایک برتن میں آدھ پاؤ پانی کے ایک عدد تعویز بھگو کر صبح کے وقت ۷ عدد نمکو

۷۸۶

۴۴۴۱	۴۴۴۴	۴۴۴۷	۴۴۳۳
۴۴۴۶	۴۴۳۴	۴۴۴۰	۴۴۴۵
۴۴۳۵	۴۴۴۹	۴۴۴۲	۴۴۳۹
۴۴۴۳	۴۴۳۸	۴۴۳۶	۴۴۴۸

منہ ڈال کر اوپر سے یہ نقش والا پانی پینا ہے۔ لیکن اس نقش والے پانی کو تمام دن پیتے رہنا چاہیئے۔ سات دن تک عمل کریں۔ انشاءاللہ صحت ہوگی۔

نسخہ: رسوت ایک تولہ مصفا۔ مقل ایک تولہ صاف شدہ، تخم گندنا ایک تولہ کوٹ چھان کر عرق گلاب بقدر ضرورت ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔ ۳ گولیاں رات کو پانی کے ساتھ کھالیا کریں۔ گرم چیزوں سے پرہیز کریں۔

لیپ: افیون ۲ گرام، مازو ۴ گرام۔ کافور ۲ گرام۔ مکھن ۱۲ گرام۔ پہلی تین دواؤں کو پیس کر مکھن میں ملائیں اور مسوں پر دن میں کئی بار لگائیں۔





دست شناسی کی ڈکشنری

لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِیْٓ اَحْسَنِ تَقْوِیْمٍ

خداوند کریم نے انسان کو اچھے وقت میں پیدا کیا ہے۔ اور اس کے اعمالوں کے اظہار کرنے کیلئے قرآن کریم کا فرمانِ ذیشان یَوْمَ تَشْهَدُ عَلَيْهِمْ اَلْسِنَتُهُمْ وَاَيْدِيْهِمْ وَاَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ط ترجمہ:۔ جس دن بتادیں گے ان کی زبانیں اور ہاتھ پاؤں جو کچھ کہ وہ کرتے تھے۔

اس حکم خداوندی کی روشنی میں اہل مغرب اہل مشرق کے حکماء دانائے رازوں نے اس اسرار نہاں کو آشکار کرنے کیلئے مختلف انداز میں ہر ملت اور ہر قوم کے داناؤں ہر زمانے میں اس پر اپنی آرا کا اظہار کیا ہے۔

لیکن جناب قبلہ ڈاکٹر عبدالرحیم صاحب نے نئے انداز اور انوکھے طریقے سے ان قدیم مفکروں کے خیالات کو اپنے اس دور کے انداز میں نہایت سہل اور اور آسان طریقے سے اہلِ ذوق کے لئے سعئ بلیغ سے پیش کیا۔

دست شناسی پر یہ کتاب نہایت اعلیٰ و ارفع درجہ رکھتی ہے۔ اہل ذوق کے لئے ان کے علم میں مزید اضافہ کرے گی۔ اور اہلِ فن کے لئے مشعلِ راہ ثابت ہوگی۔ اس کے علاوہ علم قیافہ کا ضمیمہ ساتھ پیش کیا جا رہا ہے۔ جو حکیم ارسطو کا ترجمہ ہے۔ جو انسانی اشکال کی تشریح کی گئی ہے۔

حقیقت این است کہ سمندر کو کوزے میں بند کر دیا ہے۔ اور اسے جو نام دیا گیا ہے وہ ہے رحیم الدست شناسی حصہ اول۔ قدرت کے پوشیدہ رازوں کو آشکار کرنے کی پوری جدوجہد کی گئی ہے۔ جو قدرت نے انہیں بیان کرنے کی صلاحیت بخشی ہے۔

عبدالرشید
مینیجر ادارہ ھذا

احتلام و جریان و سرعت انزال

نمبر ۱ سورہ نور جس کے اعداد ۴۰۲۴۵۷۔ ہیں۔ سعد وقت میں لکھ کر تیل میں ڈال کر کمر کی مالش کریں قبض نہ ہونے دیں۔ سبوس اسپغول استعمال کرائیں۔

۷۸۶

۱۰۰۶۰۶	۱۰۰۶۲۰	۱۰۰۶۱۷	۱۰۰۶۱۴
۱۰۰۶۱۸	۱۰۰۶۱۳	۱۰۰۶۰۷	۱۰۰۶۱۹
۱۰۰۶۱۲	۱۰۰۶۱۵	۱۰۰۶۲۳	۱۰۰۶۰۸
۱۰۰۶۲۱	۱۰۰۶۰۹	۱۰۰۶۱۱	۱۰۰۶۱۶

نمبر ۲: سورہ معارج جس کے اعداد ۷۳۵۲۵ ہیں۔ جس شخص کو مذکورہ بالا شکایات ہوں تو اسے چاہیئے اس سورہ کو پانی میں دم کر کے نہار منہ روزانہ پیئے اور اس عظیم نقش کو سعد وقت میں اپنے جسم کی مالش کرے اور دُنّی کے نیچے باندھے۔ انشاء اللہ مرض سے نجات ملے گی۔ سبوس اسپغول پر دم کر کے پلائیں۔

۷۸۶

۱۸۳۷۳	۱۸۳۸۷	۱۸۳۸۴	۱۸۳۸۱
۱۸۳۸۵	۱۸۳۸۰	۱۸۳۷۴	۱۸۳۸۶
۱۸۳۷۹	۱۸۳۸۲	۱۸۳۸۹	۱۸۳۷۵
۱۸۳۸۸	۱۸۳۷۶	۱۸۳۷۸	۱۸۳۸۳

نسخہ جات

سنہری ہدایات: (۱) رات کو ہرگز پانی نہ پیئو (۲) سوتے وقت پیشاب کر لیا کرو (۳) ہمیشہ داہنی کروٹ پر سویا کریں (۴) غذا زود ہضم استعمال کریں۔ (۵) گندے خیالات سے دل و دماغ کو صاف رکھیں۔ (۶) عشقیہ قصے کہانیاں اور ناولوں سے پرہیز کریں (۷) صبح و شام کو سیر کریں اور ورزش کریں (۸) قبض نہ ہونے دیں۔

قبض: ہلیلہ سیاہ (چھوٹی ہڑ) بادام کی گری ۲۵، ۲۵ گرام۔ شہد ۵۰ گرام

ترکیب استعمال: ۱۲ گرام دن میں ۲ بار لیں۔ (نوٹ) یہ نسخہ بواسیر اور دائمی قبض کے لیے اعلیٰ ہے۔

نسخہ: مذکورہ بالا تمام امراض کے لیئے بہتر ہے۔ تالمکھانہ ۱۰ گرام ببول کا گوند ۱۰ گرام شعلب مصری ۱۰ گرام۔ اسپغول کی بھوسی ۳۰ گرام شکر ۴۰ گرام۔ ترکیب تیاری: پہلی تین دواؤں کا باریک سفوف بنالیں اور باقی دواؤں کو اچھی طرح ملا کر رکھ لیں۔ ترکیب استعمال: ۶ گرام دن میں ۲ بار لیں۔

ضعف قوت و نامردی

نجوم کے قانون کے مطابق اوقات کو ضرور مد نظر رکھیں۔

قوت باہ کے لیئے اوقات:

حوت — ثور زہرہ ۱۲-۱۹ — جوزا — دلو — حمل — جدی — سرطان زہرہ ۱۷ — زہرہ ۱۷ — قوس — میزان — اسد — عقرب — سنبلہ زہرہ ۹

جب مریخ و زہرہ میں نظر تربیع ہو یا مقابلہ ہو۔ گمر قمر کی نظر تثلیث مریخ کے ساتھ ہو یا جب زہرہ برج ثور کے ۱۲-۱۹ درجہ پر ہو یا برج سرطان کے ۱۷ درجہ پر ہو یا پھر برج سنبلہ کے ۹ درجہ یا پھر جدی کے ۱۷ درجہ پر بحالت رجعت ہو اور مریخ بحالت شرف میں ہو یا پھر مشتری جوزا کے ۷ درجہ یا جدی کے ۹-۲۸۔ یا دلو کے ۸ یا حوت کے ۱۴ درجہ پر واقع ہو۔

۷۸۶

٦١٤٥٤	٦١٤٥٧	٦١٤٦٠	٦١٤٤٧
٦١٤٥٩	٦١٤٤٨	٦١٤٥٣	٦١٤٥٨
٦١٤٤٩	٦١٤٦٢	٦١٤٥٥	٦١٤٥٢
٦١٤٥٦	٦١٤٥١	٦١٤٥٠	٦١٤٦١

نمبر ۱: اگر کوئی شخص اپنی بیوی سے محبت کرنے پر قابو نہ پا سکے تو ذیل کا عمل کرے۔ آپ ایک حصہ پیاز اور دو حصہ شہد پر سورہ ابراہیم جس کے اعداد ۲۴۵۸۱۸ ہیں۔ اگر آپ نے مذکورہ بالا سورہ کو مذکورہ بالا نسخہ پر تین دفعہ پڑھ کر پھونک دیا اور آگ پر چڑھا کر پیاز کا پانی ختم کر دیا اور صرف شہد باقی رہ جائے۔ آپ نے اسے نیچے اُتار لیا ہے۔ ۳ تولہ روز کھائیں اور جوانی کے مزے دیکھیں۔

نمبر ۲: اس نقش کو مذکورہ بالا اوقات میں ۲ عدد لکھیں۔ ایک عدد مریض کی کمر میں باندھیں اور

میں پھینٹیں اور اس تعویز دُوسرا زعفران اور مشک سے لکھ کر انڈے کی زردی ایک پاؤ دودھ میں پھینٹیں اور اس تعویز کو بھی پانی سے دھو کر ملائیں اور آہستہ آہستہ چائے کی طرح پئیں۔ سات روز عمل کریں اور قدرت خدا اور عمل کی تاثیر دیکھیں۔

نسخہ :۔ لبوب کبیر ۱۰ گرام دودھ کے ساتھ سوتے وقت لبوب اعظم بھی اس طرح استعمال کریں۔ حلوائے بیضہ مرغ ۲۵ گرام دودھ کے ساتھ صبح لیں۔ حب عنبر مومیائی ایک گولی دودھ کے ساتھ سوتے وقت لیں۔

دفتر میں ایک اہم شرف مریخ میں انگشتری تیار کی جاتی ہے۔ وہ نامرد کو مرد بنانے میں اکسیر کا درجہ رکھتی ہے۔ اس کا عمل بھی لکھتا ہوں تاکہ فائدہ اٹھائیں۔

قوتِ مردانگی

قوتِ مردانگی :۔ اگر قوت مردانگی کمزور ہو چکی ہو۔ انتشار بالکل نہ ہوتا ہو تو ذیل کا عمل قوت کا لاجواب طاقت پیدا کرتا ہے۔ عمل اس طرح ہے کہ اپنے نام کے اعداد کے ساتھ ان حروف [غ، ج، ب، س] کے حروف شمسی سے نکالیں اور ان کے مجموعہ میں ۱۶۳۱ جمع کر کے کل مجموعہ پر ۲۸ کو تقسیم کریں۔ جو عدد باقی بچے اس کو اس کے حروف شمسی بنا کر آگے لفظ طیش زیادہ کریں۔ اس بات کا خاص خیال رکھیں۔ یہ کلمہ جو بنے گا۔ شرف مریخ یا اوج مریخ اور ساعت مریخ میں لوہے کی انگشتری پر کندہ کرائیں۔ امید قوی ہے گیا ہوا شباب واپس آئے گا۔

احتباس و کثرت الطمث :

سورہ مریم جس کے اعداد ۲۸۹۶۴۴ ہیں سورہ مریم کو پانچ دفعہ سوئے کے بیج ۔ مولی کے بیج، گاجر کے بیج، میتھی کے بیج ہر ایک ۳ گرام لے کر ۲۵۰ ملی لٹر پانی (۲۰ تولہ) میں اتنا جوش دیں کہ ۱۰ تولہ باقی رہ جائے پھر چھان لیں ۔ دن میں ایسی دو خوراکیں لیں۔ سعد وقت میں نقش لکھ کر ناف کے نیچے باندھ دیں اور دوسرا نقش پیٹ کی پالش کریں۔ یہ عمل سات روز تک کریں۔

۷۸۶

۹۶۵۴۹	۹۶۵۴۴	۹۶۵۵۱
۹۶۵۵۰	۹۶۵۴۸	۹۶۵۴۶
۹۶۵۴۵	۹۶۵۵۲	۹۶۵۴۷

عمل :

جب کسی عورت کا حیض و نفاس بند ہو جائے تو اس نقش کو لکھ کر عورت اپنی بائیں ران میں باندھ دے ۔ انشاء اللہ خون کھل جائے گا۔

۷۸۶

ی	ھم	ح	ر
ده	د	ع	۱۱۵
مرغ	۱۱	۱۵	دو
۱۹	۲	۳	۱۱

نسخہ نمبر ۱ : بنولہ کی گری، شکر ہموزن لے کر باریک سفوف بنالیں ، ۶ گرام دن میں دو بار لیں۔

نمبر ۲ : املتاس کا چھلکا ۱۲ گرام ۔ مجیٹھ ۴ گرام ۔ ابہل ۴ گرام شکر ۴ گرام

ترکیب : پہلی تین دواؤں کو ۲۵۰ ملی لٹر (۲۰ تولہ) پانی میں اتنا جوش دیں کہ پانی آدھا رہ جائے پھر چھان کر شکر ملا کر میٹھا کر لیں۔ **ترکیب استعمال :** دن میں ۲ بار لیں ۔ اس کے علاوہ معجون قرطم ۷ گرام جوارش قرطم بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

زیادتی خون حیض :- جس عورت کو خون غیر معیاد آتا ہو اور کثرت سے آتا ہو تو سورہ سجدہ جس کے اعداد ۱۱۳۳۳۲ - ہیں۔ اس نقش کو لکھ کر عورت اپنے گلے میں باندھے۔ دھاگہ اتنا لمبا ہو کہ تعویذ ناف تک آجائے :-

۷۸۶

۲۸۳۳۲	۲۸۳۳۶	۲۸۳۳۹	۲۸۳۲۵
۲۸۳۳۸	۲۸۳۲۶	۲۸۳۳۱	۲۸۳۳۷
۲۸۳۲۷	۲۸۳۴۱	۲۸۳۳۴	۲۸۳۳۰
۲۸۳۳۵	۲۸۳۲۹	۲۸۳۲۸	۲۸۳۴۰

نمبر ۲ :- یہ عمل بھی مذکورہ بالا کی طرح کریں

۷۸۶

عص	عص	عص	عص
۱۹	۱۹	۱۹	۱۹
۹	۹	۹	۹
۷	۷	۷	۷

یا قابض یا قابض یا قابض یا قابض

اس مرض کے اہم اسباب :-
ورم رحم۔ رسولی رحم، زخم رحم، دائمی قبض، تپ محرقہ، وضع حمل کے بعد رحم اچھی طرح نہ سکڑنا، جسم میں خون زیادہ ہونا۔

عمل روحانی :- پارہ ۲۲، سورہ یٰسین آیت ۸، ۹ کو پڑھ کر اور ریش برگد (بڑ کی داڑھی) ریشہ خطمی، بیج انجبار، حب آلاس ہر ایک ۳، گرام لے کر ۲۵۰، ملی لٹر پانی میں جوش دیں یہاں تک کہ پانی آدھا رہ جائے پھر چھان کر دن میں ۲، بار لیں۔ لیکن ہر بار مذکورہ بالا سورۃ کو پانچ بار پڑھ کر دم کریں اور پی لیں۔

نسخہ جات :- معجون سپاری پاک ۷، گرام سوتے وقت شربت انجبار ۳۰، ملی لٹر پانی کے ساتھ، کشتہ صدف ۲۵۰، ملی گرام، معجون مقوی رحم ۷، گرام میں ملا کر سوتے وقت دیں۔

قلت و کثرت دودھ :- کمی دودھ کے لیے سورہ یٰسین یا فتح یا حجر یا فجر کو تیل پر یا زیرہ سفید پر اور گڑ پر دم کر کے کمی دودھ والے جانور کو دیں۔

نمبر ۲ :- پارہ نمبر ۱ سورہ البقرہ آیت نمبر ۵۹ واذ استسقیٰ موسیٰ لقومہ سے لے کر فی الارض

مقعدین کو ایک سو ایک بار پانی پر دم کر کے جانور یا انسان کو پلاتے رہیں ۱۱ روز مجرب ہے۔

نمبر ۳: جس جانور یا عورت

سورہ دخان جس کے اعداد ۹۷۷۹۳ ہیں

اس آیت کو سفید زیرہ پر پڑھ کر حلوہ بنا کر استعمال کرائیں۔ اور اس عظیم نقش کو لکھ کر پانی میں گھول کر کے پلائیں۔ خدا کے فضل سے دودھ زیادہ ہوگا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قول

کھیعص	۲۴۴۴	۲۴۴۵۴	۲۴۴۵۱	۲۴۴۴۸	عزرائیل
	۲۴۴۵۲	۲۴۴۴۷	۲۴۴۴۱	۲۴۴۵۳	
اسرافیل	۲۴۴۴۶	۲۴۴۴۹	۲۴۴۵۶	۲۴۴۴۲	حمعسق
	۲۴۴۵۵	۲۴۴۴۳	۲۴۴۴۵	۲۴۴۵۰	

نسخہ: عورت کے لیئے: تخم خرفہ سیاہ ۶ ماشہ، تخم کاہو ۶ ماشہ، عناب تولہ، گاؤ زبان ایک پاؤ، ان سب ادویہ کا شیرہ نکال کر شربت عناب ملا کر صبح شام پلائیں۔

جانور کے لیئے: زیرہ سفید ہموزن گڑ ملا کر صبح و شام دیں۔ تیل سرسوں کا بھی دے سکتے ہیں۔

کثرت دودھ: دودھ کم کرنے کے لیئے مسور کی دال کو سرکہ میں پکا کر یا زیرہ کو سرکہ میں پیس کر چھاتیوں پر لیپ کریں۔ مجرب ہے۔

شوگر کا علاج قرآن میں ہے: علامات مرض، معمول کی نسبت پیشاب بار بار اور زیادہ مقدار میں آنا۔ پیاس بکثرت۔ مریض روز بروز لاغر اور کمزور ہونے لگ جاتا ہے۔ دانت بوسیدہ یا ڈھیلے ہو کر گرنے شروع ہو جاتے ہیں۔ مسوڑھے درد ہو کر پھول جاتے ہیں۔ منہ کا ذائقہ شیریں کبھی قبض کبھی ہاضمہ خراب کبھی کھٹی ڈکاریں کبھی بھوک زیادہ لگے۔ مریض لاغر کمزور اور پست ہمت ہو جاتا ہے۔ اس کی کئی قسمیں ہیں۔ میری تصنیف شدہ رحیمی علاج میں آپکو کافی معلومات ملیں گی۔ اس کا علاج غذا سے کیا جاتا ہے۔

سورہ قصص جس کے اعداد ۳۰۵۱۲۰ ہیں۔ اس سورہ کو جامن کی گٹھلی کی گری ۶۰ گرام لے کر خشک کر کے باریک سفوف کریں۔ مذکورہ بالا آیت پانچ دفعہ پڑھ کر پھونک

۷۸۶

۱۰۱۷۷۹	۱۰۱۸۷۳	۱۰۱۸۷۶	۱۰۱۷۷۲
۱۰۱۷۸۵	۱۰۱۷۷۳	۱۰۱۷۷۸	۱۰۱۷۸۴
۱۰۱۷۷۴	۱۰۱۷۸۸	۱۰۱۷۸۱	۱۰۱۷۷۷
۱۰۱۷۸۲	۱۰۱۷۷۶	۱۰۱۷۷۵	۱۰۱۷۸۷

اور تین گرام سفوف پانی کے ساتھ دن میں تین بار لیں اور اس تعویذ کو سعد وقت میں لکھ کر گلے میں ڈالیں اور دوسرا نقش لکھ کر تیل میں ڈال کر روزانہ مالش کریں۔

نسخہ : کریلا بقدر ضرورت لے کر کچل کر اس کا رس نچوڑ کر ۲۵ ملی لٹر رس دن میں ۲ بار پلائیں۔ اس کے علاوہ قرص ذیابیطس، قرص سلاجیت، کشتہ بیضہ مرغ، جوارش زرعونی ۷ گرام سوتے وقت پانی سے لیں۔

نسخہ : مجرب المجرب : صندل سفید ۳ ماشہ، گلنار ۳ ماشہ۔ اقاقیا ۳ ماشہ۔ گل ارمنی ۳ ماشہ۔ گوند کتیرا ۳ ماشہ۔ طباشیر ۳ ماشہ۔ گل مختوم ۳ ماشہ۔ بسد احمر ۳ ماشہ۔ رب السوس ۳ ماشہ۔ شارنج ۳ ماشہ۔ تخم خرفہ سیاہ ۳ ماشہ۔ خارخسک ۳ ماشہ۔ ست گلو ۳ ماشہ۔ سلاجیت ۳ ماشہ۔ کشتہ قلعی ۳ ماشہ۔ تخم خشخاش ۳ ماشہ۔ تخم خیارین ۳ ماشہ۔ مغز تخم کدو شیریں ۳ ماشے۔ سب کو کوٹ چھان کر سفوف بنا کر خوراک مقدار ۶ ماشے ہمراہ آب تازہ گرم اور میٹھی چیزوں سے پرہیز خوراک پالک مونگ کی دال۔

ایک مجرب عمل : یہ بات معلوم کرنا کہ عورت مرد میں موافقت رہے گی یا نہیں۔ قبل نکاح دونوں کے ناموں کے عدد جمع کر کے ۵ پر تقسیم کریں۔ اگر طاق باقی رہیں تو موافقت رہے گی۔ اگر جفت باقی رہے تو ناموافقت رہنے کی دلیل ہے۔ باقی العلم عنداللہ۔

علاج حافظہ : شہد کندر کے ساتھ یا شکر ملا کھانا حافظہ زیادہ کرتا ہے۔ مسواک کرتے اور قرآن بہت پڑھنے اور جناب رسول مقبولؐ پر درود بھیجنا حافظے میں ترقی ہوتی ہے۔

نسخہ : سنائے مکی۔ بسعد ہندی، سفید مرچ، زعفران، سب دوائیں برابر

لے کر کوٹ چھان کر شہد میں ملا کر اپنے پاس رکھے خوراک ہر روز چار ماشے
کھایا کرے۔ اگر یہی دوائیں چودہ روز تک استعمال کر لیں تو خوف کی شدت سات دفعہ تک
کو لوگ جادوگر کہنے لگیں گے۔ سورۂ حشر کو بادام کی گری اور منقہ دراکھ ۳ عدد پر پانچ دفعہ پڑھ کر
۲۱ روز کھلائیں تو حافظہ بہت زیادہ ہوگا۔

مٹی کھانے سے انسان کو نجات:

اس دعا کو روٹی کے ٹکڑے پر لکھ کر سات روز کھلادیں ولا تقربا ھٰذہ الشجرۃ فتکونا من الظالمین ولا تاکل الطین بحق یٰسٓ ولا تاکل التراب باٰیٰۃ ذٰلک الکتٰب وبحق حٰمٓ عٓسٓقٓ وبحق کٓھٰیٰعٓصٓ بالف لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔

شناخت حمل:

وہ شہد جو آگ پہ نہ دکھایا گیا ہو وہ پانی میں ملا کر عورت کو پلادیں اگر شکم میں کچھ پیچیدگی سی معلوم ہو تو حاملہ ہونے کی دلیل ہے۔ لڑکی اور لڑکا ہونے کی پہچان۔ عورت اپنے سر کی جوں اپنے دودھ میں چھوڑے۔ اگر حرکت کرے تو غالباً لڑکا ہو گا اور حرکت نہ کرے تو لڑکی ہوگی۔ کئی مرتبہ تجربہ کیا گیا ہے۔ **ایضاً**: لڑکی کے ہونے میں دیر زیادہ لگتی ہے اور بہت دیر تک درد رہتا ہے اور لڑکا جلدی سے باہر آجاتا ہے۔ ایضاً: تجربے سے معلوم ہوا ہے کہ جس عورت کے لڑکی ہونے والی ہے اشتہا کم ہوتی ہے۔ اکثر دوران سر رہتا ہے الٹا ہاتھ ٹیک کر اٹھتی ہے۔ سر بھاری معلوم ہوتا ہے۔ غذا کھا کر جی متلاتا ہے۔ قے بھی ہوتی ہے۔ سر پستان سیاہی مائل ہو جاتے ہیں اور اس کے برخلاف میں اشتہا خوب ہوتی ہے اور کوئی بیماری مثل دوران سر و متلی وغیرہ نہیں ہوتی۔ چھاتیوں کے منہ سرخی مائل ہوتے ہیں واللہ اعلم بالصواب۔

نقص مرد میں ہے یا عورت میں ہے:

یہ بات معلوم کرنے کے لئے کہ اصل سبب علت مرد سے یا عورت سے اس کا قاعدہ یہ ہے چند دانے کدو کے یا جو کے زمین

میں علیحدہ علیحدہ داب دیں ۔ اور میاں بیوی ان بیجوں پہ علیحدہ علیحدہ سات دن تک پیشاب کریں جس کے پیشاب میں دانے نہ اگیں علت اس کی طرف ہے ۔ ایضاً :- کدو کے سبز درخت پر علیحدہ علیحدہ پیشاب کریں جس کے پیشاب سے وہ درخت خشک ہو جائیں علت اور نقص اس کی طرف خیال کریں ۔

حاملہ نہ ہونے کا باعث کی شناخت :-

مواقع حمل	شناخت
رحم میں گوشت کا زیادہ ہونا	جماع کے وقت فرج میں درد ہوتا ہے ۔
رحم میں چربی کا بڑھ جانا	جماع کے وقت عورت کے سر میں درد ہوتا ہے
رحم کا نگونسار ہونا	جماع کے وقت ناف میں درد ہوتا ہے ۔
رحم میں سردی کا جمع ہو جانا	جماع کے وقت کمر میں درد ہوتا ہے ۔
رحم میں آب سوختہ جمع ہو جانا	جماع کے وقت جگر اور سرین میں درد ہوتا ہے
رحم میں باد کا ہونا ۔	جماع کے وقت سینہ میں درد ہوتا ہے ۔

اعمال پیدائش اولاد بقائے نسل :- اس وقت عمل کرنے چاہئیں جب قمر بخانہ زہرہ متصل با مشتری ہو یا جب مشتری برج سرطان کے ۱۸، ۲۰ درجہ یا سنبلہ کے ۲۳، ۲۴، میزان کے ۶، درجہ پر ہو زہرہ مشتری میں نظر تثلیث ہو یا قمر زائدالنور ہو یا جب قمر قوس کے ۲۴، درجہ پر ہو ۔

عقر و عقم :- بانجھ پن بھی کہتے ہیں ۔ وجوہات :- اس مرض میں باوجود معاشرت کے عورت کے اولاد نہیں ہوتی ۔ اگر شادی کے ۲، ۳، سال بعد تک اولاد نہ ہو تو یہ مرض سمجھنا چاہیئے اور گزشتہ اوراق میں کچھ علمی تحریر لکھ چکا ہوں ۔ اس کو دیکھ کر پھر کوشش کرنا چاہیئے ۔

برائے ثمر ! ۱ جب برج ثمردار میں قمر موجود ہو تو ساعت نیک میں اس کو لکھ کر عورت ہو یا گائے یا بھینس یا گھوڑی ہو یا باغ یا سبزی کو پھل نہ لگتا ہو تو گلے میں باندھیں یا زمین یا درخت پر لٹکائیں۔ انشاء اللہ ثمر باغ یا حمل ضرور ہوگا۔

۲۷ ۱۱ ۱۱۱۱ ۱۱ ـــــہ   ع ۱۱ ح ۱عوا

نمبر ۲ ! جس عورت کو حمل نہ ہوتا ہو تو سورۂ مریم جس کے اعداد ۲۸۹۶۴۴ ہیں۔ اس کو ۵ عدد چھوہاروں کو گرم دودھ میں ڈال کرا لیں اس کے بعد ۱۱ دفعہ مذکورہ سورہ کو پڑھ کر دونوں میاں بیوی ۲۱ روز استعمال کریں انشاء اللہ اولاد ضرور ہوگی۔ یہ تعویذ لکھ کر میاں بیوی کے کمروں میں ڈالیں

۷۸۶

۹۶۵۴۹	۹۶۵۴۴	۹۶۵۵۱
۹۶۵۵۰	۹۶۵۴۸	۹۶۵۴۶
۹۶۵۴۵	۹۶۵۵۲	۹۶۵۴۷

اکسیر بانجھ پن ! اشوکا مدر ٹنکچر۔ یہ دوا تمام قسم کی زنانہ خرابیوں کی بے مثل دوا ہے۔ چنانچہ بانجھ پن میں بطور مجرب کے اس کا استعمال کیا جاتا ہے۔ اکثر مریض اس کے ایک ہی دوا کے استعمال سے ٹھیک ہوجاتے ہیں۔

نمبر ۳ ! اگر آپ سورۂ مزمل کو ریش پیپل ۲۰ تولہ۔ شکر سرخ ۲۰ تولہ کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں اور مذکورہ بالا سورہ کو اکیس بار پڑھ کر دم کریں اور ایک ایک تولہ عورت مرد دونوں کو صبح شام گرم دودھ کے ساتھ کھلائیں۔ خدا کے فضل سے اولاد ضرور ہوگی۔ یہ دوائیں ہومیو پیتھک کی بھی مفید ہیں۔ کلکیریا کارب۔ اگنس کاسٹس۔ میڈورنیم۔ بوریکس۔ نیٹرم۔ میوریٹکم کارب آرم میٹلیکم حسب علامات مفید ادویہ ہیں۔

نسخہ ! بانجھ پن کا علاج اس نسخہ سے کیا جاتا ہے جو اکثر کامیاب ہوتا ہے۔ داڑھ ایک تولہ ہلیلہ زرد ایک تولہ۔ قند سیاہ ۴ ماشہ تمام دواؤں کو پیس کر گولیاں بقدر جنگلی بیر کے تیار کریں مقدار خوراک ! ہر روز ایک گولی شروع چاند ۷ دن تک اور پھر آخیر چاند ۵ روز تک عورت کو کھلائیں۔

موجودہ دور کی مشہور مرض

ہائی بلڈ پریشر اور لو بلڈ پریشر

اس مرض کا علاج قرآن مجید میں موجود ہے۔ یقین رکھنے والوں کو نجات مرض سے مل جاتی ہے۔ سورہ شفا اس کی مجرب العمل موجود ہے جس کا ذکر گذشتہ اوراق میں کر چکا ہوں ان آیاتوں کو مریض کے نام کے اعداد پر پھلوں کے رس پر دم کر کے پلاتے رہیں۔ کھانا وغیرہ نہ دیں۔

ان دونوں امراض کا

مُجرّب اور اکسیر رُوحانی علاج پیش کرتا ہوں۔

اس رُوحانی نسخہ سے کتاب کی قیمت ادا ہو جائے گی :

عمل : سورہ یٰسین میں سات مُبین ہیں۔ جب آپ پہلی مبین پر پہنچیں تو سات دفعہ الحمد شریف مکمل پڑھ کر تین بار یہ کلمے زبان سے کہیں۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الٰہی بحرمت یٰسین والقرآن الحکیم صدقہ مبین پھلوں کے رس پر دم کریں اور پھر آگے یٰسین کو پڑھنا شروع کریں۔ جب آپ دوسری مبین پر پہنچیں تو پھر سات دفعہ الحمد شریف پڑھکر تین مرتبہ یہ الفاظ کہیں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الٰہی بعزت یٰسین والقرآن الحکیم صدقہ مبین پھر اسی پھلوں کے رس پر دم کریں اور پھر آگے پڑھنا شروع کریں جب آپ تیسری مبین پر پہنچیں تو پھر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الٰہی بکرامت یٰسین والقرآن الحکیم صدقہ مبین تین دفعہ پڑھ کر اسی پھلوں کے رس پر دم کریں اور پھر آگے سورہ یٰسین کو پڑھنا شروع کریں جب آپ چوتھی مبین پر پہنچیں تو پھر سات دفعہ الحمد شریف اور تین دفعہ یہ کلمات پڑھ کر دم کریں الٰہی بشفاعت یٰسین والقرآن الحکیم اور پھر آگے یٰسین کو پڑھنا شروع کریں جب آپ پانچویں مبین پر پہنچیں تو پھر سات دفعہ الحمد شریف اور تین دفعہ یہ کلمات الٰہی بعزت یٰسین والقرآن الحکیم پھلوں کے رس پر دم کریں پھر آگے سورہ کو پڑھنا شروع کریں جب آپ

چھٹی مبین پر پہنچیں تو پھر سات دفعہ الحمد شریف اور تین دفعہ یہ کلمے دُہرائیں۔ الٰہی بشفاعت یٰسین والقرآن الحکیم پڑھ کر پھلوں کے رس پر دم کریں۔ اسی طرح ساتویں مبین پر پہنچ کر سات دفعہ الحمد شریف معہ مذکورہ کلمے تین بار پڑھ کر پھلوں کے رس پر دم کر کے اس مریض کو تمام دن پلاتے رہیں یقینی شفا ہو گی لیکن آپ کو اس مریض کو پھلوں کے رس پر گزارا کرنا پڑے گا۔ اور فاقہ کرانا پڑے گا۔

اس مرض کے اسباب بھی بتاتا چلوں

کمزوری، موروثی استعداد، بڑھاپا، فکر و تردد، متعدی امراض۔ آتشک، نقرس، دائمی قبض، کثرت تمباکو نوشی و مے خواری لحمی اغذیہ کا کثرت سے استعمال۔ زیادہ جسمانی و دماغی محنت۔ یہ مرض زیادہ گوشت کھانے اور شراب پینے والے اشخاص کو لاحق ہوتا ہے۔ یہ مرض آج کل بہت زیادہ ہے۔ ثقیل غذا سے پرہیز کرائیں۔ زود ہضم غذا دیں۔ ہر قسم گوشت مچھلی انڈہ جسمانی و دماغی محنت غم و غصہ سے فکر و پریشانی سے محفوظ رہیں۔

خون کے دباؤ کی کمی لو بلڈ پریشر

اس مرض میں دل کا فعل انقباض سست ہو جاتا ہے۔ جس سے خون کا دباؤ کم ہو جاتا ہے۔ اسباب مرض۔ تمام مزمن اور کمزور کر دینے والے امراض مثلاً سیل، دق، تپ محرقہ، قبض جگر کی خرابی، افیون، تمباکو وغیرہ۔ ایسے انسان کو کمزوری متلی سر چکرانا بے ہوشی وغیرہ کی علامات ظاہر ہوتی ہیں۔ غذا بکری کے گوشت کا شوربہ، مچھلی، انڈہ۔ باقی علاج روحانی اوپر والا کریں۔

بلڈ پریشر معلوم کرنے کا طریقہ بھی بیان کرتا جاؤں؛

بلڈ پریشر معلوم کرنے کا ایک ولایتی آلہ مستعمل ہے جسے سفگمو منو میٹر کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ اس کا ایک حصہ مریض کے بازو کے گرد لپیٹ کر پچکاری کے ذریعہ بیگ میں ہوا داخل کرنا شروع کی جاتی ہے۔ جس سے بیگ پھولنا شروع ہو جاتا ہے۔ اس دوران نبض پر انگلیاں رکھی رہتی ہیں جب نبض چلنا رک جاتی ہے تو فوراً گھڑی کو دیکھ لیا جاتا ہے کہ پارہ کتنے ملی میٹر تک پہنچا ہے یہ درجہ سسٹولک پریشر یا قلب کی حالت انقباض کا شریانی دباؤ ہوتا ہے۔ ۲۸، سے ۳۵، برس کی عمر کے

تندرست اشخاص کا بلڈ پریشر ۱۲۰ ملی میٹر ہونا چاہیئے۔ بچوں کا تقریباً ۱۰۰۔ پچاس برس کی عمر میں ۱۵۰ تک کوئی خطرہ نہیں ہوتا۔ عورتوں کا بلڈ پریشر مردوں سے ۱۰ ملی میٹر کم ہوتا ہے۔ عام اصول کے مطابق بلڈ پریشر نصف عمر + ۱۰۰ ہی نارمل کیفیت ہے۔ مثلاً ایک شخص کی عمر ۴۰ سال ہے تو اس کا بلڈ پریشر ۲۰ + ۱۰۰ = ۱۲۰ ملی میٹر ہونا چاہیئے۔

ہر بیماری کا علاج سورہ فاتحہ ہے

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اَلفَاتِحَۃُ شِفَآءٌ لِّکُلِّ دَاءٍ۔

۷۸۶

۲۳۶۵	۲۳۶۸	۳۲۷۱	۲۲۵۷
۲۳۷۰	۲۳۵۸	۲۳۶۴	۲۳۶۹
۲۳۵۹	۲۳۷۳	۲۳۶۶	۲۳۶۳
۲۳۶۷	۲۳۶۲	۲۳۶۰	۲۳۷۲

سورہ فاتحہ کے کل اعداد ۹۴۶۱ ہیں۔ میرا برسوں سے معمول ہے ہر بیماری جسم کی اس کی قوت سے نکالتا ہوں۔ پرانی سے پرانی مرض خدا کے فضل و کرم سے کافور ہو جاتی ہیں۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ مرض کے نام کے اعداد نکال کر مریض کے حروف کے عنصر کے مطابق عمل کرتا ہوں تو مریض کو شفاء ہو جاتی ہے۔ موذی مرض کوڑھ جیسے کو بھی شفاء ہو جاتی ہے۔

اِسقاطِ حمل

۷۸۶

۲۳۶۹۰۲	۲۳۶۹۰۵	۲۳۶۹۰۸	۲۳۶۸۹۴
۲۳۶۹۰۷	۲۳۶۸۹۵	۲۳۶۹۰۱	۲۳۶۹۰۶
۲۳۶۸۹۶	۲۳۶۹۱۰	۲۳۶۹۰۳	۲۳۶۹۰۰
۲۳۶۹۰۴	۲۳۶۸۹۹	۲۳۶۸۹۷	۲۳۶۹۰۹

میرا تجربہ ہے۔ اِسقاطِ حمل کے لیئے سورہ بقر کے اعداد ۹۴۹۶۰۹ ہیں۔ اس میں مرگی، جنون، جذام، برص، بواسیر، آسیب الغرض تمام امراض میں شفاء موجود ہے۔ اس نقش کو مریض کے گلے میں باندھیں اور پانچ بار پانی پر دم کرکے پلائیں۔

اکسیر اِسقاط: سونف ۵ تولہ، الائچی کلاں ۲ تولہ، سنگ جراحت ۲ تولہ، گل ببول ۸ تولہ، کوئلہ پتھر ۲۰ تولہ، کھانڈ ۸ تولہ، مروارید ناسفتہ ایک ماشہ اول مروارید کو لیموں

کے رس میں کھرل کریں، بعد میں جملہ ادویہ کا سفوف کر کے ایک جا ملا کر کھرل کر کے تیار کریں مقدار خوراک ۲، ماشہ صبح اور ۲، ماشہ شام دودھ کے ساتھ دیں۔ جب حمل شروع ہو تو یہ سفوف شروع کر دیں۔ پندرہ دن تک استعمال کرائیں۔ چھٹے یا ساتویں ماہ پھر پندرہ روز استعمال کرائیں۔

بچہ کا پیٹ میں سوکھ جانا، ترقی عمر اولاد، درد زہ، سب کا رُوحانی علاج

بلکہ بانجھ عورت کو بھی بار آور کرتا ہے۔ دین و دنیا کی تمام مشکلات اور امراض صرف اس نقش میں پوشیدہ ہے۔ مربع سورہ یٰسین ہے۔ ۷۸۶، گلے میں باندھنا ہے

۷۸۶

۸۸۸۰۷	۸۸۸۲۱	۸۸۸۱۷	۸۸۸۱۴
۸۸۸۱۸	۸۸۸۱۳	۸۸۸۰۸	۸۸۸۲۰
۸۸۸۱۲	۸۸۸۱۵	۸۸۸۲۳	۸۸۸۰۹
۸۸۸۲۲	۸۸۸۱۰	۸۸۸۱۱	۸۸۸۱۶

اٹھرا کا طبّی علاج

نسخہ: دمیاسہ بوٹی ۴، تولہ۔ شاہترہ ۳، تولہ دونوں کا باریک سفوف تیار کر کے بقدر نمود گولیاں بنالیں۔ مقدار خوراک ایام حمل میں روزانہ ایک گولی کھلائیں۔ قبل از وقت اسقاط نہ ہوگا۔

اِختناق الرّحم (ہسٹیریا)

یہ مرض یا دورے عام طور پر ان نوجوان لڑکیوں اور غیر شادی شدہ عورتوں کو ہوتے ہیں جو زیادہ حساس ہوتی ہیں۔ دورہ کے دوران مریضہ بے حس و حرکت پڑی رہتی ہے یا غیر اختیاری حرکات واقع ہوتے ہیں۔ دورہ چند منٹ سے لے کر ایک گھنٹہ یا اس سے زائد وقت تک رہتا ہے۔ کبھی مریضہ روتی ہے کبھی ہنستی ہے۔ بات نہیں کر سکتی لیکن سُنتی ہے۔ بتیسی جکڑ جاتی ہے لیکن زبان نہیں کٹتی منہ سے جھاگ نہیں نکلتی۔

وفق ۲۱۵۰۶۵۰۳ ۷۸۶			کسر ۳
۵۳۹۰۵	۵۳۹۱۹	۵۳۹۱۶	۵۳۹۱۳
۵۳۹۱۷	۵۳۹۱۲	۵۳۹۰۶	۵۳۹۱۸
۵۳۹۱۱	۵۳۹۱۴	۵۳۹۲۱	۵۳۹۰۷
۵۳۹۲۰	۵۳۹۰۸	۵۳۹۱۰	۵۳۹۱۵

رُوحانی علاج : نقش سورہ یٰسین مکرم معظم نقش ہے۔ اس کو لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں اور سورہ یٰسین ہر مہینہ پر سات دفعہ الحمد شریف پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں۔

جدوار ۵۰۰ ملی گرام عود صلیب۔ اگر دونوں کو باریک سفوف بنالیں۔ اس پر بھی سورہ یٰسین کا دم کر کے دن میں دو بار لیں۔

نوشادر + چونا ہر ایک ۲ گرام لے کر ان کو اچھی طرح ملا کر محفوظ کر لیں۔ دورہ کے وقت مریضہ کو سنگھائیں۔

ادویہ :- اس کے علاوہ معجون نجاح، تریاق اربعہ، قرص صلقیت استعمال کریں۔
۵ گرام ۳ گرام ۲ قرص

گنٹھیا اور نقرس :

اسبابِ مرض : یہ مرض اکثر ادھیڑ عمر کے بعد ایسے اشخاص کو ہوتا ہے جو پانی میں بھیگتے رہتے ہیں یا کسی جوڑ پہ زیادہ زور لگتا ہے۔ اس میں مریض کا ہاضمہ خراب رہتا ہے۔ ناقص تغذیہ وغیرہ کے علاوہ موروثی بھی ہوتا ہے۔

علامات :- جوڑوں میں سختی اور درد کی شکایت رہتی ہے یہ رات کو بستر پر لیٹنے سے شدید صورت اختیار کر لیتا ہے جوڑ متورم اور موٹے ہو جاتے ہیں اکثر جُڑ جاتے ہیں۔ یہ مرض مدتوں تک رہتا ہے اور قریباً جسم کے ہر جوڑ کو مبتلا کر دیتا ہے۔ اگر علامت شدید ہو تو بے چینی ہوتی ہے۔ مریض دُبلا اور کمزور ہو جاتا ہے۔

۹۱۰۱۳۷۹	۹۱۰۱۳۹۲	۹۱۰۱۳۸۹	[illegible]
۹۱۰۱۳۹۰	۹۱۰۱۳۸۵	۹۱۰۱۳۸۰	۹۱۰۱۳۹۱
۹۱۰۱۳۸۴	۹۱۰۱۳۸۰	۹۱۰۱۳۹۴	۹۱۰۱۳۸۱
۹۱۰۱۳۹۳	۹۱۰۱۳۸۲	۹۱۰۱۳۸۳	۹۱۰۱۳۸۸

یاشافی یا کافی یا سلام بحق ولیشف صدور قوم مومنین ہ وشفاء لمافی الصدور۔ وننزل من القرآن ما ھو شفاء ورحمۃ للمومنین ۔ قل ھو للذین آمنو ھدیٰ وشفاء

رُوحانی علاج : یہ نقش درد والی جگہ پر باندھیں یا تلوں کے تیل کے اندر دم کر کے مالش کریں اور درد والی جگہ پر ہاتھ پھیریں۔ انشاءاللہ شفاء ہوگی۔

۲۸ ؛ سات سلام اس مرض کا اکسیر کا حکم رکھتے ہیں۔ ان سات سلاموں کو ٹنکچر آیوڈین یا
لینی منٹ آف کمفر پر دم کر کے مالش کریں سکون ملے گا۔

نُسخہ ؛ معجون چوب چینی استعمال کرائیں۔ سفوف سورنجان بھی کھلا سکتے ہیں۔
ایضاً ؛ ۲ تولہ سورنجان۔ سنامکی ۲ تولہ۔ مصطگی رومی ۲ تولہ۔ مُقبر زرد ۲ تولہ۔ پوست ہلیلہ
کابلی ۲ تولہ۔ سب کو علیحدہ کوٹ کر روغن بادام میں چرب کر کے عرق سونف کے ساتھ نخودی گولیاں
بنائیں۔ خوراک ۲ گولی روز عرق سونف رات کو سوتے وقت دیں۔ نقرس وجع المفاصل اور
گنٹھیا کے لیئے اکسیر ہیں۔ پیٹینٹ دوائیں ہیں اولان (بروس) میسوٹان (پارک ڈیوس) ڈیلٹا بٹیوازالی ہیں
اسپرو۔ سیاریڈان۔ رافل جے زک آئنٹ منٹ وغیرہ۔ اکسیر گنٹھیا۔ اٹوفان (ATOPHAN) جرمنی
مقدار خوراک ؛ ۲ گولی سوڈا بائیکارب ۱۰ گرین پانی کے ساتھ دیں۔ دن میں ۳ خوراک بہر دن تک۔
ایسی خوراک لے کر بند کر دیں ۷، ۱۶ دن کے بعد پھر شروع کر دیں۔ درد سوجن درد بلکہ اکسیر ہے۔

۷۸۶

۱۲۱۷۶	۱۲۱۷۹	۱۲۱۸۲	۱۲۱۶۹
۱۲۱۸۱	۱۲۱۷۰	۱۲۱۷۵	۱۲۱۸۰
۱۲۱۷۱	۱۲۱۸۴	۱۲۱۷۷	۱۲۱۷۴
۱۲۱۷۸	۱۲۱۷۳	۱۲۱۷۲	۱۲۱۸۳

بچوں کے امراض ؛ جو بچہ روتا ہو اس تعویذ
کو سعد وقت میں لکھ کر گلے میں باندھیں۔ ان شاء اللہ
بچہ رونا بند کر دے گا۔

۷۸۶

۷۹۰۶	۷۹۰۹	۷۹۱۲	۷۸۹۹
۷۹۱۱	۷۹۰۰	۷۹۰۵	۷۹۱۰
۷۹۰۱	۷۹۱۴	۷۹۰۷	۷۹۰۴
۷۹۰۸	۷۹۰۳	۷۹۰۲	۷۹۱۳

بدنظر کیلیے ؛ جس کسی کو نظر لگ گئی ہو
تو اسے چاہیئے کہ اس تعویذ کو سعد وقت میں لکھ
کر موم جامہ کر کے اس تعویذ کو گلے میں ڈالیں۔

۷۸۶

۷۲۱۱	۷۲۱۴	۷۲۱۷	۷۲۰۴۸
۹۱۶	۷۲۰۵	۷۲۱۰	۷۲۱۵
۷۲۰۶	۷۲۱۹	۷۲۱۲	۷۲۰۹
۷۲۱۳	۷۲۰۸	۷۲۰۷	۷۲۱۸

سُورۃ انشقاق جس کے اعداد ۲۸۸۴۶ ہیں
بچے ہر مرض کے لیئے اس نقش کو لکھ کر بچے کے
گلے میں ڈال دیں تو وہ ہر بلا سے محفوظ رہے گا۔

٧٨٦

٨	١١	٦٢٤٧	١
٦٢٤٦	٢	٧	١٢
٣	٦٢٤٩	٩	٦
١٠	٥	٤	٦٢٤٨

وننزل من القرآن ما ھو شفآء ورحمۃ للمؤمنین

برائے مسان: جن بچوں کو سوکھے کا مرض ہو جاتا ہے اور سوکھ کر کانٹا ہو جاتا ہے اور مر جاتے ہیں ان بچوں کے گلے میں یہ تعویذ لکھ کر گلے میں ڈالیں۔

دوسرا عمل برائے مسان: یہ نقش مکرم چہل کاف ہے۔ ہر قسم کے آسیب و مسان کے لیئے مفید ہے۔ کیسا ہی مرض نے گھیرا ہوا ہو۔ اللہ کے فضل سے شفاء ہو گی۔

٧٨٦

یا شافی	٣٩٠٩	٣٩٠٤	٣٩١١
یا کافی	٣٩١٠	٣٩٠٨	٣٩٠٦
یا رحیم	٣٩٠٥	٣٩١٢	٣٩٠٧

وننزل من القرآن ما ھو شفآء ورحمۃ للمؤمنین

بچے بول نہیں سکتے تو اس کی تشخیص بیان کرتے ہیں۔

کوئی ایک بیماریاں بچوں کے چہروں سے نمایاں ہوتی ہیں۔

(۱) تنگی تنفس کی وجہ سے نتھنوں کا چلنا۔ یہ جزہ کا خناق، وبائی نمونیہ قصبۃ الریہ میں کسی خارجی چیز کا داخل ہونے کا سبب ہوتا ہے۔

(۲) چہرے پر سرخ نشانات پڑ جانا یہ خسرہ کی علامت ہے۔

(۳) آنکھوں کا اندر دھنس جانا اور چہرے کی بے رونقی جو شدید اسہال قے پیچش کی علامت ہے

(۴) چہرے پر ورم آجانا اور رنگ پھیکا پڑ جانا ورم گردہ کی علامت ہے۔ آنکھوں کی تکلیف یہ چہرے سے معلوم کی جا سکتی ہے۔ (۵) چہرے کی سرخی بخار اور درد کی علامت ہے۔

(۵) لبوں کی گلابی رنگت صحت کی علامت ہے۔ رنگ کی کمی خون کی کمی کی دلالت کرتی ہے۔ لبوں کا نیلا ہونا نمونیہ اور امراض قلب کی علامت ہے۔ بخاروں میں لب خشک ہو جاتے ہیں۔

(۷) اگر بچے کے جسم یا عضو میں درد ہو تو درد والے حصے کی طرف ہاتھ کرتا ہے اور اس کو چھوتا ہے۔

(۸) اگر بچہ لگاتار روئے اور بہت بے چین ہو تو کان کا ملاحظہ ضروری ہے۔ کان کو آلہ ایئر سکوپ (EAR SLOPE) سے دیکھنا چاہیئے۔ عام طور پر بچوں کے کان کے درد میں کان کا پردہ متاثر ہوتا ہے۔ جس کا رنگ گہرا سرخ ہوتا ہے اور چند روز درد رہنے سے بہنے

لگتا ہے اور کبھی کان کی نالی میں پھنسی کی وجہ سے ہوتا ہے اور بچہ ماؤف کان کی طرف
ہاتھ لے جاتا ہے اور کان کو ہاتھ لگانے سے رونے لگتا ہے۔

(۹) اگر بچے کے سر میں درد ہو تو سر کا چمڑا سخت ہوتا ہے۔ آنکھیں بند رکھتا ہے اور سر کو گرا دیتا ہے روتا ہے اور چہرہ پر سرخی ہوتی ہے۔

(۱۰) اگر بچہ چلا کر روئے اور پیٹ کی طرف ہاتھ لے جائے اور پیشانی پر بل پڑیں تو دردِ شکم کا خیال کرنا چاہیئے۔ (۱۱) ہاضمہ کی خرابی، قبض، ورم، دانت اور منہ میں چھالے ہونے سے سانس بدبودار ہو جاتی ہے۔ (۱۲) اگر بچے کی زبان پر میل جمی ہوئی ہو تو اسے قبض اور بدہضمی ہوتی ہے۔ شدید اسہال میں زبان خشک ہوتی ہے۔ اور بچہ پیاس کی زیادتی کی وجہ سے زبان بار بار باہر نکالتا ہے

(۱۳) بخاروں میں زبان پر میل جم جاتی ہے اور خشک ہوتی ہے۔ معیادی بخاروں میں زبان کے درمیان میل ہوتی ہے اور زبان کے کنارے اور سرا بالکل سرخ ہوتا ہے اور اس پر چھوٹے چھوٹے دانے ہوتے ہیں۔ (۱۴) تلی اور جگر کے بڑھ جانے سے بچے کی پسلیاں باہر کو پھیل جاتی ہیں اور پسلیوں کے نیچے ہاتھ کے ساتھ دبانے سے تلی اور جگر بڑھا ہوا معلوم ہوتا ہے۔

(۱۵) اگر آنکھیں زرد ہو گئی ہوں تو مرض یرقان سمجھنا چاہیئے۔

(۱۶) اگر پیٹ بڑھ گیا ہو اور چہرے کا رنگ زرد پڑ گیا ہو تو بچے کو مٹی کھانے کی عادت ہے

(۱۷) اگر بچہ پیشاب کرتے وقت اپنی آلت کو پکڑے اور رونا شروع کر دے تو قطرہ قطرہ پیشاب کرے تو مثانہ یا گردہ کی بیماری سمجھنا چاہیئے۔

(۱۸) اگر بچہ کو نزلہ یا زکام ہو اور چہرہ کی رنگت سرخ اور بخار کی حالت میں بار بار چھینکیں مارے تو خسرہ یا چیچک ہونے کی علامت ہے۔

(۱۹) بچہ کو مسلسل دست پیچش آنا، جسم کی جلد نرم ہو جانا۔ سینہ میں بلغم کی کھڑکھڑاہٹ کھانسی، ہلکا ہلکا بخار، چوتڑوں پر جھریاں پڑنا، جسم کا دن بدن کمزور ہوتے جانا۔ پیٹ کا بڑھ جانا، ٹانگوں کا سوکھ جانا، بچوں کی تپ دق اور سوکھڑا کی علامت ہے۔

(۲۰) اگر بچہ کو بخار اور کھانسی ہو، سانس جلد جلد لیتا ہو اور سانس تنگی سے آئے۔ سانس لیتے وقت نتھنے پھولتے ہوں اور سانس لینے سے پسلی کے نیچے گڑھا پڑتا ہو اور بے چینی بھی زیادہ

ہوتو یہ نمونیہ اور ذات الجنب کی علامت ہے۔

(۲۱) اگر بچے کا پیٹ بڑھا ہوا ہو تو نفخ شکم قبض شدید ہو۔ کراج، دق، بار یلیون کی شکایت ہے۔ ان بیماریوں کی وجہ سے پیٹ بڑھ جاتا ہے۔

(۲۲) اگر قولون میں سوزش ہو تو، پاخانہ کا رنگ سبز ہوگا۔ جس میں پانی اور بلغم زیادہ مقدار میں خارج ہوں گے۔ اور چوتڑ سرخ ہوجائیں گے۔

ایک اہم گذارش

مَیں نے معصوم اور بے زبان بچوں کے لیئے جو کچھ میرے تجربہ میں ہے اس کو صفحۂ قرطاس پر تحریر کر دیا ہے۔ حدیث مبارکہ ہے "انسانیت کی خدمت بہت بڑی عبادت ہے"۔
اکثر اس عمر میں معالج کی لاپرواہی سے اموات ہوجاتی ہیں۔ اس لیئے مَیں نے اپنے تجربہ کی روشنی میں اپنی عقل و فہم میں پوری پوری خدمت کی ہے۔ آگے خداوند کریم آپ کی مدد فرمائیں گے۔

اَب مَیں علاج کی طرف آتا ہوں۔

ام البصیان: مغز کرنجوہ، فلفل سیاہ، سونٹھ، مغز جمالگوٹہ، مدبر ہر ایک تولہ لے کر باریک پیس کر عرق سونف میں بقدر دانہ مونگ گولیاں بنائیں خوراک ایک ایک گولی دن میں ۲ بار عرق سونف سے دیں۔

ایضاً: جائفل، جلوتری، ہینگ، صبر سقوطری، ہر ایک چھ ماشہ زعفران ۳ ماشہ ہر دوا کو باریک پیس کر دانا رائی کے برابر گولیاں بنائیں۔ ایک گولی صبح اور ایک گولی شام ماں کے دودھ یا پانی میں گھس دیں مرض ام البصیان کے لیئے بہت مفید ہے۔

اکسیر دانت نکالنا: کلکیریا فاس 6x، ۳ گرین دن میں چھ مرتبہ دیں، پانی کے ساتھ کھلائیں بچہ کے دانت نکالنے کی تمام تکالیف قئے، دست، اسہال، نفخ شکم کمزوری وغیرہ

کے لیئے مفید ہومیو پیتھی علاج ۔

اکسیر کالی کھانسی ؛ آر یو مائی سین ایک کیپسول گلوکوز ۱/۱ ڈرام ۔ آر یو مائی سین کو کیپسول سے نکال کر گلوکوز میں ملائیں اور اس کی ۸ خوراک بنالیں ۔ یہ ۲ سال کے بچے کی خوراکیں ہیں ۔ ہر چار گھنٹہ کے بعد ایک خوراک پانی سے دیں ۔ سات دن استعمال کرنا چاہیئے ۔ علاوہ ازیں نزکام ، نمونیہ ، معیادی بخار کے لیئے بھی اکسیر ہے ۔ معمول مجرب ہے ۔

نمونیا ؛ اس بیماری کے لیئے بھی آریو مائی سین ۲۵۰ ملی گرام توڑ کر ۱/۲ ڈرام گلوکوز میں ملائیں اور ۸ خوراکیں تیار کریں دن میں چار خوراک ہر تین گھنٹہ بعد دیں اور سینے پر ٹکور کریں ۔ یعنی منٹ ٹرپن ٹائن کی مالش کریں مجرب ہے ۔

بدہضمی ؛ عرق سونف ، عرق پودینہ ، عرق اجوائن ، ہر ایک ایک تولہ بچے کو پلانے سے ہر قسم کی بدہضمی ، پیٹ کے درد ، اپھارختم ہو جاتا ہے ۔

قئے اطفال ؛ سفوف ملٹھی ، طباشیر ، کشتہ سنگھ ، سوڈا بائیکارب ، دانہ الائچی خورد ۔ ہر ایک مساوی وزن لے کر سفوف تیار کریں ۔ بقدر دو رتی ہمراہ شربت انار یا شہد میں چٹائے سخت سے سخت قئے رک جاتی ہے ۔

اکسیر اطفال ؛ زہر مہرہ خطائی ، دانہ الائچی خورد ، مغز کنول گٹہ ، طباشیر نقرئی ، حجر الیہود ، زرا وندمدحرج ، نار جیل دریائی ہر ایک ۲ ماشہ پوست ہلیلہ زرد ۵ ماشہ ، مروارید ناسفتہ ۴ رتی ، تمام دواؤں کو علیحدہ علیحدہ پیس کر عرق سونف میں ملا کر بقدر مونگ گولیاں بنائیں ۔ استعمال ۔ ایک گولی عرق سونف حل کر کے دن میں تین دفعہ دیں ۔

بچے کی ہر بیماری کے لیئے:- سنا مکی ایک تولہ، گل سرخ ایک تولہ، گل بنفشہ ایک تولہ، مغز املتاس ۵ تولہ، آدھ سیر پانی میں جوش دیں اور قوام غلیظ ہونے پر اس میں نصف وزن شہد خالص ملالیں۔ یہ دوائی ایک دن کے بچے سے لے کر ایک سال تک کے لیئے ۱۵ بوند اور ۲ سال کے بچے کو ۲۵ بوند ۱۲ سے ۱۵ سال تک کے بچے کو ۳۰ بوند صبح و شام قدرے گرم پانی میں پلانا چاہیئے۔

بچے کی ہر مرض کیلئے اکسیر ہے:- پوٹاشیم کلوریٹ ۲ حصے بوراملٹھی ۳ حصے ملا کر تقریباً ۲ رتی کی پڑیا باندھ لیں۔ دوا تیار ہے۔ **ترکیب استعمال:-** ۲ سال کی عمر کے بچے کو ایک پڑیا تھوڑے سے پانی میں گھول کر پانی میں پلادیں، تمام امراض سے چھٹکارا ہوگا۔ انشاءاللہ۔ واللہ اعلم بحکم رب العالمین۔

بخاروں کا روحانی علاج:- سب سے پہلے اقسام۔ طب کی کتب میں بخاروں کی سینکڑوں قسمیں ہیں۔ اس کے علاج کے لیئے بڑے علم اور ہوشیاری کی ضرورت ہے۔

میں نے **رحیمی علاج انسانی** میں ہر بیماری کے مکمل اسباب، علامات اور علاج کی پوری پوری تشریح کی ہے۔ شوقین اطباء کو یہ کتاب ضرور پڑھنی چاہیئے۔

اسباب بخار:- اجتماع فضلہ کی وجہ سے ایک حرارت پیدا ہوتی ہے جسے بخار کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔

علامات:- بخار میں جسم زیادہ تحلیل ہوتا ہے۔ بول و براز، پسینہ و دیگر فضلات جسم کم خارج ہوتے ہیں۔ اس لیئے ان کے احتباس سے ذیل کی علامات عام طور پر رونما ہوتی ہیں۔

(۱) حرارت جسم بڑھ جاتی ہے۔ صحت کی حالت میں جسم کا درجہ حرارت ۹۸.۴ فارن ہیٹ ہوتا ہے جبکہ یہ ۹۹ سے ۱۰۱ تک ہو جائے تو اسے خفیف بخار کے نام سے یاد کرتے ہیں۔ ۱۰۱ سے ۱۰۳ درجہ

تک کے بخار کو معمولی بخار کہتے ہیں۔ ۱۰۳ سے ۱۰۵ تک کے بخار کو شدید بخار اور ۱۰۶ یا اس سے اوپر درجہ تک ہو جائے تو تپ محرقہ ہوگا۔ ان مختلف درجات کو بخار کے اقسام اولیہ کہتے ہیں۔

۲۔ بخار میں جلد عام طور پر خشک و گرم ہوتی ہے۔ اگرچہ گنٹھیا میں پسینہ بکثرت آتا ہے۔ بعض بخاروں کے زہر سے جسم میں پھنسیاں، سُرخ دانے یا دوڑے نکل آتے ہیں۔

۳۔ بخار میں مُنہ خشک ہو جاتا ہے۔ لبوں پر پپڑی جم جاتی ہے۔ زبان کھردری ہو جاتی ہے۔ اس پر میل جم جاتی ہے۔ شدت کی پیاس لگتی ہے۔ بھوک مر جاتی ہے۔ جی متلاتا ہے اور قئے ہوتی ہے۔ بعض بخاروں میں اسہال آنے لگتے ہیں۔ بعض بخاروں میں جگر اور تلی بڑھ جاتی ہے۔

۴۔ تنفس تیز ہو جاتا ہے۔ اگرچہ حرکت نبض کے ساتھ اس کا تناسب قائم رہتا ہے۔

۵۔ پیشاب بدبودار، رنگین اور کم مقدار میں آتا ہے۔ بعض دفعہ پیشاب بند ہو جاتا ہے اور پیدا ہونا بھی بند ہو جاتا ہے۔

۶۔ خون میں جوش اور گرمی پیدا ہونے کے باعث دل جلد جلد حرکت کرتا ہے اور نبض تیز اور ابھری ہوئی چلتی ہے۔ بعض بخاروں کے درجات میں دل کی ساخت بگڑ جاتی ہے۔

۷۔ نظام عصبی کے بگڑ جانے سے لرزہ، بے چینی، اعضا شکنی، دردِ سر دوران خون سر بے خوابی ہذیان اور تشنج وغیرہ عوارضات لاحق ہو جاتے ہیں۔

۸۔ بعض شدید بخاروں میں اسقاط حمل تک ہو جاتا ہے۔ اب میں مختصراً بخاروں کی قسمیں پیش کرتا ہوں۔ ملیریا (موسمی بخار)، نوبتی بخار یا جاڑا بخار، تجارتی بخار۔ چوتھیا بخار، لازمی بخار، محرقہ بخار، محرقہ صفراوی بخار۔ لازمی بلغمی بخار۔ لازمی چوتھیا بخار۔ تپ محرقہ اسہال۔ تپ محرقہ ہذیانی سرخ بخار، کالا بخار۔ زرد بخار، محرقہ دماغی (گردن توڑ بخار) ہڈی توڑ بخار، قحط کا بخار، مالٹا بخار۔ مکھی کاٹے کا بخار۔ چوہے کاٹے کا بخار۔ ہر سوت کا بخار۔ گنٹھیے کا بخار۔

بُخار کا رُوحانی علاج

بخار لا دوا کیلئے حروف مقطعات کا نقش لوح نقرئی پر دونوں طرف کندہ کر کے مریض لا دوا کے لئے ایک رحمت خداوندی ہے

	۷۸۶	
۵۰۷	۱۳۵۲	۱۷۹
۳۳۸	۶۷۶	۱۰۱۴
۱۱۸۳	بحق یا سلام	۵۴۸

وقت سلام کو پانچوں وقت نماز کے بعد پڑھ کر دم کریں تو مریض کو شفاء ملے گی۔ ۱۔ سَلَامٌ قَوْلًا مِّن رَّبٍّ رَّحِيمٍ۔ ۲۔ سَلَامٌ عَلَىٰ نُوحٍ فِي الْعَالَمِينَ۔ ۳۔ سَلَامٌ عَلَىٰ إِبْرَاهِيمَ۔ ۴۔ سَلَامٌ عَلَىٰ مُوسَىٰ وَهَارُونَ۔ ۵۔ سَلَامٌ عَلَىٰ إِلْ يَاسِينَ۔ ۶۔ سَلَامٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوهَا خَالِدِينَ۔ ۷۔ سَلَامٌ هِيَ حَتَّىٰ مَطْلَعِ الْفَجْرِ و سَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِينَ۔ ہر مریض کے ہر مرض کے لئے مفید ہے۔

۷۸۶

۵۳۰۰۱	۵۲۹۹۶	۵۳۰۰۳
۵۳۰۰۲	۵۳۰۰۰	۵۲۹۹۸
۵۲۹۹۷	۵۳۰۰۴	۵۲۹۹۹

روزانہ بخار کیلئے: حضرت امام جعفر الصادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ جو کوئی سورہ کو اکتالیس بار پانی پر پڑھ کر مریض کے منہ پر چھپڑکے تپ زائل ہو جائے گا۔ اور سورہ عصر کو مریض پر پڑھے یا سورہ لقمان جس کے اعداد ۱۵۹۰۰۰ ہیں ہر قسم کے بخار کے لیئے ایک عدد گھول کر پلائے اور دوسرا تعویذ لکھ کر گلے میں ڈالیں۔ کلی شفاء ہوگی۔

نوٹ: لرزہ بادی کے بخار کے لیئے سیاہ مرچ دو تین دانوں پر اور نیم کے ڈھائی پات کو لے کر ان دونوں کو ملا کر گھوٹیں۔ ان کو چھان کر ۵ عدد دفعہ سورہ الحمد شریف مکمل پڑھ کر مریض کو پلائیں۔ تین چار دن ایسا عمل کریں۔ انشاء اللہ بادی کا بخار اُتر جائے گا اور پھر کبھی نبض نہیں چڑھے گا۔

برائے چوتھا و سہ روزہ بخار کا عمل: یہاں پر ایک بے نظیر و بے عدیل رُوحانی عمل پیش کرتا ہوں جو ہر بخار کے لیے اکسیر اعظم ہے اور شفاء کے لئے تیر بہدف ہے۔

عمل: سورہ یٰسین پڑھنا شروع کریں۔ جب پہلی مبین پر پہنچے تو سات دفعہ الحمد شریف مکمل پڑھ کر تین دفعہ یہ کلمات پڑھتے جائیں۔ الٰہی بحرمت یٰسین و بعزت مبین فلاں بن فلاں کو صحت عطا کر دیں۔ اس طرح آپ اس عمل کو سات مبین تک لے جائیں بلکہ سات سیاہ دھاگہ تار لے کر ہر مبین پر اس طرح پڑھ کر گانٹھیں دیتے جائیں اور یہ دھاگہ مریض کے گلے میں ڈال دیں انشاء اللہ بخار چھوڑ جائے گا۔

دِق کے لیئے بھی مذکورہ بالا عمل پُر تاثیر ہے۔

نسخہ: ہاتھ پیروں کی مالش کرنا ہر طرح کے بخاروں میں مفید ہے۔ خواہ نمک سے ہو یا کسی اور دوا یا صرف کپڑے سے لیکن کپڑا ذرا کھردرا یا موٹا ہونا چاہیئے۔ مالش سے زیادہ فائدہ مند سینگیاں کھچوانا۔ سب سے افضل پاشویہ کرنا ہے۔

پاشویہ کا نسخہ: جو بخار کی اکثر قسموں میں کام آتا ہے۔ بیری کے پتے چھٹانک اور گیہوں کی بھوسی چھٹانک اور کھاری نمک ۲ تولہ اور خوب کلاں ایک تولہ اور بنفشہ ۲ تولہ اور خطمی ایک تولہ اور گل نیلوفر ایک تولہ ان سب کو ایک پوٹلی باندھ کر بیس سیر پانی میں جوش دیں۔ جب جوش آ جائے پوٹلی نکال ڈالیں اور پانی سے اس طرح پاشویہ کریں کہ بیمار کو چارپائی یا کرسی پر پاؤں لٹکا کر بٹھا دیں اور پیروں کے نیچے ایک ٹب یا بڑا دیگچہ خالی رکھ دیں اور بیمار کے منہ پر ایک چادر ڈال دیں تاکہ پانی کی بھاپ منہ کو نہ لگے اور دماغ کو گرمی نہ پہنچے پھر دوائی دونوں پیروں پر گھٹنے سے انہی دواؤں کا ابلا ہوا گرم پانی آہستہ آہستہ ڈالنا شروع کریں اور دوائی گھٹنوں سے ٹخنوں تک پیروں کو سونتیں کہ بیمار کو ذرا تکلیف نہ ہونے لگے۔ جب پانی ختم ہو کر اس خالی ٹب یا دیگچہ میں جمع ہو جائے پھر اس کو لوٹے میں بھر کر اسی طرح ڈالیں اور سونتیں۔ ایک گھنٹہ تک یا جب تک مناسب ہو اس طرح پاشویہ کریں۔ پھر فوراً پیروں کو پونچھ کر ڈھیلے کپڑوں سے باندھیں۔

نسخہ: گولی باری کو روکنے کے لیئے ست گلو ایک تولہ رطباشیر ایک تولہ۔ دانہ الائچی خورد ایک تولہ اور زہر مہرہ خطائی ایک تولہ۔ کافور ایک ماشہ اور کنین تین ماشہ کوٹ چھان کر لعاب اسپغول ملا کر چنے کے برابر بنا لیں۔ پھر ایک باری سے تین گھنٹہ پہلے پھر دو گھنٹہ پہلے اور ایک گھنٹہ پہلے کھائیں بخار نہ رہے گا۔

تپ لرزہ یا ملیریا: کلوروکین یا کاموکین کا استعمال کرائیں بخار فوراً چلا جاتا ہے۔

۲۔ مغز کرنجو ۳ ماشہ۔ ست گلو ۱ ماشہ باہم ملا کر ایک بار کھلائیں بخار توڑ میں کمال اثر ہے۔ محرقہ بخار میں قرص طباشیر کافوری استعمال کرائیں۔ معیادی بخار میں کلورومائی سیٹین کا استعمال کرائیں۔ شفا ہوگی انشاءاللہ۔

دِق کیلئے: چہل کاف کا عمل بہت زود اثر اور کامیاب ہے ۔ عملیات حصہ سوئم میں دیکھیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۵

خسرہ و چیچک کا تجربہ شدہ عمل:

یہ نقش خسرہ اور چیچک کے لئے زود اثر ہے ۔ اسے سعد وقت میں لکھ کر مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ بلکہ پہلے پہل پہنا دیں تاکہ یہ امراض ان تک پہنچیں بھی نا۔

الحمد للہ رب العلمین	یا رحمٰن	یا رحیم	یا کریم
یا حنان	یا منان	یا دیان	مالک الملک
یا سلطان	یا حیّ	یا قیوم	برحمتک
یا قدوس	یا مومن	یا باری	یا خالق

۷۸۶

نمبر ۲ یہ آیت کریمہ لکھ کر مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ صحت ہوگی اور چیچک نکلنے سے پہلے اسے گلے میں ڈال دیں تو چیچک نہیں نکلے گی۔

بسم اللہ	الرحمٰن	الرحیم	لا الٰہ
الا	انت	سبحانک	انی کنت
من الظا	لمین	یا حیّ	یا قیوم
ذوالجلال	والاکرام	برحمتک	استغیث

نسخہ: حفاظتی ٹیکہ چیچک کا سب سے اچھا علاج ہے۔

سانپ و سگ دیوانہ:

سانپ کے کاٹنے کا مجرب عمل۔ سورۃ الحمد شریف مکمل مع بسم اللہ ۴۱ بار پڑھ کر سانپ کے ڈسنے کی جگہ ۸ سینٹی میٹر دور کس کر ڈوری باندھ دیں اور دوبارہ پھر سورہ الحمد شریف کو ۴۱ بار ڈوری پر پڑھ کر ۸ سینٹی میٹر کے فاصلے پر دوبارہ رسی سے باندھ دیں۔ ڈسی ہوئی جگہ پر تیز دھار اُسترے سے X نشان لگا کر خون نکال لیں یا چوس لیں۔

نسخہ: لیموں کے بیج ایک گرام تھوڑے سے پانی میں پیس کر کاٹے کی جگہ پر لیپ کر دیں۔

خوراک، گندنا یا پیاز کافی مقدار میں خالص گھی کے ساتھ کھلائیں۔ آک کا دودھ کاٹنے والی جگہ پر ٹپکائیں۔ احتیاط: مریض کو پانی نہ دیں زیادہ پیاس لگے تو ایک ایک گھونٹ عرق گاؤزبان دیتے رہیں۔ دودھ گھی پلاتے رہیں۔ مریض کو ہرگز نہ سونے دیں۔ رات کو بھی جگاتے رہیں۔ مریض

کو گرم کمرے میں رکھیں۔

سگ دیوانہ: حکماء اور ڈاکٹروں کا متفقہ فیصلہ ہے کہ جب باؤلے کتے کا کاٹا ہوا مریض پانی سے ڈرنے لگے اور پانی نہ پی سکے تو پھر یہ مرض لاعلاج ہو جاتا ہے۔ باؤلا کتا جہاں کاٹے وہاں زخم کے اوپر کی طرف سے ایک مضبوط پٹی باندھ دینی چاہیئے تاکہ زہر خون میں نہ مل جائے۔ پھر زخم کو ۴۱ دفعہ الحمد شریف پانی پر دم کر کے اچھی طرح دھو کر لوہے کی گرم سلاخ یا کوئلے سے داغ دیں اگ کے علاوہ سکاربانک ایسڈ سلور نائٹریٹ یا خالص تیزاب شورہ سے بھی زخم کو جلایا جا سکتا ہے۔ اس مرض کا شافی علاج کرانے کے لیے مریض کو کسی قریبی سرکاری ہسپتال میں داخل کرانا چاہیئے۔

نظرِ بد یا نظر لگنا: انسان کی نظر میں ایک قوت ہے۔ حدیث شریف میں ہے "ان العین یدخل الرجل القبر والجمل القدر" ترجمہ: تحقیق نظر انسان کو قبر میں داخل کر دیتی ہے اور اونٹ کو ہانڈی میں داخل کر دیتی ہے۔

علاج: حدیث شریف میں آیا ہے کہ سورہ الحمد شریف اور چاروں قل شریف پڑھ کر دم کر دیں۔ نظرِ بد کا مریض بالکل تندرست ہو جائے گا یا نظر لگانے والے کے ہاتھ پاؤں یا منہ کو دھو کر پانی ایک برتن میں جمع کر لیں۔ نظر لگے ہوئے کے اوپر ڈالیں۔

ایضاً: اعوذ بکلمات اللہ التامات من شر کل شیطان و ھامۃ من کل عین لامۃ لکھ کر نظرِ بد سے گلے میں ڈالیں شفا ہوگی۔

حضرت علیؓ کرم اللہ وجہہ سے منقول ہے کہ یہ تعویذ تمام امراض اور بیماریوں کو شفا بخشتا ہے۔ جس سے تمام ڈاکٹر یا طبیب عاجز آ گئے ہوں۔

روحانی قوت کے ذریعہ تکلیف اور مرض کی وجوہات اور کیفیت معلوم کریں خواہ کتنا فاصلہ کیوں نہ ہو میری امداد ہر حال میں کام کرے گی آپ حاضر ہوں یا غیر حاضر میرا طریقہ علاج ہر حال میں آپکی مدد کرے گا۔ (ادارہ)

ھھھھ ۱۱ ۲۲۲۲۲۲۲ وھص

۷۸٦

قُل	هو	اللہُ	اَحَد	اللہ	الصمد	لم	یلد
هو	اللہُ	اَحَد	اللہ	الصمد	لم	یلد	ولم
اللہُ	اَحَد	اللہ	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد
احد	اللہ	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم
اللہ	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن
الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن	لہٗ
لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن	لہٗ	کفواً
یلد	ولم	یولد	ولم	یکن	لہٗ	کفواً	اَحَد

سَعد وقت میں لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں اور دوسرا تعویذ پانی میں ڈال کر پلاتے رہیں بشفاءُ اسما شفاءُ ہوگی۔

حفظِ بلیات: آیۃ الکرسی کو لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈالیں تمام بلیات آفات سے محفوظ رہے گا۔

بُری عادت سے دُور رکھنا: یہ آیت کریمہ اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔ سورہ فاتحہ کے اعداد ۱۹۴۴۶ ہیں۔ اسے مُربع آتشی سے پُر کریں اور "اھدنا الصراط المستقیم" کو چاروں طرف معہ نام والدہ کے لکھیں اور نام بُری عادت کا ضرور لکھیں۔

چوپایا یا جانور یا انسان اگر غائب ہوگیا ہو تو اس کے معلوم کرنے کے لیئے اطراف دیئے گئے ہیں۔

اگر ہفتہ کے دن غائب ہو جائے تو اس کو جنوب کی طرف دیکھیں بہت جلد مل جائے گا۔ قریباً ایک ماہ ہاتھ رہے گا۔ اگر اتوار کو غائب ہو جائے تو شمال کی طرف دیکھیں اُمید ہے کہ پہلے ہی جلد مل جائے ورنہ آٹھ روز تک مل جائے گا۔ اگر سوموار کے دن غائب ہو جائے تو شمال کی طرف دیکھیں بہت جلد مل جائے گا۔ اگر منگل کے دن غائب ہو تو مغرب کی طرف ملے گا۔ اگر بدھ کے دن غائب ہو تو مغرب کی طرف دیکھیں۔ اگر جمعرات کے دن غائب ہو تو مغرب کی طرف دیکھیں۔ دس روز تک مل

جائے گا۔ اگر جمعہ کے دن غائب ہو تو جنوب کی طرف دیکھیں بہت جلدی ہاتھ لگے گا۔

۷۸۶

قل	ھو	اللہ	احد	اللہ	الصمد	لم	یلد
ھو	اللہ	احد	اللہ	الصمد	لم	یلد	ولم
اللہ	احد	اللہ	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد
احد	اللہ	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم
اللہ	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن
الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن	لہٗ
لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن	لہٗ	کفوا
یلد	ولم	یولد	ولم	یکن	لہٗ	کفوا	احد

اس سورۃ کو لکھ کر اپنے دائیں بازو پر باندھے تو خلل آسیب و پری و جن بد در نظر بد بخار۔ ہر قسم کا طاعون جیسے برے مرض سے نجات پائے گا۔ اس کے علاوہ بھی اس کے ہزاروں فوائد ہیں۔ الغرض جس مرض کے لیے لکھے گا اس سے شفاء پائے گا۔ پر اسرار پُر تکبیر قل ھو اللہ احد کے یہ عظیم نقش ہیں۔

ایک لاکھ روپے کا نسخہ لکھ رہا ہوں۔ بخل کے تالے توڑ کر انسانی خدمت کے جذبے کے ساتھ میرا سالوں کا مجرب ہے

حمل کے لیے اکسیری نسخہ: زعفران، جائفل افیون ایک ایک ماشہ۔ برگ ہینگ ۲ ماشہ، کستوری عمدہ ۲ رتی۔ لونگ ۴ عدد، سپاری ۳ عدد۔ تمام دوائیوں کو نہایت باریک پیس کر پرانا گڑ شامل کریں کہ گولیاں بن سکیں اس کے بعد کوکن بیر کے برابر گولیاں بنالیں جس روز عورت حیض سے فارغ ہو اس روز ایک گولی شیر گاؤ کے ساتھ کھائیں اور شوہر سے مخاطب ہوئے۔ اس طرح تین روز متواتر عمل کریں حمل قرار پائے گا۔ اگر پہلے مہینے کامیابی نہ ہو تو دوسرے تیسرے مہینے میں پھر ایسا ہی کریں مقصد ضرور حاصل ہوگا۔

حفاظت حمل: جن عورتوں کا حمل گر جاتا ہے وہ حمل کے پہلے تین مہینے میں ہر مہینے میں تین

روز جنگلی اُپلے کی راکھ ۲ ماشہ ۴ تولہ بکائین کے پتوں کے پانی کے ہمراہ کھایا کریں حمل ضائع نہ ہوگا۔
اور اس نقش کو لکھ کر گلے میں باندھیں۔ حمل کی حفاظت ہوگی۔

۷۸۶

۲	۱۰	۵
۸	٦	۴
۷	۲	۹

اس طرح یہ نقش لکھ کر کمر میں باندھیں۔

۷۸۶

۴۲	۴۹	۲	۷
٦	۳	۴٦	۴۵
۴۸	۴۳	۸	۰
۴	۵	۴۴	۴۷

قانون زکوٰۃ

اب میں اس کے بارے میں تھوڑی سی روشنی ڈالتا ہوں۔ تفصیل کے ساتھ ذکر تو میں نے اپنی کتاب رحیم العملیات حصہ دوئم میں کیا ہے۔ زکوٰۃ کیا چیز ہے اور اس کی حقیقت کیا ہے۔ ہر حرف پر خداوند جل شانہٗ نے چند ملائکہ کو مسلط کیا ہوا ہے اور اس کا تعلق ایک خاص فرشتہ سے ہے۔ وہ فرشتہ اپنے اعلیٰ کے پابند ہوتے ہیں۔ اس کے ماتحت چند فرشتے کام کرتے ہیں۔ زکوٰۃ کا علم عملیات میں ایک خاص قانون ہے۔ بغیر اس کے بھی عمل میں اثر نہیں ہوتا زکوٰۃ کا مرتبہ ادنیٰ بقدر سوا لاکھ سے لکھنا پڑھنا اور بعض کم مرتبہ کے پڑھنے یا لکھنے کی بھی زکوٰۃ ہوتی ہے اور زکوٰۃ مکمل بہت زیادہ اثر رکھتی ہے۔ (جس کا ذکر میں نے حصہ دوئم میں مکمل شرح سے بیان کیا ہے) ادائیگی زکوٰۃ کے بعد ملائکہ عامل سے روشناس ہو کر عامل اور ملائکہ کے درمیان رشتہ وربط اور سلسلہ اتحاد قائم ہو جاتا ہے اور ملائکہ بروقت امداد کرنے سے دریغ نہیں کرتے عامل جو چاہتا ہے وہ کرتا ہے زکوٰۃ کی چند قسمیں مقرر ہیں جس سے ہر عامل ہر حرف واعداد وآیات واسمار کی روحانیات پر قابض ہو سکتا ہے۔ اقسام زکوٰۃ وہدایت مختصر درج ہیں۔ ۱۔ عامل اپنے نام کے اعداد ابجد قمری سے نکال کر مجموعہ اعداد کے مطابق روزانہ اس عمل کو پڑھیں جس کو پڑھنا چاہتے ہو ۴۰ یوم پڑھیں وہ اس کا عامل ہو جاوے گا۔ اس عمل کی زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ مگر یہ زکوٰۃ ایک وقت کے لیئے کافی ہوگی۔ ۲۔ جو عمل پڑھتا ہے اس کے حروف شمار کریں جس قدر تعداد حروف کی ہو اتنے ہزار مرتبہ روزانہ پڑھو۔ یہ زکوٰۃ ہمیشہ کے

لیے عامل بناتی ہے اور اپنا کمال اثر ظاہر کرتی ہے۔ ۳، جو عمل آپ نے پڑھا ہے اس کے حروف شمار کریں اتنے ہی سو مرتبہ روزانہ پڑھیئے مثلاً چھ حروف ہیں روزانہ چھ صد بار پڑھو ایسی زکوٰۃ ایک مرتبہ کام دیتی ہے۔ ۴، جو عمل پڑھنا ہے اُن کے حروف شمار کریں ان کے اعداد ابجد قمری سے حاصل کریں جو اعداد حاصل ہوں اتنی مرتبہ روزانہ پڑھیئے یہ زکوٰۃ عمل ہے جو ہر عامل متمول ہے۔ ماہرین و عاملین علم عملیات نے اس کو معتبر مانا ہے۔ یہ زکوٰۃ صغیرہ ہے۔ ۵، عمل کے جو اعداد ہوں حروف عمل سے ضرب دیں حاصل ضرب ہو اس کو روزانہ پڑھا کریں اس کو زکوٰۃ کبیرہ کہتے ہیں بہت زیادہ قوی ہے۔ تمام زندگی بھر کام دیتی ہے۔ مثال کے طور پر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے اعداد ۷۸۶ ہیں اور ان کے حروف ۱۹ ہیں تو آپ ۷۸۶ x ۱۹ = ۱۴۹۳۴ ہے پس روزانہ اسی تعداد میں پڑھا کریں اس کا عامل بن جائے گا۔ اس کو زکوٰۃ اکسیر کہتے ہیں۔ ۶، متقدمین علم عملیات نے یہ بیان کیا ہے کہ عدد شمار حروف عمل اور میزان کبیر زکوٰۃ کو باہمی ضرب دو۔ مثلاً بسم اللہ شریف کے حروف ۱۹ ہیں اور اس کے میزان کبیر ۱۴۹۳۴ x ۱۹ = ۲۸۳۷۴۶، حاصل ہوئے جو شخص اسی تعداد میں بسم اللہ پڑھے گا تو ملائکہ عامل کے سامنے آجاویں گے ہر حکم کی تعمیل کریں گے۔ ۷، علماؤ حکما فلاسفہ و عاملین علم عملیات نے یہ بیان فرمایا ہے کہ اعداد و شمار حرف عمل اور میزان زکوٰۃ اکبر کو باہمی ضرب دو۔ مثلاً بسم اللہ شریف کی تعداد اکبر ۲۸۳۷۴۶ ہے۔ اس کو اس کے حروف ۱۹ x ۲۸۳۷۴۶ = ۵۳۹۱۱۷۴، جو یہ تعداد ادا کرے گا۔ ملائکہ اس کے مطیع ہو جائیں گے۔ اس کے ہر حکم کی تعمیل کریں گے۔ ۸، اس زکوٰۃ کا نام اکسیر الکبائر ہے یہ آخری زکوٰۃ ہے۔ اس کے آگے مرتبہ زکوٰۃ کوئی نہیں جو شخص یہ زکوٰۃ ادا کرے گا وہ قدرت خدا کی اپنی آنکھوں سے مشاہدہ کرے گا۔ جس کا عاملین عملیات نے بیان فرمایا، مثلاً بسم اللہ شریف تعداد زکوٰۃ کبائر ۵۳۹۱۱۷۴ ہے اور حروف بسم اللہ کے ۱۹ ہیں۔ جب ان کو ضرب دیں ۵۳۹۱۱۷۴ x ۱۹ = ۱۹۴۶۲۱۳۸۱۴، اس طرح پر عمل کی اور ہر اسم باری تعالیٰ کی زکوٰۃ نکالنے کا یہی طریقہ عاملوں نے بیان فرمایا ہے۔

زکوٰۃ کی لازمی شرائط :- ۱، پاکیزگی اور قبل از زکوٰۃ غسل کریں۔ لباس و جسم جگہ زکوٰۃ پاکیزہ ہونی چاہیئے ورنہ عمل بالکل بیکار تصور کریں۔ ۲، باوضو عمل کیا کریں، بغیر وضو عمل بیکار۔ ۳، قبل از عمل یا نقش لکھنے کے دو رکعت نماز نفل ادا کریں۔ ۴، پابندی

مقام وقت قبلہ رخ بیٹھ کر عمل پڑھیں یا نقش لکھیں۔ ۵ر مکان خلوت میں بیٹھ کر عمل کریں یا نقش لکھیں۔ ۶ر نقش لکھتے وقت آفتاب سر پر نہ ہو۔ ۷ر عمل کرتے وقت غیر آدمی نہ ہو۔ پرہیز جلالی جمالی کیا کریں۔ ۸ر مصفیٰ اور معطر ہو کر نقش لکھیں۔ بخور سلگائیں دوران زکوٰۃ حصار کیا کریں۔ ۹ر اجازت زکوٰۃ ضروری ہے۔ میں نے موٹے موٹے اصول ناظرین کی خدمت میں پیش کر دیئے ہیں۔

بیٹے کو واپس بلانے کا عمل تا حصول مراد پڑھا جائے۔

اَللّٰھُمَّ رُدَّ اِلَیَّ فلاں بن فلاں (اس کا نام اور ماں کا نام) بِخَیْرِ حُرْمَتِہٖ اِنَّہٗ ھُوَ یُبْدِئُ وَ یُعِیْدُ۔ ۱۹۳ بار روزانہ اول و آخر ۱۱، ۱۱ بار درود شریف بعد نماز عشاء ماں یا باپ پڑھے۔

عمل مجرب واسطے لوٹانے بیٹے کو ماں یا باپ کی طرف:

یہ عمل سیدنا موسیٰؑ کی والدہ نے پڑھا تھا جبکہ آپ کئی سال کے لیئے اپنی والدہ سے بچھڑ گئے تھے۔ اس عمل کی بدولت خدا نے اُن کو فرزند کے دیدار سے مشرف فرمایا۔ لہٰذا یہ عمل زیادہ بہتر ہے کہ ماں پڑھے ورنہ بدرجہ مجبوری باپ پڑھے۔

اول آخر ۱۱، ۱۱ بار درود شریف، درمیان میں ۱۸۹۳ مرتبہ مندرجہ ذیل عمل پڑھا جائے۔

اَللّٰھُمَّ رُدَّ اِلَیَّ وَلَدِیْ بِالْخَیْرِ بِحُرْمَتِہٖ فَرَجَعْنٰکَ اِلٰٓی اُمِّکَ کَیْ تَقَرَّ عَیْنُھَا وَلَا تَحْزَنَ۔

پڑھنے کا طریقہ:

ہر روز بعد نماز عشاء دو زانوں بیٹھ کر بیٹے کا تصور لیئے ہوئے ماں یا باپ پڑھے انشاء اللہ ایک ہفتہ نہیں گزرے گا کہ گل مراد ہاتھ آجائے گا اور اگر روزانہ ممکن نہ ہو تو صرف جمعہ کے روز بعد نماز عصر اس عمل کو پڑھا جائے۔ اگر مغرب کی اذان ہو جائے اور عمل پڑھنے کو باقی ہو تو بات چیت کیئے بغیر مغرب کی نماز پڑھ کے بقیہ تعداد پوری کر لی جائے۔ سات جمعہ نہ گزریں گے کہ لڑکا حسب منشاء واپس آجائے گا۔

(نوٹ) جوان لڑکا یا لڑکی اگر اپنی مرضی سے کہیں چلے جائیں تو نقوش تعویذات کے ذریعے واپس بلایا جا سکتا ہے۔ مگر بعض اوقات حالات ایسے الجھے ہوئے ہوتے ہیں کہ ان کا واپس آنا خود ان کے بس

میں نہیں ہوتا۔ مثلاً کچھ حالات ایسے ہیں کہ ۹، ۱۰ برس کی عمر کے بچوں کو کسی عمل کے ذریعہ بعض غنڈہ قسم کے لوگ بچوں کو لے جاتے ہیں اور ان سے طرح طرح کے کام لیتے ہیں۔ بچے بیچارے لاچار اور مجبور ہوتے ہیں اور دماغ ان کا اس قابل نہیں رہتا کہ وہ ماں باپ کو یاد کریں یا سوچیں کہ میں کہاں تھا کہاں ہوں اور مجھے کیا کرنا چاہیئے تھا اور کیا کر رہا ہوں۔ اس طرح برسوں گذر جاتی ہیں اور ماں باپ طرح طرح کی تدابیر کرکے تھک جاتے اور اب سوائے رونے یا صبر کرنے کے اور کوئی چارہ نہیں۔ جو عمل موسیٰ علیہ السلام کی والدہ نے پڑھا تھا بے حد پرتاثیر ہے اور تیر بہدف ہے۔

عشق کا جنون: جو آدمی عشق کے جنون میں مبتلا ہو، حالت خراب، ہر وقت اپنے محبوب کا دل میں خیال رہے۔ صحت روز بروز خراب ہوتی جائے تو اس کے علاج کے لیے بہتر عمل پیش کرتا ہوں توجہ دیں۔ پارہ نمبر ۱۷ سورہ الانبیاء آیت ۶۹ قلنا ینار کونی بردا و سلما علی ابراھیم اس کے اعداد ۱۲۴۱ ہیں۔ عاشق کے نام کے حروف کو علیحدہ علیحدہ کریں اور ان پر غور کریں کون سا عنصر غالب ہے۔ اس عنصر سے بربیع پڑھیں۔ لیکن اس بات کا خیال رکھیں آپ کے نام کے اعداد بھی آیت کریمہ میں شامل کریں اور عاشق اور معشوق کے برجی طریقے سے ستارے معلوم کرکے جب ان ستاروں کی آپس میں نظر مقابلہ اور نظر تربیع کا یا غروب شمس یا قمر در عقرب میں یا سورج گرہن یا چاند گرہن میں اس عمل کو کریں، اس کے علاوہ عاشق کے نام کی تعداد کے مطابق اس آیت کریمہ کو ۷ یوم تک پڑھتے رہیں۔

بسط عددی یا عربی

حروف	ا	ب	ج	د	ھ	و	ز	ح	ط	ی	ک	ل	م	ن
بسط عددی	احد	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
اعداد	۱۳	۹۱۱	۱۰۳۶	۶۲۸	۷۰۵	۴۶۵	۱۳۲	۶۰۶	۵۳۵	۵۷۵	۶۳۰	۱۰۹۱	۳۳۳	۷۶۰

حروف	س	ع	ف	ص	ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
بسط عددی	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	الف
اعداد	۵۲۰	۱۹۲	۶۵۱	۵۹۰	۴۵۶	۵۰۱	۱۴۸۷	۷۳۴	۶۶۱	۹۲۱	۵۸۳	۱۰۶۲	۹۹۱	۱۱۱

وظائف حل مشکلات

جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے کہ جو کوئی اس ہفت قفل کو بطور عمل اعتقاد سے پڑھے حق تعالےٰ بہشت اس پر واجب کرتا ہے اور جس مطلب شرعی کے واسطے پڑھیگا بر آئیگا۔ دیوپری وغیرہ کے واسطے پڑھیگا دفع ہوجائیں گے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الْخَالِقِ الْعَلِیْمِ الَّذِیْ لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ وَّھُوَ السَّمِیْعُ الْعَظِیْمُ ؂ حافظہ زیادہ ہونے کیلئے شیرینی پر پڑھ کر کھادے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الْخَالِقِ الْحَلِیْمِ الَّذِیْ لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ وَّھُوَ الْفَتَّاحُ الْعَلِیْمُ ؂ بھاگے ہوئے کے واپس آنے کے واسطے پتھر کے سات ٹکڑوں پر لکھ کر آگ میں جلادیں بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ الَّذِیْ لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ وَّھُوَ الْعَلِیْمُ ؂ عورت کو شیرینی پر پڑھ کر کھلادے فرزند صالح پیدا ہوگا۔ انشاء اللہ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الْبَصِیْرِ الَّذِیْ لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ وَّھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ؂ جو کوئی جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھنا چاہے دو رکعت نماز پڑھ کر اس دعائے نفل کو پڑھے اور سو رہے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ السَّمِیْعِ الْبَصِیْرِ الَّذِیْ لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ وَّھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ؂ جو کوئی اس دعا کو اپنے پاس رکھے عزیز خلائق ہو۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الْعَزِیْزِ الرَّحِیْمِ الَّذِیْ لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ وَّھُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ فَاللّٰہُ خَیْرٌ حَافِظًا وَّھُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ

یہ نقش محبت کے واسطے اپنے پاس رکھے مجرب ہے

۴۴	۱۸	۱۲	۶	۵
۷	۱	۲۵	۱۹	۱۲
۲	۱۲	۸	۳	۲۱
۲	۲۲	۱۸	۱۵	۹
۱۱	۱	۲۴	۲۳	۱۷

عمل رمل سے مستند قاعدہ

اول چاہیئے کہ وضو کرے اور قبلہ کی طرف مُنہ کرکے بیٹھے اور سورۃ الحمد پڑھے اور اس کے بعد محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی رُوح پاک پر فاتحہ پڑھے اور یہ آیت شریف پڑھتا جائے۔

سُبحانَکَ لَا عِلمَ لَنَا اِلَّا مَا عَلَّمتَنَا اِنَّکَ اَنتَ العَلِیمُ الحَکِیمُ اور آنکھ اپنی بند کرکے اور دل میں اپنے کام کی نیت کرے اور اس دائرے پر انگلی رکھے اور اس کا مطلب جس جگہ کہ انگلی پڑے نیچے لکھی ہوئی تفصیل احکام میں دیکھے انشا اللہ ہر سوال کا جواب خاطر خواہ پائے گا۔ دائرہ کہ جس میں انگلی رکھے یہ ہے۔

۴	۳	۲	۱
۸	۷	۶	۵
۱۲	۱۱	۱۰	۹
۱۶	۱۵	۱۴	۱۳

تفصیل احکام دائرہ

نمبر۱: تیری فال اچھی ہے اگر ارادہ سفر کا رکھتا ہے پورب کی طرف جا بہتر ہوگا۔ اگر کام شروع کرنا چاہتا ہے تو اس کام کا انجام اچھا ہے اور جو بیمار کے واسطے فال دیکھی ہے۔ اس کو صفراوی بخار ہے اچھا ہو جائے گا۔ اور مال کے واسطے سوال کیا ہے تو وقت سے حاصل ہوگا اور خرچ جلدی ہوگا۔

نمبر۲: فال اچھی ہے اگر سفر کو پوچھتا ہے تو سفر نہیں ہوگا۔ اگر بیمار کے واسطے فال دیکھتا ہے تو اس بیمار کے پیٹ میں درد ہے۔ غذا کا فساد ہے دیر میں اچھا ہوگا اور جو مال کا سوال ہے تو بہت جلد مال ملے گا اور نفع پائے گا تیرے پاس سے دیر میں جائے گا۔ تیرا رزق بہت ہوگا۔ اگر کسی غائب

آدمی کا سوال ہے تو وہ جلدی سلامتی سے آئے گا۔
نمبر۳ : اگر ارادہ سفر کا رکھتا ہے تو بے اختیار سفر کرنا پڑے گا اور جگہ بہ جگہ جائے گا اور سرگرداں رہے گا اور اگر سوال مال پانے کا رکھتا ہے تو مال نہ ملے گا اور اگر بیماری اور لڑکے کے واسطے فال دیکھی ہے تو اچھی ہے اور اگر مریض کی صحت کا سوال کرتا ہے تو اس کو بخار ہے اور دست اس کو آتے ہیں بہت سی بیماری اٹھا کر اچھا ہوگا اور اس فال کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ تیرا حال پریشان ہے اور تھوڑے دنوں تک پریشان رہے گا اور اکثر بُرے خواب نظر آتے ہیں اور نجاست کی حالت میں وقت کٹتا ہے اور نجس رہتا ہے تو۔

نمبر۴ : تیری فال اوسط درجے میں ہے نہ اچھی ہے نہ بُری جو سفر کا ارادہ ہے تو دیر سے ہوگا۔ اور جو واسطے ملاقات دوست کے فال دیکھی ہے تو ملاقات ہوگی اور واسطے آنے خط یا خبر کسی کے پاس سے چاہتا ہے تو بہت جلد خط تیرے پاس آئے گا اور اگر ملک اور باپ کی دیکھتا ہے تو حال باپ کا اچھا ہے اور ملک تجھ کو ملے گا اور اکثر نوبت لکھنے پڑھنے کی پہنچے گی اور فال سے معلوم ہوتا ہے تو حکیم یا نجومی یا شاعر ہے اور اگر واسطے مریض کے سوال کیا ہے تو اس مریض کو آسیب نے تکلیف پہنچائی ہے یا کسی نے جادو کیا ہے اس کی تدبیر کرنا چاہیئے اور اس مریض کو پیٹ کے درد کا بھی عارضہ ہے اور حال تیرا اچھا ہے۔

نمبر۵ : فال تیری اچھی ہے جو وصالِ معشوق کے لیئے فال دیکھتا ہے تو وصال میسر ہوگا اور اگر سفر کرے گا تو سفر بہتر ہے۔ شمال اور مغرب کی طرف جاوے اور اگر تحفہ اور ہدیہ کسی سے چاہتا ہے کہ پاس تیرے آوے تو آوے گا اور اگر واسطے عورت کے سوال کیا ہے کہ حمل ہے یا نہیں تو فال کہتی ہے کہ حاملہ ہے۔ تجھ کو شوق شاعری کا ہے اور اچھے خواب دیکھتا ہے تو اور تیرا دل کسی کے عشق میں بے قرار ہے اور جو واسطے مریض کے سوال کیا ہے تو نے وہ مریض مرضِ خفقان اور بادی کا مرض رکھتا ہے اچھا ہو جائے گا۔

نمبر۶ : فال تیرے ہاتھ میں ہے تو جو کام کرتا ہے وہ خلاف ہوتا ہے اور جو ارادہ سفر کا کرے تو سفر ہوگا۔ مگر سرگرداں ہو کر پھر واپس آئے گا اور جو واسطے مریض کے فال دیکھتا ہے تو مریض بیماری پیٹ کی رکھتا ہے اور اس پر کسی نے جادو کیا ہے، جو واسطے حاملہ کے سوال کرتا ہے

تو اس عورت کو خون حیض کا بند ہے یا پیٹ میں سختی ہے اور اگر واسطے غلام اور لونڈی
کے سوال کرتا ہے تو حال ان کا ہے اور جو چور کے واسطے فال دیکھی ہے تو سن تو وہ
چور مرد ہے اور غلام اور بدصورت کالا منہ ہے اور چیچک کے نشان چہرے پر ہیں اور جو واسطے
بیمار لڑکے کے دیکھا ہے تو اس لڑکے کے چیچک نکلے گی اور جو واسطے راز ہونے فاش کے پوچھا
ہے تو تیرا راز کھل جائے گا تو اکثر خواب دیکھتا ہے اور ان میں ڈرتا ہے اور دل تیرا غمگین رہتا
ہے۔

نمبر ۷ : جو سفر کے واسطے ارادہ کرتا ہے تو سفر دشواری سے ہوگا اور اس میں فائدہ نہ ہوگا اور قرضداروں
کا تقاضا تیرے اوپر بہت ہے اور کوئی شخص تیرا دوست چھٹ گیا ہے اور مال تیرا جس عورت
نے چرایا ہے وہ عورت کالی بلا ہے اور جو مریض کے واسطے دریافت کرتا ہے تو مریض اچھا
ہوگا اور جو شاید اچھا ہو جائے تو بیماری بہت اٹھائے گا اور مرض پیٹ کا رکھتا ہے اور اس پر
کسی نے جادو کیا ہے اور اکثر تجھے برے خواب نظر آتے ہیں اور تجھ کو خوف دشمن سے ہے۔
اور جو واسطے عورت کرنے کے سوال کرتا ہے تو تجھ کو عورت ملے گی اور اگر بدذگار کے واسطے پوچھتا
ہے تو ملے گا۔ اس فال کا صدقہ دے چیزیں سیاہ رنگ کی مثل کپڑا سیاہ اور اُڑد اور تیل وغیرہ۔

نمبر ۸ : اگر ارادہ سفر کا کرتا ہے تو سفر میسر نہ ہوگا اور اگر مال جمع کرنے کا ارادہ کرتا ہے تو مال ہاتھ
آئے گا اور جمع ہوگا اور اکثر غم و غصہ کھاتا ہے اور تیرے دل میں ڈر مال کی طرف سے ہے
اور امید ہے کہ مال تجھ کو عورت سے میسر آئے گا اور جو دعویٰ مال میراث کا رکھتا ہے تو ملے گی اور
اگر مریض کے واسطے پوچھتا ہے تو اس مریض کو مرض دستوں کا ہے اور خون پیٹ سے آتا ہے یا
پھوڑا رکھتا ہے اور اس کو مرنے کا ڈر ہے اور کسی عضو میں درد ہوتا ہے اور خواب پریشان دیکھتا
ہے اور خواب میں ڈرتا ہے تو تجھ کو چاہیئے کہ سرخ رنگ کی چیزوں کو صدقہ دیوے اور گوشت چیلوں
کو کھلاوے اور ۲۸ دن تیرے سخت ہیں۔

نمبر ۹ : فال تیری اچھی ہے جو ارادہ سفر کا کرتا ہے تو میسر ہوگا اور شمال کی طرف اچھا ہے اور امید ہے
کہ اسی طرف جاوے گا اور اگر علم کے واسطے پوچھتا ہے تو علم حاصل ہوگا اور اگر عورت کے
واسطے پوچھتا ہے تو بہت جلد نکاح ہوگا اور اگر مال پانے کے واسطے فال دیکھتا ہے تو مال مشکل سے

ملے گا اور جلد خرچ ہوگا اور اگر مریض کے واسطے فال دیکھتا ہے تو حال بُرا ہے اچھا نہ ہوگا۔ اور اگر اس کے مرض کو پوچھتا ہے تو مرض بلغمی ہے۔ مثل جلندر کے اور اگر حاملہ کے واسطے پوچھتا ہے تو حاملہ کے حیض کا خون بند ہوگیا ہے حمل نہیں ہے اور مریض کے واسطے سفید چیزیں خیرات کرنی چاہئیں جیسے کھیر، مٹھا، چاول اور سفید کپڑا وغیرہ۔ دس روز سخت ہیں۔

نمبر ۱۰ ئ فال تیری اچھی ہے اور جو سفر کا ارادہ رکھتا ہے تو مشرق کی طرف جا فائدہ ہوگا اور اگر حال مال کا اور حکیم کا پوچھتا ہے تو حال ان کا اچھا ہے اور اگر بادشاہ کے پاس جانا چاہتا ہے جا سبب کام اچھا ہے اور اگر مریض کے واسطے دریافت کرتا ہے تو مریض اچھا ہے۔ مرض اس کو بخار صفراوی ہے۔ شفا ہوگی اور اگر واسطے شغل علم پڑھنے کے پوچھتا ہے تو پڑھ نفع دے گا اور دل تیرا بھی شغل مائل اور علم کے لیئے اور اگر روزگار کے واسطے فال دیکھتا ہے تو ملے گا۔

نمبر ۱۱ گ فال تیری اچھی ہے۔ اگر سفر کے واسطے پوچھتا ہے تو سفر نہیں ہوگا اور دوست سے ملاقات چاہتا ہے تو ملاقات ہو جائے گی اور جو حاملہ عورت کا سوال ہے اس کے حمل ہے لیکن ابھی لڑکا اس کے پیٹ میں نہیں ہے اور جو بیمار کے واسطے پوچھتا ہے اور فال دیکھتا ہے تو بیمار کا پیٹ پھولا ہوا ہے اور بلغمی بیماری ہے اور پیٹ میں درد بھی ہے دیر میں آرام ہوگا۔ چند امیدیں تیرے دل میں ہیں خدا حاجت روا کرنے والا ہے۔ اگر مال جمع کرنا چاہتا ہے۔ جمع ہوگا اور امیدیں پوری ہوں گی۔

نمبر ۱۲ ٧ فال تیری بُری ہے پورب کی طرف رُخ کرے گا بے اختیاری سے اور اس میں کچھ نفع نہیں ہوگا۔ اور فال میں نکلتا ہے اگر قیدی کے چھوٹنے کے واسطے فال دیکھی ہے وہ نہیں چھوٹے گا۔ دشمن تیری گھات میں ہیں۔ دوستوں سے رنج دیکھے گا۔ اگر بیمار کا سوال ہے تو بیمار کو تپ دق اور دستوں کی بیماری ہے اچھا نہیں ہوگا اور اگر اچھا ہو جائے تو پھر بیمار ہو جائے گا۔ صدقہ دے کالی چیزوں کا منگل اور سنیچر کو اگر عورت سے صحبت کرنے کی فال ہے تو وصل ہوگا تجھے۔ خواب پریشان دکھائی دیتے ہیں تجھے۔ تو نہانے کی حالت میں غسل نہیں کرتا ہے تنگی رزق اور فاقہ تجھ کو رہتا ہے۔ ۱۲ دن تجھے سخت ہیں۔ صدقہ دے توبہ کر اور خدا کی طرف مائل ہو۔

نمبر ۱۳ ٪ تیری فال بری ہے۔ اگر سفر کا ارادہ ہے تو اس میں نفع ہے۔ اگر بیماری کی فال دیکھی ہے تو

اس کو دستوں کا مرض ہے اور اس کے دُنبل نکلے ہوتے ہیں اسے مزاج سے چھڑا دے۔ تیرے دل میں گھبراہٹ ہے۔ معشوق سے محبت رکھتا ہے کام میں کوشش کرتا ہے مگر کاہلی ہے اور اکثر بلغمی بیماری اور خون کا فساد رہتا ہے۔ تجھ پر پندرہ دن سمنت ہیں۔ سُرخ چیز کا صدقہ دے اگر مال جمع کرنے کو پوچھتا ہے جمع ہوگا۔ تیرے مزاج میں غصہ بہت ہے تیری طبیعت لڑائی اور قتل پر مائل ہے۔ ہتھیار اٹھانا اور سپہ گری کرنا چاہتا ہے۔ اگر شروع کردے درست ہوگا اور اسی پیشہ میں روزگار بھی مل جائے گا۔

نمبر ۱۴: فال تیری بہت اچھی ہے جو سفر کا ارادہ ہے ہوگا اور اگر مریض کے واسطے پوچھتا ہے تو اس کو پیٹ کا عارضہ ہے اور پیٹ میں سختی ہے دیر میں اچھا ہوگا اور جو واسطے حاملہ کے پوچھتا ہے تو حمل ہے اور لڑکی پیدا ہوگی اور جو معشوق کے ملنے کے واسطے پوچھتا ہے تو وہ ملے گا اور اگر مال پانے کو پوچھتا ہے تو ملے گا اور جو چاہتا ہے کہ مال جمع ہو جمع ہوگا اور اگر کسی کی خبر چاہتا ہے تو جلدی آوے گی اور سب اُمیدیں بر آئیں گی۔ فال تیری اچھی ہے۔

نمبر ۱۵: فال تیری اچھی ہے جو سفر کا ارادہ ہے حاصل ہوگا اور جو واسطے ملنے معشوق کے دیکھتا ہے جلد ملاقات ہوگی اور اگر کسی کے پاس سے خط آنا چاہتا ہے تو جلدی آئے گا اور جو علم سیکھنے کے واسطے سوال کرتا ہے تو علم حاصل ہوگا اور اگر مریض کے واسطے فال دیکھتا ہے تو مریض کو آسیب ہے اور کسی نے جادو کیا ہے اور دشواری سے اچھا ہوگا۔ صدقہ دلیوے بدھ کے روز اور بدھ کے روز مچھلیوں کو دریا میں چھوڑے اور ساتوں ناج محتاجوں کو دلیوے اور اگر روزگار کے واسطے عرضی دی ہے تو جلد حکم ہوگا اور سب کام اچھے ہوں گے انشاءاللہ تعالیٰ۔

نمبر ۱۶: فال تیری اچھی ہے جو سفر کا ارادہ رکھتا ہے اچھا ہوگا۔ شمال کی طرف جا فائدہ اٹھائے گا اور جو مریض کے واسطے فال دیکھتا ہے تو اس کو بیماری سردی کی ہے مثل جلبندر مرض بلغمی ہے اچھا ہو جائے گا۔ دیر سے اور سفید چیزیں خیرات کرے تو سب کام تیرے اچھے ہو جائیں گے اور جو کام پانی پلانے کا کرے اور رقاصدی کرنا فائدہ دے گا اور واسطے ملنے مال کے فال دیکھتا ہے تو مشکل سے جمع ہوگا اور جلد خرچ ہو جائے گا اور جو واسطے ملنے معشوق کے فال دیکھتا ہے ملاقات ہوگی لیکن دیر سے اور اگر کسی شخص کے پاس جانے کا ارادہ رکھتا ہے تو جا۔ نہیں جانتا کوئی غیب کی بات لیکن خدا۔

قرآن شریف سے فال نکالنے کی ترکیب جو مروج بزرگان دین ہے!

جب کوئی شخص یہ چاہے ۔ کہ قرآن شریف سے فال نکالے تو چاہئے کہ اول وضو کرے ۔ تو ایک مرتبہ سورۃ فاتحہ اور تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر یہ آیت پڑھے ۔

افوض امری الی اللہ ان اللہ بصیرٌ بالعباد ؕ

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ تَوَکَّلۡتُ عَلَیۡكَ وکفایت بہ کتابکا فارنی ماھوالمکتوم فی سو کل ممنون لی فی غیبكَ اَللّٰھُمَّ اَنۡتَ الحق بحق محمدٍ الحق ؕ

تب قرآن شریف کو عاجزی سے کھولے اور سات ورق پلٹے ۔ اور آیت رحمت و وعدہ وعید کے ذریعہ اپنے مطلب کی تاویل کرے اور ساتویں ورق کے آخری صفحہ کی ساتویں سطر کا خیال کرے ۔ اگر اس کے اول میں الف ہے ۔ جیسے :۔

اَلَاۤ اِنَّ اَوۡلِیَآءَ اللّٰہِ لَا خَوۡفٌ عَلَیۡھِمۡ وَلَا ھُمۡ یَحۡزَنُوۡنَ ؕ تو معلوم کرے کہ صاحب فال کو رنج و غم سے نجات ہو گی جس کام کو کرے گا ۔ اس میں برکت ہو گی ۔

اگر (ب) ہے جیسے کہ بَشِیۡرًا وَّنَذِیۡرًا اِلَی اللّٰہِ باذن سراجًا مّنیرًا ؕ تو صاحب فال معلوم کرے کہ خداوند تعالیٰ کی طرف سے اس کو بڑی نعمت ملنے والی ہے اور خوشحالی نصیب ہو گی ۔ جب اس کا مقصد پورا ہو جائے ۔ کچھ اللہ کے نام خیرات بھی کرنا چاہیئے ۔

اگر (ت) ہے ۔ جیسے کہ تا اللہ لقد ارسلنا الی امھم من قبلك ۔ تو صاحب فال مناسب ہے ۔ کہ صبر سے کام لے ۔ توبہ استغفار کرے ۔ برے کاموں سے بچا رہے ۔ اور اللہ کے نام پر خیرات کرے ۔ تاکہ مصیبت ٹل جائے ۔

اگر (ث) جیسے کہ ثند من حضر واستبرق ۔ تو صاحب فال کو ظلم و غم سے نجات ہو گی ۔ اور دشمن پر فتح حاصل ہو گی ۔

اگر (ج) ہے جیسے کہ جھم و بئس المصیر ۔ تو صاحب فال کو چاہیئے کہ جس کام کی نیت کرتا ہے اس کے پاس نہ جائے ۔ اور صبر کرے تاکہ سلامت رہے ۔

اگر (ح) ہے ۔ جیسے کہ حَمِیۡمٌ حَمِیۡمًا یبصرون ھم یود المجرم ۔ تو صاحب فال کو خوشخبری ہو گی ۔ اس کا کام آہستہ آہستہ حاصل ہو گا ۔ اور جلدی نہ کرے تاکہ مقصود

ہو جائے۔ غم و رنج سے نجات پا دے۔
اگر (خ) ہے جیسے خالدین فیہا ابداً رضی اللہ عنہم و رضوا عنہ۔ تو صاحب فال کو خوشخبری حاصل ہو۔ اس کو بھاری نعمت حاصل ہونے والی ہے۔ اور خدا اس کو سعادت مند اولاد دینے والا ہے، اگر کچھ بیماری ہے۔ تو انشاء اللہ تعالیٰ جاتی رہے گی۔
اگر (د) ہے جیسے کہ وَھُوَا ھُمۡ فِیۡھَا سُبۡحٰنَکَ اَللّٰھُمَّ فِیۡھَا سلاٰ۔ تو صاحب فال کو دل کی مراد اور نعمت حاصل ہو گی۔ اس کو خدا کا شکر ادا کرنا چاہیئے۔ تاکہ وہ نعمت قائم رہے۔ اور مصیبت دور ہو جائے گی اور دشمن پر فتح حاصل ہو گی۔
اگر (ذ) جیسے کہ ذٰلِکَ بِاَنَّ اللہ مولی الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا تو صاحب فال کو آگاہ رہنا چاہیئے۔ کہ غم و رنج اس کا قریب ہے۔ اللہ کے نام کا صدقہ دے۔ تاکہ مصیبت ٹل جائے اور سفر کبھی نہ کرے، کیونکہ خطرناک ہے۔
اگر (ر) ہے جیسے کہ رَبَّنَا اَنۡزِلۡ عَلَیۡنَا مَآئِدَۃً مِّنَ السَّمَآءِ، تو صاحب فال کو کوئی برائی اور ضرر نہ پہنچے گی۔ بلکہ نعمت اور راحت حاصل ہو گا۔ رنجیدہ نہ ہو گا۔
اگر (ز) ہے جیسے کہ زعم الذین کفروا ان لا یبعثو تو صاحب فال کو دولت اور عالی مرتبت حاصل ہوں گے۔ دولت کا اس کی طرف رجحان ہو گا۔
اگر (س) ہے جیسے کہ سلام علیکم طبتم فادخلوھا خالدین تو صاحب فال کو دولت مند ہو گا۔ بلیات سے سلامت رہے گا، غم و رنج سے نجات اور دشمن پر فتح پائے گا مراد حاصل ہو گی۔ اور ہر کام حسب منشا ہوتا رہے گا۔ اگر آگ پانی میں جا پڑے۔ تو سلامت رہے گا
اگر (ش) ہے جیسے شھر رمضان الذی انزل فیہ القرآن۔ تو صاحب فال کو خوشخبری ہو کہ خدا اس کو جنت کی "شراب طہور" پلائے گا۔ اور دنیا میں خوش و خرم رکھیگا اس کے لئے واجب ہے۔ کہ خدا کی عبادت میں کوشش بلیغ کرے۔
اگر (ص) ہے جیسے کہ صٓ والقرآن ذی الذکر، تو صاحب فال جو چیز خدا سے طلب کرے گا، پائے گا اور صحت و دولت اس کے ساتھ رہے گی۔

اگر (ض) ہے جیسے ضرب اللہ مثلاً الذین اٰمنوا امرأت ط تو صاحب فال ہر قسم کے رنج و غم اور مصیبت سے پاک رہے گا۔ اس کو لازم ہے۔ کہ خدا کا شکر کرے اور اپنی تکلیف و مصیبت کا معاملہ دوسرے کے آگے پیش نہ کرے کیونکہ خدا اس کے لئے کارساز کافی ہے

اگر (ظ) ہے۔ جیسے ظلا لہا وظل لت نظلوتھا تنذلیلا ط تو صاحب فال نیک نام صاحب راحت ہوگا۔ دلی مراد حاصل ہوگی غم و رنج سے نجات پائے گا۔

اگر (ع) ہے جیسے کہ عم یتساءلون عن النباء العظیم الّذی ھم فیہ مختلفون ط تو صاحب فال کو خوشخبری ہو کہ خداوند تعالیٰ تجھ کو بہت نعمت دے گا اور مراد حاصل ہوگی۔

اگر (غ) ہے۔ جیسے غلبت الروم تو صاحب فال کو چاہیئے کہ اگر سفر کا ارادہ ہو تو کچھ عرصہ توقف کرے کہ خطرناک ہے اور جو مصیبت یا تکلیف پیش آتی ہو، تو گھبرائے نہیں بلکہ چند روز صبر کرے۔ تاکہ خداوند کریم اس کو زائل کرے اور کچھ صدقہ دے۔ تاکہ مراد حاصل ہو۔ اور تمام مصیبتیں دور ہو جائیں۔

اگر (ف) ہے جیسے فقد فاز فوزاً عظیماً ط تو صاحب فال کو رنج و غم سے نجات ہوگی، اس کے کام با صلاح ہوں گے۔ اور خود مقبول خلائق و با برکت رہے گا۔

اگر (ق) ہے جیسے کہ قال ھٰذا رحمت من ربّی، تو صاحب فال کو نعمت فراخ حاصل ہوگی۔ عزت و دولت کے ساتھ رہے گا۔ اور اپنی اولاد و عیال سے آرام پائے گا۔

اگر (ک) ہے جیسے کراماً کاتبین یعلمون ما تفعلون، تو صاحب فال کو چاہیئے کہ اس کام سے چند روز رک جائے کہ ایسا کرنا باعث بہتری ہوگا۔ اگر سفر کا خیال ہے تو چند روز ملتوی کرے اور صدقہ دے۔ کہ دشمن اس کے درپے ہے تاکہ خداوند تعالیٰ اس کو سلامت رکھے

اگر (ل) ہے جیسے کہ لمن الملک الیوم للہ الواحد القہار، تو صاحب فال کا مطلب پورا ہوگا۔ غم و رنج جاتا رہے گا اور کام درست ہوں گے۔

اگر (م) ہے جیسے مالک الملک توتی الملک من تشاء، تو صاحب فال اقبال مند

باعزت ہوگا اور تکلیف کے بدلے راحت ہوگی اور آخر دشمن پر فتح ہوگی۔

اگر (ن) ہے جیسے ن والقلم وما یسطرون، تو صاحب فال کو مراد حاصل ہوگی اور خوش ہوگا۔

اگر (و) ہے جیسے وھوالرحم الرحمین تو جو صاحب خال کے دل میں ہے اس میں برکت ہوگی۔ اور خلق سے بے نیاز ہو جائے گا۔

اگر (ہ) ہے جیسے کہ ھوالذی ارسل رسولہ بالھدی تو صاحب فال کی حاجتیں پوری ہوں گی۔ اور اچھے کام نکل آئیں گے، دشمن مغلوب ہو جائیں گے۔

اگر (لا) ہے جیسے کہ لاریب فیہ ووفیت کل نفس تو صاحب فال کو رنج وغم سے آزادی نصیب ہوگی، وہ کام بہت درست ہوں گے، مگر دشمن سے پرہیز کرے کہ خطرہ ہے

اگر (ی) ہے جیسے کہ یوم تبیض وجوہ وتسود وجوہ تو صاحب فال کی حاجت پوری ہوگی اور خوش وخرم رہے گا۔

رندؔ بس ختم کر اپنا بیان

کُلُّ مَنْ عَلَیْھَا فَان

قطعہ تاریخ

سہ بارہ چھپی گئی ہے یہ عمل کی کتاب اے دلبند

چراغ معرفت ہے غفار احمد اور ہے خوش پسند

(ب) ۲۰۵۱ ھ ۱۴۱۵ ء ۱۹۹۴

حکماء آرگنائزیشن کونسل

رجسٹرڈ حکومت پاکستان



رجسٹریشن نمبر 793/HOC/LHR

پریکٹس رجسٹریشن

تصدیق کی جاتی ہے کہ جناب حکیم عبدالرحیم

بن / بنت حافظ محمد خدا بخش

سکونت شاہدرہ ضلع بہاولپور

نے نیشنل کالج فروغ حکمت لاہور سے حکماء آرگنائزیشن کونسل کا منظور شدہ ڈیڑھ سالہ کورس مکمل کرلیا ہے۔ اور ڈپلومہ اسلامک میتھڈ آف شفاء کے امتحان منعقدہ 1992ء میں کامیابی حاصل کی ہے۔

کونسل کی طرف سے مروجہ اصول طریقہ علاج، نسخہ جات و ادویات پر پریکٹس کرنے کی اجازت ہے۔



تاریخ اجراء 14 JUL 1994

صدر کونسل

دستخط رجسٹرار